شِبلی ع نام ایک مرد عابد کا ہی جو کامل ولی تہا۔
شب گردی ف رات کو پہرا گشت کرنا کوتوال کا رات کو پہرا

شین با تا

شتی ع متفرق الگ الگ۔

شین با رای

شربتی ف قسم عشق و قسم جامہ ابریشمی جو شربتی رنگ ہوتا ہی
شراب زدگی ف کمال بیہوشی جو شراب پینے سے واقع ہوجاتی ہی

شین با سین

شستری ف قسم جامہ منسوب بہ شستر۔

شین با طا

شطری ف اندکی تہوڑی سی چیز۔
شطاحی ع بیحیائی و شوخی و بے ادبی۔
شطرنجی ف قسم فرش جو شہود ہے یعنے مانند بساط شطرنج رنگ رنگ

شین با کاف

شکر رنگی و شکر رنجی ف آزردگی و رنجیدگی۔
شکرتری ف شکر سفید کہانڈ و قند سفید۔
شِکوی ع گلا شکایت ناراضی جو زبان سے بیان کیجائے۔

شین با لام

لینے کوتوال دار وغہ وغیرہ۔
سربراہی ف درستی وانتظام وبندوبست۔
سربابائی ف اظہار بزرگی وعزت۔
سرپے ف ٹھوکر وضرب جو کسیکو لگ جاوے۔
سرگوشی ف کان مین بات کرنی آہستہ باتین کہنی۔
سرائیلی قوم بنی اسرائیل یعقوب نبی کی اولاد۔
سرابیلی ف ہنیر ومحنت لینی ہیجڑا آدمی۔
سرکہ پیشانی ف ترشرو وبدمزاج وبدخو۔
سری سقطی ع نام بزرگ جو کامل ولی مشہور ہے۔
سرآوری ف گرد آوری یعنے جمع کرنا۔
سرپرستی ف مختاری افسری وسرداری۔
سرپائی ف جماع کرنا صحبت کرنا۔
سردردی ف محنت وتکلیف ودردسر۔
سردی ف ٹھنڈک جاڑا سرد ہونا۔
سرسری ف بے تامل بے تحقیق فی الفور۔
سروری ف سرداری افسری وباآبروئی۔
سری ف سرداری افسری عزت وآبرو۔
سرمدی دہیئت گی۔
سرکشی ف نافرمانی کرنا بغاوت کرنا۔
سرمہ سلیمانی ف قسم سرمہ کا ہے۔

سین باعین

سعی ع کوشش وتندہی وعرقریزی ومحنت۔
سعدی تخلص شاعر جسکا نام مصلح الدین شیرازی تہا کتابین پندنامہ وگلستان وبوستان ودیوان سعدی اسکی یادگار ہین اور مشہور ونامی شعرا مین سے ہے۔
سعتری ع چٹی کہیلنے والی عورت اور شہوتی عورت

سین بافاء

سفلی ع پستی اور زیرین یعنے نیچلی اور نیچے کی۔
سفلی ع پست ترین مؤنث اسفل کے لفظ کی

سین بلام

سلوی ع نام جانور پرند جو موسے نبی کی لشکر مین آئے اور وہ لوگ اوسکی کباب کرکے کہاتے۔
سلاحی ع سپاہی ہتیار باندہی ہوئی۔
سلاخی چمڑا اوکہاڑنا پوست اوتارنا۔

سین بامیم

سمانی ع نام طایر جسکو سلوی کہتے ہین ہندی ٹیتر۔
سماوی ف آسمانی ستارہ یا کوئی اور چیز جو آسمان سے نازل ہوئی چنانچہ کتب سماوی آسمانی کتابین۔

سین بانون

سنی ع رفیع وبلند وروشن وتابان اور مشہور فرقہ اہل سنت وجماعت کا جس مذہب کے لوگ محمد صلے اللہ علیہ وسلم کے ابوبکر عمر عثمان علی چارون جانشینون کو خلیفہ برحق مانتے ہین بخلاف شیعہ کے۔
سنگدلی ف بے رحمی وظلم وستم۔
سنجیدگی ف وزن دار ہونا وزن کرنا۔

سین باواو

سوسنی ف ایک رنگ کا نام ہے جو سرخ نیلا ہوتا ہے۔
سوائی ف اسے الگ اور بغیر۔
سوختگی ف جلن سوزش۔
سودائی ف دیوانہ اور خبطی۔
سوداگری ف تجارت کرنا سودا بیچنا۔
سیوی ع برابر ہموار۔
سوری ف ایک سرخ رنگ پھول کا نام ہے۔
سوائی ع شتر آلی کشش یعنے اونٹ پانی کھینچنے والے۔

سال قمری ف۔ پانچ کی چال کا برس محرم سے ماہ ذی الحجہ تک
سالوسی ف۔ چرب زبانی فریب مکر و دغابازی۔
ساہی ف۔ گھسنار گڑ ناچنانچہ آسیا ساہی۔
ساعی ع کوشش کرنے والا۔
ساگی نام میوہ جسکو ساگو کہتے ہین۔
سائی فساد کرنے والا سرائیت کرنے والا۔
ساہی ع غافل اور فراموش اور بھولا ہوا۔
ساقی ع پلانے والا پانی شراب وغیرہ کا۔
سامی ع بزرگ بلند اونچا
ساری ع جاری بہ روان۔

سین با یا

سبکی ف۔ ہولاپن ضد گرانی کی اور خفت و بیعزتی۔
سبائی ع سات آسمان یا سات ستاری یا سات ولایتین
سبعی ع درندگی اور رجاڑ کہانا۔
سبع المثانی ع سات آیتین جو دو بار نازل ہوئین یعنے
سورۃ فاتحہ یہہ سورہ ایکمرتبہ کہ اور دوسری مرتبہ مدینہ نازل ہوئے
سبز بختی ف۔ نیک طالعی و دولتمندی و نیک نصیبی۔
سبک روحی ف۔ بے تعلقی و ترک و تجرید۔
سبک سری ف۔ حماقت بیوقوفی نادانی۔
سبک روئی ف۔ تیز رفتاری تیز چلنا دوڑنا۔
سپردنی ف۔ لائق سپرد کرنے کے۔
سبزی ف۔ ساگ پات گھاس وغیرہ اسپاو۔
سپنجی سرائے خانہ بے ثبات صرف اس جہان مین
رہنے کا پانچ دن کا مقام ہو مجازاً خانہ کے معنے جو نیڑا۔
سپری ف۔ گذرا ہوا آخر ہوا ختم ہوا ہوا

سین با ہا

ستی ف۔ فولاد و آہن و نیزہ و سنان یعنے برچھی۔
ستبری ف۔ موٹائی موٹاین و فربہی۔

سین با جیم

سجاوندی ف۔ قرات کے علم مین ایک کتابہ ہے

سین با حا

سحابی ع وہ تاگا جو خط پر باندہتے ہین اسلئے کہ کوئی
اوسکو کھول نسکے۔

سین با خا

سختی ف۔ دشواری تنگی و ناچاری
سخی ع صاحب بخشش و سخاوت آدمی۔

سین با دال

سدرۃ المنتہی ع بیری کا درخت ساتوین آسمان پر
اور اوسپر جبرئیل کا مقام ہے۔

سین با را

سرد تی ف۔ جو کچھ حاضر ہو موجود ہو۔
سراری ع جمع سریہ کی لونڈیان مدخولہ کنیزین۔
سرائے ف۔ مکان گھر و مسافر خانہ۔
سربازی ف۔ لڑائی جنگ فساد معرکہ آرائی۔
سرپنجگی ف۔ زور آوری جوانمردی۔
سرافرازی ف۔ سربلندی عزت آبرو بادشاہی ع و
سرخی ف۔ سرخ ہونا لال ہونا غصہ مین آنا۔
سرتابی ف۔ نافرمانی و بغاوت۔
سرکوچگی ف۔ فرومایگی سفلہ پن بے آبروئی۔
سروسہی ف۔ کنایۃً قد معشوق سیدھا قد۔
سرکردگی ف۔ سرداری فہرسری سرگروہی۔
سرخوشی ف۔ سرور۔ ونشہ شراب کا جو تھوڑا ہو۔
سرکاری ف۔ منسوب بہ سرکار جانبہ فوج سرکاری سردار

زاے باے

زبانی ع موکلان دوزخ یعنے دوزخ کے فرشتے۔
زبان بازی ف برابری وخصومت وطول کلامی۔
زبردستی ف زورآوری وناانصافی وجوانمردی۔
زبان درازی ف بہت بولنا گالی دینا بُرا کہنا کسیکو۔

زاے بادال

زدائی ف صاف وپاک کرنیوالا دست کرنیوالا۔

زای باراے

زردوزی ف طلا کا کام کپڑے پر کرنا۔
زرگری ف سنار کا کام اور مکر وفریب وحیلہ وبہانہ کرنا
زرجعفری زرخالص اور جعفر کیمیاگر تہا جو جعفر برمکی
ہارون رشید کا وزیر ہوا۔
زرمغربی ف سونا خالص ملک مغرب کا جہاں خالص سونا ہوتا ہے
زرعونی فنام معجون مقوی کمر وپشت ومقوی باہ۔
زری ف قسم پارچہ زرین مثل کمخاب وغیرہ۔

زای باکاف

زکی ع پاک فسادسے اور صاف وخوبصورت

زای بالام

زلالی ف نام شاعر جسکا فارسی دیوان مشہور ہی۔

زای بامیم

زمکی زمجی ف قسم طایر دیہج دُم طایر یعنے پرندکی دم
زمانی ع زمانہ کا چنانچہ بلکہ زمانی۔

زای بانون

زنہاری ف جو کسیکی پناہ مین ہو اور اوسکی پناہ مین
آکر ہر ایک دشمن سے بیخوف ہو۔
زنگی ف حبشی زنگبار کا آدمی جو ایک مشہور ملک ہے۔
زندگی ف عمر اور جینا وحیات۔
زنگانی ف عمر اور جینا اور حیات۔
زنجیری ف قیدی جسکو زنجیر پہنایا گیا ہو۔
زنبوری ف ایک قسم کی کستوری نہایت عمدہ ہوتی ہے
زنگاری ف مشہور رنگ ہے زنگار کے رنگ پر۔
زودی ف شتابی جلدی بلا توقف۔

زای باے

زہی ف کلمہ تحسین ہی واہ واہ بہت خوب بہتر

زای باہاء

زہی ف کنار جدطرف جانب مخفف زیست اور صیغہ امر راستین سے
زیادہ سری ف غرور سرکشی وتکبر۔
زیرکی ف دانائی عقلمندی ہشیاری ومآل اندیشی۔
زری ع لباس وجامہ وپوشاک۔
زیتونی ف ایک رنگ کا نام ہی۔
زیربریانی ف قسم طعام جو نہایت لذیذ ہوتا ہی۔
زیرپائی ف ایک قسم آتش کا ہی۔
زیرپائی ف کفش یعنے جوتی جو پانو مین پہنتے ہین

گیارہوین فصل

اون لغات کے بیان مین جنکی اول حرف سین اور اخیر مین یای ہی

سین بالف

سامری ع قوم موسی مین ایک مرتد کا نام ہی جسنے موسی
علیہ السلام کی غیبت مین براہ مکر وفریب سونے کا
بچھڑا بناکر قوم کو گمراہ کیا تہا اور بہت سے لوگ
اوسکے فریب مین آگئے تہے۔
سادگی ف صفائی بے تکلفی اور بیعقلی اور سادہ لوحی
سال شمسی ف وہ برس جو سورج کی چال پر محسوب ہو جیسے کہ ہمارے

رعی ع گھاس سوکھی کے چرنے کی اور سبزہ خوراک مویشی کا۔

رائے با کاف

رکابی ف چھوٹا طشت چھوٹا رکاب۔

رکنی ع زر خالص رکن نام ایک کیمیا گر کا تھا اسکا بنایا ہوا سونا خالص ہوتا تھا۔

رکن یمانی ع ایک رکن کعبہ کا نام ہے۔

رائے با میم

ری ع تیر چلانا کمان سے

رائے با واو

روحانی ع آسایش و تازگی و پاکیزگی و آرام و چین و عیش و عشرت

روحانی وہ چیز روح سے متعلق ہے یعنے باطنی چنانچہ محبت روحانی دلی محبت۔

روحانی ع دلی و عقلی۔

روح حیوانی ع وہ روح جسسے زندگی متعلق ہے اور ہر ذی جان اوسسے زندہ رہتا ہے۔

روح نفسانی ع نفس ناطقہ یعنی نفس بولنے والا کلام کرنے والا یہہ خاص انسان کو ملا ہے۔

روح نباتانی ع نباتات کی روح جسسے تازہ رہتی ہین اور بڑہتی جاتی ہین۔

روزی ع رزق جو انسان کو رزاق مطلق سے ملتا ہے

روح طبعی ع جسسے طبیعت کو قوت حاصل ہوتی ہے ہضم غذا و تولد و تناسل متعلق اسکے ہے۔

روستائی ف جاٹ زمیندار کھیتی کرنے والا۔

رودکی ف منسوب برودک جو علاقہ سمرقند کے نزدیک ہے یعنے رودک کے رہنے والا۔

روسپی ف زن فاحشہ اور کسبی عورت زناکار و بدکار۔

روانی ف ایک راگ کا نام ہے۔

روائی ف جاری کرنا چنانچہ حاجت روائی۔

روئی ف چہرہ اور کپاسی جو مشہور دہانت ہے۔

ردی ع سیراب و تازہ و سرسبز۔

روشنی و روشنائی ف اوجالا

روشناسی ز واقفیت اور پہچان آدمی کی۔

روبہ بازی ف مکر و فریب حیلہ بہانہ دغا۔

رائے با ہا ز

رہائی ف خلاصی علیحدگی کسی قید و بلا و مصیبت سے۔

رہی ت غلام و عبد یعنی بندہ خادم تابعدار۔

رہاوی موسیقی کے ایک مقام کا نام ہے۔

رائے با یا ے

ریباری ع شتر سوار ساندنی سوار جو شخص اونٹ پر چڑہا ہو۔

ریحانی ف وہ شراب جو سبز رنگ ہوتی ہے۔

ریسمانی ف بازیگر جو رسی پر چڑہ کر کھیلتا ہے۔

ریسمان بازی ف بازیگری۔

ریاضی ع مشہور علم ہندسہ جسکا متعلق علم حساب و جبر و تعدیل و ہندسہ و جغرافیہ و تاریخ و ہیئت و غیرہ ہے

ریش قاضی ف کنایۃً وہ روئی جو شراب کی بوتل کے منہ پر رکہی جاتی ہے۔

ریزہ خوانی ف آواز باریک گلے سے نکالنی گانے مین یعنے گنگنانا

رسی ایک شہر کا نام ہے۔

دسوین فصل

اون لغات کے بیان مین جنکے اول حرف ز ہے اور اخیر مین یا ہے

زای با الف

زانی ع زنا کرنیوالا نامحرم عورت سے صحبت کرنے والا۔

زاری ف رونا عجز کرنا فریاد کرنا۔

زائیدگی ف پیدا ہونا اولاد کا اور بچہ کا ماں کے پیٹ سے۔

اور اخیر مین یا رہے

ذال با الف

ذات الکرسی ع نام ایک شکل کا اشکال آسمانی سے۔

ذال با کاف

ذکی ع تیز طبع فہیم دانا عقلمند۔

ذال با میم

ذمی ع اہل کتاب جو زنہاری ہوجسکے ذمہ دار اہل اسلام ہون۔

ذال با یاء

ذی ع خداوند و صاحب و مالک۔

نوین فصل

اون لغات کے بیان مین جنکی اول حرف رای اور اخیر مین یای ہی

رای با الف

رادی ع بذل سخاوت و جوامردی و حکمت۔

رافضی ع وہ شخص جو اپنے مالک کے ساتھہ بیوفائی کرے چونکہ زید شہید کے پیرؤن نے اوسکے ساتھہ وقت پر بیوفائی کی اور الگ ہو گئے اسواسطے اونکا خطاب رافضی ہوا۔

راہداری ج چوکیداری و پاسبانی۔

راہی ف مسافر راستہ چلنے والا۔

رامی ع تیر انداز و تفنگ انداز اور تہمت کرنیوالا۔

راعی ع شبان و حاکم و نگہبان قوم کا۔

راستی ف سچائی و درستی۔

راضی ع رضامند۔

راجی ع امیدوار جسکو کسی سے نیکی کی طمع ہو۔

رادی ع روایت کرنیوالا دیکھی بات کرنیوالا۔

راقی ع افسون گر عزیمت خوان اور اوپر کو چلنے والا۔

رائی ف فعل فکر اور ہندی مین ہوتا رائی۔

رامشی ج ف مطرب گانے والا سرود کرنے والا۔

راشی ع رشوت لینے والا ناحق کسی کام مین لینے والا شخص

رای با یاء

رباعی ع چار مصرع کا شعر اور ہر چیز جو چار کی تعداد پر ہو۔

ربانی ع پروردگار کا چنانچہ محبوب ربانی۔

رای با جیم

رجعت قہقری ع اولٹی یا نو چلنا پیچھے کو چلنا چنانچہ بعض ستارون کی گردش اولٹی ہے۔

رای با دال

ردی ع رد ہوا ہوا مردود راندہ۔

رای با سین

رسی ف رخصت و فراغت و نعمت و رزق و روزی۔

رسہی چاکر و خراج و محصول۔

رسائی ف پہونچ پہونچنا۔

رسمی ف بموجب رسم کے۔

رستنی ف گھاس پات اوگنے والی چیز۔

رسیدگی ف بالغ ہونا جوان ہونا پہونچنا اپنے حد و مقدار بلوغ تک۔

رای با ضاد

رضی ع خوشنود اور رضامند و خوشدل۔

رضائی ع ہم شیر جسنے کسی اور سی ملکر ایک دایہ کا دودہ پیا ہو وہ دوسرا شخص کہلاتا ہے اور رضاعی ہوا یعنے دودہ بہائی

رعنائی خود آرائی و زیبائی و خوبی و حسن و جمال و زینت۔

رعی ع چرنا چرانا نگہبانی کرنا مویشی یعنے گائے بیل بھینس بکری بھیڑ کا۔

دعاوی ع دعوی کی جمع ہی بہت سے دعوی۔
دعی ع متبنی کیا گیا فرزند بنایا گیا۔

دال با فا

دفلی ع خرزہرہ۔
دفتی ف کتاب کا مقوہ۔

دال با لام

دلیلی ف ایک قسم کے سیب کا نام ہے۔
دلربائی ف معشوق ہونا اور دلربا معشوق دل لیجانیوالا
دلدہی ف تسلی واطمینان۔
دل گرمی ف مدد وحمایت وپناہ۔
دلیری ف بہادری جوانمردی۔
دلبری ف معشوق ہونا محبوب ہونا۔
دلبستگی ف علاقہ معنوی۔
دلاوری ف بہادری جوانمردی دلیری۔

دال با میم

دم کشی ف نغمہ سرائی یعنے راگ گانا۔
دموی ع مرض خونی وغلبہ خون کا۔

دال با نون

دنی ف ناکس پست فطرت وکمینہ وسفلہ آدمی۔
دنیوی ع منسوب بہ دنیا دنیا کی چیز واسباب۔
دندان زنی ف برابری حضومت وعداوت اور میر

دال با واو

دوپرویزنی ف دوسرا جہانا ہوا میدہ جو باریک ہو۔
دوستی ف محبت یارانہ۔
دوشیزگی ف کنوارا ہونا۔
دوسری نفاق جو بظاہر دوستی دلی دشمنی ہو۔
دورویی ف نفاق کرنا دورخہ ہونا۔
دوائر فلکی ف دائرہ ہای آسمانی۔
دوست کامی ف دوست کی خاطر اپنی فایدہ سے دست بردار ہونا
دوئی ف دو ہونا ضد یگانگت
دوی ع بولنا مکان کا اگر آواز نرم وغلیظ ہو اور اگر باریک وتیز ہو تو طنین نام ہی۔
دوزخی ف منسوب بہ دوزخ یعنے جو شخص دوزخ کے لائق ہو
دوالک بازی ف مکاری وفریب ودغا۔
دواعی ف خواہشین جمع داعیہ یعنے ارادی۔
دواہی ع سختیان زمانہ کی اور رنج اور تکلیفین۔

دال با ہا ہوز

دہ دہی ف خالص ہونا کامل ہونا کہرا ہونا۔
دہ بنجی ف ناقص ہونا عیب دار ہونا۔
دہن مصری ف دوغن بلسان جو مصر مین نکلتا ہی۔
دہری ف پیر سالخوردہ اور نیز وہ شخص جو عالم کو قدیم جانے مگر قیامت کا قایل نہو۔

دال با یا ہوز

دی ماہ ماگھہ وموسم سرما اور نام نوین تاریخ کا ہر ماہ شمسی سے وشب تاریک۔
دیوانگی ف دیوانہ پن مع خبط وجنون۔
دیوانی وہ عدالت جسمین نقد روپیہ اور قرضہ کے دعوے ہوتے ہون
دی ف روز گذشتہ جو گذر چکا ہو۔
دین حنیفی ع دین ابراہیم خلیل اللہ کا۔
دیلمی نام قوم جنمین سے بہت بادشاہ ہوئے چنانچہ عضد الدولہ دیلمی وغیرہ۔

آٹھوین فصل

اون لغات کے بیان مین جنکے اول حرف ذال

خوبانی ف زرد آلو خشک جسکے گٹھلی کا بادام ہوتا ہی -
خوردنی ف کھانے کی چیز طعام و میوہ وغیرہ -
خوردی ف چھوٹاپن کم عمر ہونا لڑکا ہونا -
خونی ف قاتل جو کسیکو قتل کر دیوی -
خویشی ف رشتہ داری و قرابت و ہم قومی -
خواستگاری ف طلب نکاح زنانہ نسبت -
خوئی ف پسینہ و عادت و طرز و طریق -
خودسازی ف اپنی آپ کو سنوار کر دکھلانا ظاہر آرائی کرنا -
خوشی ف مشہور لفظ ہی یعنے شادی و خوری و بیغمی و عشرت

خا با ہا ء

ہی ف کلمہ تحسین و آفرین شاباش واہ واہ -

حا با یا ء

حے ف بکہال پانی کی
خیلے ف اکثر -
خیری ف ایک پھول کا نام ہی جسکو گل خیرو کہتے ہین -
خیرہ رائی ف کم عقل و بیوقوف و نادان -
خیرگی ف تیرگی و تاریکی و کم عقلی و نادانی -
خیمگی ف جو شخص خیمہ مین ہو پردہ نشین -

ساتوین فصل

اون لغات کے بیان مین جنکی اول حرف دال اور اخیر مین یا ء ہے

دال با الف

داہی ع دانا وزیرک و صاحب علم و ہشیار -
داعی ع دعا کرنیوالا طلب کرنے والا بلانیوالا -
دادنی ف قرض جو واجب الادا ہو -
دارچینی ایک درخت کا نام ہی -

دانائی ف عقلمندی و ہوشیاری -
دائمی ف ہمیشہ ہر لحظہ ہر وقت -
دارائی ف بادشاہی اور نام ایک ریشمی پارچہ کا -
دارویہی ہیوشی ف ایک دوا کا نام ہی -
دامنی ف چادر باریک یک عرضہ -
دانی ع ناکس و فرومایہ و خراب و خستہ و پشیمان -
داوری ف حکومت و جنگ و شکایت -

دال با با ء

دیبقی ع قسم دیبای لطیف جو قیمتی کپڑا ہوتا ہے -

دال با را ے

درازدستی ف ستم و تعدی و ظلم و جور و جفا -
درازنفسی ف پرگوئی و طول کلامی و بدزبانی -
درارنی ع ستارگان روشن -
درّنی ع ستارۂ روشن آسمانی -
دری ف فارسی زبان جو فارس مین رائج ہے
دریوزگی ف گدائی فقیری بینوائی -
درزی ف سینے والا کپڑے سینے والا -
درشتی ف سختی و بدخلقی و فرہی -

دال با زا ے

دزدی ف چوری سرقہ چورانا کسیکے مال کا -

دال با سین

دست بازی ف زور آزمائی و پہلوانی
دستکاری ف کاریگری و صناعی -
دست رہائی ف تہیہ پانوہ تلاش و محنت و مزدوری
دست موسی کنایۃ آفتاب یعنے سورج -
دستوری ف رخصت و اجازت و پروانگی -
دست جرئی ف امداد و اعانت و حمائت -

خامی ف بیوقوفی اور کچائین اور جہل و نادانی۔

خا با تا ء

خُتلی ف گھوڑا ولایت ختلان کا جو نہایت اچھا ہوتا ہے

خا با دال

خدرمی ع ایک بیماری کا نام ہی جسسے بدن انسان کا بے حس ہو جاتا ہے۔

خدمتی ف تحفہ و پیشکش و نذرانہ۔

خا با رائے

خرابی ف ویرانی و سرگشتگی و خرابی۔

خرقانی ف ابو الحسن خرقانی ایک بزرگ کا نام ہی۔

خراسانی ف قسم طعام ہی اور قسم اجوائن کا۔

خراطی ع خراط کرنے والا لکڑی کو۔

خردمندی ف دانائی و عقلمندی و ہوشیاری۔

خا با زائے

خزی ع رسوا و بدنام و خراب و خستہ۔

خزری ع منسوب بخزر جو ایک ملک کا نام ہی۔

خزانگی ف جو چیز خزانہ مین ہو گہر مین رکھی ہو۔

خزانچی جسکی سپرد مین خزانہ ہو امین آدمی۔

خا با سین

خسروانی ف ایک راگ کا نام ہی۔

خسروی ف بادشاہی اور حکومت اور راج۔

خستگی ف زخمی ہونا ٹوٹنا نقصان مین آنا۔

خا با شین

خشکی ف یبوست سوکھنا بے آب ہونا۔

خشک مغزی ف دیوانگی و جنون و خبط و مالیخولیا۔

خشوی ف مادر زن و مادر شوہر یعنے ساس۔

خشی ع خوف و بیم و ترس۔

خا با صاد

خصمی ع دشمنی عداوت بیر و خصومت۔

خصی ع جسکے خصیہ نکال ڈالین۔

خا با طاء

حنظلی ع نام ایک دوا کا ہی جو بیج ہوتے ہین تخم حنظل بھی اوسکو کہتے ہین۔

خا با فاء

خفگی ف گلا گھوٹنا مجازاً غصہ و غضب و خشمناکی۔

خفی ع پوشیدہ جیسا ہوا آنکھون سے۔

خا با لام

خلاق المعانی ع لقب حکیم خاقانی کا۔

خلی ع بیغم و بیفکر و بے اندیشہ۔

خا با میم

خم چلیپا ف عیسے کا مکٹا جسسے وہ براہ اعجاز ہر ایک رنگ کا کپڑا رنگ دیتے تہے۔

خماسی ع وہ کلمہ جسمین پانچ حرف ہون۔

خا با نون

خنثی ع جو شخص نہ عورت ہو نہ مرد۔

خا با واو

خودسری ف تکبر و غرور و عجب و بڑائی۔

خوراہی ف لائق منحوس اور لائق خیر۔

خون گرمی ف الفت و محبت و پیار اور جوش محبت کا۔

خواری ف خرابی و ویرانی و خستگی

خورسندی ف خوشی۔

خورمی ف خوشی۔

خوشنودی ف خوشی۔

خواصی ف خدمتگار۔

حِفْظی ع مہربان دوست پیار یار۔

حا با قاف

حقانی ع خدا کا دوست۔

حقیقی ع اصلی بات حق کی بات رہت اور بیچ بات۔

حا با کاف

حکمت مدنی ع شرع محمدی صلے اللہ علیہ وسلم۔

حکمت عملی ع تین قسم پر منقسم ہی ایک تہذیب اخلاق دوم تدبیر منزل سوم سیاست مدن۔

حا با لام

حِلی ع جمع حلیہ زیور چاندی سونے کے۔

حلبی ع جو چیز حلب کی ہو خصوصاً شیشہ

حلوائی مقراضی ع قسم حلوا جو خشک اور کتری ہوئی کاغذ کی طرح ہوتا ہے

حلوائی ف حلوا بنانیوالا شیرینی بیچنے والا۔

حلوائی پشمین ف قسم شیرینی جو پشم کی طرح ہوتا ہے۔

حلیقی ف جلیبی جو مشہور شیرینی ہے۔

حا با میم

حِمی ع سبزہ زار ستوران یعنی وہ چراگاہ جہاں چارپائی چرین

حُمّی ع تپ گرم اور تپ ہر ایک قسم کی

حُمری ع سرخ رنگ عورت و سرخوش۔

حا با واو

حواس باطنی ع پانچ حس باطنی کے حس مشترک خیال متصرفہ واہمہ حافظہ۔

حواس ظاہری ع پانچ حس ظاہر کے ذائقہ باصرہ شامہ لامسہ سامعہ۔

حواشی ع جمع حاشیہ و خدمتگاران و کنیزان۔

حویشی ع امالہ حواشی غلامان و خدمتگاران۔

حواری ع یار مدنی نبی والی اور نام اصحاب جناب عیسیٰ علیہ السلام کا جو دھوبی قوم کے تھے۔

حواری ع یاران سفید پوست و طعام سفید و ہر چیز سفید۔

حوالی ع گرداگرد چاروں طرف۔

حوئلی ع امالہ حوالی مشہور بلفظ ہی مجازاً مکان و گھر اور رہنے کی جگہ

حا با یاے

حیوانی ع جو چیز حیوان سے پیدا ہو مثل گوشت و شیر و روغن و جغرات وغیرہ۔

حی ع زندہ جاوید نام خداوند تعالے و نام قبیلہ عرب اور جمع کرنا و حاصل کرنا۔

چھٹی فصل

اون لغات کے بیان میں جن کے اول حرف خا اور اخیر میں یا ہے

خا با الف

خاشی ع ڈرپوک خائف ترسناک۔

خادی ع خالی جس میں کچھ نہ ہو۔

خاصگی ف معتمد مصاحب و خزانچی و امانت دار۔

خاکشی ف خونخلان مشہور دوا ہے۔

خانی ف حوض کوچک قسم زر مسکوک۔

خارج آہنگی ف وہ سرود جو بقاعدہ ہو۔

خام دستی ف ناتجربہ کاری و ناآزمودہ کاری۔

خاتم بندی و خاتم کاری ف ہڈی پر دھاتی دانت پر گل بہول و نقش بنانا۔

خاطی ع جو اپنی ارادہ سے خطا کرے۔

خاکی ف جو خاک سے پیدا ہوا ہو انسان و حیوان وغیرہ۔

خاکبازی ف مٹی سے کھیلنا لڑکوں کا

خالی ف مشہور لفظ ہی یعنے جو چیز اندر سے پولی ہو۔

چندی ف تھوڑا سا کسی قدر
جنتی ف قوم جن اور جنون زدہ دیوانہ۔
چنگی ف چنگ نواز جو چنگ بجانیوالا ہو۔

جیم باواو

جوی ف نہر پانی کی جو جاری ہو۔
جودی ع وہ پہاڑ جسپر نوح کی کشتی ٹھہری تھی۔
جوہی ایک قسم کے پھول کا نام ہے۔
چوکی ف نگہبانی و چوکیداری و پاسبانی و حفاظت۔
چوقی ع ایک قسم کی مچھلی کا نام ہے۔
جولقی ع پشمینہ پوش قلندر فقیر و بینوا۔
جوی ع بچہ ہی بیہودہ مسخرہ و ظریف یعنے بھانڈ۔
جوہری ف جوہر شناس جواہر کا پرکھنے والا۔
جوہر ثانی ع عقول عشرہ سے دوسری عقل۔
جوارنی ع کنیزان و دختران گھر کی عورتیں اور گستیاں اور چیزیں جاری ہونیوالیاں۔
جوانی ف بالغ ہونے کی عمر نور و قوت کا زمانہ۔
جوز ہندی ف مغز نارجیل جو مشہور چیز ہے۔
جوز خراسانی ف اخروٹ خراسان کے ملک کا۔
جوزی ع جوز کا رہنے والا جو ایک شہر ہے۔
جولانی ف اسپ و بیالہ شراب جو دور میں ہو۔
چوگانی ف چوگان باز جو گیند کھیلے۔
چوبکی ف چوبدار جو امراؤ کی اردلی میں ہوتی ہیں۔
چوبی ف لکڑی کی بنی ہوئی چیز۔

جیم باہاو

جہودی ہ ایک شخص جو قوم جہود سے ہو۔
چہرہ کشائی ف مصوری و نقاشی و پردہ دری و اظہار۔

جیم باہاء

جی ف نام پرگنہ ملک صفہان سے۔
جیرہ دستی ف غالب ہونا زبردست ہونا۔
چینی ف چین کی چیز اور چین کا آدمی۔
چیت ع غم واندوہ و فکر و اندیشہ۔

پانچوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن کے اول حرف حا اور اخیر مین یا ہے

حا باالف

حامی ع حمایت کرنیوالا مانت کرنیوالا۔
حاوی ع احاطہ کرنے والا گرد کرنے والا۔
حامی ع حمایت کرنیوالا مدد کرنیوالا پناہ دینے والا۔
حانی ع باریہ جسکے بانو مین جنی نہو۔
حاضری ع مخفف ناحضر طعام جو موجود ہو۔
حالی ف بہای مجہول کسی وقت کسی زمانہ مین۔
حالی ع بہای معروف فی الحال اور وہ شخص جسنے زیور پہنا ہوا ہو۔
حاجی ع حج کرنیوالا زیارت کرنے والا۔

حا باہاء

حبلی ع حاملہ عورت پیٹ والی عورت۔
حبانی ع حاملہ عورتین پیٹ والی عورتین۔
حبّاری ع جانور جسکا جرہ نام ہے۔
حبشی و حبشی ف حبش کا رہنے والا شخص۔

حا باتاء

حتی ع یہان تک۔

حا باجیم

حجی ع عقل اور کنارہ ہر چیز کا

حا باراے

حرز یمانی ع ایک دعا کا نام ہی جو ماثورہ دعاؤن مین سے ہے
حرامی ف چور رہزن ڈاکو ناکدوی۔
حرکت مذبوحی بیفائدہ کام۔
حرکات نفسانی غم و فرحت وغیرہ۔
حرارت غریزی ع گرمی طبعی و نفسی۔
حرارت غریبی ع گرمی غیر طبعی جو نفسی نہو۔
حری ع سزاوار لائق کسی کام کے۔
حریری ع ریشمی کپڑے کی پوشاک۔

حا باسین

حسنی ع خوبصورت عورت و معشوق جمیل
حسنی ع منسوب بحواس خمسہ۔
حسینی ع نام سرود جو پچھلی رات گاتے ہین۔
حسنی و حسینی ع سادات حسنی و حسینی جو امام حسن و حسین کی اولاد ہین۔

حا باقاء

چارچی ت نقیب اور منادی کرنے والا آواز دینے والا۔
چائی ف جگہ مکان اور گھر و قیام گاہ۔
چانی ع دوست پیارا اور گنہگار اور اولاد جنون کی۔
چانی ع جلا دینے والا روشن کرنے والا صاف کرنیوالا۔
چاکی ف ظریفہ و پس ماندہ و فضلہ جام جو پیالہ مین رہجاتا ہی
چادوئی ف سحر و ساحری یعنے جادو اور جادوگر۔
چانی ع ظلم و جفا کرنیوالا زبردستی و تعدی کرنے والا۔
چاودانی ف ہمیشہ رہنے والی چیز قائم رہنے والی۔
چاشنی ف تھوڑی چیز شراب اور طعام اور طعام سے
جو چکنے کے لئے لی جاوے۔
چارجوی بہشتی ف بہشت کی چار نہرین اول نہر
آب دوم نہر شیر سوم نہر شراب چہارم نہر شہد۔
چاپلوسی ف نرم زبانی و خوشامد و شیرین کلامی۔
چاچی ف جو کمان شہر چاچ کی بنی ہوئی ہو۔
چابکی ف تیزی و اسپ تیز رفتار۔
چائی ف مشہور چیز ہے جسکا قہوہ بنا کر پیتے ہین۔
چادر کا چوری ف صبح اور صبح کی روشنی۔
چارپائی ف پلنگ اور کھاٹ جسپر سوتے ہین۔
چالاکی ف تیزی و تندی و مستعد ہونا۔

جیم نا یاء

جبلی ع طبعی پیدائشی مادی اصلی۔
چپاتی ف فطیری روٹی جو خمیری نہو۔

جیم یا یاء

چترسیمائی ف چودہوین رات کا چاند۔
چترکھلی ف آسمان و ابر سیاہ۔

جیم با دال

جدری ع چیچک یعنے سیتلا جو ایک بیماری مہلک ہے۔
جدی ع نام دسوین برج آسمان کا۔
جدائی ف الگ ہونا علیحدہ ہونا۔

جیم بار ے

جری ع مرد دلیر و بہادر و جوانمرد و جنگ آور۔
چرخی ف نام ایک ریشمی کپڑے کا ہی اور وہ چیز جو پھرتی رہتی ہو۔
چرخگی ف رقص کرنا ناچنا۔
چرچی ف ہراول فوج کے آگے چلنے والا۔
چرخ دولائی ف آسمان پھرتا ہوا۔

جیم زا ے

جزورسی ف کفایت اندیشی کرنا۔
جزوی ع تھوڑا سا اندک و کم مقدار۔

جیم با سین

جسمانی و جسم کا۔
جسدی ع جسمی اور بدنی۔
جستی ف مضبوطی و محکمی و استواری۔

جیم تا سین

جشم پوشی ف لحاظ کرنا کسیکے گناہ سے درگذرنا۔
جشم نمائی ف دھمکانا معتوب کرنا۔

جیم با عین

جعلی ع ایک نئی چیز جو اصلی چیز کی طرح بنائی جاوے۔
جعفری ف نام ایک پھول زرد رنگ کا ہے۔

جیم با عین

جعلی ف کسی پر ناحق تہمت بیجے بدی کرنا

جیم با کاف

چگونگی کیفیت حقیقت و ماہیت و اصل حال۔

جیم لام الف

جلدی ف شتابی کرنا کسی کام مین۔
جلی ع روشن و آشکارا و برملا۔
جلقی ع مشت زنی کرنے والا شخص۔
چلنچی ف ہاتھ ہو یکا طشت جس مین ہاتھ دہوتے ہین۔
چلی ف حمق و بیعقلی و نادانی و بیوقوفی۔
چلکی ف نامردی و کم ہمتی و سستی و کاہلی۔

جیم با میم

جمادی الثانی ع نام چھٹے ماہ قمری کا۔
جملگی ف تمام اور بالکل اور سارا۔

جیم با نون

جنگ آزمائی ف فریب سے جنگ کرنا بغیر دل مین ارادہ نہو اور مصلحتاً

تَوازی ع برابر ہونا ایک دن دوسرے سے ہمرتبہ ہونا۔
تَوقی ع نگہبانی و پاسداری و حفاظت۔
تونگری ف مالدار ہونا صاحب قوت ہونا دولتمند ہونا۔
توزی ف قسم جامہ نفیس جو شہر توز مین بنتا ہے۔
توانی ع سستی کرنا تقصیر کرنا بھول جانا۔
تَوی ت شادی ع عروسی کد خدائی بیاہ۔
تُوتی ع کتاس وزرد و دغا باز و فریبی مکار و خاکروب
تَوانائی ف زور و قوت طاقت و دولت حشمت۔
تَوالی ع پے در پے ہونا بار بار ہونا۔
تَواری ف پوشیدہ ہونا چھپنا آنکھوں سے

تا با ہائے

تہہ بندی ف جزبندی و جلد بندی۔
تَہادی ع ہدیہ بھیجنا تحفہ دینا۔
تہی ف خالی جو اندر سے پولا ہو مجازاً کم ہمت و کم عقل
تَہجّی ع ہجو کہنا اور حروف مفردہ الف با تا وغیرہ۔
تَہانی ع مبارکباد کہنا تہنیت ادا کرنا کسی شادی وغیرہ کا

تا با یاؤ

تیز دستی ف عصا اور لاٹھی تاتہ کی لکڑی۔
تیرگی ف اندھیرا کدورت سیاہی سیلاپن۔
تیرہ روئی ف عیاری مکاری و فریب بازی۔
تیغ مغربی ف کنایۃً ماہ نو اور قسم تلوار کا۔

تیسری فصل

اون لغات کے بیان مین جن کے اول حرف تا
اور اخیر مین یا ہے

تا با الف

ثانی ع دوسرا۔
ثانوی ع دوسرے درجہ کا۔

تا با دال

ثَدی و ثَدی ع پستان زنان و مردان و بہائم۔

تا با را

ثَری ع زمین کا نچلا درجہ اور دولت و مال۔

تا با عین

ثعلب مصری ع ایک دوا کا نام ہے چونکہ اکثر وہ مصر مین پیدا ہوتی ہے مصری کہتے ہین۔

تا با لام

ثلاثی ع وہ لفظ جو تین حرف کا ہو جیسا کہ درد کا لفظ۔

تا با نون

ثنائی ع لفظ دو حرفی اور پہلے دو دانت آدمی کے
ثنّی ع گاؤ و گوسپند جو تیسرے سال مین ہو۔

تا با واو

ثوانی ع جمع ثانیہ جسکے معنی دو کے ہین۔

چوتھی فصل

اون لغات کے بیان مین جنکے اول حرف جیم
اور اخیر مین یا ہے

جیم با الف

جاری ع روان بہتا ہوا پانی اور چلتا ہوا راستہ وغیرہ۔
جاری مجری ع قائم مقام و جانشین
جان فشانی ف سخت محنت و عرق ریزی۔
جامی ف یہ شخص عبد الرحمان نام جام شہر مین رہتا تھا شاعر اجل و فاضل اکمل عالم متبحر جسکے چوالیس کتابین تصانیف مثل شرح ملا و یوسف زلیخا تحفۃ الاحرار وغیرہ معتبر و مقبول فضلای روزگار ہین۔

تَرَکی ع نام ایک امیر کا امرای سلطان معزالدین سے۔

تا با سین

تساوی ع برابر ہونا اور برابر کرنا
تشلیث ع تین بار سر خاطر جمع۔

تا با شین

تشفی ع آرام پانا شفا پانا۔
تشنگی ف پیاس پانی پینے کی خواہش۔

تا با صاد

تَصَدّی ع پیش آنا روبرو آنا سامنے ہونا۔

تا با عین

تَعَدّی ع ظلم ستم وجور وجفا وزبردستی۔
تعالی ع مبنی بہ لفظ خدا کے نام کے ساتھ بولا جاتا ہے۔

تا با غین

تَغالی ت ماموں برادر مادر یعنے خال۔
تَغَشّی ع غش کھانا بیہوش ہوکر گرنا۔

تا با فا و

تُفَنگی ع بروزن ترکی تفنگی ودستواری۔
تفنگچی ف بندوق چلانیوالا بندوقچی۔

تا با قاف

تَقَضّی ع گذرنا مدت کا پورا ہونا میعاد کا۔
تقی ع ڈرنے والا خدا سے مجازاً پرہیزگار۔
تَقْوی ع ڈرنا وپرہیزگاری کرنا۔
تقاوی ع قوت دینا مدد ملنا سرکار کی طرف سے زمیندار کو زراعت میں۔
تقلیدی ع پیروی کرنے والا۔

تا با کاف

تکافی ع برابر ہونا کفائت کرنا بس ہونا۔
تکاپوئی ف تگ ودو کرنا دوڑنا تلاش وجستجو میں مصروف ہونا

تا با لام

تلافی ع پانا تہ میں لانا دلجوئی کرنا۔
تَلاقی ع ملاقات کرنا ملنا آپسمیں۔
تلنگی ف بجانا دف ودائرہ کا ساز بجانا۔
تَلاشی ع ماخوذ لاشے سے نیست ونابود ہونا۔
تَلَقّی ع ملاقات کرنا آپسمیں ملنا ایک دوسرے کو۔

تا با میم

تَمَشّی ع روان کرنا جاری کرنا آہستہ آہستہ راہ چلنا۔
تَمَنّی ع آرزو کرنا التجا کرنا مانگنا۔
تمغاچی ف محصول لینے والا محصولیہ جو سرکاری مامور ہو۔
تمطی ع خمیازہ ہندی انگڑائی۔
تَمادی ع دراز ہونا نہایت تک پہونچنا۔

تا با نون

تن آسانی ف راحت وآرام وآسایش ودلجمعی۔
تَناہی ع انتہا تک پہونچنا اخیر تک جانا۔
تنگ چشمی ف بخل اور مسکی وتنگ حوصلگی۔
تنگ ورزمی ف اختلاط کرنا دوستی کرنا۔
تنگری ت نام حضرت کی زبان میں۔
تُنُدباری ف بیوقوف بیعقل بیہوش۔
تنگنائی ف کوچہ تنگ اور مشکل مقام۔
تَنافی ع نفی کرنا دور کرنا محو کرنا۔
تَن دہی ف کوشش وتلاش وجستجو۔
تُنُدی ف غصہ کی خشمگینی وبدخوئی۔
تنگی ف تنگ ہونا۔

تا با واو

تَوَلّی ع پھرنا واپس ہونا حکومت کرنا ولایت کرنا یا ہونا کسی کے کام پر ممتاز ہونا۔

پیشوائی و استقبال کرنا آگے کو لینے جانا۔

تیسری فصل
اون لغات کے بیان مین جن کی اول حرف تا اور اخیر مین ہا ہی

تا با الف

تافی ف کلاہ ٹوپی جو سر پر رکھتے ہین۔
تازگی ف تازہ ہونا خوش و خورم ہونا۔
تازی ف عربی زبان یا اسپ جو عربی ہو۔
تانی ع دیر روزنگ توقف و سستی۔
تاسی ع پیروی کرنا اطاعت و متابعت کرنا۔
تائی ف صد و دو تہ دلای و تختہ کاغذ کا وغیرہ ضد جفت لینے اکیلا جو جوڑا نہو۔
تازہ دماغی ف ذہانی و خوشحالی و فراغت۔
تالی ع پیچھے چلنے والا ماخوذ تلو سے جسکے معنی پیچھے چلنے کے ہین اور پیروی کرنے کے۔
تاری ع تاریک اندھیرا سیاہ۔
تاریکی ف اندھیرا اور سیاہی۔

تا با ہا

تباہی ف اوجڑنا خراب و ویران ہونا۔
تبنی ع بیٹا بنانا فرزند بنانا۔

تا با تا

تتری ف تاتار کی رہنے والا تاتار کا ستوطن۔

تا با جیم

تجلی ع ظاہر ہونا روشن کرنا اور جلوہ نور کا۔
تجزے ع جزو جزو کرنا ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔
تجنی ع کسی پر گناہ باندھنا تہمت کرنا بدنام کرنا۔

تا با حا

تحاشی ع کمی سے ہونا کنارہ کرنا۔
تحری ع صواب ڈھونڈنا اسرار اور بہتر ڈھونڈنا۔
تحفگی ف نادر ہونا تحفہ ہونا بہت بہتر ہونا۔
تحاتی ع ٹکے ہونا جدا ہونا الگ ہونا۔

تا با دال

تداوی ع دوا کرنا علاج کرنا کسی بیماری کے لیے چارہ جوئی کرنا

تا با را ے

تردامنی ف گنہگاری و بدکرداری و خطاواری۔
ترجی ع امیدوار ہونا چیز ممکن الحصول کا۔
تریاکی ف افیونی آدمی جسکو افیون کھانیکی عادت ہوجاے
ترسی ع جو چیز بصورت سیر کے بنی ڈھال کیطرح جڑی ہو۔
تردماغی ف عقل و شعور و سرور و مستی جو بیہوشی کی حد تک پہونچی ہو
تراجی ع مراد و امید رکھنا کسی سے اپنی بہبودی کے لئے۔
تریاق لانی ز ہر مہرہ ملکان کا جو نہایت سلجھا ہوتا ہی۔
تراخی ع سستی و تغافل و لاپروائی جو کسی کام مین کیجاے
ترابی ع نوبادہ میوہ نورسیدہ یعنی تازہ بوٹا اور تازہ میوہ
ترقی ع بلند ہونا اور چڑھنا زیادہ ہونا بڑھنا۔
ترخانی ف نام منصب بادشاہی جو امراؤ کو ملتا ہی۔
ترکتازی ف حملہ مردانہ و چالاکی و تیز رفتاری۔
ترمی ف بیدماغی و ناخوشی و درشتی و ناراضامندی
تراضی ع رضامندی و خوشنودی و خوش دلی
ترش روئی ناراض و حالت غضب و غصہ
ترمذی ف منسوب شہر ترمذ یعنی ترمذ کے رہنے والا شخص۔
ترکی ف منسوب ولایت ترکستان یعنے ترکستان رہنے والا شخص۔

تا با زا ے

باب یا فصل ب پ

باب یا ین

بغی ع نافرمانی و بغاوت و عدم اطاعت۔
باغی ع نافرمان و باغی جو حاکم کی اطاعت نہ کرے۔
بغلی ف رنبیل گدائی کی جو فقیر بغل میں رکھتے ہیں

باب یا فا

بفتری ف کارگاہ بافندہ جہاں وہ کپڑا بنتا ہے۔

باب یا کاف

پکلی کشمیر میں ایک علاقہ کا نام ہے۔

باب یا لام

بلے بلے ف نمان آری۔
بلندی ع درازی اونچائی۔
بلاستحاشی ع بیدریغ بلا توقف فی الفور۔
بلگچی ف پیسہ فروش ورتر کی میں گدربان اور گدائے راہ نشین جو راستہ میں بیٹھ کر گدائی کرے

باب یا نون

بنی طی ع نام قبیلہ جسے حاتم طائی سخی پیدا ہوا تھا۔
بنائی ف بنیاد ابتدا اور نیو دیوار کی۔
بندگی ف پرستش عبادت اور بندہ ہونا۔
بنی ع جمع ابن کی بہت سے بیٹے اور نسل اور اولاد۔
بندی ف قیدی و اسیر و گرفتار مبتلا۔
پنجہزاری ف نام ایک منصب بادشاہی کا ہے۔

باب یا واو

بولی ف جانور شکاری مثل باز وشکرہ وغیرہ۔
بول سری ف نام درخت جو مول سری مشہور ہے۔
بو اسحاقی ف ایک قسم فیروزہ کی کان کا نام ہے جسے فیروزہ نیشاپوری بھی کہتے ہیں
بواقی ع جمع باقی کی یعنی بہت سی باقیان۔
بوادی ع جمع بادیہ بہت سے جنگل اور ویرانے۔

باب یا ہاے

بہی ف نیکوئی و بہتری و نام ایک قسم کے سیوہ کا جسے بہدانہ نکلتا ہے۔
بہلوی ف پرانی فارسی زبان جو بہلو نوح کے پوتے کے نام سے منسوب ہے۔
بہی ع روشن و تابان و خوب و بیا و پسند خاطر و مقبول۔

باب یا یاء

بیحصوری ف بیماری و ناتوانی و کمزوری۔
بید طبری ف ایک قسم کا درخت ہے۔
بی اندامی ف بے ادبی و کج ادائی۔
بے نمازی ف ایام حیض کے جو عورت کو آتے ہیں۔
بیضاوی ف منسوب بہ بیضا یعنی بیضا ہنسی والا۔
بیضی ع روشن اور صاف اور چمکتا ہوا۔
بیرنگی ف عالم ہیچونی جہاں کوئی رنگ اور صورت اور جسم نہیں ہے
بیدماغی ف بے التفاتی و کم توجہی و نامہربانی۔
بیجگری ف خوفناک ہونا ڈرپوک ہونا
پے ف عصب یعنی پٹھا اور سرغ اور قدم اور کہوج و مونبال و تاب و طاقت و قوت و زور و اختیار۔
پیکانی ف قسم نوشادر و قسم لعل و یاقوت جو مشہور جواہر ہیں
پیرانہ سری ف حالت ضعیفی و کمزوری و ناتوانی۔
پیشدستی ف نیابت و جالاکی و زورمندی۔
پیشانی ف ماتھا جسکو سیما بھی کہتے ہیں۔
بیت اقصیٰ ع بیت المقدس قبلہ تمام پیغمبروں کا۔
بیشی ف زیادتی افزونی ترقی کسی چیز کی۔
بیضوی ع انڈے کی شکل پر جو چیز ہو۔
بینی ف ناک جو مشہور عضو ہے۔
پیاپے ف پے در پے بار بار گھڑی گھڑی۔

بدی ع ابتدائی پہلا اولین
بدی ف بد ہونا برائی اور خرابی۔
بدری ف باپ کا۔
بدوی ع بادیہ نشین جنگلی جو لوگ جنگل مین رہین۔
بدیہی ع فی الفور بے تردد کلام کرنا بے سوچے جواب دینا۔

باب ا ے

برخی ف اندک یعنے تھوڑا سا بہت کم۔
برخی ف بروزن دے پے فدیہ و قربانی و صدقہ و زکوۃ۔
برکی ف ایک قماش کا نام ہی جو شتر یعنے اونٹ کی پشم سے بناتی ہین اور وہ لباس فقرا کا ہوتا ہی۔
بری ع پاک و بیزار و بے گناہ و بے عیب شخص۔
بری ع ہر چیز جو جنگل مین ہو بخلاف بحری کے۔
بردخطی ع منقش و خط دار چادر پھولدار کپڑا۔
براری ع جمع بر بہت سے جنگل اور ویرانہ زمین۔
برای ف واسطے۔
برہنگی ف ننگا ہونا عریان ہونا بے لباس ہونا۔
پراگندگی و پریشانی ف ابتر ہونا و خراب ہونا۔
برہنہ گوئی ف صاف صاف کہنا رو برو کہنا۔
بردقلمی ع وہ چادر جسپر قلم سے نقش کئی ہون۔
بردیمانی ع قسم چادر جو یمن مین بنتی ہے۔
برنائی ع جوانی اور جوانی کی عمر۔
بریانی ایک قسم کا پلاؤ ہی جو گھی مین بھونکر پکاتی ہین
برج آبی ف سرطان عقرب حوت تین برج ہین۔
برج خاکی ف ثور سنبلہ جدی تین برج ہین۔
برج بادی ف جوزا میزان دلو تین برج ہین۔
برج آتشی ف حمل اسد قوس تین برج ہین۔
پرپائی ف قسم کبوتر یا مور جسکی پاؤن پر پر ہوتے ہین۔

پرینی ف قوم جن بمعنی روزگذشتہ۔
پردہ علینی ف آنکھ کے ایک پردہ کا نام ہی۔
پردہ زنبوری ف خانہ جالی دار۔
پردہ بازی ف شب بازی۔
پردگی ف پردہ نشین و ستردار عورت۔
پرسیدنی ف لائق پوچھنے کے۔
پرتہ بینی ف منتہی کا پردہ۔
پرافشانی ف ترک علائق و ترک دنیا۔
پروانگی ف اجازت۔
پرواری موٹا تازہ۔
پرستیدنی ف لائق پوجنے کے بندگی کے طریق

باب ز ے

برگیری ف مکر و حیلہ و فریب دے غا اور دانو کھیلنا۔
برزبازی ف نچانا بکری اور بندر کو۔
پرزشکی ف طبابت کرنا معالجہ کا کام کرنا۔

باب س ین

پستی ف نیچائی زیر ہونا نیچے ہونا۔
بسی ف بہت بے شمار جسکی تعداد نہو۔
بستان سرا عمارت جو باغ مین ہو بارہ دری وغیرہ عمارتین

باب ش ین

بشرحافی ع نام ایک مرد عابد کا جو ولی کامل تھا۔
بشیر ع خوشخبری ابھی خبر نیک بات۔
پشتی ف مدد و حمایت و پناہ۔
پشیمانی ف پچھتانا نادم ہونا اپنے اعمال پر۔
پشت گرمی مددگاری و حمایت۔

باب ط ا

بطی ع دیر نا کرنے والا دانستہ کام کرنے والا۔

آیادی ع جمع ایدی ایدی جمع ید اور ید کے معنی ہاتھ بہت سے ہاتھ
ایشیک آقاصی دارو غہ دیوانخانہ۔
آئی ف صرف ندا فارسی مین اور یا عربی مین۔
ایتی ع جو وکدام کونسا کون شخص کون آدمی۔
ایای ع مجھکو عربی مین ترجمہ مرکے لفظ کا جو فارسی ہے۔
ایشی ع صف زنان موردون کا گروہ عورتون کی جماعت
ابلخی ت گلہ اسبان گھوڑون گلہ بہت سے گھوڑے

دوسری فصل

اون لغات کے بیان مین جنکے اول حرف با اور اخیر مین یا ہے

با با الف

بارانی ف وہ کھیتی جو بارش کے پانی سے پختہ ہو چاہ کا پانی اور سمن وغیرہ
بازندگی ف مکاری وحیلہ گری وکھیل وکود۔
بادہ ریحانی ف شراب خوشبودار جو ایک قسم کی شراب ہوتی ہے
بارگی ف گھوڑا سواری کا اور ہموار گھوڑا۔
بانی ع بنا کرنے والا بنیاد ڈالنے والا کسی مکان کا۔
باد عیسیٰ ف دم عیسے جسکی پھونکنے سے مردہ زندہ ہو جاتا تھا۔
باغی ع نافرمان ورعاق جو مالک کا حکم نمانے۔
بازی ف کھیل کود لڑکونکی۔
بادی ع ابتدا کرنے والا اور فارسی مین ہوائی۔
باکی ع رونے والا گریہ وزاری کرنے والا۔
باری ف بیاہی مجہول ایک مرتبہ ایک دفعہ۔
بارتعالی ع خداوند تعالی جل جلالہ وعم نوالہ۔
بازرگانی ف سوداگری مال یا سوداگری طریق وغیرہ۔
بالائی ف بلندی اونچائی۔
باورچی ف روٹی پکانیوالا طعام پکانیوالا۔
ابلیدگی ف بڑہنا درخت وغیرہ کا سبز ہونا۔

باقی ع رہ جانے والا بچ رہنے والا۔
پاسداری ف چوکیداری حفاظت وذمہ واری
باری ع خدا کا نام ہے پیدا کرنے والا۔
بالی ع کہنہ ویرانا وقدیمی۔
باشی ت سردار افسر امیر سرگروہ۔
باجی ت خواہر وہمشیر یعنے بہن۔
باربکی ف نظارت وداروغگی وافسری۔
پاکی ف استرہ جسسے بال مونڈتے ہین۔
پاسبانی ف حفاظت وچوکیداری۔
پاجی ف کمذات آدمی بدذات شخص۔
پارگی ف پرانا ہونا بیکار ہونا۔
پابین پرستی ف خدمتگاری۔
پاکوبی ف ناچنا رقص کرنا کودنا۔
پائی ف پانو قدم انسان یا حیوان یا درخت وغیرہ کے۔
پالائی ف صاف کرنیوالا صفائی دینے والا۔
پارکابی ف مقدار قلیل تہوڑا مقدار۔
پالانی ف اسپ باربردار جسپر بوجھ لادین۔
پایمردی ف چستی وچابکی وچالاکی۔
پابوسی ف پیر چومنا قدمبوسی کرنا۔

با با حاء

بحری ف دریائی چیز دریائی جانور۔

با با خاء

بخردی ف دانائی عقلمندی وہوش وادراک۔
بختی ف بغدادی اونٹ باربردار اونٹ بوجھ اوٹھانے والا۔
بخشی ف تنخواہ دینے والا حصہ بانٹنے والا فوج کو روپیہ دینے والا

با با دال

بدنی ف منسوب بدن یعنی خلط بدنی وآسائش بدنی وغیرہ۔

اعجمی ع جو اپنی گفتگو نہ کر سکے زبان اوسکی پھسلتی ہو گفتگو مین
اعمکے ع بلند اونچا دولتمند اوپر چڑھا ہوا۔
اعرابی ع صحرانشین جنگلی آدمی۔
اعنی ع مراد میری یہہ ہے مطلب میرا یہہ ہے۔

الف با غین

اغانی ع نام ایک ساز کا ہے جسکو بجاتے ہین۔

الف با فاء

آفتابی ف سورج مکھی پھول جو چڑا پھول زرد رنگ ہے۔
آفاعی ع بہت سے سانپ جمع افعی کے لفظ کی۔
آفعی ع سانپ یعنے ایک سانپ۔
آفضلی ع تخلص شاعر خاقانی کا ہے۔

الف با قاف

آقاسی دار وغہ جو دیوانخانہ کا داروغہ ہو۔
آقاصی ع دور بہت دور فاصلہ پر۔

الف با کاف

اکسیری ف کیمیاگر جو کیمیا بنائے مہوسی۔
اگاہی ف خبرداری وہوشیاری۔

الف با لام

الچی ف پکڑنے والا لینے والا قبضہ مین لانے والا۔
المعنی ع مرد نیک رائے وہوشیار و دانا۔
الچی ف مال و قیدی جو ملک بیگانہ سے لیتے ہین۔
الٰہی ع بار خدایا اے خدا تعالے اے میری معبود۔

الف با میم

امی ع ناخواندہ محض اور وہ شخص جسکی والدہ مایام شیرخوارگی مرجائے باپ کی پرورش سے بھی وہ محروم رہی یہہ لفظ خطاب حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کا ہے۔
امہات نفلی ع اربع عناصر جسسے سب چیز پیدا ہوئی ہو۔
آمانی ع جمع امنیہ آرزوئین امیدین مقصود دلی۔
امام محمد غزالی ع یہہ بزرگ طوس مین رہتا تہا کتابین اسنے بہت تصنیف کلین ہین مثل کیمیا سعادت وغیرہ۔
اموی ف ایران و توران مین ایک روپیہ کا نام ہے۔

الف با نون

انگشتری ف انگوٹھی جو انگلی مین پہنتے ہین۔
انسی ع آدمی وجانب اندرون ہر چیز و جانب راست یعنے دہنی طرف۔
انبازی ف شریک ہین شریک ہونا سہیم ہونا۔
انوری ع یہہ ایک اجل شاعر اوستاد مشہور ہے دیوان انوری اب تک اسکا یادگار ہے مولد اسکا موضع مہنہ خراسان مین واقع ہے
انائی ع پیدائش مخلوقات عالم کائنات وعالم ظاہر۔
انفسی ع عالم ارواح وعالم باطن و عالم ملکوتی۔
اندامی ف جامہ چست و درست اور بدن پر پورا۔

الف با واو

آدلی ع خداوندان و مالکان۔
آولی ع بہت اچھا بہت بہتر۔
اولی ع پہلی عورت۔
اوجی ع تخلص ایک شاعر کا۔
اوالی ع ظروف وآوند جمع اناکی لفظ کی۔
اویس قرنی نام بزرگ جو عاشق رسول مقبول تہا۔
آوارگی ف خرابی و ویرانی و پریشان حالی۔

الف با ہائے

اہالی ع جمع اہل خلاف قبایل و بمعنی دولتمندان و اعیان و اشراف و امرائے و حکام وقت۔
آہنی ف لوہے کی چیز جو لوہے سے بنائی جائے۔

الف با یاء

الف با جیم

اَجنبی ع بیگانہ غیر آدمی جو واقف نہو۔
اَچی ت برادر کلان بڑا بھائی جسکو عربی مین اخ و اخوی کہتے ہین

الف با حا

اِختیاری ع حیلہ انگیزی و بہانہ۔
اَخلی ع نہایت شیرین نہایت مزہ دار و پسندیدہ۔
اَحدی ع پیادگان شاہی سرہنگان سلطانی۔

الف با خا

اَخیافی ف وہ بھائی جنکی مان ایک اور باپ الگ الگ ہون
اور اعیانی وہ جنکا باپ ایک اور ماں علیحدہ علیحدہ ہون۔
اُخرے ع پچھلی عورت یا چیز۔
اَخوی ع میرا بھائی۔
اَخی ع میرے بھائی۔

الف با دال

آدم ثانی ع نوح علیہ السلام کا خطاب ہے۔
اَدانی ع خویش اور قریبی لوگ اور رشتہ دار۔
آدمی ف آدم کی اولاد آدم کی نسل۔
اَدنی ع بہت نزدیک لائق کمرتبہ

الف با ذال

اذی ع تکلیف دہ چیز

الف با رے

اَرضی ع مشہور جمع ارض ہے بہت سی زمینین۔
اَرزانی ف ضد گرانی یعنے افزونی۔
آردی ف قسم شفتالو اور مشہور ترکاری جسکو ارلی اور اردستی بھی کہتے ہین
آری ف بیائی معروف آخر اسپان۔
آری ف دنیائی مجہول یعنے بلے یعنے ہان۔
آرائی ف جمع آرا جسکے معنے فیصلہ کرنے کے ہین

الف با زا

اَزلی منسوب بازل مانند ابدی یعنی ہمیشہ کی چیز ابتدا کی۔

الف با سین

اَساسی ع جمع اساس و اساس جمع اسم کی ہے۔
اُسارای ع جمع اسیر قیدیان و زندانیان۔
اسماعیلی ع نام قوم گمراہ جو گھوڑے کی آلت کو پوجتے ہین
اور نام فرقہ ملحدہ اسماعیلیہ جو شش پرست ہین۔
اَسی ع اندوہگین و غمناک و پریشان حال۔
آسی ع غمناک و طبیب نشین جو بید کہلاتے ہین۔
آسمانی ف نیلہ رنگ جو آسمان کی طرح ہو مکان ہوتا۔
آسانی ف آسان ہونا۔

الف با شین

آشنائی ف دوستی و محبت و پیار و تاکید لی۔
آشنا فروشی ف خوشامد و تملق و چاپلوسی۔
اَشرفی ع سکہ زر منسوب باشرف جنسے پہلے پہل طلائی سکہ
جاری کیا تہا بوزن دہ ناشہ۔
اشعری ع نام ایک شخص کا جسکے بدن پر بڑی بڑی بال تہے
اَشقی ع ستالی موچیون کی جسے چمڑے مین سوراخ کرتے
ہین آربی اوسکا نام ہے۔
اَشہی ع آرزومند خواہشمند و صفا اشتہا لینے ہو کہا۔

الف با صاد

اَصمعی ع نام ایک فاضل علم لغت کا ہے۔
اَصلی ع منسوب باصل یعنے اصل بات۔
آصفی ع نام ایک شاعر کا ہے۔

الف با عین

اَعمی ع اندہا جسکو آنکہون سے نظر نہ آئے۔
اعمی فطری ع اندہا مادرزاد جو ماں کے پیٹ سے اندہا پیدا ہوا ہو۔
اِعیانی ع نام ایک درد کا ہے جسسے بیمار بل نہین سکتا۔
اَعالی ع بلند مرتبہ لوگ عزت دار امیر لوگ۔
اَعادی ع جمع عدو دشمنان بہت سے عداوتی لوگ۔

یارندہ ف دست دراز کرنے والا۔
یاسہ ع حکم و قانون و سیاست۔
یارہ ف ماتھون کے کنگن جو زیور ہے۔
یازہ ف لرزہ کانپنا اور لرزہ کا بخار۔
یالہ گائے کا سینگ۔

یا با خاء

یخچہ ف اولہ جو بادل سے برستا ہے مجازاً برف۔

یا با زاے

یزنہ ت بہنوئی شوہر بہن کا ہمشیرہ کا خاوند۔

یا با قاف

یراعہ ع قلم نیزہ کی اور رات کو چمکنے والا کیڑا۔
یقظہ ع بیداری ضد خواب کی یعنے جاگنا۔

یا با کاف

یگانہ ف اکیلا لاثانی آدمی جسکی ساتھہ کا کوئی اور نہو۔
یکدلہ ف شجاع و بہادر و جوانمرد و بے خوف آدمی۔

یا ی با لام

یلبہ ع قسم رزہ جو حیوانات کی چمڑے سے بنتی ہے۔
یلکہ ف چھوٹا ہوا بے قید آزاد و زن فاحشہ یعنے بدکار عورت۔
یلملہ ت جو چیز تغاری مین ڈالکر حیوان کو کھلائین مثل دانہ و بھوسہ وغیرہ۔

یا ی با میم

یمہ ت خوراک اور کھانا۔

یا ی با واو

یوزہ ف شہ درخت یعنے درخت کی شاخ۔
یومیہ ع روزینہ جو کسیکا مقرر ہو۔

اٹھائیسوان باب

اون لغات کے بیان مین جنکی اخیر مین یا ی ہی اور پہلے حروف برعایت حروف تہجی کے اپنی اپنی موقع پر بدلتی جاتے ہین سمین ستائیس فصل ہین

پہلی فصل

اون لغات کے بیان مین جنکی اول حرف الف اور اخیر مین یائی ہی

الف با باء

آبائی ع علوی ساتوان آسمان یا سات ستارے۔
آب بازی ف شناوری پانی مین تیرنا۔
آبادی ف بستی شہر و قریہ و گانو۔
آب پاشی ف چھڑکاو کرنا کھیتی کو پانی دینا۔
ابلہی ف کمینہ پن۔
آب یاری ف درختون کو پانی دینا سینچنا۔
آبی ع سرکش نافرمان دعاق۔
آبدالی ظرافت و مسخرہ نام قوم افغان۔
آبلہ ظ زازی ف ابلہ فریبی یعنی احمق کو فریب دینا۔
ابہری ساکن شہر ابہر جو زنجان کے پاس ہے۔
آبوی ع باپ اور میرا باپ۔

الف با تاء

آتشی ف قسم دیو جن و شیاطین۔
آتش نمرودی ف جس مین ابراہیم خلیل اللہ کو ڈالا تہا اور وہ آگ گلزار بنگئی تہی۔

الف با ثاء

اثنا عشری ع جو لوگ امامیہ مذہب کے ہین بارہ امام کو امام جانتے ہین جو امام اہل سنت سے سنکر ہین تمام صحابہ کے خلافت کو حق نہین جانتے

ہرگہ ع بلی مادہ گربہ جو نر نہو۔
ہرولہ ف رفتار پوئیہ جو ایک قسم کی چال ہے۔
ہرلشتہ ع ایک آتش کا قسم ہے جو بیتے ہین۔

ہای بازلے

ہزہ ع ہلنا جنبش دینا حرکت دینا۔
ہزار شیشہ ف سرطان کی بیماری یہہ ایک مہلک دبل پشت پر ہوتا ہے مگر اسکے بہت ہوتے ہین اور وہ مہلک بیماری ہے جسسے آدمی مرجاتا ہے۔
ہزہ ع ہلنا حرکت کرنا جنبش مین آنا۔
ہزار پایہ ف جانور گنسلائی جسکے پانو بہت ہوتی ہین۔
ہزینہ ف نان نفقہ عیال کا اور ضروری خرچ۔

ہای باضاد

ہضبہ ع زمین بلند و پشتہ جہان پانی ٹھہر سکے۔

ہای بافاء

ہفتہ ف سات روز کا ٹہوارہ۔
ہفدہ ف ۱۷ عدد ہین سترہ عربی مین سبع عشر کہتے ہین

ہای بامیم

ہمخوابہ زن ہمکوہہ ہم بستر عورت
ہمراہ ف ساتہی جو راہ مین ساتہہ ہو۔
ہمسایہ ف پڑوسی دیوار بدیوار رہنے والا پاس پاس رہنے والا
ہمشیرہ ف بہن جسنے ایک والدہ کا دودہ پیا ہو۔
ہمارہ ع اندازہ وحساب۔
ہمہمہ ف گرخ شیر درندہ کا۔
ہمہ ف تمام بالکل سارا۔
ہم رشتہ ف رشتہ دار یک جدی وہم قوم۔

ہای بانون

ہنیدہ ع سو اونٹ و مقدار صد عدد۔

ہنغہ ع مہار جو اونٹ کی گردن کے پیچھے ہو۔
ہندوانہ ف تربوز جو مشہور پھل ہے۔
ہندسہ ع اندازہ اور نام علم کا۔
ہنگامہ ف وقت ومجلس ومجمع ومحفل۔

ہای باواو

ہوالہ ع ہولناک جسسے خوف آئے۔
ہواخواہ ف دوست خیرخواہ۔
ہود ع فرق ودرست جنانچہ ہیہودہ وغیرہ۔

ہای باہاء

ہیاسہ ع دوا ل ڈوری۔
ہیچکارہ ف بیفائدہ نکما آدمی خراب آدمی۔
ہیچگونہ ف کسیطرح کسی سبب کسی باعث۔
ہیضہ ع بدہضمی اور بدہضمی کی بیماری۔
ہیمہ ف جلانے کی لکڑی یعنے ایندہن۔
ہیلہ وہلیلہ ع ہریڑ جو مشہور چیز ہے۔

اٹھائیسوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن کے اول حرف یا اور اخیر مین ہای ہے

یای باالف

یااللہ ع اے معبود۔
یارانہ ف دوستی امداد خیرخواہی۔
یامہ ع ڈاک کے گھوڑے جو منزل پر رہین۔
یاوہ ف بیہودہ وگم ونابدید۔
یانہ ت طرف وجانب۔
یاقہ ف گریبان قبا وغیرہ کا۔
یافہ ف یادہ وگم شدہ وبیہودہ۔

واو با صاد

وَصِیَنَہ ع عمارت و فراخی مکان و صحن فراخ۔
وَصِیفَہ ع باندی کنیز ک پرستار خدمتگار۔
وَصلَہ ع ٹکڑا کپڑے یا کاغذ وغیرہ کا اور پیوند جوڑا ہوا۔

واو با ظاء

وَظِیفَہ ع جو چیز ہر روز مقرر ہو یعنی روزینہ و تنخواہ روز کا

واو با عین

وَعدَہ ع اقرار اور خبر دینا آگاہ کرنا۔

واو با فاء

وَفصَہ ع ترکش جس میں تیر رکھتے ہیں۔

واو با قاف

وِقایَہ ع نگاہ رکھنا اور نام ایک گیاہ کا۔
وُقیَہ ع وزن چہل درم یعنے چالیس درم کا وزن۔
وَقفَہ ع توقف مہلت و فرصت و میعاد۔

واو با کاف

وَکِیرَہ ع ضیافت تعمیر مکان و خانہ جسکو جثہ کہتے ہیں۔

واو با لام

وَلَہ ع سرگشتگی و جنون و عشق و محبت و دیوانگی و خبط
وَلوَلَہ ف شور و غوغا و بانگ و فریاد زاری و بیقراری۔
وَلِیَہ ع دوست عورت پیاری عورت اور وہ عورت جو اپنے گھر کی ہو یعنے خانہ دار عورت اور منکوحہ بی بی
وَلِیمَہ ع پالان خرد است و طعام ضیافت شادی و نکاح۔

واو با نون

وَندَہ ع ترہ تیز ک سبزہ جسکو ہالون کہتے ہیں۔

واو با ہاء

وَہدَہ ع زمین پست و نشیب جہاں پانی جمع رہتا ہو۔
وَہلَہ ع ڈر اور ڈرانا و نوبت و کرت۔

ہا ئے ہوز

ہَمَہ ع کامل سر و پیشانی اور بمعنی ہوم یعنی الو جو شہور منحوس جانور ہے
ہالِکَہ ع نفس و حریص و طماع۔
ہِبَہ ع سند بخشش کی جو ہبہ نامہ اقرار سے لکھ دے۔
ہائِلَہ ع ہولناک و خوفناک مقام۔
ہالَہ ع دایرہ ماہ چاند کا گنڈل۔
ہاوِیَہ ع نام دوزخ جو ساتوان طبقہ ہے۔
ہال گاہ ف میدان چوگان بازی جہاں گیند کھیلتے ہیں۔

ہا و با ہاء

ہِبَہ ع بخشیدن یا ملک کر دینا یا دینا کسی چیز کا کسیکو۔

ہا با دال

ہَدَہ ف فایدہ بیہودہ بیفایدہ۔
ہَدِیَّہ ع تحفہ چیز پیشکش جو دوست دوستوں کو دیتے ہیں۔

ہائے با رائے

ہَراسَہ خوفناک شکل جسے کوئی ڈرے۔
ہَرآنچہ ف جو کچھ جو چیز۔
ہَرآنکہ ف جو شخص جو آدمی۔
ہَرچہ ف جو کچھ۔
ہَرکارہ ف قاصد اور ہر کام کرنیوالا۔
ہَرِیرہ ع گربہ بلی جو بہت شہور جانور ہے۔
ہَرزَہ ف بیہودہ بیفائدہ بیہودہ چیز۔
ہَرآئینہ ف ناچار بالضرورت البتہ۔
وَہمَہ ع درد زہ یعنے درد و لادت جو عورت کو ہوتی ہے۔

ستائیسوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن کی اول حرف ہائے اخیر مین بہی ہا رہے

ہائے با الف

ہامَہ ع کامل سر و پیشانی اور بمعنی بوم یعنی الو جو شہور منحوس جانور ہے
ہالِکَہ ع نفس و حریص و طماع۔
ہِبَہ ع سند بخشش کی جو ہبہ نامہ اقرار سے لکھ دے۔
ہائِلَہ ع ہولناک و خوفناک مقام۔
ہالَہ ع دایرہ ماہ چاند کا گنڈل۔
ہاوِیَہ ع نام دوزخ جو ساتوان طبقہ ہے۔
ہال گاہ ف میدان چوگان بازی جہاں گیند کھیلتے ہیں۔

ہا و با ہاء

ہِبَہ ع بخشیدن یا ملک کر دینا یا دینا کسی چیز کا کسیکو۔

ہا با دال

ہَدَہ ف فایدہ بیہودہ بیفائدہ۔
ہَدِیَّہ ع تحفہ چیز پیشکش جو دوست دوستوں کو دیتے ہیں۔

ہائے با رائے

ہَراسَہ خوفناک شکل جسے کوئی ڈرے۔
ہَرآنچہ ف جو کچھ جو چیز۔
ہَرآنکہ ف جو شخص جو آدمی۔
ہَرچہ ف جو کچھ۔
ہَرکارہ ف قاصد اور ہر کام کرنیوالا۔
ہَرِیرہ ع گربہ بلی جو بہت شہور جانور ہے۔
ہَرزَہ ف بیہودہ بیفائدہ بیہودہ چیز۔
ہَرآئینہ ف ناچار بالضرورت البتہ۔

نو کیسہ ف نو دولت جو پہلے مفلس تھا اور اب دولتمند ہوا۔
نوشتہ ف نوجوان نوکر حذا سے جسکی نئی شادی ہوئی ہو۔
نوحہ ع آواز سے رونا چلاکر رونا کسی ماتم وغم کی حالت مین
نوجہ ف جوان نوخواستہ بالغ لڑکا۔

نون با ہاء

نہانخانہ ف مقام پوشیدہ غسلخانہ اور خلوت کا مقام۔
نہیبہ ع عقل و ہوش
نہیبہ ع غارت و تاراج اور آواز کرنا۔

نون با یاء

نیم کلمہ ف ناتمام چیز جو ابھی پوری نہوئی ہو۔
نیم کارہ ف ناتمام چیز ناقص چیز۔
نیمہ ف آدھا و جانب و طرف۔
نیشہ ف نے کو چکنا نیشہ بھی جسکو نیچہ بھی کہتے ہین۔
نیلکہ ف نام چارپایہ صحرائی جسکو نیل گاؤ کہتے ہین۔
نیفہ ع بندکش ازار و قسم پوستین جو قمیض ہوتی ہے۔
نیزہ ف برچھی جو ایک قسم کا مشہور ہتھیار ہے۔
نیچہ ف چھوٹی نے حقہ پینے کی جسے تاکو کا دھوان لیتے ہین۔

چھبیسوین فصل

اون لغات کے بیان مین جنکی اول حرف واو اور اخیر مین ہا ہے

واو با الف

والبستہ ف معلق و رشتہ دار۔
والاجاہ ف بلند رتبہ
واقعہ ع حادثہ و رنج و سختی و تکلیف۔
واقعہ ع قسم حریر ابریشمی
واہلہ نام زن نوح علیہ السلام جو کافرہ تھی
والہ ع دیوانہ و عاشق و نام ساعر ہروی۔

واعیہ ع نگہبان و نوالا حافظ و پاسبان و چوکیدار۔
وارستہ ف فارغ البال و رہائی یافتہ
واقصہ ع راہ مکہ مین ایک مقام کا نام ہے۔
وامانده ف باقیماندہ اور بچا ہوا۔
واعجباہ کلمہ تعجب و اسف و حسرت۔
واہیہ ع سست اور گرا ہوا اور خراب و خستہ۔
واہمہ ع قوت وہمی کا نام ہے جو انسانی قویٰ مین سے ہے
وائیہ ع حاجت و مراد و معتاد ہر روزہ و وظیفہ روزانہ مثل کونین
وافیون وغیرہ جسکے کھانے کی عادت ہو۔

واو با تاء

وتیرہ ع روش طریق دستور و طرز و عادت و خو۔

واو با ثاء

وثیقہ ع سند و عہد و پیمان و محکمی و مشک و کاغذ قالہ

واو با جیم

وجہ ع رو و چہرہ و طریقہ و طور۔
وجہہ ع جسطرف رخ کیا جائے و قبلہ
وجنہ ع ابھری ہوئی رخسار معشوقون کی۔
وجوہ ع جمع وجہ کی بہتسے رو و چہرے و طریق۔
وجیہہ ع خوبصورت و حسین آدمی مقبول صورت۔

واو با حاء

ورطہ ع جای ہلاکت گرداب و مکان بے راہ جسکا راستہ نہو۔
ورثہ ع میراث لینے والے لوگ جو مردہ کے وارث ہون۔

واو با زای

ورغہ ع گوک سبز جو ایک مشہور جانور ہے۔

واو با سین

وساوہ ف بالین و بالش و تکیہ۔
وسیلہ ع ذریعہ و واسطہ جو کسی کام مین ہو۔

نون با طاء

نطیفہ ع صاف و سفید پانی اور تخم آدمی کا۔

نون با ظاء

نظارہ ع دیکھنا نظر کرنا آنکھ سے دیکھنا سیر کرنا۔
نظارہ ع دیکھنے والی لوگ سیر کرنے والے۔
نظارت پیشہ ف نگہبان و خواجہ سرا۔

نون با عین

نعجہ ع میش یعنے بھیڑ جو مشہور چارپایہ ہے۔
نعامہ ع شتر مرغ جو ایک جانور ہے۔
نعرہ ع بلند آواز۔
نعوذ باللہ ع پناہ مانگتے ہین ہم اللہ سے۔

نون با غین

نغمہ ع سرود راگ جو گایا جاتا ہے۔
نغنغہ ع آواز لطیف اور مطبوع آواز۔
نغولہ ع مروی پیچیدہ اور گوندی ہوئی زلفین۔

نون با فاء

نفس امارہ ع خواہش طبیعت بطرف بدی۔
نفوس ثلاثہ ع تین نفس انسان کے امارہ لوامہ مطمئنہ
نفوس قدسیہ ع عالم ارواح و عالم ملایک۔
نفس ناطقہ ع نفس انسانی جو بولتا ہے یعنے بولنے والا نفس۔
نفقہ ع خرچ عیال و اطفال اور ضروری خرچ۔
نفخہ ع ایک مرتبہ پھونکنا دم لگانا۔
نفطہ ع آبلہ اور چھالا جو بدن پر ظاہر ہوتا ہے۔
نکہہ ع بوی خوش عطر و کستوری وغیرہ کی۔

نون با قاف

نقاوہ ع برگزیدہ آدمی بہت اچھا آدمی۔
نقالہ ع نقل کرنے والی نقشہ اوتارنیوالی۔
نقرہ ع چاندی جو مشہور دھات ہے۔
نقشہ ف تصویر و نمونہ کسی چیز کا جیسی وہ ہو۔
نقطہ ع حد کی انتہا وہ مقدار جو منقسم نہو۔
نقبہ ع مرض خارش کھجلی کی بیماری۔
نقیعہ ع ضیافت قدوم سفر یعنے اوسکی ضیافت جو سفر سے آیا ہو بخلاف مسافر کی مہمانی۔

نون با کاف

نکتہ ع سخن پاکیزہ و پوشیدہ۔
نکرہ ع ناشناختگی ضد معرفہ یعنے وہ جسکی پہچان نہو سکے
نکوہیدہ ف ملامت کیا گیا بدو زشت و زبون۔
نگارخانہ ف تصویرخانہ جہان بہت سی تصویرین ہون۔

نون با میم

نمگیر ف پلنگ پوش اور چپر کھٹ کا غلاف۔
نمیقہ ع لکھا ہوا خط نقش کیا ہوا۔
نمرقہ ع چھوٹا گاؤ تکیہ پشت پر رکھنے کا۔
نمیمہ ع چغل خوری و غمازی۔
نمونہ ف دکھلاوا کسی چیز کا اصل اس لفظ کا نمودہ تھا۔
نملہ ع ایک قسم کی بہنگیان ہین۔

نون با واو

نواخانہ ف قیدخانہ جہان قیدی مقید ہون۔
نوباوہ ف میوہ تازہ و نورسیدہ۔
نورہ ف چونہ جسے بال اور کھال ڈی جاتے ہین۔
نوالہ ع لقمہ طعام کا۔
نوادہ ف پوتا بیٹی کا بیٹا۔
نوخواستہ ف نوجوان بچہ۔
نوزدہ ف اوتیس جسکو عربی مین تسعہ عشر کہتے ہین
نوشتہ ف لکھا ہوا۔
نوشابہ نام ملکہ بردع جسکی ملاقات سکندر سے ہوئی تھی

ناخورہ ع معشوقہ محبوبہ خورت۔
نادہ ف بدرو پانی کا پرنالہ
نافلہ ع جو عبادت سوائے فرض کے ہو یعنے نفل۔
نابہ ف شراب خالص و عمدہ و قیمتی شراب۔
نامیہ ع یہہ ایک قوت جسم پیدا ہے نباتی و حیوانی مین ہے جسسے وہ پہولتا اور بڑہتا ہے۔
ناسرہ ع کہوٹا درہم و دینار اور قلب روپیہ
ناجیہ ع کونا کنارہ گرد نواح کسی شہر کا۔
ناجیہ ع نجات پانیوالہ رہائی پانے والا۔
نازل منزلہ ع قائم مقام و جانشین و وارث۔
ناشائستہ ف نالائق و کم عقل آدمی۔
ناعمہ ع نرم بدن عورت جسکا جسم نازک ہو۔
نافجہ ع خوشبو چیز جسسے خوشبو آئے۔
نافہ ف کستوری کی ناف جو مشہور ہے۔
ناکاشتہ ف جو بویا نہو۔
ناکارہ ف بیکار و خراب۔
ناقہ ع اونٹنی مادہ شتر
نائرہ ع شعلۂ آتش
ناگاہ ف اچانک او رفی الفور۔
نامہ ف خط مکتوب کتاب۔
نائچہ ف حقہ کا نیچہ جو نے سے بنایا جاتا ہے۔

نون با یاء

نبہ ع آگاہ ہونا اطلاع پانا کسی بات پر۔
نبیہ ع امیر دولت مند صاحب عزت آدمی
نبرد گاہ ف میدان جنگ لڑائی کا مقام۔
نبیلہ ع خوبصورت بزرگ پسند خاطر عزیز دل۔
نبشتہ ع لوتا یاد ہوتا پوتی یاد ہوتی
نبلہ ع مٹی کا ڈبیہ جسسے استنجا کرین۔
نبرزدہ ف بہادر و دلاور و جوانمرد آدمی۔
نبیہ ع بروزن وجیہہ خبردار کرنے والا۔
نبیسہ ع پسر زادہ یا دختر زادہ۔

نون با تاء

نتیجہ ع غرض حاصل مطلب خلاصہ کلام۔

نون با ثاء

نشر ع نام آٹھوین منزل کا منازل قمر سے۔

نون با جاء

نحلہ ع بخشش عطا صدقہ جو دیا جائے۔

نون با خاء

نخلہ ع درخت خرما یعنی کھجور کا درخت جو مشہور درخت ہے
نخالہ ع آٹے کا چوکر جو چھلنی سے چھن نکلتا ہے یا بھی اوسکو کہتے ہین

نون با دال

ندبہ ع نوحہ و شیون و زاری اور گریہ یعنے آواز سے رونا

نون با رائے

نژادہ ف اصل و اصیل آدمی خاندانی شخص۔
نزلہ ع رسد جو کسیکو دی جائے اور نام سیاری کے کام کا۔
نزہ ع بے عیب تازہ اور خوب اور اچھا

نون با سین

نسیئہ ع قرض ادھار دام جو کسیکو دیا جائے۔
نسخہ ع لکھا ہوا نقل کیا ہوا اور کتاب و صحیفہ و رسالہ۔

نون با شین

نشارہ ع نراہ جو بیاج وغیرہ جو اوسکی چیز سے نکلے۔
نشاستہ میدہ گیہون کا جو گیہون بھگو کر نکالین۔
نشرہ ع تعویذ جو صاحب عمل لکھتے ہین۔
نشرہ ع ختم قران نام قران کا پڑہنا۔
نشہ پہونی اور مستی جو شراب وغیرہ سے حاصل ہوتی ہے۔

نون با صاد

نصیبہ ع قسمت و نصیب

موصی الیہ ع جسکے نام کی وصیت ہو اور مرنیوالا اوسکو وصی بنا گیا ہو۔
مواجہہ ع روبرو ہونا مقابل ہونا سامنے ہونا۔
موجہہ ع خوب سنجیدہ و مطبوع طبع۔
موچینہ ف آلہ آہنی جسسے بال اوکھاڑتے ہین۔
موالید ثلاثہ نباتات جمادات حیوانات۔
موولہ ع شیفتہ و عاشق و درخت بید مجنون۔
مواخذہ مرگرفت کرنا بگڑنا مزاحم ہونا۔
موئینہ ف پوستین جسپر بال ہون۔
مورچانہ ف زنگار جو لوہے کو لگ جاتا ہے۔
مورچہ ف چھوٹی چیونٹی جو شہد جانور ہے۔

میم با ہا ر

مہمہ ع بیابان جنگل ویرانہ زمین۔
مہمہ ع کار ضروری جسکا کرنا واجبی ہو۔
مہموسہ ع وہ حرف جو نرم ہیت ادا ہون چنانچہ ستہ ش ح و ث س خ ص ف ہ۔
مہلکہ ع جا ہی ہلاک و قتل گاہ و مقام کشت و خون۔
مہرہ ع منکا اور عربی مین کرہ اسکے لیئے جیسا گھوڑا۔
مہملہ ع خالی بے نقطہ حرف جیسے کہ اح د ر س ص ط ع ک ل م و ہ۔
مہہ ف جانور ستارہ آسمانی عربی مین اسکو قمر کہتے ہین
میہہ ف بزرگ سردار قوم و افسر و سرگروہ و جسکا عزت

میم با یا ر

میاہ ع جمع ما آبہا یعنے بہت سے پانی۔
میوہ ف مشہور لفظ ہے یعنے پھل کسی درخت کا جسکو کہا کین
میمنہ ع دست راست فوج طرف راست۔
میسرہ ع دست چپ فوج طرف چپ۔
میندنہ ع اذان کہنے کی جگہ یا بانگ دینے کی جگہ
میمونہ ع کشتی کے فنون سے ایک فن ہے
میدہ ع آرد خشکہ گیہون کا۔
میکدہ ف شراب خانہ جہان شراب کہینچتے یا بیچتے ہون۔

پچیسوین فصل

اون لغات کے بیان مین ہین جن کے اول حرف نون اور اخیر مین ہا دہے

نون با الف

ناتراشیدہ ف بے ادب ناخواندہ بدخلق بدخو بیوقوف آدمی
نارسیدہ ف نابالغ کم عمر لڑکا اور کچا میوہ۔
ناخنہ ف انگلہ کی بیماری کا نام ہے۔
نائزہ ع آفتابہ کی ٹوٹی دنلے میانہ خالی مجازاً سوراخ ذکر۔
نابالیدہ ف نالائق بے ہنر و بے علم آدمی۔
نابہرہ ف بے نصیب و کم قسمت و کم طالع۔
نادانستہ ف بہول کر جو کام کیا جائے۔
ناخواندہ ف بے علم آدمی جسنے کچھ پڑہا نہو۔
نادیدہ ف جسکو دیکہا نہو اور مرد حریص و طماع۔
ناستودہ جسکی صفت نہو سکے۔
ناسفتہ ف جو پرویا نہو موتی وغیرہ۔
نادرہ ع عجیب و غریب و عمدہ تحفہ۔
نازلہ ع سختی و حوادث زمانہ رنج و غم۔
نائبہ ع حادثہ و واقعہ و تپ گرم و بیماری۔
نالہ ف آواز بلند جو سوز دل سے ہو چلا کر رونا۔
ناسیجہ ع گریہ و نالہ و ماتم و رنج و غم و اندوہ۔
ناصیہ ع موی پیشانی یعنے ماتھے کے بال۔
ناسخواہ ف ایک گہاس کا نام ہے جسکو کہانسی ہو کہہ لگتی ہے ہندی

مُلاحظہ ع گوشہ چشم سے دیکھنا آنکھ ہیر کر دیکھنا۔
ملاطفہ ع مکتوب و مراسلہ و نیکی کرنا لطف کرنا۔
ملکہ ع بادشاہ کی عورت اور قوت و قطاعلم کی۔
مَلاعِنہ ع جمع ملعون خلاف قیاس یہہ لفظ ہی۔
ملازادہ نام کتاب علم معانی مین۔
مُلاحدہ ع جمع ملحد بہت کافر بدین نام قوم جوبدین ہے۔
ملک شاہ نام بادشاہ سلجوقی جسکا وزیر نظام الملک تہا۔
ملکات فاضلہ چہار گانہ حکمت شجاعت عفت عدالت
چار نیک خصلتین۔
ملکات رذیلہ ہشتگانہ فحشد بغض بخل حرص کذب شغب
کبر بیحیائی آٹھہ بد خصلتین۔
ملکات فاضلہ خصائل خوب بستہ ہا نیک۔
مُلحمہ ع جنگ و فتنہ و فساد و لڑائی و خصومت۔
مُزِیل ع دور کرنیوالا زائل کرنے والا گم کرنیوالا -

میم باسین

مُتَاصِل ع بیخ سے اکھاڑا گیا نابود کیا گیا -
مُتَاہِل ع سزاوار و لایق کیا گیا -
مُتَذَلَّل ع ذلیل و خوار کیا گیا بیعزت کیا گیا -
مَسَائِل جمع مسئلہ جوال دوز لوگ اور سوزن گلابن جسے جوال سیتے ہین -
مُتَحَیِّل ع محال و ناممکن و حیلہ گر مکار -
مُتَسَائِل ع مائل کیا گیا تسلی دیا گیا اطمینان کیا گیا -
مُتَسَقِّل ع صاحب استقلال و محکم و مضبوط -
مُتَقَبِّل ع پیش آنے والا زمانہ آئندہ
مُتَقَبِّل ع تصویر و چشمی جسکی دونو آنکھین نظر آوین
مُتَعَجِّل ع دوڑنیوالا جلدی کرنے والا -
مَسِیل ع پانی جاری ہونیکا مقام چشمہ وغیرہ -
مُتَمَہَّل ع سجل کیا ہوا درست و آراستہ ٹھہرایا گیا -
مُتَطَیِّل ع جسم دراز جسکا طول و عرض برابر ہو -
مَسَائِل مسئلہ کی جمع ہی بہت سے مسئلے -
مُتَعَمَّل ع استعمال کیا گیا کام مین لایا گیا -
مُتَہَیِّل ع نیا چاند دیکھنے والا ہلال کا دیکھنے والا -
مُتَحَیِّل ع گورخر جو مشہور جانور ہے -

مُتخلل ا و خلل انداز یعنی جو شخص کسی بات مین خلل ڈالے
مُتمائل ع مشابہ و مانند و مثل و تشبیہہ و ہم صورت۔
مُتفائل ع فال لینے والا شگون لینے والا۔
مُتاہل ع عیالدار اور وہ شخص جسکی شادی ہو چکی ہو
مُتامل ع غور کرنے والا تامل کرنے والا کسی کام مین
مُتبدل ع تبدیل کیا گیا بدلایا گیا۔
مُتجاہل ع جان بوجھکر بے خبر بننے والا۔
مُتخیل ع خیال کیا گیا۔
متصل ع ملا ہوا قریب پاس۔
مُتوسل ع وسیلہ ڈھونڈنے والا ذریعہ ڈھونڈنیوالا
مُتواصل ع ملاپ کرنے والا پیوند کرنیوالا۔
مُتوکل ع بھروسا رکھنے والا توکل کرنیوالا۔
مُتخلخل ع پولا جو اندر سے خالی ہو۔
مُتشکل ع شکل اختیار کرنیوالا صورت پکڑنے والا۔
مُتمائل ع خواہشمند آرزومند۔
مُتداول ع نوبت بنوبت لیا گیا دست بدست پھیرا گیا۔
مُتبرسل ع خط بھیجنے والا ایلچی بھیجنے والا۔
مُتحمل ع بار بردار و صفات تحمل نرم مزاج۔
مُتعال ع بلند ہونے والا اوپر کو چڑھنے والا۔

میم با ثاء

مِثقال ع وزن ساڈھے چار ماشہ کا۔
مِثال ع شبیہہ بےنظیر و تصویر و فرمان قاضی مانند و پروانہ دھکنامہ و عالم مثال یعنے عالم خواب۔
مثیل ع آمادہ مثال چنانچہ کیتاب آمادہ کتاب۔
مِثل ع مانند یہہ لفظ تشبیہہ مین مستعمل ہے
مَثل ع وصف حال و داستان و قصہ و حکایت۔

میم با جیم

مُجہول ع انجانا گیا مجازاً بے عقل و بے وقوف آدمی
مَجال ع جولان کرنے کا مقام و قدرت و طاقت۔
مُجمل ع جمع کیا گیا طول بیان کو مختصر بیان کیا گیا۔
مَجبول ع پیدا کیا گیا ظاہر کیا گیا نکالا گیا۔
مُجادِل ع لڑنے والا جنگ و جدل کرنے والا۔

میم با حاء

مَحفل ع جمع ہونیکا مقام جسجگہہ بہت لوگ جمع ہون۔
مَحافل ع جمع محفل کے لفظ کی یعنے بہت سی مجلسین۔
مُحال ع غیر ممکن بات جسکا وقوع مین آنا مشکل ہو۔
مَحال ع جای محل اور ترنیکا مقام و جمع محل یعنے بہت سے مقام اور ترنے اور رہنے کے۔
مِحال ع مکر و حیلہ و فریب و دغا۔
مَحلول ع حل کیا گیا باریک کیا گیا پتلا بنایا گیا۔
مُحتمل ع احتمال کیا گیا گمان کیا گیا کسی بات مین
مَحمل ع کجاوہ اونٹ کا جسپر مسافر بیٹھتے ہین۔
مُحاول ع حوالہ کرنے والا سپرد کرنے والا۔
مُحمل ع اسپ سرخ رنگ جو چار پانو سے سفید ہو۔
مُحصّل ع تحصیل کرنیوالا یعنے پیادہ حاکم کا جو روپیہ وصول کرنے پر مامور ہو
مُحصَّل ع حاصل کیا گیا یعنے جو روپیہ حاصل ہوا ہو۔
مُحتال ع حیلہ گر و مکار و فریبی آدمی۔
مُحوّل ع سپرد کرنیوالا حوالہ کرنے والا۔
مَحوّل ع سپرد کیا گیا حوالے کیا گیا تفویض کیا گیا۔
مَحصول ع حاصل کیا گیا لے لیا گیا وصول کیا گیا۔
مَحمول ع گمان کیا گیا بار اوٹھایا گیا وہم کیا گیا۔

میم با خاء

مَخذول ع خوار کیا گیا خرابی مین ڈالا گیا۔
مَخمل ع مشہور نام کپڑے کا جو ریشمی ہوتا ہے۔

تیسوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن کے اول حرف لام اور اخیر مین لام ہے

لام با الف

لال ف گنگ بے زبان و رنگ سرخ جو مشہور رنگ ہے

لاحول ع نہین قوت و بازگشت۔

لاحل ع مشکل بات جو حل نہو سکے۔

لازال و لازوال ع ہمیشہ رہنے والی چیز اور جسکو زوال نہو۔

لاتعقل ع بے عقل بے وقوف نادان احمق آدمی۔

لاطائل ع بیفائدہ و بے سود جس مین نفع نہو۔

لایزال ع بے زوال ہمیشہ نام خدا تعالے کا ہے۔

لام با سین

لسان الحمل ع نام تخم جسکو بارتنگ کہتے ہین۔

لام با طاء

لطائف الحیل ع حیلہا و خوبیہا یعنے بہت سے حیلے اور خوبیان

لام با عین

لعل معرب لال سرخ و نام جوہر جو سرخ ہوتا ہے۔

لعل ع شاید قریب ہے یہہ بات ہونیکو ہے۔

لام با واو

لوی محیل نام شہر اور نام ایک سال کا۔

لوّل ف بچیا و بیشرم و بیشرمی و بچیائی

لام با یاء

لیل ع شب اور رات شام سے صبح تک کا وقت۔

چوبیسوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن کے اول حرف میم اور اخیر مین لام ہے

میم با الف

مال ع چیز وہ جسکو دیکھکر انسان مایل ہو مثل زر و سیم وغیرہ سامان جو انسان کو دنیا داری مین مطلوب ہوتا ہے

مآل ع بروزن مقال جای بازگشت و انجام و اخیر۔

مالامال ع کثیر و بسیار و پُر و مملو مثل مین یہہ لفظ مال با مال تہا۔

ماکول ع کہانے کی چیز اور کہائی ہوئی چیز۔

ماوّل ع بوزن مشدد تاویل کیا گیا۔

مائل ع نشان بگاڑ کا جسکے آثار باقی رہون۔

ماحصل ع جو چیز حاصل ہو فائدہ نفع سود۔

مامول ع امید کیا گیا طمع کیا گیا آرزو کیا گیا۔

مائل ع میل کرنیوالا رغبت کرنیوالا توجہ کرنیوالا۔

مالایحل ع جو چیز لائق کہلنے کے نہو یعنے حل نہو سکے۔

ماکل ع مصدر میمی یعنی خوردن یعنی کہانا تناول کرنا۔

ماقل و وذل ع وہ تہوڑی چیز جو دولت بہت پکری اور تہوڑی عبارت جس سے بہت سے معانی حاصل ہون

میم با باء

مبال ع جائی بول یعنے قضیب مرد و شرمگاہ زن۔

مباقل ع وہ زمین جہان ساگ بویا ہوا ہو۔

مبتذل ع ذلیل و خوار و بے عزت و بے آبرو۔

مبطل ع باطل کرنیوالا دور کرنے والا۔

مبل ع ریزندہ و صحت یافتہ و ترکنندہ و اشکبار

مبدّل ع بدلا گیا عوض مین لایا گیا۔

مبذول ع خرچ کیا گیا تصرف مین لایا گیا۔

میم با تاء

متکفل ع ضامن بیضا ذمہ دار کسی بات کا۔

متنزل ع کلمہ پڑھنے والا ملنے والا بیقرار و بے چین

کچکول ف فقیر و گدا کا کاسہ گدائی کی زنبیل

کاف با جاء

کحل ع سرمہ مشہور چیز ہی جو آنکھون مین کیا جاتا ہے۔
کحال ع سرمہ کش آنکھون کا طبیب یا سرمہ بنانیوالا۔
کحیل ع جسکی آنکھون مین سرمہ کیا ہو۔

کاف با سین

کسل ع کاہلی و سستی و دست اندامی۔
کسال ع دورہ جدا و علیحدہ و الگ۔
کسیل ف دفع کرنا بھیجنا کسی چیز کا۔
کسل ع سخت توڑنا اور توڑنے والا۔

کاف با شین

کشکول ع فقیر و گدا کا جسکو کچکول بھی کہتے ہین

کاف با عین

کعب الغزال ع قسم ہی یعنی تپانچہ جو مشہور شیرینی ہے

کاف با فاء

کفل ع سرین آدمی یا حیوان کے سرین یعنی چوتڑ۔
کفل ع بہرہ و حصہ و بخرہ و قسمت و نصیب۔
کفیل ع ذمہ دار ضامن کام اپنے ذمہ پر لینے والا۔

کاف با لام

کلال ع ماندگی اعضا و خیرگی و کندی جسم کی۔
کلال ف مٹی کے برتن بنانیوالا کمہار۔
کل ت گنجا جسکے سر کے بال بیماری سے اوتر گئے ہون۔
کلّ ع گنگ و لال یعنے جو شخص زبان سے بات نہ کر سکے۔
کل ع نام و کمال پوری چیز۔
کلل ع پھول و دانہ آگ کا۔
کلل ف کلغی اور عربی مین شگفتگی گلزار و سبزہ۔
کلال ع گنگی غلبہ زبانی یعنے گنگ ہونا بے زبان ہونا

کلل ف ہرزہ گوئی و بیقراری۔
کلکل ف شور و غوغا فتنہ و فساد جوش و خروش۔
کلیل ع کند دست ماندہ و گنگ و بے زبان
کل ف مٹی پانی کے ساتھہ ملی ہوئی و خاک منجمد۔

کاف با میم

کمال ع پورا جس مین نقصان نہو و شخص بے عیب اور تخلص ایک شاعر کا
گنبد گل ف غنچہ جسکو کلی کہتے ہین
کنگل ف سخن و ہزل و ظرافت ہنسی مسخری۔

کاف با واو

کول ف تالاب یا تالاب جس مین پانی بہرا ہو۔
کول ف پوستین پوست میش اور گودڑی کہنہ اور ہندی مین گل نیلوفر کو کہتے ہین۔
کوچک ابدال ف قلندر چھوٹے مرید کو کہتے ہین۔
کوتوال ف صاحب قلعہ و حاکم و خبر گیر شہر کا۔
کوتل ت اسپ سواری جسپر کوئی سوار نہو۔
گوپال ف گرز آہنی جو جنگ کا ہتھیار ہے۔
گول ف بیوقوف مجہول احمق و مکر و فریب و غبازی۔
گول ت بیوقوف غیر ملفوظ تالاب کو جیک یعنی حوض پانی کا۔
گوال ف جوال یعنے گون غلہ لادنے کی جس مین غلہ ڈالکر چارپایہ پر لادتے ہین۔

کاف با ہاے

کہل ع مرد بیتا نہ پیر و نہ جوان مرد دو تو
کہول ع مرد دو مو یعنے سیاہ و سفید جسکے بال ہون۔

کاف با یاے

کیل ع پیمانہ اور ماپنے والا پیمانے سے۔
کیال ع ماپنے والا اور پیمائش کرانے والا۔
کیل ف نام ملک جسکو گیلان کہتے ہین۔

قاف با رے

قرنفل ع لونگ جو مشہور سیاہ رنگ پھل ہی۔
قراول ت برقی انداز و پیشرو لشکر اور وہ فوج جو واسطے تعین مکان خبگ کے مقرر ہو۔
قرب نوافل ع وہ قرب جو عبادت سے حاصل ہو۔
قرنبل ت بچہ شتر بختی یعنے بغدادی اونٹ کا بچہ۔

قاف مارے

قرنل ت رنگ سرخ جو مشہور رنگ ہے۔
قرنل ع لنگی زشت۔
قرنل لنگ۔

قاف باصاد

قصیل ع غلہ جو سبز یعنے خوید جو گھوڑون کو کھلاتے ہین

قاف باعین

قعل ع جانور ان شکاری کو ایک ہی دفعہ چھوڑنا۔

قاف باواو

قفل ت تالا مشہور آہنی آلہ دروازے بند کرنے کا ہی۔

قاف بالام

قل ت ترکی مین بمعنی غلام اور عربی مین بگو یعنی کہو۔
قلقل ع آواز شراب نکلنے کی صراحی سے اور کلام مہمل و نام دوا جسکو قلقل کہتے ہین۔
قلل ع جمع قلہ سر ہای کوہ پہاڑون کی چوٹیان۔
قلیل ع کم تھوڑا تھوڑا مقدار کسی چیز کا۔

قاف بامیم

قمل ع سپشن جن مشہور کہ جو انسان کے کپڑون اور بالون مین پڑجاتی ہے۔
قمل ع جو بہت باد سے پیٹ کا پھولا ہونا پر شکم ہونا۔
قمل ع جمع قملہ یہہ دونو مشہور جانور ہین۔

قاف بانون

قندیل ع معرب کندیل وہ ظرف جس مین چراغ جلاتی ہین اور وہ ظرف جس مین تیر رکھتے ہین قناویل اسکی جمع ہے۔

قاف باواد

قوافل جمع قافلہ بہت سے کاروان بہت سے قافلے۔
قوال ع مرد زبان دروغگو سرود گو اور گانے والا۔
قول ع گفتار بات جیت گفتگو زبانی تقریر۔

قاف بایاے

قیفال ع نام رگ جسکو سر رو کہتے ہین اور اوسکے چھوٹنے سے سر اور چہرہ کا خون آتا ہے۔
قیل ع نام ایک جنگل کا و کلام و سخن و زبانی تقریر۔
قیل و قال ع گفتگو بات جیت اور آپس کی تقریر۔

بائیسوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن کا اول حرف کاف اور اخیر مین لام ہی

کاف باالف

کابل ف نام شہر جو مشہور ہی اور افغانستان کا وہ دار السلطنت ہی۔
کامل ع صاحب کمال اور نام ایک بحر کا بحر نظم سے۔
کاکل ع موئی میان سر مجازاً زلفین معشوق کی۔
کافل ع ضامن ذمہ دار صاحب کفالت۔
کاہل ع سست آدمی و میانہ دو کیف ستور۔

کاف باباے

کتل ع زمین بلند جنگل مین بغیر پیشتہ زمین کا۔

کاف باجیم

کجل ت بدرفتار و خراب چال چلنے والا۔

فضول زیادہ گو اور وہ شخص جو غیر ضروری کام کرے

فا با طا

فطرت اول پیدائش ارواح جو سب سے پہلے ہوئی ہے

فا با عین

فعال ع بہت کام کرنیوالا کام کا آدمی محنتی و جفاکش

فعال ع جمع فعل کی یعنے بہت سے کام

فعل ع کام کار

فا با قاف

فقید المثل ع بے مثل لاثانی جسکے ساتھہ کا دوسرا نہو

فا با لام

فلفل ع مغرب پیپل مشہور پہل ہے جسکو مرچ کہتے ہیں

فا با واو

فواضل ع بخششیں و عطایات و علوم و ہنر و عزت و حرمت و بزرگیاں

فواصل ع کلمہ ہای آخر آیات قرآن مجید کہ قوافی جسکو فاصلہ بھی کہتے ہیں

قوقل معرب پوپل سپاری جو پان کے ساتھہ کھاتی ہیں

فا با یا

فیصل ع حاکم و حکم جو فصل کرے درمیان حق و باطل کے

فی الحال اسی وقت فوراً بہت جلد اسی دم

فی المثل مثلاً جسکی مثال یہہ ہے

فیل ع ہاتھی جو مشہور جانور سواری کا ہے

فیل تن فہ تو وہ کسی چیز جو بقدر قامت فیل کے ہو

اکیسویں فصل

اون لغات کے بیان میں جن کی اول حرف قاف اور اخیر میں لام ہے

قاف با الف

قائل قبولہ کرنے والا اقرار کرنے والا اپنے گناہ پر

دوپہر کو سونے والا

قابل ع پیش آنیوالا قبول کرنیوالا و سزاوار اور پسندیدہ

قال گفتگو بات تقریر جو کسی سے کیجائے

قاتل ع قتل کرنے والا مار دینے والا جان سے

قال مقال ع بہت گفتگو بات چیت تقریر

قاف با با

قبول ع مان لینا مصدر رضا دہی

قبول ع پیش آنا و بمعنی مقبول یعنے مانا گیا

قبل ع عورت کی شرمگاہ ضد دبر جو معدہ کو کہتے ہیں

قبل ع طرف جہت و جانب و طریق و طرز و روش

قبل ع پیش آگے ضد بعد کی جسکے پیچھے کے معنی ہیں

قبل ع بلندی زمین کی اور اونچائی کریوہ کی

قبائل جمع قبیلہ جماعتیں قومیں اور بہت سے گروہ اور ایک جدی لوگ

قبیل ع پیشرو و گروہ مردم یعنے ہمراہی اور جماعتیں لوگوں کی

قاف با تا

قتیل ع کشتہ قتل ہوا ہوا عورت یا مرد مارا ہوا

قتال ع جنگ و لڑائی و معرکہ اور میدان لڑائی کا

قتال م بہادر لڑنے والا جوانمرد پہلوان

قتل ع مار ڈالنا کسیکو جان سے خون کرنا

قاف با ذال

قذعمل شتر فربہ یعنے موٹا اور جسیم اونٹ

قذال ع پس سر و دنبال گوش اسپ یعنے سر کی پشت اور گھوڑے کے کانوں کا سیچا

سین با سین

غُسل و غُسْل ع تمام بدن کو دھونا نہانا۔
غَسل ع مطلق دھونا کسی چیز کو پانی سے۔
غِسل ع وہ پانی جسسے کسی چیز کو دھویا جائے۔

عین با لام

غُلول ع خیانت کرنا غنیمت میں اور آب دان وغیرہ میں
غَلول ع زود ہضم طعام جسکو پیر و ناتوان بھی ہضم کرلے
غُل ع طوق آہنی و بند و تشنگی اور پیاس
غِل ع کینہ و خیانت و کدورت جو دل میں ہو۔
غلیل ع تشنگی و تشنہ و کینہ
غَلَل ع تشنگی و سوداش
غِلَل ع تشنگان جمع غلیل

عین با واو

غوائل ع سختیان اور برایان جمع غائلہ
غُول ع ایک قسم کی پیدایش جنی ہی اور جنگلی۔
غَیل ع جنگل ویرانہ و نیستان۔
غَیل ع عورت کا دودہ جو بچہ پیتا ہی ایسی حالت میں کہ عورت حاملہ ہو اور وہ بچہ کو نہایت مضر ہی اور آب ابی اور نام رود جو کوہ ابوالقبیس کے نیچے جاری ہے
غیم ہاطل ع ابر برسنے والا۔

بیسویں فصل

اون لغات کے بیان میں جن کی اول حرف فا اور اخیر میں لام ہے

فا با الف

فال ع شگون لینا قرعہ وغیرہ کی ذریعہ سے
فارغ البال ع بے تعلق خالی بیکار۔

فاصل ع حد کرنے والا فاصلہ کرنے والا۔
فاضل ع صاحب فضیلت و علم۔
فاعل ع کام کرنے والا کام کا آدمی۔

فا با جیم

فُجل و فُجْل ع ترئی مولی۔
فَجل و فَجْل ع سست ہونا موٹا ہونا جیم و فرا نہ علم ہونا
فِجل ع مرد سست و نامرد و خراب کم ہمت و کم حوصلہ

فا با حاء

فحل ع مرد خلاف نادہ کے یعنے نر
فحول ع بہت سے نر اور بہت سے مرد۔

فا با رائے

فرگل و فیراہن سردی کا جو جاڑے میں پہنا جاے۔

فا با سین

فسکل ع تمام قطار سے بارہوان گھوڑا

فا با صاد

فصول ع جمع فصل کی
فصال ع جدائی اور دودہ چھوڑانا بچہ کا جدا کرنا لگ کرنا
فصّال ع جدا کرنیوالا دربان پردہ دار جو بچہ کا دودہ چھوڑے
فصیل ع دیوار قلعہ حصار و شہر و بچہ جسکا دودہ چھوڑا یا ہو
فصل ع موسم اور ایک حصے اور ایک ٹکڑا اور جدا کرنا و جدا ہونا و پردہ و حجاب و چیزوں میں اور بازو کہنا اور کاٹنا۔

فا با ضاد

فضل ع زیادتی بخشش و غلبہ اور فاضل ہونا صاحب علم و ہنر ہونا
فضائل ع جمع فضیلت افزونیہا و ہنرہا یعنے بہت سے علم
فضیل نام ایک ولی کامل کا جنکے مرید سلطان ابراہیم بن ادہم ہا
فضول ع مصدر ہے افزون کردن یعنے بڑہانا اور نیز جمع فضل کی یعنے بہت سی بڑوگیاں

عین با زاے

عَزّ وَجَلّ ع غالب ہوا اور بزرگ ہوا صاحب رتبہ و عزت دار

عِزرائیل ع نام فرشتہ قابض ارواح جو لوگونکی جان نکالتا ہے

عَزازیل ع نام اصلی شیطان کا جب مردود ہوا تو ابلیس نام رکھا گیا

عُزّا ع نام پرده سو قبی یعنے قسم راگ کا ہے۔

عَزل ع بیکار ہونا اور بیکار کرنا معطل و برطرف ہونا

عین با سین

عَسَل ع شہد جو مشہور چیز ہے انگبین بھی اوسکو کہتے ہین

عین با طاء

عَطَل ع زن بے زیور و حروف مہملہ یعنے ی لفظ و شوق ساقط ہو

عین با قاف

عَقیل ع مرد بزرگ دانا و زانو بند شتر و نام پسر ابیطالب

عَقل ع خرد و دانش اور نام ایک قوت کا قوای انسانی سے

عَقول ع دانا و ہشیار و عقلمند آدمی۔

عُقُول ع جمع عقل و فرشتگان مقرب خدا کی مقرب شتے

عَقل فعّال ع عقل عاشر جو دسوین فرشتہ کا نام ہی جبرائیل بھی اوسکو کہتے ہین۔

عقل کل ع اول پیدائش نور محمدی یا عرش۔

عِقال ع رسن جسسے اونٹ باندہتے ہین۔

عقد انامل ع انگلیون پر گننا کسی حساب کا۔

عین با لام

عَلیل ع بیمار یا دل و مرض یہ لفظ جمع علت کی ہے

عَلیل ع بیمار جسکو کوئی بیماری ہو۔

علت اصل ع عقل اول نور محمدی صلے اللہ علیہ وسلم

علے الحال ع زود و شتاب اور بیوقت۔

عین با میم

عَمَل ع کام ہر ایک طرح کا جو انسان کرے۔

عُمّال ع جمع عامل یعنے بہت سے کام کرنے والا۔

عین با نون

عَنادِل ع جمع عندلیب بلبلین جو مشہور پرند ہے۔

عین با واو

عَوَل ع کسیکو اپنا عیال کرنا عیالدار ہونا بخشش و قسمت زیادہ کرنا غلبہ کرنا ظلم کرنا نفقہ دینا بلند آوازہ کرنا رونا میل کرنا سخت ہونا۔

عَوِل ع اعتماد و تکیہ کرنا بھروسا کرنا کسی پر۔

عَویل ع رونا آواز کے ساتھہ چلا کر رونا۔

عَوامِل ع جمع عامل یعنے بہت سے کام کرنے والے۔

عین با یاء

عِیال ع زن و فرزند وغیرہ گھر کے لوگ۔

عَیْنُ الکمال ع چشم زخم یعنے بد نظر۔

اونیسوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن کی اول حرف غین اور اخیر مین لام ہے

غین با الف

غافِل ع بے خبر نادان و بے وقوف و جاہل۔

غین با رائے

غَربال ع پرویزن چھلنی آٹا چھاننے کی۔

غَرّول ع بدل ضد غجام کی یعنے کم حوصلہ۔

غین با رائے

غَزال ع آہو بره و آفتاب یعنے سورج۔

غَزَل ع کھیلنا محبوب کے ساتھہ اور حکایت کرنا کسی جوانی و صدمے صحبت و عشق دنان۔

غَزْل ف رشتہ و ریسمان و رسن اور بٹنا رشتہ وغیرہ کا

طبل ع بڑا نقارہ اور تری جو بجایا جاتا ہے۔

طا با حاء

طحال ع سپرز یعنے تلی جو اندرونی عضو کا نام ہے

طا با را

طرّ بال ع بلند مینار جو مسجد وغیرہ مقامات مین بناتے ہین

طا با فاء

طفل ع آدمی کا بچہ لڑکا جو خورد سال ہو۔

طُفیل ع نام شاعر کوفی اور وہ شخص جو خانوادہ دعوت مین جائے بمراہ مدعو کے بمجازاً وسیلہ و ذریعہ۔

طا با لام

طلق مخلوط ع ابرق مل کیا ہوا عمل کیمیاگران۔

طل ع شبنم اور قطرے پانی کے جو خورد ہون۔

طلل ع جسم و کالبد و تن دختہ و خانہائے خانہائے ویران طلال اسکی جمع ہے۔

طا با واو

طویل ع دراز جسکو ہندی مین لمبا کہتے ہین۔

طویل ع دراز اور نام بحر بحور نظم سے جو لمبا بحر ہوتا ہے

طول امل ع حرص و ہوا و امید دراز آئندہ کی امید۔

سترہوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن کی اول حرف ظا اور اخیر مین لام ہے

ظا با لام

ظل ع سایہ خیال و نمود و سایۂ اول ع مذ یعنی ابتدا و نخستین سایہ۔

ظل ع سایۂ آخر روز جو بعد زوال کے مغرب تک سایہ ہو۔

ظل ظلیل ع سایۂ دائمی و سایۂ دراز و سایۂ کامل و بنیاد و حمایت

ظال ع سایہ ابر و جای سایہ یعنی جسجگہ پر سایہ پڑے

طلال ع جمع ظل بہت سے سایے۔

اٹھارہوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن کی اول حرف عین اور اخیر مین لام ہے

عین با الف

عاجل ع جلدی کرنیوالا تیزی و تندی کرنے والا۔

عاطل ع برہنہ و خالی و بیکار و معطل و موقوف۔

عالم مثال ع عالم جسم و موجودات و کائنات و پیدائش

عائل ع فقیر و درویش و مفلس و تنگدست۔

عادل ع برابر تولنے والا منصف انصاف کرنے والا۔

عامل ع کام کرنیوالا عمل کرنیوالا کام کا آدمی۔

عاقل ع صاحب عقل و ہوش و ہشیار آدمی۔

عاذل ع ملامت کرنے والا کسی بدکام پر کسی کو۔

عین با تاء

عطیل ع تشنہ و خشک لب جو پانی کی خواہش رکھے۔

عُطُل ع درشت آواز و تمسخر و بسیار و فربہ اندام۔

عین با ثاء

عجول ع شتابندہ و حیران و پریشان در بدر خراب

عجل ع بچہ گاؤ گوسالہ و نام قبیلہ عرب سے۔

عجیل جلد باز تیز و تند خو آدمی۔

عین با دال

عدول ع برگشتگی و روگردانی و نافرمانی و بغاوت

عدول گواہ معتبر و مقبول و راست گو و عادل۔

عدیل ع برابر در قدر و مرتبہ و ہم وزن و ہمتا۔

عدل ع اک طرفہ بار جو گھوڑے کی پیٹھ پر لادین۔

عدل ع مانند و نظیر اور برابر کرنا انصاف کرنا داد گری برابر کرنا داد گر

سین با واو

شغول ع اٹھہایا جانا میر و شکار کرنا کسی باغ یا جنگل میں
شوال ع نام ماہ عید اور مہینہ میر و شکار کا یعنی خوشی کا مہینہ
شواغل ع جمع شغل یعنی بہت سے شغل اور کام
شهر خال ع انام در روزینہ در ماہ جو مقرر ہو۔

شین با یاء

شیشہ دل ف نامرد بیدل و ڈرپوک آدمی کم حوصلہ
آدمی جو کسی سے مرکر جنگ وغیرہ میں نہ جاسکے۔
شیر دل ف پہلوان جوانمرد جنگ آور لڑیہ

چودھویں فصل

اون لغات کے بیان میں جن کے اول حرف صاد
اور اخیر میں لام ہے

صاد با فاء

صف نعال ع اخیر کی صف جو جوتیوں کے پاس ہو۔

صاد با لام

صلصل ع فاختہ و بقیہ آب حوض میں اور گھوڑے
کی پیشانی کے بال و نام موضع و نام دریا۔
صلصال ع باریک مٹی اور خشک مٹی اور کچی مٹی
کہ جب اوس پر ہاتھ ماریں آواز نکلے اور ایسی ہی مٹی سے
خمیر آدم علیہ السلام کا ہوا تھا۔
صلیل ع لوہے کی آواز تلوار کی ضرب کی آواز۔
صلاصل ع جمع صلصل فاختہ یعنی بہت سی قمریاں
صلح کل خیر خواہ کل مردم بے تعصب جو کسی سے دشمنی نہ رکھے

صاد با نون

صندل ع خوشبودار لکڑی کا نام ہے جو مشہور ہے۔

صاد با واو

صئول ع حملہ کرنا دھاوا کرنا دشمن پر۔

صاد با ہاء

صهیل ع آواز اسپ یعنی گھوڑے کی آواز۔

صاد با یاء

صیقل ع چمکانا بولا صقل کرنا بولا روشن کرنا بولا اور اسباب صیقل کرنیکا اور صقل کرنا

پندرھویں فصل

اون لغات کے بیان میں جن کے اول حرف صاد
اور اخیر میں لام ہے

صاد با الف

ضلال ع گمراہ جو سیدھے راستے پر نہ ہو۔

صاد با حاء

ضحل ع آب کم تھوڑا پانی جو کسی نشیب میں کھڑا ہو۔

صاد با راء

ضرب المثل ع مثال و تمثیل جو کسی بات میں کہی جائے

صاد با لام

ضل ع گمراہ فاسق فاجر۔
ضلیل ع گمراہ فاسق فاجر۔
ضلال ع گمراہی بے دینی فسق و فجور۔

سولھویں فصل

اون لغات کے بیان میں جن کے اول حرف ط
اور اخیر میں لام ہے

طا با الف

طابق النعل بالنعل قدم بقدم چلنا پیروی کرنا۔
طائل ع فائدہ و نفع و سود جو کسی سے حاصل ہو
طال ع دراز ہوا بڑھ گیا لمبا ہوا۔

طا با با

سین با ہاء

سیال ف قحط سال جس سال غلہ گران ہو۔
سیل ع طغیانی پانی کے رو دریا کا جو بہت سا آئے
سیول ع جمع سیل کی چڑہاو پانی کے۔
سیہ چال ف چاہ بے آب جس مین قیدیونکو قید کرتے ہین
سیال ع رقیق اور جاری ہونیوالا روان ہونیوالا۔
سیر حاصل ف اچھی زرعت وزمین جسمین غلہ حاصل ہو۔
سیور غال ف مدد معاش وانعام روزینہ ودرماہہ۔

تیرہوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن کی اول حرف شین اور اخیر مین لام ہی

شین با الف

شاخل ع قسم غلہ جسکو ارہر کہتے ہین یا کثر اسکی دال بناتے ہین
شاغل ع شغل کرنے والا مانع ومانع زکہنے والا کسی کام سے
شال ع قسم جامہ پشمین جسکو دوشالہ کہتے ہین۔
شاخ گل ف کنایۃ معشوق ومحبوب۔
شاقول غلولہ آہن دوختہ جسسے معمار کام سیدہا کرتے ہین

شین با باء

شبل ع بچہ شیر درندہ کا اور شیر مشہور جانور ہے۔

شین با تاء

شتل ف وہ عصبہ قمار باز غالب اہل مجلس کو دیوے

شین با جاء

شحم حنظل ع مغز حنظل ہندی مین اسکو تمّا کہتے ہین۔

شین با خاء

شخول وشخیل وشخل ع صفیر وبانگ وفریاد نالون سے اور کہانے اور کاٹنا جانور کا چونچ سے۔

شین با طاء

شطل معرب شتل جسکے معنی تحریر ہو چکے ہین یعنی وہ حصہ جو قمار باز حاضرین کو دیتے ہین۔

شین با غین

شغال ع گیدڑ معروف جانور پلید ہے۔
شغل ع مصروف ہونا متوجہ ہونا کسی کام مین۔

شین با کاف

شکیل ع رسن سیب وکر وفریب وخطا اور داو دینا۔
شکال ع ریسمان سیب وشتر وکر وفریب وخطا۔
شکل ع صورت شباہت انسان کی۔
شکیل ع صاحب شکل وخوبصورت وحسین آدمی۔

شین با لام

شلیل ع قسم شفتالو نام میوہ ونام جامہ۔
شل ع وہ شخص جسکے ہاتھہ پانو حرکت نہ کرسکین اور ناتوانی مین ہر چیز سست ونرم۔
شل ع نیزہ کوچک یعنی چھوٹی برچھی جو شہور ہتیار ہے
شل ع نام میوہ کا۔

شین با میم

شمول ع شامل ہونا ہمراہ ہونا محیط ہونا ساتھہ ہونا۔
شمل ع پریشانی وپراگندہ اور جمع ہونا اور شامل ہونا سمجھہ ہونا
شمال ع وہ ہوا جو قطب کیطرف سے آئے۔
شمال ع دست چپ عادت وجانب قطب۔
شمائل ع شکل اور تازہ شاخ درخت خصلتین وعادتین

شین با نون

شنگول ف مست وخوبصورت اور حسین معشوق ومحبوب۔
شنگل ف شوخ وعیار ورہزن اور ڈاکہ مارنیوالا۔

شین با واو

سحر حلال شعر سخن فصیح و نام مثنوی جسکا مصنف اہلی شیرازی تھا۔

سحیل ع رشتہ یعنے ناگاسوت کا۔

سین بارا

سراویل ع پاجامہ جو شہور کپڑا ہے

سرافیل ع نام فرشتہ حامل صور۔

سرحلقہ عقل ع کنایۃ عقل اول و نور محمدی صلے اللہ علیہ وسلم

سرخیل ف سردار افسر گروہ و سالار۔

سرزمل ف نام سردار مغل جو بڑا امیر تھا۔

سرمای کل ف سرمای خفیف آغاز بہار جب تھوڑی سردی ہو

سربال ع بیدا ہن اور ہر چیز پوشیدہ۔

سین بارا

سزاوار ف حاصل کنندہ یعنے حاصل کرنے والا۔

سین باطا

سطل ع ایک قسم کا مشت ہوتا ہی جو مشہور برتن ہے

سین باعین

سعال ع سرفہ کہانسی جو مشہور بیماری ہے۔

سین بافاو

سفال ع آوندھ گلی مٹی کا برتن کمہار کا بنایا ہوا برتن۔

سفل ع پستی اور وہ مکان جو سب سے نیچے ہو۔

سفرجل ع وہ میوہ جسکو بہی کہتے ہین۔

سفول ع پستی یعنے پست ہونا نیچے ہونا۔

سین بافاف

سقاح ت محاسن لحیہ ریش داڑہی آدمی کی۔

سقای نیل ف کنایۃ ابر سحاب بادل جو برستا ہے

سین باکاف

سکال ف خیال اندیشہ وہم و گمان اور خیال اندیشہ کرنیوالا

سین بالام

سل ع کٹانا تلوار یا چھری اور فصد کرنا یعنے خون نکالنا

سل ع باہر نکالا گیا دب بمعنے نطفہ و نام مرض مہلک او فارسی مین کشتی نے جسکو تلہ کہتے ہین اور ایک قسم کا ہتھیار جسکو سیل کہتے ہین۔

سلاسل ع جمع سلسلہ زنجیرہای آہن یعنے لوہے کی زنجیرین

سلسال ع آب شیرین و خوشگوار سرد اور میٹھا پانی۔

سلسبیل ع نام چشمہ کا جو بہشت مین جاری رہتا ہے

سلیل ع فرزند بچہ واولاد لڑکی ہو یا لڑکا۔

سلفل ت دست چپ یعنے بایان ہاتہہ جب

سل ت چپ یعنے بایان طرف اگر اسکے ساتہہ قل کا لفظ ملا دین تو بائین ہاتہہ کے معنی دیتا ہی کیونکہ قل ترکی مین ہاتہہ کو کہتے ہین۔

سلامان آ لسبا ع نام عاشق و معشوق و نام کتاب جس مین اون کا قصہ مذکور ہے۔

سلس البول ع نام مرض جسے بیمار کا بول بے ارادہ نکلجاتا ہے

سین بانون

سنبل گیاہ خوشبو جسکو بالچھڑ کہتے ہین و خوشہ جو گندم جسکو سنبلہ کہتے ہین۔

سین باواو

سواحل ع جمع ساحل کنارہای دریا ندی کے کنارے

سوال ع مانگنا پوچہنا طلب کرنا کسی سے۔

سئول ع بوزن فعول بہت سوال کرنیوالا سوالی۔

سوزن بال پرای بچے مرغ جو چہوٹی چہوٹی پر ہوتے ہین

سین باہا

سہیل ع نام ستارہ کا جسکو اگستہ کہتے ہین۔

سہل آسان و زمین نرم و ہموار و میدان۔

زاخل ع درخت زقوم جسکو ہندمین تھوہر کہتے ہین
زاہل ع پھولنے والا درخت یا پھول وغیرہ۔
زاحل ع ماندہ ہونیوالا خراب ہونیوالا۔
زابل ع نام شہر و ولایت سیستان مین۔
زاغنول ف بواو مجہول سلاح تیر جو مشہور تہیار ہے
زائل ف دور ہونیوالا گم ہونیوالا محو ہونیوالا۔
زال ف زن پیر امرد پیر و نام پدر رستم اسلئے کہ وہ سفید
بالون کے ساتھہ پیدا ہوا تہا۔

زاے باباء

زبل ع سرگین اسپ و استر و خر وغیرہ۔

زاے باحا

زحل ہ نام ستارہ جو آسمان ہفتم پر نحس اکبر ہے۔
اور ساتوین آسمان پر اوسکا مقام ہے۔
زکال و زغال کوئلہ جو لکڑی جلاکر بناتے ہین

زاے بالام

زلزال ع لرزانیدن یعنی کنبانا لرزہ دینا کسی چیز کو۔
زلازل جمع زلزلہ یعنے بہت سے زلزلے۔
زلل ع لغزش و نقصان و کمی ترازو مین اور لغزش قدم کا مقام
زلال ع نام کرم جو برف مین پیدا ہوتا ہے و بمعنے
آب سرد و شیرین۔

زاے بانون

زندہ پیل ف بڑا ہاتہی اور لقب شیخ احمد جام کا۔
زنجبیل ع سونٹھہ جو ایک مشہور چیز اور معروف دوا ہے۔
زنبیل ع گدائی کرنی کا تہیلا جس مین فقیر روٹی کے
ٹکڑے جمع کرتے ہین۔

زاے باواو

زوال ع ایک حال سے دوسرے حال پر ہونا پست
ہونا کم ہونا۔

بارہوین فصل

اون لغات کے بیان مین جنکے اول حرف سین اور اخیر مین لام ہی

سین با الف

ساده دل ف مردنادان و احمق و کم عقل۔
ساحل ع کنارہ دریا کا۔
سافل ع نیچے والا زیرین یعنی منزل زیرین و مکان زیرین
سائل ع پوچھنے والا مانگنے والا جاری ہونیوالا روان ہونیوالا۔
سال ف برس یونانی زبان مین کشتی و زبان ہندی
نام درخت جسکی لکڑی کارآمد ہوتی ہے۔

سین باباء

سبل ع بیماری شوب سرخی چشم و سوے و اژگون جو
آنکہون کے اندر پیدا ہوتی ہے مقام پلک اور اوسکو
سے پلکین ورم کرجاتی ہین
سُبُل ع راہہا یعنے راستے جمع سبیل کی۔
سبیل ع رستہ و آب و شیرینی وقف۔
سبال ع جمع سبلت یعنی موچہین۔
سبال ع وہ شخص جسکو بیماری سبل کی ہو۔

سین با میم

سنجیل ع کچا پتہر جو نہ کا جسکو جلاکر عمارت مین لگاتی ہین
سجل ع وہ سند جسپر قاضی یا حاکم کی مہر ہو یا دستخط۔
سجال ع ڈول بہت سے ڈول جمع سجل۔
سنجل ع رومی زبان مین آئینہ کو کہتے ہین۔
سپچقان نیل ف بارہ سالون سے پہلے سال کا نام ہی۔

سین باحا

سحبان بن وائل ع نام مرد فصیح بلیغ عرب جو اپنے زمانہ مین یکتا تہا

ذکول ع نرم و مطیع و فرمان بردار و تابع۔

ذال باواو

ذوالجلال ع صاحب بزرگی خدا کا نام ہے۔

ذال باہاء

ذہول ع غفلت و تغافل اور سہو و نسیان۔

ذال بایاء

ذیل ع دامن ذیول اسکی جمع ہے یعنی بہت سے دامن

ذی بال ع صاحب عزت و شان و خوبی و صفا فخر۔

دسوین فصل

اون لغات کے بیان مین جنکی اول حرف راء اور اخیر مین لام ہے

راء باالف

راجل ع پیادہ جو سوار نہو۔

راحل ع کوچ کرنے والا ایک مقام سے دوسرے کو۔

راس المال ع سرمایۂ تجارت پونجی۔

راء باء

ربیع الاول ع تیسرے مہینے قمری کا نام ہے۔

راء باجیم

رجل ع پا یعنے پانو انسان یا حیوان کا۔

رجل ع پیادہ ہونا اور آدمی جمع اسکی رجال ہے۔

راء باحاء

رحل ع مسکن و منزل و رخت و اسباب و پالان شتر اور کوچ کرنا

اور مجازاً دو تختہ چوبی آپسمین ملے ہوئے جسپر اران کہتے ہین۔

رحال ع جمع رحل گھوڑا سوار کا یا چوپایہ کا جسپر اران کھولین

رحیل ع کوچ کرنا چل دینا ایک مقام سے دوسرے مقام کو۔

راء بادال

ذلول ور ذلیل ع ناکس و فرومایہ و خراب پریشان اور باجی۔

رذائل ع جمع رذیلت ناکسی ناقربا گیہا۔

راء باسین

رسول ع بھیجا ہوا پیغمبر صاحب کتاب و قاصد و پیک جو کسی کا

پیغام لے جائے۔

رسل ع جمع رسول بہت سے پیغمبر ایلچی و قاصد۔

رسائل ع نامہ و سہراہان و ہمزبانان۔

رسیل ع ہمراہ و پیام بر و فرستادہ یعنے ایلچی

راء باطاء

رطل ع پیمانہ نیم آثار یعنے آدہ سیر کا پیمانہ۔

راء باقاف

رقم اول ع نور محمدی صلی اللہ علیہ وسلم جو سب سے اول پیدا ہوا

رقص اصول ع قسم رقص یعنے رقص بارہ تال۔

راء باکاف

رمل ع ریگ کا دانہ نام علم فال کا اور علم قرعہ۔

رمل ع نام بحر نوزدہ بحور نظم سے اس وزن پر فاعلاتن

فاعلاتن فاعلاتن فاعلاتن اور لغت مین ٹاٹ بنایا

ماخوذ رملان سے جسکے معنی اونٹ دوڑنے کے ہین۔

رمال ع ریگہا یعنے بہت سی ریگین۔

راء باواو

رواحل ع جمع راحلہ سواریان گھوڑے اونٹ وغیرہ کی

رومال ف مشہور لفظ ہی وہ کپڑا جسے مونہہ پونچھین۔

گیارہوین فصل

اون لغات کے بیان مین جنکی اول حرف زاء اور اخیر مین لام ہے

زاء باالف

دست برول ف پریشانی اور بیقراری کی حالت مین -
دست مال ف ہاتھ پونچھنے کا کپڑا جسے کھانے کے بعد ہاتھ پونچھین

دال با غین

دغل ف مکر و حیلہ و مکار و حیلہ گر و غاباز و زر ناسرہ -

دال با قاف

دقل ع تیر کشتی و تحل پر بارد و رخت خرما و زبون -

دال با کاف

دگل ف مکر و حیلہ و مکار و حیلہ گر و غاباز

دال با لام

دلع ناز و کرشمہ جو عاشق سے معشوق کرتے ہین -
دلال ع غمزہ و شمارہ و آنکھ سے رمز و کنایہ -
دلال ع ناز و کرشمہ و رمز و کنایہ -
دلال ع جو شخص اشارون سے کام کرے اور جو شخص دو شخصون مین ثالث ہوکر سودا کرائے -
دلمل ع گندم یا جو خام جو پردہ مین ہو اور اسکو بھون کر کھائین یہ ایک قسم کی خوراک ہے -
دلدل ع نام مادہ خچر سفید مائل سیاہی جسکو حاکم اسکندریہ نے محمد صلے اللہ علیہ وسلم کے نذر کیا اور حضرت نے علی المرتضے کو بخشدیا -
دل ف قلب و روح و جان و ارادہ و قصد -
دلیل ع رہبر و راہنما جمع اسکی دلائل ہے -
دل با واو دل ع ترکیہ یہ لفظ سندھی مستعمل بنگالہ سی ہے -

دال با میم

دمل ع پھوڑا جمع اسکی دمامیل ہے

دال با نون

دنگل ف میدان لڑائی کا -
دنبال ع دم حیوانون کے و پس دعقب پیچھا ہر ایک چیز کا -
دنبل ف پھوڑا جو کسیکے بدن پر ہو -

دال با واو

دول ع جمع دولت یعنی بہت سی دولتین
دول ع دلو آبکش و مکار و بیجاہ و تیر کشتی و خریطہ و کیسہ
دوال ف تسمہ چرم اور چوب جسپر نقارہ اور شتر ی بجاتے ہین و تیغ و شمشیر یعنے تلوار جو مشہور ہتھیار ہی -
دورکل ف نام سرود جو فارس مین گایا جاتا ہی -

دال با ہا

دہل ف نقارہ شتری جو بجایا جاتا ہے -
دہ دل ف منافق و بمعنے شجاع و جوانمرد و بہادر آدمی -

دال با یا

دیر ہرقل ف ہرقل کا کلیسا اور ہرقل بادشاہ کا نام ہی جو نصاریٰ تھا

نوین فصل

اون لغات کے بیان مین جنکی اول حرف دال اور اخیر مین لام ہے

دال با الف

دات الشمال صاحبان طرف چپ یعنی کاذبان و مشرکان -
ذاہل ع غافل و کاہل و سست آدمی -

ذال با با

ذبول ع لاغری و پژمردگی و پریشانی و ابتری -
ذبول ع لاغر و پژمردہ و برگشتہ حال و ابتر -
ذبال ع فتیلہ جمع ذبالہ و بمعنی فتیلہ کے ہندی بتی -

ذال با لام

ذلیل ع خوار و گمنام و رام و مطیع و نرم و آسان -
ذل ع خواری و ابتری و خرابی -
ذل ع نرمی اور فرمان برداری و اطاعت -

[illegible] جن مین انسان کی
[illegible] بہت سی خصلتین اور خوین

خا با طاء

[illegible] جو عرب خوبان جو گوکی منتر جھاڑا کرتے ہین

خا با لام

[illegible] کا اصل بیان دو چیز اور دوستی کرنا لائق کرنا کیکاؤس
[illegible] دوست اور بہت سی خصلتین اور چوڑ دندان یعنی جو تنکا
[illegible] دانون مین پیرین خس و گیاہ از روی مجاز -

خلیل ع سچا دوست اور لقب ابراہیم پیغمبر علیہ السلام کا
جنکو خلیل اللہ کہتے ہین -

خلخال ع نام زیور جو پانو مین پہنتی ہین بنجاجپور وغیرہ کا پہننے کا زیور
فارسی مین پای برنج نام ہے دنام شہر جو مشہور ہے -

خل ع یار و دوست رفیق ہمنشین ہم صحبت -

خل ع سرکہ جو مشہور ترش چیز ہے -

خلل ع کشادگی درخنہ و تباہی کار و خرابی جو کسی کام
مین واقع ہو جاے -

خا با میم

خمول ع گمنامی و از خود رفتگی و مفلسی نادانی -

خلص ع خالص جس مین دوسری چیز کی آمیزش نہو -

خا با واو

خول ع دولت و لشکر وغیرہ اسباب و سامان سپہ گری کا -

خول ع بھلکا جو اوپر کے جلد ہو -

خوال ع طعام خوردنی دو وہ چراغ یعنی چراغ کا پھول

خا با یاء

خیطل ع گرگیوان جو معروف ہے یعنی گھر کی بلائی -

خیل ع گروہ مردم و گلہ اسپان و گاوان و گوسفندان و بمعنی
بسیار و بمعنی کم و طرف اسپ -

خیول ع سواران و اسپان سواری -

خیال ع کوئی گمان یا صورت جو خواب مین نظر
آوے یا بیداری مین تصور کی جاے اور نام ایک قوت کا
قوای جسمی سے -

آٹھوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن کی اول حرف
دال اور اخیر مین لام ہے

دال با الف

داخول دواخل ع شاہی محل کا برامدہ جسمین عام لوگ
بیٹھین اور وہ نشان جو دفع مرغون کے لئے زراعت
پر نصب کرین *

دائر اصل ع نام بیماری کہ پانو ساق تک سوج کر اتنی
کے پانو کے برابر ہو جاتا ہے -

داہول ع ایسے کوئی نشان جو منع مرغون کے لیے زراعت
پر نصب کرتے ہین -

داخل ع دخل کرنے والا اور جسنے دخل کیا ہو -

دارفلفل ع پیلین مشہور دوا ہے -

دال ع راہنما راستہ دکھلانے والا پیر مرشد اوستاد

دال با جیم

دجال ع مخالف عیسے مسیح کا حضرت عیسے کا دشمن -

دال با خاء

دخل ع آنا اور آمدی روپیہ پیسہ کی اور اعتراض کرنا کسی کام مین

دخیل ع جو شخص کسی کام مین دخل رکھتا ہو -

دخول ع گھسنا اندر جانا داخل ہونا -

دال با سین

دست و دل ع قوت و ہمت و طاقت جسم کی -

حَلَاحِل ع سردار قوم افسر گروہ مقدم گانو کا۔
حِل عود دان ہونا احرام سے نکلنا فارغ ہونا۔
حُل کھولنا اور اوترنا حلال ہونا روا ہونا اور تلون کا
کا تیل جو اون سے نکلتا ہے۔
حُلَل ع جمع حلۃ یعنے جامہ اور کپڑا پہننے کا۔
حَلَّال ع گرہ کھولنے والا اور تیل بیچنے والا۔
حَلَال ع وہ چیز جسکا کھانا اور برتنا شرعاً درست ہے
بمقابلہ حرام کے۔
حُلُول ع اختصاص کسی چیز کا کسی چیز کے ساتھ جیسے
اختصاص سیلمی کا آنکھوں کے ساتھ اور دخل ہونا کسی چیز کا کسی میں

حا با میم

حَمَّال ع بار اوٹھانے والا یعنے جسنے بار اوٹھایا ہوا ہو۔
حَمُول ع وہ دوا جو پارچہ پر لگاکر دبرائی جائے
حَمُوْل ع صابر و متحمل و بار بردار آدمی قائم مزاج آدمی۔
حِمل ع اوٹھانا و بار شکم اور وہ بار جو گردن پر اوٹھایا جائے
حِمل ع وہ بار جو پشت یا سر پر رکھیں اور گناہ۔
حَمَل ع نام برج اول آسمانی اور گمان و خیال کرنا و بام
ماہ بیسا کھ کا۔
حَمَائِل ع وہ دال تلوار کی اور جو چیز گردن میں لٹکائیں۔

حا با نون

حَنْظَل ع نام ایک پھل کا جسکو پھر پھندوا کہتے ہیں اور نہایت
تلخ ہوتا ہے اور خوش رنگ۔

حا با واو

حَوْل ع باز گشت کرنا پھرنا رجوع لانا و قوت و دانائی
اور گرد پھرنا۔
حَوَل ع کج بین ہونا بھینگا آدمی باز گشت قوت توانائی
حِوَل ع پھرنا ایک جگہ سے دوسری جگہ جانا گشت کرنا۔

حَوْأَل ع نام مرغ سفید یعنے بگلا جو مشہور پرندہ ہے۔
حَوَائِل ع زنان حاملہ یعنی پیٹ والی عورتیں۔

حا با یا

حَیَّال ع حیلہ گر آدمی مکار و فریبی اور بدعہد آدمی۔
حِیَل ع یہ لفظ جمع حیلہ کی ہے بہت سے حیلے و مکر۔
حَیْضُ الرِّجَال ع غیبت و کلام بیفائدہ و فضول گوئی۔

ساتوین فصل

اون لغات کے بیان مین جنکی اول حرف
خا اور اخیر مین لام ہے

خا با الف

خَال ع ماموں یعنے والدہ کا بھائی و بزرگی و دانائی
و نقطہ سیاہ جسکو تل کہتے ہیں و بہ معنی آبلہ و تپخالہ
جو جسم پر پڑ جائے۔
خَامِل ع گمنام و مرد فرومایہ و کمینہ یعنے یاجی۔

خا با جیم

خَجِل ع شرمندہ اور سبا و شرمندگی کی حالت مین۔
خَجَل ع شرم و حیا جو اچھے لوگون مین ہوتا ہے۔

خا با دال

خَذُول ع شرمندہ و بے بہرہ و بے نصیب رسوا و خوار۔

خا با را

خَرْدَل ع رائی جو غلہ مشہور ہے اور اچار مین ڈالی جاتی ہے
خَرْدِل ع نامرد اور ڈرپوکا اور بزدل آدمی۔

خا با رے

خَرْبَقِیل ع ناحق و باطل مکارہ بات کذب و دروغ۔

خا با صاد

خَصْل ع شرط لگانا قمار پر داؤ لگانا۔

جمال ع خوبصورت لوگ جو حسن و جمال ہون۔
جمال ع شتربان جسکو ساربان بھی کہتے ہین
جمیل ع خوبصورت دنیکو خود نیکو رد و نیک افعال

جیم بانون

جنبش اول ف حرکت قلم قضا تقدیر کے قلم کی حرکت
جندل ع بروزن صندل سنگ رنگ مختلف قوم۔
جنگل و جنگال ف پنجہ آدمی وغیرہ۔
جند اول ف وہ فوج جو حفاظت کے لیے مقرر ہو پاسبانی فوج
جندال ف پاسبان دفرومایہ دچوکیدار۔

جیم باو او

جوال ع غلہ جس مین غلہ بھر کر لاد تے ہین ہندی مین اسکو گون کہتے ہین اور گودڑی دقسم جامہ درویشان و معنی جسم و بدن۔
جوال ع گرد پھر نا طواف کرنا
جوہر فعال ع عقل یعنے وہ جوہر جسکے ذریعہ سے کام کرے
جوہر اول ع جبرئیل علیہ السلام یا نور محمدی۔
جوزا تامل ع دستورہ کا پہل جو مشہور چیز ہے۔
جول ع بیابان جنگل ویرانہ مین۔

جیم باہاء

جہد المقل ع سعی اندک دکوشش درویش۔
جہل ع نادانی بے علمی بکسر جیم خطا ہے اور بفتح جیم صحیح
جہول ع نادان احمق بے علم بے وقوف۔
جہال چالیس جسکو عربی مین اربعین کہتے ہین عدد چالیس کا
جی پال ھ نام راجہ لاہور جسپر محمود غزنوی فتحیاب ہوا۔
جیش ع گروہ آدمیون کا ہجوم لوگون کا۔

چھٹی فصل

اون لغات کے بیان مین جن کی اول حرف حا اور اخیر مین لام ہے

حا با الف

حامل ع بوجھ اوٹھانے والا بار اوٹھانے والا۔
حال ع زمانہ موجود اور فارسی مین رقص و جگر رفتار و گوے و چوگان و حالت۔
حاصل ع نتیجہ مطلب جو مراد دل ہے۔
حافل ع انبوہ اور جماعت دودھ بھری ہوئی
حائل ع باز رکھنے والا منع کرنے والا۔
حال و قال ع حالت دل و تقریر زبان اور اولیاء اللہ کو صاحب حال و قال کہتے ہین۔

حا با باء

حبل ع رسن رگ ریشہ جو جسم مین ہے۔
حبال ع رسیان اور دام یعنے جالیان شکاریون کی
حبائل ع جمع حبل و نان حبالہ جمع حبالہ بمعنے رسن و دام۔

حا با جیم

حجل ع کبک ہندی جسکو نام طائر جو مشہور ہے۔
حجال ع حجلہ ہا یعنے حجلہ ڈولیان جس مین سوار ہوتے ہین
حجال ع جمع حجلہ یعنے بہت سی سواری کی ڈولیان۔

حا با راے

حریف و غل ف ایک کشتی کی داؤ کا نام ہے اور شین جو منافق ہو۔
حرمل ع اسپند مشہور تخم ہے جو آگ مین جلایا جاتا ہے

حا با سین

حسن ابدال ف نام مرد ولی و نام مقام پنجاب مین جس جگہ مزار اوس بزرگ کا ہے۔
حصول ع حاصل ہونا ملجا نا مطلب مقصود کا۔

حا با لام

اور اخیر مین لام ہے

جیم با الف

جانغول ع حرامزادہ شریر خراب آدمی۔
جاعل ع ظاہر کرنیوالا پیدا کرنیوالا بنانیوالا۔
جادل ع مضبوط شریعت طریقت حقیقت معرفت
جاہل ع نادان بے علم بے خبر آدمی
جادل ع لڑنیوالا جنگ کرنیوالا۔
جال ف وہ گھوڑا جسکے بال سرخ و سپید ہون۔

جیم با با ر

جبل ع کوہ پہاڑ جو مشہور نہیں ہے۔
جبال ع مع جبل کے یعنے بہت سے پہاڑ

جیم با دال

جدال ع جنگ و خصومت کرنا لڑنا آپس مین۔
جدل ع جنگ و پیکار و لڑائی و فساد۔
جدول خطوط جو کتاب کے صفحہ کے چاروطرف کھینچے جاتے ہین
جداول ع جمع جدول یعنے بہت سے خطوط۔

جیم با رے

جرثقیل ع علم بار برداری جسکے ذریعہ سے بآسانی ہزارون من بوجھ اوٹھا سکتا ہے

جیم با زے

جزائل ع چیزہای محکم و مضبوط و سخت چیزین
جزیل ع بزرگ و محکم و مضبوط و سخت
جزل ع کاٹنا و ہیمہ خشک و سطبر و سخن درست و محکم و خنزر و سیاہ
عطا و دانائی و راست رائی و آواز کبوتر۔
جمل ع اونٹ کے پشت کا زخم جو پالان سے ہوجاتا ہے

جیم با شین

جشم تبل ف قسم پارچہ جسکو تبل جشیم کہتے ہین۔

جیم با عین

جعل ع بنانا اور پیدا کرنا اور نقل کرنا اور ہر خبیر کا جو اصل کے مشابہ ہو جاے
جعل ع نام جانور سیاہ رنگ قبل زنبور جو سرگین وغیرہ گندگی سے پیدا ہوتا ہے۔

جیم با غین

جغل ف غماز جو کسیکی غیبت پیچھے چغلی کرے۔

جیم با کاف

جگل ف ترکستان مین ایک شہر ہے۔

جیم با لام

جل ع نام طائر خوش آواز جو بہت اچھی بولی بولتا ہے
جل ع گدہی کی جل جو گدہی کی پشت پر ڈالتے ہین
جل ع بزرگ اور صاحب عزت و حرمت۔
جلیل ع بزرگ نام خدا تعالے جلشانہ کا۔
جلیل ف جل اسپ جو گھوڑے پر ڈالتے ہین۔
جل ف جاؤ جلو یہ لفظ فارسی و ہندی مرکب ہے۔
جلل ف آلہ تناسل انسان کا۔
جلال ع بزرگی عزت و حرمت و بڑائی و فخر۔
جلاجل ع زنگولہا جو ایک سجاوٹ کی چیز ہے۔
جلجل ع زنگولہ یعنے جہانجھ جو بجاتے ہین
جلجال ع کناس و خاکروب صفائی کرنے والا۔
جلایل ع بزرگان اور عزتین اور بڑائیان۔

جیم با میم

جمل ع شتر نر یعنے اونٹ جو مشہور چارپایہ ہے۔
جمل و جمل ع حساب ابجد کے حروف کا۔
جمال ع جمع جمل یعنے بہت سے حساب ابجد کے۔
جمال ع خوبی صورت و سیرت و حسن انسان کا۔

[illegible] تصویر [illegible]
[illegible] دادو دینا فریب مین لانا۔
[illegible] ہونا دلتنگ و غمی ہونا۔
[illegible] وتفکر ناڈھیل کرنا کسی کام مین۔
تَمَکُّن ع بیقراری و بیآرامی و پریشان حالی۔

تا با نون

تَنزِیل ع اتارنا اور قرآن مجید اور نام ایک کتاب سلوک کا
تَنازُل ع باہم اترنا ایک مقام مین۔
تَنَزُّل ع اترنا کم ہونا تھوڑا ہونا۔
تَنَسُّل ع اولاد جاری کرنا نسل بڑھانا۔
تَنَقُّل ع نقل کرنا کھانا طعام کا۔
تَنگ دل ع پریشان حال اور مرد بخیل جو خرچ نکرے
تَناوُل ع لینا اور اوٹھانا مجازاً کھانا طعام کا۔
تنبول ت برگ پان جو مشہور درخت کے پتے ہین
تنگ سال ع قحط کا برس جس سال غلہ گران ہو۔
تَنبَل ع آدم فربہ وجاہل و کاہل و بیکار یعنی نکما آدمی جو
کوئی ہنر نہ جانتا ہو۔
تَنبُل ع مکر وحیلہ و دغا و فریب دنیا کسی کو۔
تَناسُل ع بچہ جننا اولاد پیدا کرنا نسل بڑھانا۔

تا با واو

تَوَکُّل ع سونپنا بھروسا کرنا خدا پر دنیا چھوڑ کر۔
تَوَقُّل ع کوشش و سرگرمی و مشق کامل ہو جانا
تَوکیل ع وکیل کرنا وکیل بنانا۔
تَوَسُّل ع وسیلہ پکڑنا ذریعہ پیدا کرنا۔
تَوبال ع برادہ دس آہن یعنی رگڑا ہوا لوہا۔
توشمال ت خان سالار جو باورچیخانہ پر مختار ہو۔
تَوابِل ع مصالحہ طعام زیرہ لونگ مرچ وغیرہ۔

تا با ہا ے

تَہلیل ع لا الٰہ الا اللہ کہنا ذکر نفی و اثبات کا کرنا۔
تَہوِیل ع خوف دلانا ڈرانا دہمکانا۔

تا با یا ے

تَیغال ع ترکیبین جو مشہور دو ہین
تیہ بنی اسرائیل ع ایک جنگل کا نام ہی جہان موسیٰ
بنی اسرائیل کو چالیس برس سرگردان رہا۔
تیول ت جاگیر جو بادشاہ سے کسکو ملے۔

چوتھی فصل

اون لغات کے بیان مین جن کے اول حرف ثا اور اخیر مین لام ہے

ثا با الف

ثالیل ع جمع ثولول جسکے معنی مسکے ہین۔

ثا با فا ے

ثقل ع گوزبے آواز یا خانہ پھرنا۔

ثا با قاف

ثِقل ع گرانی بار یعنے بوجھ کی گرانی۔
ثُقل ع گران ہونا بھاری ہونا بوجھل ہونا۔
ثَقل ع ہر چیز نفیس نگاہ رکھنے کے لائق۔
ثَقیل ع گران اور نام بیماری بدہضمی کا۔

ثا با واو

ثولول گوشت پارہ سیاہ جو بدن پر ظاہر ہوتا ہے
ہندی اوسکو کہتے ہین۔

پانچوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن کے اول حرف جیم

وافترا و سخن آرائی۔
تسہیل ع آسان کرنا کسی مشکل بات کا۔

تا با شین

تشکیل ع شکل بنانا صورت بنانا۔
تشکل ع شکل کی صورت پکڑنا۔
تشاکل ع باہم ایک شکل ہونا۔

تا با طاء

تطاول ظلم و زبردستی و جور و جفا و غارت کرنا۔

تا با ظاء

تظلیل ع سایہ ڈالنا کسی کے اوپر سایہ کرنا۔

تا با عین

تعدیل ع برابر کرنا راست و درست کرنا ہم وزن کرنا۔
تعجیل ع جلدی کرنا کسی ضروری کام مین۔
تعطیل ع بیکار و معطل کرنا نکما کرنا۔
تعطل ع بیکار رہنا معطل رہنا۔
تعلل ع علت اوٹھانا بہانہ و توقف کرنا حجت اوٹھانا
تعقل ع فکر کرنا اندیشہ کرنا کسی کام مین۔
تعال ع اسکے معنی آؤ۔
تعزیل ع برطرف کرنا جدا کرنا علیحدہ کرنا کسی کام سے
تعمل ع عمل مین لانا کام مین لانا۔
تعلیل ع وجہ بیان کرنا دلیل لانا علت بیان کرنا۔
تعویل ع اعتماد کرنا اعتبار کرنا کسی پر۔
تعمیل ع عمل دنیا عمل کرنا کام دینا کام کرنا۔

تا با غین

تغافل ع روگردانی کرنا غفلت کرنا کسی کام مین۔

تا با فاء

تفاصل ع جدا کرنا فرق کرنا الگ کرنا علیحدہ کرنا۔
تفصیل ع جدا کرنا جمع اسکی تفاصیل آتی ہے۔
تفاؤل ع فال لینا شگون پوچھنا۔
تفضیل ع فضیلت دینا بڑھانا۔
تفضل ع بزرگی اور عزت و فخر و بڑائی۔
تفاضل ع زیادہ آنا بڑھ کر آنا۔
تفوّل ع فال شگون نیک لینا۔
تفرق اتصال ع ضم و جراحت یعنے بہر جانا زخم کا اور اچھا ہونا

تا با قاف

تقبیل ع بوسہ دینا چومنا کسی چیز کو۔
تقابل ع مقابل ہونا برابر ہونا رو برو ہونا۔
تقبل ع قبول کرنا مان لینا۔
تقاتل ع ایک دوسرے کو قتل کرنا مار ڈالنا
تقلیل ع کم کرنا قلت مین لانا گھٹانا کسی چیز کو۔
تقلقل ع غم و اندوہ و بیقراری و پریشانی و آشوری

تا با کاف

تکاسل ع اپنے آپ کو سست کرنا کاہل بنانا۔
تکاہل ع اپنے آپ کو کاہل کرنا سست بنانا۔
تکسل ع سست ہونا سستی کرنا کسی کام مین
تکفیل ع ضمانت دینا ضامن ہونا کسی کا۔
تکمیل ع کامل کرنا پورا کرنا درست کرنا۔
تکفل ع ضامن ہونا ذمہ دار ہونا کسی کا۔

تا با لام

تل ع زمین بلند و پشتہ جسپر پانی نہ جا سکے۔
تلال ع کریوہا و پشتہ یعنے بہت سے پشتے۔

تا با میم

تمثال ع صورت و پیکر و فرمان بادشاہی۔
تمثل ع رو برو ہونا مثال دینا تشبیہ دینا۔
تمثیل ع رو برو ہونا مثال دینا تشبیہ دینا۔

اور اخیر مین لام ہی

تا با الف

تمالف د دو خورد پیالیان جو رقص و سرود کے وقت طبلہ کے ساتھہ بجاتے ہین یعنے کنیسیان -

تاویل ع بیان کرنا ظاہر کرنا کسی عبارت کو ایک زبان سے دوسری زبان مین -

تاہل ف پریشان و متحیر و اندیشہ ناک و غمگین -

تاءمل ع اندیشہ کرنا فکر کرنا غور کرنا کسی کام مین

تاہل ع نکاح کرنا عیالدار ہونا نکاح کرنا عورت سے -

تاجیل ع مہلت دینا دیر و توقف مین ڈالنا -

تا با یا

تبجیل ع عزت کرنا تعظیم کرنا مدارات سے پیش آنا -

تبادل ع بدل لینا عوض معاوضہ کرنا -

تبدل ع عوض کرنا بدلنا -

تبدیل ع بدلنا عوض معاوضہ کرنا کسی چیز کا کسی چیز کے ساتھہ

تبعل ع شوہر ہونا کسی عورت کا خاوند بنانا -

تبتل ع با خدا ہونا تارک الدنیا ہونا عابد و زاہد ہونا -

تا با تا ے

تثاقل ع گران بار ہونا بوجھل ہونا حاملہ ہونا عورت کا

تا با جیم

تجاہل ع جان بوجھہ کرنا دان بننا احمق بننا -

تجمل ع شان و شکوہ و جمال و آرایش و زینت -

تا با حا

تحلیل ع حلال کرنا فانی کرنا نابود کرنا کسی کو -

تحصیل ع حاصل کرنا پانا کسی چیز کو -

تحمل ع برداشت کرنا اوٹھانا -

تحمیل ع لیوبہ لادنا بالا نبار کرنا کسی پر -

تحویل ع حوالہ کرنا داخل ہونا سونپنا پھیرنا پھرانا -

تا با خاء

تختہ اول ف لوح محفوظ جسپر سب بات لکھی ہے -

تخلخل ع رخنہ خرابی و تباہی و غم و پریشانی -

تخلیل ع خیال کرنا خیال مین ڈالنا ہم مین ڈالنا کسیکو

تخیل ع خیال مین لانا متوجہ ہونا دریافت کرنا -

تخالخل ع جدا ہونا اجزا کسی چیز کا ایک دوسرے سے

تخاقویل ت امسال ایک سال کا نام ہے -

تا با دال

تداخل ع دو چیزونکو ملانا پیوند کرنا جوڑنا -

تداول ع نوبت بنوبت لینا دینا کسی چیز کا -

تذلل ع اپنے آپ کو ذلیل کہنا -

تذلیل ع ذلیل کرنا خوار کرنا خراب کرنا -

تا با رے

ترازوی عدل ف بادشاہ منصف و عادل -

ترحال ع کوچ کرنا رحلت کرنا چل دینا -

ترتیل ع قران پڑہنا باداے مخارج و صحت الفاظ کے

ترہیل ع بروزن تجمل نرم گوشت ہونا -

ترسیل ع بہیجنا خط یا پیغام یا ایلچی کا -

تا با زے

تزلزل ع لرزیدن یعنے کانپنا لرزہ کہانا کسی کا -

تزلل ع لغزیدن یعنے پھسلنا کسی مقام سے -

تا با سین

تسلسل ع زنجیرہ دار ہونا روان ہونا پیچدار ہونا -

تساہل ع آسان کرنا کسی مشکل بات کو -

تسبیح سال ف رشتہ سالگرہ جو باندہتے ہین -

تسویل ع آراستہ کرنا سوال کرنا کچھہ مانگنا -

بَتَّل ع ذبح کرنا اور ذبح کیا ہوا جانور۔

با با ثاء

بَثْکَل و بَثْکَال ف سرگین شتر و گوسفند و موش جو خشک اور گولی کی بندہ کرا اوسکے پیٹ سے نکلے بخلاف سرگین گاو و گاو میش وغیرہ۔

بَثکل و بَثکال ف موسم برسات کا جب بارش ہوتی ہے

با با صاد

بَصَل و پیاز جو ایک مشہور چیز ہے۔

با با طاء

بَطَل ع دلیر و شجاع و جوانمرد و بہادر آدمی

بَطّال ع بیکار و دروغ گو جھوٹا آدمی۔

با با عین

بَعل ع نام بت جسکو الیاس نبی کی قوم پوجتی تھی اور حضاد تسور عورت کا

بِعال ع نر ادر جماع کرنا در جولیت اور بعل کی جمع ہے بمعنی شوہر ان اور زمین بلند بے آب خشک زمین۔

با با غین

بَغل ع خچر یعنے استر جو ایک مشہور چار پایہ ہے۔

بَغَل ع مشہور لفظ ہی بازو کی نیچے کا جسم جسکو کچھ کہتے ہین

با با قاف

بَقل ع ترو یعنے سبزی و ساگ فاعل اسکا بقال ہے

بَقّال ع سبزی فروش جسکو کوئی بجڑا کہتے ہین بعضون کے نزدیک دوکاندار غلہ فروش۔

با با کاف

بَکاول ف داروغہ باورچی خانہ کا جو کھانا پکانے پر مختار ہو۔

با با لام

بَل ع بلکہ

بِلال ع نام مؤذن پیغمبر علیہ الصلوۃ والسلام کا جو حبشی تھا

بُلبُل ف مشہور پرندہ ہی اور گل پر عاشق ہے۔

بَلابِل ع جمع بلبل و جمع بلبلہ کے لفظ کی

بَلبَل ع نم و تری آب یعنے پانی کا نام۔

بَلبال ع اندوہ و غم و پریشانی و دلگیری۔

پُل ف دریا کا پل اور پیسہ جو ایک مصر دب کا ثانی کا ہوتا ہے

با با لون

بنی اسرائیل یعقوب پیغمبر کی اولاد اور اسرائیل خطاب یعقوب کا تھا۔

با با واو

بَوّال ع شاشہ پیشاب جو ذی جان کرتا ہے۔

بَولُ الفضول ع سست فضول گو و احمق و نادان آدمی۔

پُول ف ثانی کا پیسہ اور دریا کا پل جو پانی پر باندھا جاتا ہے

با با ہاء

بُہل ف چھوڑا مرہے ہلیدن سے

بُہلُول ع مرد خندہ رو و پیشوا ہے قوم اور نام ایک بزرگ ولی کا۔

با با یاء

پیر زال ف بوڈھی عورت جو نہایت ضعیف ہو۔

پیر سال ف بوڈھی عورت یا مرد جو کہن سال و ضعیف ہو۔

بَیتُ المال ع بادشاہی خزانہ جسمین روپیہ جمع رہے

بیل ف بیاہی مہول آرا آہنی مٹی کھودنے کا بہاوڑا جسکو کوئی کہتے ہین

پیل ف ہاتھی جو بڑا جانور سواری کا مشہور ہے۔

پیل پا ف کسی مجرم کو ہاتھی کی پاؤن مین ڈالدینا مرجا ہے یہ ایک قسم تعذیب کا ہے جو مجرم کو دیا جاتا ہے۔

پیچال ف سرگین مرغان یعنے بیٹھہ جانورون کی۔

تیسری فصل

اون لغات کے بیان مین جن کی اول حرف تا

دوسری فصل

اون لغات کے بیان مین جن کے اول حرف با اور اخیر مین لام ہے

باب الف

بال ف آدمی کے بازو اور مرغون کے پر اور ایک قسم کی بڑی مچھلی اور امر بالیدن سے اور عربی مین دل دھیان عیش وعشرت وشان وعظمت اور ترکی مین شہد کو کہتے ہین۔

بابل ع کوفہ کے پاس ایک شہر ہے۔

باقل ع سبزی فروش اور نام ایک شخص احمق کا اور لڑکا جسکے خط کا آغاز ہو یعنی نوجوان۔

بازل ع اونٹ نو برس کا۔

باذل ع بخشنے والا سخی صاحب خرچ وصاحب بذل۔

باسل ع دلیر وبہادر وپہلوان وجوانمرد آدمی۔

بامی حال ع بہرحال یعنی ہر ایک حالت مین۔

بالغدو والآصال ع صبح کو اور شام کو یعنے ہر روز

بالاستقلال ع مضبوطی کے ساتھ نہایت مستحکمی کے ساتھ بذات خود کسی کام مین مصروف ہونا اور مضبوط رہنا۔

بای درگل ف گرفتار وحیران وپریشان کسی بلیت مین۔

پایمال ف خراب وشکستہ وپریشان وابتر۔

پاچال ف وہ منگا جس مین جولاہے پانو لٹکا کر کام کرتے ہین ہندی مین گاڑھ جولاہی کاکہتے ہین اور پنجابی مین کھڈی

باب تا ے

بتول ع قاطع علائق دنیا وتارک وکنواری لڑکی وخطاب زہرا بی بی فاطمہ دختر پیغمبر علیہ السلام کا۔

تبل ع قطع یعنے الگ اور علیحدہ اور جدا۔

باب جیم

تجول ع استخوان شانہ گاؤ اور پاسہ قمار بازی کا جسے قمار یعنے جوا کھیلتے ہین۔

باب حاء

تحل ع گنا بخشنا معاف کرنا اصل مین یہہ لفظ اہل ہاے ہوز سے ہے صیغہ امر ملیدن سے یعنے معاف کر چھوڑ دے درگذر جانے دے۔

باب خاء

تخل ع بخیلی کنجوسی بخیل اسکا فاعل ہے

باب دال

بدول ف ترسناک ڈرپوک آدمی ڈرنے والا۔

بدل ف عوض اور باصطلاح کشتی گران وہ دانو جو حریف کے دانو کے جواب مین کیا جاے ہندی مین اوسکو توڑ کہتے ہین۔

بدل ما یتحلل ع عوض اوس چیز کا جو تحلیل ہو بدن سے

بدسگال ع بداندیش ودشمن عداوتی بیری۔

بدیل ع بدلہ کسی چیز کا اور نام حکیم خاقانی کا۔

بدال ع غلہ فروش جیسے کہ بقال سبزی فروش۔

باب ذال

بذل ع بخشش اور دوڑ گھوڑے کی اور تیز رفتاری

باب رے

برشگال ف برسات کا موسم یہہ ہندی لفظ اصل مین برس کال تھا یعنے وقت بارش۔

برتگال نام قوم فرنگ وقسم شراب انگوری۔

باب زے

بزل ع سختی سنت آفت رنج بلا وغم واندیشہ

باب سین

اَلحال ع اکنون یعنے اب ہ وقت اسدم۔
اِل ع پیمان وسوگند وقول وقرار مستحکم۔
آل ع فرزندان واہل خانہ ومتعلقان اور فارسی
مین زنگ سرخ وآب وقیم شراب وچوب وخیمہ
ونام بیماری جو زیادہ عورت کو ہوتی ہے اور نام بیخ
ہاے باریک جیسے کہ اسرخ رنگتے ہین اور رسم
بادشاہ کی اور بخشا زمین وجاگیر کا جسکو آل تمغا کہتے ہین

الف باے میم

اِمتثال ع فرمانبرداری متابعت واطاعت۔
اِملال ع ملول کرنا دلگیر کرنا اندیشے مین ڈالنا۔
اِمہال ع اِمتہال ع فرصت دینا مہلت دینا کسی کو۔
اِمثال ع داستانہاے مشہور اور صفتین یا وقصے
امیر تحمل ع لقب علی المرتضے کا۔
اَمَاثِل ع جمع اشل جسکے معنی مثابہ ونظیر کے ہین
اِمسال ع اسکے برس اب کے سال جو گذر رہا ہے یا جو
امسال جو مسل کی جمع ہے۔
اَمَل ع امید وآرزو طمع جو کسی سے ہو۔
آمال ع جمع امل امیدین اور آرزوئین انسان کی۔
اَمل ع مازندران مین ایک شہر ہے۔

الف باے نون

اَنفال ع جمع نفل وہ غنیمت جو کفار سے لین۔
اِنحلال ع کشادہ ہونا نابود ہونا تاخیر ہونا۔
اِنجیل ع کتاب جو عیسے علیہ السلام پر نازل ہوئی۔
اَنجل ع فراخ چشم جسکی آنکھین موٹی ہون۔
اِندمال ع بھر جانا اور اچھا ہونا زخم کا۔
اِنحلال ع تباہی وخرابی وبربادی۔
اَنامِل ع جمع انملہ سرہاے انگشتان۔
اِنفعال ع شرمندہ ہونا شرمسار ہونا۔
اِنتحال ع کسیکا سخن یا شعر اپنا بیان کرنا۔
اِنزال ع اوترنا اوتارنا اور اخراج منی کا بعد جماع کے ہونا
اِنفصال ع فیصلہ کرنا کسی مقدمہ کا اور ختم کرنا کسی فساد کا
اِنتقال ع ایک جگہ سے دوسری جگہ پر جانا۔
اِنتسال ع فرزند ہونا نسل پیدا ہونا۔

الف باے واو

اَوّل ع پہلے۔
اَوَائل ع جمع اول کی۔
اوغول ت دیو نوداو غیر ملفوظ لڑکا اور معشوق محبوب پیارا
اَوجال ع بیم ہاخوف ہابت سے ڈر اور خوف۔
اُوَل ع جمع اولے جو مونث اول کا ہے۔

الف باے ہاے

اَہل ع سزاواری اور انس پکڑنا کد خدا ہونا اور گھر کے
لوگ وصاحب وصاحبان۔
اَہوَال ع ہول یعنی دہشت وخوف وڈر۔
اِہمال ع چھوڑ دینا فرصت دینا توقف مین ڈالنا۔

الف باے یاے

اِیصال ع پہونچانا وصول دینا ادا کرنا۔
اِیل سریانی زبان مین خدا تعالے کا نام ہے اور ترکی
مین سال کو کہتے ہین۔
اَیل ع گوزن وبز کوہی یعنے پہاڑی گاے یا بکری
اِیل ت بیاباں مجہول مردمان وقوم وگروہ۔
ایلول رومی زبان مین نام مہینے کا ہے۔
آئینہ پیل لوہے کا توا صیقل کیا ہوا جو ہاتھی کے کنپٹیون
پر جنگ کے وقت باندھتے ہین اسلئے کہ ہاتھی
کو زخم نہ آسکے۔

الف با ضاد

اِضلال ع بے راہ کرنا بدکاری مین ڈالنا گمراہ کرنا۔

الف با طا

اِطریفل ع معجون مرکب جو ہلیلہ بلیلہ آملہ سے بناتے ہین ہندی مین اسکو ترپھلہ کہتے ہین۔

اِطلال ع نشانہائے کہنہ گری ہوی گھر کے نشان جمع طلل

الف با عین

اِعتزال ع گوشہ پکڑنا خلوت نشین ہونا الگ رہنا۔

اَعدل ع زیادہ تر عدل کرنیوالا بڑا عادل۔

اِعمال ع کام فرمانا منصف وعدالتی۔

اَعمال ع جمع عمل بہت سے کام اور کاروبار

اَعزل ع مرد بے سلاح جسکے پاس کوئی ہتھیار نہو۔

اَعجال ع شتابیان اور جلدیان کرنے والے۔

اِعتدال ع برابر ہونا میانہ ہونا ایک وزن ہونا

اِعتلال ع بیمار ہونا بہانہ لانا علت لانا۔

اِعتقال ع بند کرنا مسدود کرنا۔

اَعدل ع نہایت عدل کرنے والا۔

الف با غین

اِغفال ع بیخبری وغفلت وجہل ونادانی۔

اَغلال ع طوقہای آہنی وآبھای روان۔

اِغلال ع خیانت وکینہ وغصہ ومکر وخداع ونفاق۔

اَغال ع برجیون کے رہنے کی جگہہ گرفتار کرنا جنگ تیز کرنا

الف با فاء

اَفضل ع بڑا فاضل اور افضل الدین نام خاقانی شاعر کا تہا جو مشہور شاعر علامہ ہے۔

اَفاضل ع جمع افضل کے بہت سے فاضل لوگ۔

اِفتعال ع تہمت وبہتان جو کسی پر باندہا جاے۔

افضل الاشکال ع بشکل مدور اور گول۔

اَفیال ع جمع فیل ہاتھی جو مشہور جانور ہے

اَفیل ع شتر جوان یعنی جوان اونٹ۔

اَفعال ع جمع فعل کی بہت سے کام۔

اَفل ع نیچے جانے والا نیچے اوترنے والا۔

الف با قاف

اَقفال ع جمع قفل کی بہت سے تالے۔

اِقبال ع قبول کرنا آگے لانا اور آگے آنا دولت کا مجازاً حکم ودولت وطالع۔

اِقبیل ع امالہ اقبال کے لفظ کا۔

اَقل ع بہت تہوڑا وغلام کم قیمت وارزان۔

اِقلال ع تہوڑا کرنا ودرویشی وفقیری ومحتاجی

الف با کاف

اَکحل ع پلکون کے اوگنے کا مقام اور سرمہ آنکھ مین کیا ہوا اور نام ایک رگ کا جسکو ہفت اندام کہتے ہین

اَکول ع بہت کہانیوالا جسکا پیٹ نہ بہرے۔

اَکال ع بہت کہانیوالا جسکو بہوکہ بہت ہو۔

اَکیل ع ہم کاسہ یعنے ہمراہ کہانیوالا۔

اِکمال ع کامل کرنا تمام کرنا پورا کرنا۔

اِکتحال ع سرمہ آنکہون مین کرنا۔

اِکلیل ع تاج اور نام ستر ہوین منزل قمر کا۔

اَکل ع میوہ اور پہل کسی درخت کا۔

اَکل ع کہانا یعنے طعام جو کہایا جاے۔

اَکمل ع بہت کامل اور پورا شخص

الف با لام

اَلحاصل ع آخر کلام خلاصہ کلام نتیجہ کلام۔

اَلعجل ع جلدی کر دیر مت کر۔

اَرَاْئِل ع زنان بیوہ و مرد بے زن یعنے عورت یا مرد جو مجرد ہون۔
اِرْسَال ع بھیجنا تحفہ و سوغات۔ وخط وغیرہ کا۔

الف باز ے

اَزَل ع وہ زمانہ جسکا ابتدا نہو یعنی زمانہ قدیم۔
اَزمیل ع موجون کی راہنی جسسے چمڑا کاٹتے ہین

الف با سین

اِسْہَال ع جاری ہونا شکم کا اور آسان کرنا مشکل کام کا
اِسْبَال ع جاری کرنا اور کپڑا لٹکانا پردہ ڈالنا۔
اِسپغول نام تخم جو مشہور ہی دگوش اسپ یعنے گھوڑے کی گان
اِسْتِقْبَال ع پیشوائی کرنا کسیکے لینے کو جانا۔
اِسْتِعْجَال ع جلدی کرنا شتاب ہونا۔
اِسْتِہْلَال ع نیا چاند دیکھنا رونا بچہ کا تولد کے وقت روشن ہونا ظاہر ہونا چہرہ و کھلانا جلوہ دکھلانا کسی کو۔
اَسْہَل ع بہت آسان نہایت آسان بات
اِسْطَبْل گھوڑے باندھنے کا مقام یعنی طویلہ گھوڑون کا۔
اَسْفَل ع بہت نیچی اور وہ جگہ جو سب سے نیچے ہو۔
اِسْتِظْلَال ع سایہ پکڑنا پناہ لینا کسیکی حمایت مین آنا۔
اِسْتِقْلَال ع مضبوطی پکڑنا محکم ہونا قائم ہونا۔
اِسْتِدْلَال ع دلیل لانا و گواہی چاہنا راہنمائی چاہنا۔
اِسْتَافِیل رومی زبان مین انگور کو کہتے ہین۔
اِسْرَافِیل نام فرشتہ کا جو قیامت کو صور پھونکیگا۔
اِسْرَائِیل نام یعقوب پیغمبر علیہ السلام کا ہی معنی اسکے عبرانی زبان مین برگزیدۂ حق کے ہین
اِسْتِعْمَال عمل کرنا عمل مین لانا کام مین لانا۔
اَسَافِل ع جمع اسفل ہے نچلے درجے اور زیرین مقام۔
اِسْتِیْصَال ع بیخ سے نکالنا دور کرنا۔ معدوم کرنا

الف با شین

اِشْکَال ع دشواری و سختی اور مشکل بات کٹھن معاملہ
اَشْکَال ع شکلین و صورتین یہ لفظ جمع شکل کی ہے۔
اَشْہَل ع رنگ سیاہ زردی مائل و انسان میں چشم جسکی آنکھین زردی مائل ہوتی ہین۔
اِشْعَال ع افروختہ کرنا آگ کا روشن کرنا۔
اِشْتِغَال ع مشغول ہونا کسی کام مین مصروف ہونا۔
اَشْفَتہ حال پراگندہ حال پریشان خاطر غمگین اندیشہ ناک
اَشْغَال ع بہت شغل اور کام اور علاقے یہ لفظ شغل کے لفظ کی جمع ہے۔
اَشْکَل ع وہ رسن جسسے اونٹ کا پالان باندھتے ہین
سرخ چشم و سرخی و سفیدی آمیختہ و خشت پوشیدہ تر و شوارتر اور وہ گھوڑا جسکا دہنا ہاتھہ اور بایان پانو سفید ہو۔
اَشْکَیل وہ گھوڑا جسکا دہنا ہاتھہ یا پانو سفید ہو و کمیل بہی
اِشْتِعَال روشن ہونا آگ کا بڑہکنا اور افروختہ ہونا آگ کا
اِشْتِمَال شامل ہونا کسیکے ساتھہ ہونا متفق ہونا۔

الف با صاد

اَصْطَبْل گھوڑے باندھنا اور مقام گھوڑے باندھنے کا
اون لغات کے بیان مین جن کے اول حرف رائے اور اخیر مین فا ہے

رائے با الف

رَاف ف بسبا یعنے جلوتری جو ایک شہور دوا ہے اور جیوترہ

رَافف ع درخشندہ چمکتا ہوا۔

رائی با جیم

رَجف زلزلہ بھونچال اور ہلنا اور کانپنا زمین کا۔

رائی با دال

رَدیف ع وہ سوار جو کسی سوار کے پیچھے بیٹھا ہوا اور لفظ مکرر جو غزل کے ہر بیت کے پیچھے آتا ہو۔

رِدف ع سرین یعنی چوتڑ اور پے در پے آنا بار بار آنا۔

رائے با شین

رَشف ع مکیدن یعنے چوسنا۔

رائے با عین

رُعاف ع جو خون دماغ سے ناک کے رستہ آتا ہے اور یہہ ایک شہور بیماری ہے۔

رَغیف روٹی جسکو عربی مین قرص بھی کہتے ہین اور فارسی مین نان۔

رائے با فا

رَفرف پر ہلانا مرغ کا پیچھے آنے کے لئے و جامہ سبز و باش و طاق و نام مقام اسرافیل۔

رَف وہ نشستگاہ جو بطور طاق کسی دیوار مین بنایا جاوے اور رستہ اوسکا دیوار کے اندر سے ہو۔

رائے با واو

رَؤف ع بہت مہربان نہایت رحم دل نرم دل۔

دسوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن کے اول حرف زائی اور اخیر مین فا ہے

حا با فا

حَفّ کسی چیز کے گرد ہونا بڑی اور موچھون کو سوارنا خدمت و مہربانی کرنا اور مرغ کے پرون کی آواز۔

حا با لام

حَلَف ع سوگند کہانا قسم کہانا کسی بات مین۔
حَلّاف ع قسم کہانیوالا اور حلف اوٹھانیوالا شخص۔

حا با نون

حَنِیف ع راست رو تابعدین ابراہیم اور دیندار سچا آدمی

حا با یا ئے

حَیف ع ظلم و ستم و جور و افسوس جو کسیکے حال پر ہو۔

چھٹی فصل

اون لغات کے بیان مین جنکے اول حرف خا اور اخیر مین فا ہے

خا با الف

خاطِف ع لیجانیوالا اور یہ لفظ برق یعنی بجلی کی نسبت بولتے ہین اسلئے کہ وہ بھی بینائی کو لیجاتی ہے اور نظر اوسکی روبرو نہین ٹھیرتی
خالِف ع خوف کرنیوالا ڈرنے والا کسی سے۔

خا با را ی

خَرَف ع نہایت ضعیف آدمی مسلوب الحواس و بیمار و ناتوان۔
خَرَف ع انتہای عقل کی بسبب ضعیفی و ناتوانی و کمزوری کی
خَرُوف ع برّہ گوسپند و بچہ خرگوش یعنے بکری اور خرگوش کا بچہ
خَرِیف ع موسم خریف مقابل ربیع کی ابتدا زمستان کا۔
خَرف ع میوہ چکنا درختون سے میوہ اوتارنا۔

خا با زا ی

خَزَف ع سفال یعنے مٹی کا برتن مجازاً انسان کل وجود

خا با سین

خَسُوف ع زمین مین دب جانا پکڑا جانا چاند گرہن ہونا چھپ جانا نظر سے۔
خَسَف ع زمین مین دب جانا پکڑا جانا چھپ جانا۔

خا با ضاد

خَضَف ع جانب و طرف و کنارہ ہر چیز کا۔

خا با طاء

خَطَف ع ربودن یعنی لیجانا اور خیرہ کر دینا بجلی کا آنکھون کو بسبب چمکنے اور روشنی کے۔
خُطّاف ع نام مرغ جسکو ابابیل کہتے ہین۔

خا با فا

خُف ع سوختہ چقماق یعنے وہ جلا ہوا کپڑا جسپر چقماق جھاڑتے ہین
خَفّاف ع موزہ دوز و موزہ فروش۔
خَفِیف ع ہلکا کم درن بے عزت بے ادب و شرم و بیحیا۔

خا با لام

خَلَف ع پس ماندہ و فرزند بد اطوار یعنے نالائق بیٹا۔
خَلَف ع فرزند نیک اطوار یعنے لائق بیٹا۔
خُلف ع خلاف کرنا عہد و اقرار کے برعکس کام کرنا۔
خِلف ع پستان چارپایان و انسان وغیرہ بخلاف مختلف و مرد ستیزندہ و جنگجو و بدخو۔
خَلِیف ع شہزادہ ہای آبستن یعنی حاملہ اونٹنیان
خِلاف ع پیچھے کھڑے ہونا و درشت بد و ناسازگاری و مخالفت و دشمنی و عداوت۔

خا با وا و

خَوف ع ڈر۔
خوش خلاف ف وہ تلوار جو حکم اشارے کے نکل آئے۔
خَواطِف ع لیجانیوالا اور صدمے بجلی کے۔

تکالیف ع جمع تکلیف کے لفظ کی ہی جسکے معنی رنج دہی کی ہین

تا با لام

تلف ع ہلاک ہونا ضایع و برباد ہونا کسیکا۔

تلفیف ع لپٹنا اور لپیٹنا لفافہ کرنا خط کے اوپر۔

تلطف ع مہربانی کرنا محبت سے پیش آنا نرم دل ہونا۔

تلقیح ع چالاکی کرنا دوڑنا کودنا جولان دینا۔

تلافیف ع جمع تلفیف جسکے معنی لفافہ کرنے کے ہین

تلہف ع دریغ داندوہ وغم وافسوس وحسرت۔

تا با نون

تنصیف ع نصف نصف کرنا آدہا آدہا کرنا۔

تا با واد

توقف ع دیر کرنا کسی کام مین قہیل لگانا۔

توظیف ع ہر روزہ کام کرنا وظیفہ کرنا۔

توصیف ع وصف کرنا کسیکو سراہنا اور ثنا بیان کرنا۔

چوتھی فصل

اون لغات کے بیان مین جن کی اول حرف جیم اور اخیر مین فا ہے

جیم با الف

جاف خشک یبس سوکی چیز جسمین تری نہو۔

جیم با را و

جرف ع وہ مکان جسکو دریا نے گرادیا ہو یعنی سیلاب نے گرادیا ہو اور پانی اوسکی بنیاد مین گھس گیا ہو۔

جیم با فا

جفاف ع خشک ہونا سوکا ہونا بے آب ہونا۔

جف ع پژمردہ ومحو خشک بے آب۔

جیم با لام

جلف ع کاٹنا اور اوکھاڑنا کسی چیز کو

جلف ع ظلم کرنیوالا وحیوان پوست کندہ اور خالی مغز کا

جیم با نون

جنف ع ظلم کی طرف مائل ہونا ظلم کا ارادہ کرنا۔

جیم با واد

جوف ع شکم خالی دہ خالی اور وہ چیز جو اندر سے پولی اور خالی ہو

جوف ع ایک قسم کی مچھلی کا نام ہی جو لذیذ ہوتی ہے۔

جیم با یا

جیف ع حیوان مردہ وبودار ومردار بدبو۔

پانچوین فصل

اون لغات کے بیان مین جنکی اول حرف حا اور اخیر مین فا ہے

حا با تا

حتف ع موت ومرگ یعنے مرنا دنابود ہونا۔

حا با ذال

حذف ع گرانا اور دور کرنا کسی حرف کا اوسکے موقع سے

حا با را

حریف ع ہم پیشہ وہم کار اور وہ شخص جو مقابلہ پر ہو۔

حریف ع تیز مزہ اور زبان کو کاٹنے والی چیز۔

حرف ع سخن وطرف وکنارہ ولب شیر وعیب اور وہ لفظ جسکے معنے سوا ملنے دوسرے لفظ کے نہ نکلین جیسے مِن والے عربی مین فارسی مین از وبرو در وتا اور اردو مین سے وتک وغیرہ۔

حروف ع جمع حرف کی ہی بہت سے حرف جو لکھی ہوئی ہون

حرف ع کسب کرنا وہ کام کرنا جسسے روزی ملے۔

حرف ع حرف الرشاد جسکو فارسی مین سیخ یا اہل ہند ہی ہاں کہتے ہین

تحف ع جمع تحفہ کی لفظ کی بہت سی تذرین و تشکش
تحریف ع بدلانا اور پھیرنا کسی حرف یا عبارت کا کتابت و خط سے

تا با حا ر

تخفیف ع ہلکا کرنا بوجھ اوتارنا کسیکے سر سے کم کرنا
تخویف ع ڈرانا دھمکانا خوف دلانا کسی کو۔
تخاوف ع خوف کرنا ڈرنا کسی دہشت ناک چیز سے
تخالف ع مخالفت کرنا دشمنی کرنا۔
تخلف ع خلاف کرنا وعدہ مین اوسمیے رہنا۔

تا با را ر

ترادف ع دو چیز کا باہم مشابہ ہونا۔
ترف ع جزوات نشک یعنے پنیر جو خمیر اتسی پانی نکالکر بناتے ہین

تا با زا ر

ترنیف ع زبون و ناچیز و ناسرہ کرنا ناکارہ کرنا۔
ترعیف ع ہلاک کرنا مار دینا قتل کرنا جان سے مارنا۔

تا با سین

تسویف ع تاخیر کرنا درنگ و توقف مین ڈالنا دیر لگانا

تا با شین

تشریف ع بزرگ کرنا بزرگ کہنا عزت دینا خطاب آنریبل دینا

تا با صاد

تصلف ع لاف زنا بے اصل بڑائی ظاہر کرنا۔
تصرف ع خرچ کرنا خرچ مین لانا گردانا دخل دینا۔
تصاریف ع یہ لفظ جمع تصریف کی ہے یعنے بہت سی گردانین اور
تصوف ع تسمینہ پہننا اور باصطلاح خواہش نفسانی سے
بری ہونا درویش و فقیر بننا۔
تصحیف ع خطا کرنا کتابت مین اور بغیر نقطے کے ایک لفظ کی
صورت کو بدل دینا جیسا کہ بوسہ کے لفظ کو توشہ پڑہنا
اور درد کو درد بیان کرنا۔

تصنیف ع بنائی ہوئی کتاب دل ہے۔
تصانیف ع جمع تصنف کی بہت سی بنائی ہوئی کتابین
تصریف ع گردان کرنا گردانا اولٹ پلٹ کرنا۔

تا با ضاد

تضعیف ع دوچند کرنا دوگنا کرنا ایک حصے پہلی سے بڑہا دینا
تضاعف ع دوچند کرنا دوگنا کرنا یعنی دو کو چار کر دینا

تا با عین

تعطف ع مہربانی کرنا نرمی سے پیش آنا۔
تعسف ع بے راہ چلنا خلاف و جور کام کرنا۔
تعفف ع پرہیزگاری کرنا عفت مین رہنا۔
تعارف ع پہچاننا واقف ہونا کسیکی شکل و صورت سے
تعریف ع پہچاننا واقف ہونا عرفان حاصل کرنا۔
تعاطف ع مہربانی کرنا نرم دل ہونا کسیکے حال پر۔
تعنف ع سرزنش کرنا طعنہ دینا ملامت کرنا کسی کو۔
تعرف ع پہچاننا واقف ہونا کسی دوسرے کے حال سے

تا با فا ر

تفلسف ع علم حکمت کا حاصل کرنا علم فلاسفہ و حکمت الٰہی کہتے ہین
تف ع بخار حرارت روشنی بد بو گرمی اور دھوان۔
تف ع تہوک جو انسان منہ سے ڈالتا ہے۔

تا با قاف

تقشف ع درویشی و فقیری و مفلسی و ناداری و محتاجی

تا با کاف

تکلف ع رنج اوٹھانا محنت مین پڑنا نیز اندازسے زیادہ کام لینا
تکلیف ع کسیکو رنج مین ڈالنا اندازہ سے زیادہ کام لینا
تکثف ع حقیقت یا کیفیت دریافت کرنا واقف ہونا۔
تکاثف ع سطبر و غلیظ ہونا موٹا اور بے وضع ہونا۔
تکثیف ع سطبر و غلیظ کرنا موٹا و مکروہ ہونا۔

الف با میم

امر معروف ع نیک کام کے لئے امر کرنا اچھے عمل کے لئے حکم دینا

الف با نون

اِنصراف ع پھر آنا مراجعت کرنا انقلاب کرنا کسی جگہ سے۔
اِنعطاف ع خم پکڑنا ٹیڑا ہونا واپس آنا پھرنا۔
اِنکشاف ع ظاہر ہونا پردہ سے نکلنا روبرو آنا۔
اِنکساف ع آفتاب کا گرہن مین آنا کسوف واقع ہونا۔
اِنتکاف ع عار و ننگ و عزت و آبرو و شرم و حیا۔
اِنصاف ع عدل کرنا برابر کرنا آدھا کرنا منصف کرنا
اَنف ع بینی یعنے ناک جو مشہور عضو ہے۔
اِنتصاف ع انصاف یا نا آدھا ہونا برابر ہونا۔
اُنوف ع جمع انف کی بہت سی ناک
اِنحراف ع ٹیڑا ہونا پھر جانا گستاخ و نافرمان ہونا
آنِف ع مطیع و فرمانبردار و صاحب اطاعت

الف با واو

اَوقاف ع وہ مال جو کسیکا ملک ہو جمع وقف کی لفظ کی

الف با یا

اِیتلاف ع الفت و آمیختگی و محبت و یار و رفاقت

دوسری فصل

اون لغات کے بیان مین جنکی اول حرف با اور اخیر مین فا ہے

با با الف

باف ف بننے والا جیسا کہ بوریا باف و جاربا ف وغیرہ۔

با با رے

بَرف مشہور لفظ ہے فرق درمیان یخ اور برف کے یہہ ہے کہ برف غلیظ سفید اور غبار کی طرح برستا ہے اور یخ گلی ہوئی موم کی طرح گرتا ہے۔

با با واو

بوخلاف ع کینت ابلیس علیہ اللعنت۔

با با یا

بَیت المنصف ع لولیون کا مکان۔
بَیت الشَّرَف ع خانہ بلندی و بزرگی یعنے وہ برج کہ اوس مین کسی ستارے کو سعادت و شرف حاصل ہو چنانچہ آفتاب کا شرف برج حمل اور چاند کا شرف برج ثور اور مشتری کا شرف سرطان اور زہرہ کا شرف حوت مین عطارد کا شرف سنبلہ اور مریخ کا شرف جدی اور زحل کا شرف میزان مین ہوتا ہے۔

تیسری فصل

اون لغات کے بیان مین جنکی اول حرف تا اور اخیر مین فا ہے

تا با الف

تاجِ تشریف اصطلاحاً ایک خلعت جو کسیکو پہنایا جائے
تالیف ع دو چیزون کو آپسمین ربط دینا اور جمع کرنا اور کبھی بمعنے اسم مفعول کے یعنے وہ کتاب جو چند کتابون سے جمع کی گئی ہو۔
تآلُّف ع دوستی و سازگاری و الفت و محبت و یار
تآلُّف ع ننگ و عار و شرم و حیا و عزت و آبرو۔
تآسُّف ع افسوس کرنا غم کرنا کسیکی بد حالت پر۔

تا با جیم

تجویف ع خالی کرنا اور جو چیز اندر سے خالی ہو یعنی پولی چیز۔
تجفیف ع خشک کرنا تری دور کرنا سکھانا کسی چیز کو۔

تا با حاء

اِشراف ع بلند ہونا کھڑی ہونا واقف ہونا نیک ہونا۔

الف با صاد

اَصَف ع نام وزیر سلیمان علیہ السلام کا جو عالم و عامل فاضل تھا
اَصَف ع ایک پہل کا نام ہی جو سیاری سی دراز ہوتا ہی
اصحاب کہف ع صاحبان غار جو سات کس صاحب اسلام تھے اور دقیانوس بادشاہ کافر کے ظلم سے بھاگ ایک غار مین جہ ایک کتے کے جا چھپے تھے سو برس سوتے رہی ایک مرتبہ بیدار ہوکر پھر سو گئی قیامت تک سوتے رہینگے کتا بھی اون کے ساتھ سوتا ہے اون کے نام یہہ ہین۔ تملیخا۔ مکسلمینا۔ کشفوطط۔ بتیونس۔ کشافطیونس۔ ازدفطیونس۔ اور اونکے کتے کا نام قطمیر تھا۔

الف با صاد

اَصداف ع جمع صدف کی بہت سی جسمین سے موتی نکلتے ہین
اِصراف ع خرچ کرنا کسی چیز کا۔
اَصناف ع جمع صنف قسم کسی قسم کی چیزین طرح طرح کی چیزین

الف با ضاد

اِضعاف ع دوچند کرنا دوگنا کرنا پہلے سی ایک حصے زیادہ کرنا
اَضائف ع مہمان لوگ جمع ضیف خلاف قیاس۔
اَضیاف ع جمع ضیف مہمان بہت سے مہمان۔
اَضعف ع بہت ضعیف نہایت کمزور ناتوان

الف با طاء

اَطراف ع جمع طرف کی کنارہ جانبہا یعنے کناری اور حاشیہ

الف با عین

اِعتساف ع بے راہ چلنا ظلم کرنا بے انصافی کرنا۔
اَعراف ع نام مقام درمیان دوزخ اور بہشت کے
اِعتراف ع اقرار کرنا اپنی گناہ کا اور پہچاننا۔
اِعتکاف ع گوشہ نشین ہونا خلوت مین بیٹہنا الگ رہنا۔
اَعطاف مہربانیان اور زیادہ محبت و پیار۔

الف با غین

اِغتراف ع ہاتھ سے پانی پینا

الف با فاء

اَف ذ سورج جو ستارہ ہے۔
اُف ذ غم و افسوس و دریغ و اندیشہ۔

الف با قاف

اِقطاف ع میوہ چکنا درخت سے۔

الف با کاف

اَکناف ع جمع کنف طرف اور کنارہ اور پناہ۔
اِکتناف ع پناہ پکڑنا کسی کی حمایت مین آنا۔
اِکاف ع پالان خر و اسپ یعنے جھول گدہے اور گھوڑے کی

الف با لام

اَلاف ع جمع الف کی ہزاران بہت سے ہزار۔
اِلطاف ع مہربانی کرنا محبت سے پیش آنا۔
اِلتفاف ع آپسمین لپٹنا پیچ در پیچ ہونا۔
اَلتفاف ع وہ درخت جو آپسمین لپٹے ہون پیچ در پیچ درخت
اَلطف ع بہت نازک بہت پاکیزہ اور مطبوع
اُلوف ع جمع الف ہزارون بیشمار و بے تعداد
اَلطاف ع جمع لطف مہربانیان اور محبت و پیار۔
اَلیف ع الفت پکڑا گیا محبت پکڑا گیا۔
اَلف ع ہزار جو دس سیکڑون کا عدد ہے۔
اِلف ع خوگیر ہونا و یار و دوست ہنار فیق ہونا۔
اَلف ع یار و دوست و دوستی جو آپس مین ہو۔
اَلف ع مرد جواد و سخی و مرد بے زن نام حرف اول حروف تہجی ہے۔

یوغ ع۔ جوالکڑی کا جو بیل کی گردن پر باندہ کر چلاتے ہین

بیسوان باب

اون لغات کے بیان مین جن کی اخیر حرف فا ہے اور پہلی حروف برعایت حروف تہجی اپنی اپنے موقع پر بدلتی جاتی ہین اس مین چھبیس ۲۶ فصل ہین

پہلی فصل

اون لغات کے بیان مین جن کی اول حرف الف اور اخیر مین فا ہی

الف با تا

اِستِخاف ع تحفہ دینا پیشکش کرنا کسی چیز کا۔
اِتّصاف ع کوئی صفت اختیار کرنا یا موصوف ہونا
اِتلاف ع تلف کرنا ہلاک کرنا نابود کرنا کسی چیز کو۔

الف با جیم

اَحلاف ع مردمان فرومایہ وستمگاران جمع حلف کی۔
اَجوف ع پولی چیز اور سوراخ دار چیز۔
اِجحاف ع نقصان کرنا زیان پہونچانا کسی کو۔

الف با حاء

اَحرف ع جمع حرف یعنے بہت سے لکہی ہوئی حرف۔
اَحنف ع کج پا یعنے جسکا پانو ٹیڑہا ہو۔

الف با خاء

اِخلاف ع پس ماندگان مردہ و فرزندان سعادتمند جمع خلف
اِختطاف ع بجلی کیطرح چلنا یا چلانا اونچی آواز سے

اَخف ع سبک تر یعنے جو چیز بار دار نہو بہت خفیف ہو

الف با راء

اَرجاف ع بیہودگان یعنے بیہودہ لوگ نکمی لوگ
اَراجیف ع جمع ارجاف بہت سے بیہودے نکمے لوگ۔
اِرتشاف ع چوسنا کسی چیز کو منہ مین ڈالکر۔

الف با زاے

اِزلاف ع نزدیک کرنا جمع کرنا واجب ہونا۔
ازاحیف تغیرات ارکان بحور شعر جمع ازحاف و ازحاف جمع زحف

الف با سین

اَسف ع غم و افسوس و حسرت و دریغ۔
اِستنکاف ع ننگ و عار کہنا نفرت رکہنا کسی سے
اُسقف واعظ و فاضل جو فرقہ نصاریٰ مین سے ہو۔
اِسعاف ع حاجت روائی و مشکلکشائی کسیکی
اِستعطاف ع مہربانی چاہنا عاطفت چاہنا کسی سے۔
اِستیناف ع آغاز کرنا ابتدا کرنا کسی چیز مین
اَسلاف ع اگلے زمانہ کے لوگ قدیمی و پرانے لوگ۔
اِسلاف ع آگے بہیجنا کسی چیز کا۔
اِستیلاف ع طلب الفت یعنے کسی سے الفت چاہنا۔
اِستخفاف ع سبکی و حقارت و بیعزتی و ہتک۔
اِسراف ع بیجا خرچ کرنا فضول خرچ کرنا روپیہ کا
اَسیف ع بروزن فعیل غمناک اندوہگین دلگیر
اِسکاف ع کفشگر یعنے موچی جو جوتیان سیتا ہے
اَسیاف ع جمع سیف بہت سے تلوارین جو شہور ہتیار ہے

الف با شین

اَشکاف بزرگ و عظیم و نیکوکار اور اچھا آدمی۔
اَشرف ع بہت شریف اور بہلا آدمی نیکوکار شخص۔
اِشکاف قوی و شان و شوکت عزت و آبرو۔

میم با باء

مبلغ ع پہونچنے کا مقام وحد و نہایت و معنی مقدار اندک و بسیار و مقدار ذرہ جو کسی قدر ہو۔

مُبَلَّغ ع پہونچا یا گیا کسی حد و نہایت و منزل مقصود تک

مُبَلِّغ ع پہونچانیوالا کسی کو کسی مقام و منزل تک۔

مُبْلَغ ع پہونچایا گیا صیغہ اسم مفعول از بلاغ سے۔

میم با راء

مرغ ف اوڑنیوالا جانور جسکو عربی مین طائر کہتے ہین

مُرغ ع ایک گیاہ کا نام ہی جسکو دوب کہتے ہین۔

میم با سین

مساغ روان ہونا اور جاری ہونیکا مقام و جاے اجرا

میم با ضاد

مضغ چائین لینے چبانا کسی چیز کا دانتون مین

میم با عین

مُغ و کافر و مشرک و بت پرست جو مورت کو پوجے

مُغ ع عمیق و ژرف یعنے جو چیز گہری ہو۔

میم با فاء

مُقَرمَغ ع جاے ریختن آب یعنے پانی کے گرنے کا مقام و جاے فراغت۔

مُقَرْمَغ ع گرا ہوا اور فراغت پایا ہوا کام سے۔

میم با میم

مُمَضْمَغ ع چبایا ہوا دانتون مین پسا ہوا دانتون مین

میم با نون

مُنَصْبَغ ع رنگین ہونیوالا کپڑا وغیرہ اشیاء

میم با ہاء

مُہْمِغ مطر و ابر سیاہ کالی گھٹا جسسے بارش ہو۔

سولہوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن کی اول حرف نون اور اخیر مین غین ہے

نون با الف

نان کلاغ ف ایک گہاس کا نام ہے۔

نون با فاء

نِفاغ ع قدح بزرگ یعنے بڑا پیالہ پانی پینے کا۔

نون با واو

نوفاغ نام ایک شہر کا ہے۔

سترہوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن کی اول حرف واو اور اخیر مین غین ہے

واو با راے

وَزَغ و بَزَغ ع حربا بعض کے نزدیک گرگٹ کا دوسرا نام ہے

واو با لام

وُلُوغ ع کتے کا پانی پینا۔

اٹھارہوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن کی اول حرف یا اور اخیر مین غین ہے

یا با الف

یاغ ت روغن کہی ہو یا تیل یا کسی اور چیز کا تیل۔

یا با راء

یَرْلِیغ ت فرمان بادشاہی جو کسی ملک مین جاری ہو۔

یا با واو

طا اور اخیر مین عین ہے

طا با واو

طوغ ت نشان فوج کا جو فوج مین کھڑا کرتے ہین

بارہوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن کی اول حرف فا اور اخیر مین عین ہے

فا با الف

فارغ ع صاحب فراغت جسکو کسی کام سے تعلق نہو۔

فا با راء

فروغ ع روشنی چراغ یا شمع وغیرہ کی۔

فراغ ع فراغت یعنی ہر ایک کام سے الگ ہونا۔

فا با غین

فوغ ت بت پہر کا پہر کی صورت جو بناتے ہین۔

تیرہوین فصل

اون لغات کے بیان مین جنکی اول حرف کاف اور اخیر مین عین ہے

کاف با الف

کاغ ع نام طائر و آواز زاغ و نالہ و فریاد و آتش و نشخوارہ جانوران۔

کاف با راء

گریغ بمعنی گریز یعنے بہاگنا نفرت کرنا علیحدہ ہونا

گرفتن چراغ گل ہونا چراغ کا بجہ جانا چراغ کا

کاف با لام

کلاغ ذ زاغ دشتی یعنے جنگلی کوا جو شہری کوے سے بڑا ہوتا ہے۔

کل مرغ ذ قسم کرکن جسکا سر سرخ اور بے مو ہوتا ہی یعنی اسکے سر پر نہین ہوتے اسواسطے اوسکو کل یعنی گنجہ کہتے ہین۔

چودہوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن کے اول حرف لام اور اخیر مین عین ہے

لام با الف

لاغ ع ہزل و ظرافت و خوش طبعی و مسخری و ہنسی

لادغ ع نام بیماری اور کاٹنے والا مثل گزدم و مار وغیرہ کے

لام با دال

لدغ ع کاٹنا مار و گزدم کا اور واضح ہو کہ جو جانور دم کی طرف سے کاٹے اوسکو لدغ کہتے ہین اور جو دانت سے کاٹے اوسکو لسم کہتے ہین۔

لدیغ ع وہ شخص جسکو گزدم وغیرہ کاٹے۔

لام با غین

لغ ت ترکی مین بمعنی ہست بیضہ ہے۔

پندرہوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن کے اول حرف میم اور اخیر مین عین ہے

میم با الف

مائع ع رقیق چیز جیسے پانی دودہ وغیرہ اور طعام رقیق مثل آش

ماغ ع نام طائر سیاہ جو اکثر پانی پر بیٹھتا ہی اور بادل اور وہ بخار جو سردی کے موسم مین صبح کو ظاہر ہوتا ہے اور ہندی مین اوسکو کول کہتے ہین اور ایک قسم کا کبوتر اور رنگ ابلق۔

مازاغ ع نہ کجی کی اور نہ میل۔

زای با یا

زریغ ع حق کو چھوڑ کر کسی اور کی طرف مائل ہونا۔
تریغ تریغ ذ تریگ ترکیب معنے قطرہ۔ قطرہ۔ بوند بوند

آٹھویں فصل

اون لغات کے بیان میں جن کی اول حرف سین اور اخیر میں غین ہے

سین با الف

سابغ ع گاؤ دگوسپند جو شش سالہ عمر رکھتی ہو۔
سابغ ع پورا کامل وسیع چوڑا فراخ۔
سائغ ع گوارندہ طعام مطبوع طبع کھانا۔

سین با را

سراغ ع نقش پے ونشان یا د تلاش کسی چیز کی۔

سین با واو

سوغ ع جواز وروانگی دگوارائی۔
سوغ دماغ ذ مرض دماغ یعنے دماغ کی بیماری۔

سین با یا

سیمرغ ذ فرضی نام ایک مرغ کا ہی مجازاً بہت بڑا مرغ

نویں فصل

اون لغات کے بیان میں جن کی اول حرف شین اور اخیر میں غین ہے

شین با الف

شاغ ع ذ دستار یعنی پگڑی جو سر پر باندھتے ہیں۔

شین با با

شب چراغ ذ ایک قسم کا یاقوت ہوتا ہے جو رنگ اور نقطہ

شین با ہا

شتر مرغ ذ ایک مرغ کا نام ہے جو شتر اور مرغ کی شباہت
شتر آگ بھی وہ کھا لیتا ہے۔

شین با غین

شغ ع شاخ جو سیاہی سے خالی ہو۔

شین با یا

شیر مرغ ذ پرندوں کا دودھ یعنے چیز نایاب

دسویں فصل

اون لغات کے بیان میں جن کی اول حرف صاد اور اخیر میں غین ہے

صاد با الف

صائغ ع زرگر یعنے سنار زیور بنانیوالا۔
صابغ ذ گاؤ دگوسفند جو شش سالہ عمر رکھتی ہو۔

صاد با با

صبغ ع رنگ جو کپڑا وغیرہ اشیاء کو اوس سے رنگتے ہیں
صبغ ع رنگ کرنا کسی چیز کو رنگین بنانا۔
صباغ ع رنگریز جو کپڑے رنگتا ہے۔

صاد با دال

صدغ ع شقیقہ یعنے وہ جگہ جو کان اور گوشہ
ابرو کے درمیان ہے۔

صاد با ہیم

صمغ ع درختوں کا گوند جو درختوں سے نکلتا ہے۔

صاد با یا

صیاغ ع زرگر یعنے سنار زیور بنانے والا۔

گیارہویں فصل

اون لغات کے بیان میں جن کی اول حرف

چوتھی فصل

اون لغات کے بیان مین جنکی اول حرف جیم اور اخیر مین غین ہے

جیم با الف

جاتاغ ف کلیجہ جمیعہ با در یشہ۔

چاہ مغ ف کنائیہ چاہ عمیق یعنے گہرا کنوان۔

جیم با دال

جدغ ع بینی و گوش و دست کاٹنا اور بند کرنا قید مین ڈالنا

جیم با رے

چراغ ف دیا بتی جلتی ہوئی مجازاً وہ چراغ جو روشن ہو

چرغ ف ایک شکاری جانور کا نام ہے

جیم با سین

جستہ کلاغ ف کشتی کے ایک داؤ کا نام ہے

جیم با شین

چشم و چراغ ف سرپرست یعنی کی رونق خاندان و صاحب

چشم زاغ ف بیحیائے مروت بیشرم و غماز آدمی

جیم با عین

چغ ف جوالگڑی کا جو بیل کی گردن پر رکھکر ہل کھینچتے ہین

چغم ف ردی جو دہی مین بھیر کر مکھن نکالتے ہین۔

پانچوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن کی اول حرف دال اور اخیر مین غین ہے

دال با الف

داغ ف دہبہ جو کسی چیز پر کسی سبب سے پڑ جائے

دامغ ع سر توڑنیوالا مجازاً زبردست و زور آور آدمی

دال بارے

دریغ ف افسوس حسرت و غم جو کسی واقع پر ہو۔

دروغ ف جھوٹ یعنے جو بات سچ نہو۔

دال با سیم

دماغ ع ف گودا مغز کا اور تکبر و غرور و فخر و بڑائی

دال باواو

دوغ ف چھاچھ جسکا نکلا ہوا دودھ فارسی مین جسکو ماست کہتے ہین

دال با ہاے

دہن تیغ ف دم تیغ تلوار کی تیز دھار۔

چھٹی فصل

اون لغات کے بیان مین جنکی اول حرف راے اور اخیر مین غین ہے

راے با الف

زاغ ف دہن کوہ مرغزار و چراگاہ سوینے کی۔

زاغ ف فریبی و حیلہ گر و مکار و دغاباز آدمی

راے با سین

زسغ و رسغ پہونچا ساعد کف دست کو بھی جو ایک عضو کا نام ہے

ساتوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن کی اول حرف زاے اور اخیر مین غین ہے

زاے با الف

زاغ ف نام طایر سیہ رنگ و گوشہ کمان و نام ایک قسم کی آگ اور علم صیغہ امنی بمعنے گشت و میل نمود۔

زاے با غین

زغرغ ف آواز دندان جو بوقت چبانے کسی سخت چیز یا سردی کے نکلتی ہے۔

ہندی مین اونکو سوت کہتے ہین-

اِلفاغ ع شوخ و نافرمان باغی و سرکش آدمی-

اِنزیاغ ع حق کو چھوڑکر باطل کی طرف مائل ہونا-

اِنصباغ ع رنگین ہونا رنگدار ہونا کسی چیز کا-

اِندباغ ع دباغت دینا چمڑے کو یکانا-

الف با واو

اُولاغ ت بواد غیر ملفوظ غر یعنی گدھا جسکو عربی مین حمار کہتے ہین

اُوتاغ ت خانہ حجرہ ایک حصہ گھر کا یعنی کوٹھڑی-

اُوجاغ ت دیگدان یعنی چولہا جسپر طعام یکاتی ہین-

الف با یاء

آیاغ ت شراب کا پیالہ جس مین شراب پیتے ہین-

اِیفاغ ت نماز و خفتہ بخت اور وہ شخص جو کچھہ سویا اور کچھہ جاگتا ہو-

دوسری فصل

اون لغات کے بیان مین جنکے ابتدا مین حرف با اور اخیر مین غین ہے

با با الف

باغ ع عربی و فارسی مین مشترک ہے یعنی نخلستان اور جگہ مین یعنی بند جسسے کسی چیز کو باندہتے ہین-

بالغ ع پہونچنے والا اور وہ مرد جو بلوغت کے حد کو پہونچ جائے اور پیمانہ شراب کا-

بازغ ع روشن اور طلوع ہونیوالا-

پای کلاغ کنایہ قلم و خط بد نما و تحریر نامطبوع-

با با دال

بَدَغ ت شاخ درخت و شمشیر یعنے تلوار-

با با رے

بُرُوغ ع روشنی و حالت طلوع سیارگان آسمانی-

با با لام

بلبل بوستان باغ کنایہ محمد صلے اللہ علیہ وسلم-

بَلاغ ع پہونچانا و کمال و کفایت جو کسی کلام مین منظور ہو

بَلیغ ع پہونچنے والا اور پہونچانے والا و صاحب بلاغت

بَلَغ ع پہونچا منزل مقصود پر آگیا-

بُلُوغ ع پہونچا ہوا ہونا بالغ ہونا بلوغت کی عمر کا ہونا

با با نون

بَناغ ع ایک قسم کا سبوت اور سبزہ جو خشک و تازہ ہوتا ہے

تیسری فصل

اون لغات کے بیان مین جنکے اول حرف تا اور اخیر مین غین ہے

تا با الف

تاغ ع درخت آزاد جسکی آگ بعد جلانیکے دس روز تک رہسکتی ہے

تا با یاء

تَبلیغ ع پہونچانا کسی چیز کو اوسکی منزل مقصود تک

تا با رای

تَرداغ ف سرخوش نیم مست و عقیل و دانا شخص-

تا با سین

تَسویغ ع روان کرنا جاری کرنا چلانا کسی چیز کو-

تا با واو

تُوغ ت بواد مجہول علم و نشان جو لشکر مین کھڑا کیا جاتا ہے

تا با یاء

تیغ ف سبیل تیز تلوار چھری خنجر وغیرہ اس لفظ مین حرف ز اغین کے ساتھہ بدل گیا ہے-

ہنجوع ع خواب و آرام و آسایش۔
ہنجع ع مدہوش و بے خود بیوقوف و نادان۔

ہا با دال

ہذاع ع ضعیف و ناتوان و کمزور و کم قوت۔

ہا با زاے

ہزاع ع مرد ضعیف و بددل و کم ہمت و کم زور

چوبیسوین فصل

اون لغات کے بیان مین جنکے اول حرف یا اور اخیر مین عین ہے

یا با الف

یافع ع میوہ رسیدہ و پختہ و جوان۔

یا با تا

یقطین ع ہر درخت شیرہ دار جیسے بڑ و پیپل وغیرہ جنسے دودہ نکلتا ہی۔

یا با ثین

یشوع ع نام پیغمبر علیہ السلام جو موسی کے خلفا مین سے تہے

یا با فا

یفاع ع زمین بلند یعنے اونچی زمین کریوہ مکر کوہ

یا با نون

ینبوع ع چشمۂ بزرگ یعنے بڑا چشمہ پانی کا۔
ینابیع ع چشمہای بزرگ جمع ینبوع کی لفظ کی۔

اونیسوان باب

اون لغات کے بیان مین جن کی اخیر مین حرف عین اور پہلے حروف برعایت حروف تہجی اپنے اپنے موقع پر بدلتی جاتی ہین اس مین اٹہارہ فصل ہین

پہلی فصل

اون لغات کے بیان مین جن کی اول حرف الف اور اخیر مین عین ہے

الف با با

ابلاغ ع پہونچانا بہیجا خط وغیرہ اشیا کا کسی امیر یا دولتمند کے پاس۔

الف با را ہی

ارواع ت ڈکار یعنے وہ ہوا جو منہ کے راہ نکلتی ہی بعد کہانا کہانیکے

الف با زاے

ازراع ع نفرت و کینہ و غصہ و غضب جو دل مین ہو۔

الف با سین

استفراغ ع فراغت جلہا خالی ہونا قے کرنا۔
اسباغ ع تمام کرنا کامل کرنا پورا کرنا۔

الف با صاد

اصباغ ع جمع صبغ یعنے رنگہا بہت سے رنگ۔

الف با لام

الغ ت کلان و بزرگ اور ہر چیز بڑی۔
الثغ ت وہ شخص جو حرف اپنی زبان سے اون کے مخرج کے ساتہہ ادا نہ کرسکے۔
الثب الغ ت دلیر و بزرگ و جوانمرد آدمی۔
الاغ ت قاصد ڈاک چوکی و سوار ی مرکب۔

الف با میم

ام الدماغ ع وہ غشا اور استخوان جو محیط جوہر دماغ ہے

الف با نون

انباغ ع دو عورتین جو ایک خاوند کی منکوحہ ہون۔

نفع ع بہت فائدہ پہونچانیوالا مال-

نون باقاف

نقع ع گرد و غبار اور تاریکی جو اندھیری کی سبب سے ہو-
نقوع ع ہیوہ وادویہ کو پانی مین بھگونا اور پھر نچوڑنا

نون باواو

نوع ع گونہ وقسم وجنس-

بائیسوین فصل

اون لغات کے بیان مین جنکی اول حرف واو اور اخیر مین یمین ہے

واو باالف

وارع ع باز دارندہ وسردار لشکر حاکم دباد نشاہ-
واضع ع رکھنیوالا پیدا کرنیوالا بنانیوالا-
وادع ع رخصت کرنیوالا وداع کرنیوالا-
واسع ع پھیلنے والا پھیلانیوالا فراخ کرنیوالا-
واقع ع وقوع مین آنیوالا ظاہر ہونیوالا-

واو باجیم

وجع ع درد جو جسم مین پیدا ہو-
وجیع ع درد ناک یا درد دینے والا جسمین درد پیدا ہو-

واو بادال

ودع ع پدرود کرنا رخصت کرنا چھوڑ دینا-
ودع ع مہرہ سفید یعنے شکمہ جسکو کفار پرستش کے وقت بجاتے ہین-
ودائع ع امانتین جو کسی کے پاس رکھی جائین-

واو بارے

ورع ع پرہیزگاری اور بچنا گناہ سے-
ورع ع پرہیزگار جو شخص گنہ سے بچے-

واو باسین

وسع ع فراخی دسترس وتوانائی وقوت وزور
وسیع ع فراخ یعنے جو چیز چوڑی اور لمبی ہو-

واو باشاد

وضع ع رکھنا تربیت کرنا اور طرز وطریق-
وضیع ع نالائق پاجی جو شخص اشراف نہو-

واو باعین

وعوع ع آواز سگ یعنے کتے کی آواز-

واو باقاف

وقاع ع جماع وجنگ لڑائی واجتماع لوگون کا
وقع ع جاہ بلند وعزت وحرمت واعتبار وآبرو وشان
وقائع ع روداد ین حوادث واحوال واخبار مکارزار
جمع وقعہ ثہ جمع واقعہ-
وقوع ع گرنا اور اوترنا مرغ کا اور ظاہر ہونا کسی بات کا
وقیع ع بلند ورفیع مقام اونچی جگہہ بلند محل-

واو باللام

ولع ع حرص وفریفتگی وآرزو ومیل جو کسیکے دل مین ہو-
ولوع ع دروغ یعنے جھوٹہ جسکو عربی مین کذب کہتے ہین
ولوع ع حریص یعنے جو شخص لالچی ہو-

تیئیسوین فصل

اون لغات کے بیان مین جنکی اول حرف ہا اور اخیر مین عین ہے

ہا باالف

ہاع ع مرد بددل وغرول وکم حوصلہ کم ہمت-
ہائع ع مرد بددل وغرول وکم حوصلہ-

ہا باجیم

مُنقلع ع اوکھاڑا گیا بیخ سے نکالا گیا۔
مُنوع ع بازدارندہ بازرکھنے والا منع کرنیوالا۔
مُنقنع ع قناعت کرنیوالا تھوڑی پر صبر کرنیوالا۔
مُنتجع ع جای آب وگیاہ یعنی جس مین مین گھاس پانی ہو
مُنتزع ع کھینچکر نکالنیوالا زبردستی سے کام لینیوالا۔
مُنتفع ع فائدہ مند چیز اور نفع پہونچانے والی۔
مَنع ع بازرکھنا ہٹانا الگ کرنا بُرے کام سے
مُنزوع ع کھینچا گیا کشش سے نکالا گیا۔
مَنبع ع چشمہ پانی کا جسسے پانی جاری ہو۔
مَنابع ع جمع منبع یعنے بہت سے چشمے پانی کے
مُنقطع ع قطع ہونیوالا صبا ہونیوالا
مُنتجع ع نیکوکار وجای آب وگیاہ سبزہ زمین
مُنطبع ع نقش ہونیوالا چھپانیوالا۔
مَنافع ع جمع منفعت بہت سی منفعت
مُندفع ع دفع ہونیوالا جدا ہونیوالا دور ہونیوالا۔
مُنازع ع نزاع کرنیوالا جھگڑنیوالا کسی بات پر
مُنتہی المجموع ع وہ جمع جسکو جمع نہ کرسکین

میم باواو

مَوقع ع دام ہونے اور گرنے کا مقام
مُوقع ع توقیع کیا گیا بلند کیا گیا اوپر چڑھایا گیا۔
مَواقع ع جمع موقع کے لفظ کی۔
مُوجع ع دردناک اور درد مین لانیوالا جسسے درد پیدا ہو
مُودع ع رخصت کرنے والا وداع کرنے والا۔
مُودَع ع وداع کیا گیا رخصت کیا گیا۔
مُوزع ع پراگندہ کرنیوالا تقسیم کرنیوالا بانٹنے والا
مَوانع ع جمع مانع کی جسسے منع کرنیوالے۔
مَوضع ع جگہ مقام مجازاً قریہ گانو۔
مُوقع ع خریص کیا گیا حرص دلایا گیا۔
مَوضوع ع رکھا گیا بنایا گیا۔

الکیسوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن کی اول حرف نون اور اخیر مین غین ہے

نون با الف

نافع ع نفع پہونچانیوالا فائدہ دینے والا۔
ناصع ع خالص جس مین دوسری چیز کی آمیزش نہو۔

نون با باء

نبع ع نکلنا پانی کا چشمہ سے اجرا پانی کا۔
نبوع ع اُبھرنا جوش کرنا پانی کا چشمہ سے اجرا پانا۔

نون با خاء

نخاع ع حرام مغز یعنے مغز مہرہ ہای پشت جو پشت مین ہوتا ہے
نخع ع آب بینی یعنی ناک کا فضلہ جو نکلتا ہے۔

نون با راے

نزع ع کھینچنا کسی چیز کا اوسکی جگہ سے اور جان کندن
نزاع ع آرزومندی وکشاکش مجادلہ خصومت

نون با سین

نسر واقع ع نام ستارہ۔

نون با صاد

نصع ع چمڑا جلد جو بدن کے اوپر ہے۔

نون با طاء

نطع ع بساط فرش جو فرش چمڑے کا بنا ہوا ہو۔

نون با عین

نعناع و نعنع ع پودینہ جو ایک مشہور چیز ہے۔

نون با فاء

نفع ع فائدہ سود جو انسان کو تجارت وغیرہ سے حاصل ہو

میم با ضاد

مَضجع ع خوابگاہ سونے کی جگہہ آرام کی جگہ۔
مَضاجع ع جمع مضجع بہت سے سونے کے مقام۔
مُضیع ع ضائع کرنیوالا اتلف کرنیوالا۔
مُضارع ع شریک شبیہ مانند ہونیوالا اور اسم فاعل مضارعت سے بمعنی مشابہت اور وہ صیغہ جسکا زمانہ حال و استقبال کے درمیان ہو اور مضارعت ماخوذ ضرع سے بمعنی پستان گاؤ گو سپند اور مضارع اون بچہ کو کہتے ہین جو دوسرے بچہ کے ساتھہ ایک پستان سے دودہ پیے۔

میم با طاء

مَطلع ع ستارون کے نکلنے کی جگہہ اور بہلا بیت غزل اور قصیدہ کے جو دونون مصرعون مین قافیہ و ردیف رکھتا ہو۔
مُطلع ع خبر دینے والا آگاہ کرنے والا۔
مَطبوع ع طبع ع جو چیز طبیعت کو پسند ہو۔
مَطمُوع ع لالچ دیا گیا طمع دیا گیا امیدوار کیا گیا۔
مُطیع ع فرمانبردار اطاعت کرنے والا۔
مُطلَع ع خبر دیا گیا یعنے جسکو خبر دی گئی ہو۔
مَطالِع ع جمع مطلع اور نام کتاب علم منطق مین۔
مَطالِع ع جمع طلع طلائی قبائین جسطرح محاسن جمع حسن
مَطمَع ع جای طمع امید و لالچ کا مقام۔
مَطبُوع ع دلپسند اور چھپا ہوا کاغذ اور چیز دلپسند
مُطاوِع ع فرمانبرداری کرنیوالا اطاعت کرنیوالا۔
مُطاع ع فرمانبرداری کیا گیا اطاعت کیا گیا۔

میم با عین

مع ع ہمراہ اور ساتھہ ملا ہوا۔

میم با غین

مَغ ع عمیق و ژرف ورود خانہ جو عمیق ہو۔
مُغ ع آتش پرست جو آگ کو پوجتا ہے۔

میم با فاء

مُفرَع ع شاخ شاخ کیا گیا ڈالی ڈالی کیا گیا۔
مَفزَع ع جای پناہ مقام بیخوفی۔

میم با قاف

مُقَنَّع ع نام شخص جسکے بیٹے کا نام ابن مقنع تہا۔
مُقاطِع ع قطع کرنیوالا اجارہ لینیوالا ٹھیکہ لینے والا۔
مَقاطِیع ع جمع مقطع کی اور مقطع غزل کے اخیر بیت کو کہتے ہین جس مین مصنف کا نام ہوتا ہے۔
مَقطُوع ع قطع کیا گیا جدا کیا گیا کاٹ دیا گیا۔
مُقطِع ع قطع کرنیوالا اور معاملات و دعاوی لوگون کے
مُقَطَّع ع کاٹا گیا قطع و درست کیا گیا۔
مَقطَع ع مقراض قطع کرنے کا آلہ یعنے قینچی۔
مَقطَع ع محل انتہا و اتمام و آخر بیت غزل و قصیدہ۔

میم با لام

مُلَمَّع ع روشن کیا گیا چاندی یا سونے کے ساتھہ اور وہ نظم جسکا ایک مصرع فارسی اور ایک عربی ہو۔
مُلتاع ع سوزندہ و عاشق و مشتاق جو جدائی کی حالت مین جلتا ہو۔

میم با میم

مُمتَنِع ع منع کیا گیا باز رکھا گیا کسی بُرے کام سے
مَمنُوع ع نامشروع چیزین جو شرعاً اور عقلاً ممنوع ہے

میم با نون

مَنِیع ع محکم و استوار اور باز دارندہ یعنی باز رکھنے والا۔
مَنّاع ع بہت منع کرنیوالا باز رکھنے والا۔

مُرَبَّع ع چار گوشہ چیز جسکا عرض و طول برابر ہو اور ایک طرح کی نشست اور ایک طرح کا تعویذ۔

مَرابِع ع منزلہا و مکانہا یعنی بہت منزلین اور مقام

مُرَصَّع ع جڑاؤ نگینون سے ماخوذ رصع سے جسکے معنی چپکنے یا چپکانے کے ہین اور وہ نظم و نثر جسکے قفرے اور قافیہ درست ہون۔

مَرجُوع ع رجوع کیا گیا متوجہ کیا گیا۔

مُرَصَّع ع جڑاؤ زیور جو نگینہ دار ہو۔

مُرتَفِع ع بلند ہونیوالا کسی جگہ سے نکلنے والا۔

مَرتَفَع ع اوٹھایا گیا بلند کیا گیا اوپر چڑھایا گیا۔

مَرجِع ع جای رجوع جسطرف سب کا رجوع ہو۔

مَرفُوع ع بلند کیا گیا اوٹھایا گیا حرکت پیش کی دیا گیا۔

مَرعُوب ع ڈرایا گیا نگاہ رکھا گیا خوف دلایا گیا۔

مَرتَبہ جمع المجمع ع مقام وحدت وظہور اول یعنی وحدت کا مقام اور پہلا ظہور۔

میم بازاے

مَزارِع ع زرعت کرنیوالا زمیندار کھیتی کرنیوالا۔

مَزارِع ع جمع مزرع یعنی بہت سی کھیتیان۔

مَزرَع ع جای کاشت یعنے کھیتی جہان کوئی چیز بوئین

مَزاد کردن متاع ع نرخ بڑہانا کسی چیز کا۔

میم باسین

مُسرِع ع شتاب کرنیوالا تیز رفتار تیز چلنے والا۔

مُستَوْدَع ع امانت نگاہ جہان امانت رکھین۔

مُستَوْدِع ع امانت نگاہ رکھنے والا یعنے امین۔

مَسمَع ع گوش اور دستہ میانہ دولوہے رسی باندہین۔

مُستَبدِع ع بدعت و عجیب گنا گیا خلاف صورت بنایا گیا۔

مَسامِع ع گوشہا یعنے بہت سے کان۔

مُستَکبِر ع صاحب تطاعت و صاحب قدرت مالدار و لمبتدو

مُستَتبِع ع پیروی کرنیوالا فرمانبردار تابع۔

مُستَطاع ع فرمانبردار و مطیع اطاعت کرنیوالا۔

مُستَوسِع ع فراخ چیز جو چوڑی ہو۔

مُساوِی الاَضلاع ع چیز مثلث یا مربع جسکی گوشی برابر ہون

مَسمُوع ع سنا گیا یعنے خوبات سنین۔

مُستَجمِع ع جمع کرنے والا اکٹھا کرنے والا۔

مُسَجَّع ع سخن با قافیہ و ردیف و کلام مقفی۔

میم باشین

مُشاع ع مشترک و غیر منقسم و آشکار و ظاہر اور یہ لفظ زمین کے ذکر مین مستعمل ہوتا ہے۔

مَشارِع ع جمع مشرع راہہا یعنے راستی جاری۔

مُشَبَّع ع سیر کیا گیا اور بہت پڑا ہوا۔

مُشَعشَع و مشعشعہ ع روشن اور شراب جس مین پانی ملا ہوا ہو۔

مُشتاع ع ظاہر کیا گیا روشن کیا گیا چمکایا گیا۔

مُشَنَّع ع بدوزشت اور ملامت کیا گیا۔

مَشرُوع ع جو شرع مین جائز ہو اور نام کپڑے کا جسمین آدہا ریشم اور آدہا سوت ہو۔

میم باصاد

مُصَدَّع ع دردسر ہو پہنچایا گیا جدا جدا کیا گیا۔

مَصرَع و مِصراع ع دروازہ کا تختہ اور آدہا بیت یا نظم مین

مُصَرَّع مصرع لایا گیا مصرع بنایا گیا بیت مین سے

مَصنَع ع قلعہ و کاریز و آبگیر و حوض جس مین پانی ہو۔

مُصَنَّع ع بنایا ہوا درست کیا ہوا۔

مَصنُوع ع بنایا گیا درست کیا گیا۔

مِصقَع ع فصیح و بلیغ شخص جسکی کلام نہایت فصیح و بلیغ ہو۔

مَصاقِع ع جمع مصقع بہت سے فصیح و بلیغ۔

لام با سین

لسع ع کاٹنا سانپ و بچھو وغیرہ کا ڈنک مارنا۔

لام با میم

لموع ع جمع لمعہ روشنیان اور چمکاری اور جلوے۔

لام با واو

لوامع ع جمع لامع پرتوے چمکتے ہوئے اور روشنیان۔

بیسویں فصل

اون لغات کے بیان مین جن کی اول حرف میم اور اخیر مین عین ہے

میم با الف

مائع ع جو چیز رقیق ہو مثل آب و روغن وغیرہ۔
ماہ مقنع ع ماہ منخسف شعبدہ مقنع حکیم کا۔

میم با باء

مبدع ع اپنی آپ سے کوئی چیز پیدا کرنیوالا۔
مبتدع ع بدعت کرنیوالا نئی بات کرنیوالا نئی رسم نکالنیوالا
منبضع ع نشتر خون نکالنی کا جسسے فصد لیتے ہین۔
مبیع ع کوئی چیز خریدی ہوئی یا بیچی ہوئی چیز۔
مبرقع ع نام نغمہ موسیقی مین یعنے ایک راگ کا نام ہے

میم با تاء

متوسع ع پرہیزگار اور پارسا گنہ سے بچنے والا۔
متوزع ع پراگندہ و پریشان و بے انتظام۔
متاع ع اسباب جسسے نفع لیکن سوداگر کا مال۔
متفرع ع شاخ بننے والا۔
متبوع ع متابعت کیا گیا فرمانبرداری کیا گیا۔
متمتع ع برخوردار فائدہ مند اور وہ شخص جو فائدہ پائے
متواضع ع فروتنی کرنیوالا عجز ظاہر کرنے والا۔
متوقع ع امیدوار جسکو کسی سے کچھہ طمع ہو۔
متصدع ع دردسر پانیوالا تکلیف اوٹھانیوالا۔
متسع ع فراخ ہونیوالا چوڑا ہونیوالا بچہ جانیوالا۔
متدرع ع زرہ پوش جسنے زرہ پہنی ہوئی ہو۔
متضرع ع زاری کرنیوالا عاجزی ظاہر کرنیوالا۔
متبوع ع پیروی کیا گیا یعنی جسکی رسم پر چلین
متنوع ع گوناگون رنگ برنگ طرح طرح قسم قسم

میم با ثاء

مثلث متساوی الاضلاع ع تین ضلع کی ایک شکل ہے

میم با جیم

مجتمع ع جمع کیا گیا اکٹھا کیا گیا یکجا کیا گیا۔
مجمع ع مجلس و جا ملی اجتماع جہان سب لوگ جمع ہون
مجموع ع جمع کیا گیا اور عام و کمال اور پورا۔
مجامع ع جمع ہونیکے مقام مجلس کے مقام۔

میم با حاء

مخلع ع خلعت دیا گیا لباس پہنایا گیا۔
مخلوع ع باہر نکالا گیا الگ کیا گیا۔
مخترع ع اختراع کرنیوالا نیا کام کرنیوالا۔
مخادع ع مکر و فریب کرنیوالا فریبی آدمی۔
مخلی بالطبع ع فارغ بے اندیشہ بے تکلف بے غم۔

میم با دال

مدافع ع دفع کرنیوالا دور کرنیوالا علیحدہ کرنیوالا

میم با راء

مرتع ع چراگاہ ستوران و سبزہ زار جہان چارپای چرین
مراتع ع جمع مرتع بہت سے سبزہ زار اور چرنے کے مقام
مرقع ع کتاب تصاویر و خرقۂ درویشان اور وہ چیز پارہ پارہ اور ٹکڑے ٹکڑے سی گئی ہو۔

سترہوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن کی اول حرف قاف اور اخیر مین عین ہے

قاف با الف

قامع ع توڑنے والا برباد کرنیوالا خراب کرنیوالا۔
قانع ع قناعت کرنیوالا تھوڑی چیز پر صبر کرنیوالا۔
قاطع ع کاٹنے والا جدا کرنے والا قطع کرنیوالا۔
قاع ع زمین ہموار و فراخ و میدان فراخ۔
قارع ع فال اور قرعہ دیکھنے والا اور ستور یعنے جانور کشتی کرنیوالا اور وہ شخص جسکے سر کے بال بسبب علت کے گر گئے ہون اور مشورت قبول کرنیوالا کسیکے منع کرنیسے منع ہو جانے والا۔

قاف با را

قرع ع کدو سبز ترا اور ٹھوکنا اور مارنا۔
قرع ع گرنا کے بالون کا بسبب کسی بیماری کے
قرع ع جمع قرعہ یعنے بہت سے قرعے فال دیکھنے کے۔

قاف با طا

قطع ع کاٹنا جدا کرنا قطع کرنا الگ کرنا۔

قاف با لام

قلاع ع جمع قلعہ کی یعنی وہ عمارتین جو لڑنیکو بنائین
قلاع ع نام بیماری جو منہ مین چھالے پڑ جاتے ہین
قلع ع اوکھاڑنا اور نام معدن از زیر یعنی قلعی کے کان کا

قاف با میم

قمع ع عمود مارنا توڑنا خوار کرنا خراب کرنا۔

قاف با نون

قنوع ع قانع ہونا قناعت کرنا تھوڑی پر راضی ہونا
قناع ع مقنعہ و پردہ پوش اوڑھنی عورتون کے پہننے کی

قاف با واو

قوارع ع جمع قارعہ حوادث زمانہ یعنے زمانے کی سختیان

اٹھارہوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن کی اول حرف کاف اور اخیر مین عین ہے

کاف با الف

کاکل شمع ف دھوان جو شمع کی سر سے نکلتا ہے بعض اسکو تاج شمع کہتے ہین۔

کاف با را

کراع ع پائچہ گوسپند و گاو و ساق حیوانات مذبوحہ و گروہ اسپان اور وہ لفظ جسے گھوڑون کو جمع کرتے ہین
کرع ع بارش کا پانی جو کھڑا ہو اور منہ لگا کر پانی پینا نہر سے بلا ذریعہ ہاتھون کے اور باریک ساق ہونا۔

کاف با یا

کید قاطع ع نام ستارہ منحوس و نام دار جسکی لمبی پونچھ ہوتی ہے

اونیسوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن کے اول حرف لام اور اخیر مین عین ہے

لام با الف

لامع ع روشن و درخشان یعنے چمکتا ہوا۔
لاذع ع جلنے والا اور جلانیوالا کسی چیز کو۔

لام با ذال

لذع ع سوزش دینا جلانا آگ سے۔
لذاع ع جلانیوالا آگ سے یا آگ جو جلانیوالی ہو۔

ضعافٍ ع جمع ضعف یعنے بہت سے مینڈک۔

ضاد بالام

ضِلع ع استخوان پہلو وحصہ مین ضلوع اسکی جمع ہے

ضاد بایاء

ضِیاع ع جمع ضیعہ اراضی مزروعہ۔

پندرہوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن کی اول حرف طا اور اخیر مین عین ہے

طا با الف

طالِع ع نکلنے والا چڑہنے والا ستارہ مجازاً نصیب

طامِع ع حرص کرنے والا۔

طائِع ع فرمان بردار اطاعت کرنیوالا شخص۔

طا با باء

طَبع ع سرشت آدمی کی مہر لگانا نقش کرنا چھاپنا سکہ کا روپیہ پیسہ پر مضروب کرنا درہم ودینار کو۔

طَبائِع ع جمع طبع کی یعنے بہت سے طبیعتین اور مہر اور چھاپے

طَبّاع ع صاحب طبیعت ذکی وگوزہ گر اور چھاپنے والا

طِبَاع ع سرشت اور خوی آدمیون کی جو زائل نہو جمع طبع وجمع طبیعت چنانچہ بحار جمع بحر کی۔

طا با لام

طَلَع ع شگوفہ درخت خرما کا جو نیا نکلا ہو۔

طُلُوع ع نکلنا اور چڑہنا ستارے کا اور پہاڑ پر چڑہنا بلند ہونا

طا با میم

طَمَع وطَمَع ع امید حرص وزیادہ طلبی۔

طَمّاع ع بہت حرص کرنیوالا اور امید رکھنے والا۔

طُمّاع ع ملمع کرنیوالا شخص بہت طامع۔

طا با واو

طَوالِع جمع طالع کی اور نام ایک کتاب کا۔

طَوع ع رغبت واطاعت وتوجہ جو کسی طرف ہو۔

سولہوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن کی اول حرف فا اور اخیر مین عین ہے

فا با الف

فاقِع ع جو چیز بہت زرد ہو سبنتی رنگ کی۔

فا با راے

فَرع ع شاخ درخت کی۔

فُرُوع ع شاخہای درخت وباصطلاح علماے علم فقہ جو بابین سواے اصول کے ہین اور نام علم کا۔

فا با زاے

فَزع ع خوف وترس وبیم وہیبت ورعب۔

فَزِع ع ڈرنیوالا خوف کرنیوالا ڈرپوک آدمی۔

فا با صاد

فَصل رَبیع ع بہار کا موسم جیٹھ اور بیساکھ کا مہینہ۔

فا با ضاد

فَصل رَبیع ع نام وزیر ہارون رشید کا جو بہت ہوشیار تھا۔

فا با طاء

فَطِیع ع شنیع وقبیح جو زیادہ ترملکوہ ہو۔

فا با قاف

فُقّاع ع بوزہ جو جانوروں سے بناتے ہین اور اسکے پینے کی نشہ آتا ہے وشراب خمیر سکر وشیشہ وحباب وپیالہ وکوزہ وشربت۔

فُقّع ع شراب بے نشہ مخفف فقاع کے لفظ کا۔

فا با لام

فَلّاح ع چیرنے والا مجازاً کوہاڑا لکڑی چیرنے کا۔

فا با یاء

فِی الواقِع ع حقیقت مین۔

شین بارے

شرع ع طریق و دین و مذہب اور رستہ۔

شراع ع بادبان کشتی کا۔

شرح مطالع ع علم منطق مین ایک کتاب کا نام ہے

شرائع ع جمع شریعت کی یعنی بہت سی شریعتین۔

شین ہا میم

شمع و شمع ع موم اور موم کی بتی جو رات کو روشن کیجاتی ہے

شموع ع جمع شمع یعنے بہت سی بتیان جلانی کی۔

شین ہا نون

شنیع ع بدوزشت و ناپسندیدہ و مکروہ و نامطبوع

شنائع ع جمع شنیع کی لفظ کی بہت سے بدوزشت چیزین

شین ہا واو

شوارع ع بڑی اور سیدھی راستی یہہ لفظ جمع شارع کی ہے

شین ہا یاء

شیوع ع ظاہر ہونا آشکار ہونا مشہور ہونا کسی چیز کا۔

تیرہوین فصل

ون لغات کے بیان مین جن کے اول حرف صاد
اور اخیر مین عین ہے

صاد با الف

صانع ع کاریگر کسی چیز کا بنانیوالا اور نام خدا تعالے کا

صاع ع نام پیمانہ مقدر دو سو چوتیس تولہ کے ہندی مین پوئیہ

صاد با دال

صداع ع چیرنا مجازاً درد سر جو مشہور بیماری ہے۔

صدع ع چیرنا کھودنا پہاڑنا کسی چیز کو۔

صاد با را

صرع ع زمین پر گرانا اور نام بیماری مہلک کا جسکو مرگی کہتے ہین

صاد با فا

صفع ع مکا لگانا گھونسا مارنا کسی کو۔

صاد با لام

صلع ع بیماری گنج کی اور اوترنا سر کے بالون کا

صاد با نون

صنع ع کام کرنا پیدا کرنا نیکی کرنا جمع اسکی صنائع ہے

صاد با واو

صوامع ع جمع صومعہ عبادت خانہ خدا پرستون کا

چودہوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن کے اول حرف صاد
اور اخیر مین عین ہے

صاد با الف

صنائع ع تلف و برباد ہوا ہوا خراب ہوئی ہوئی چیز۔

صاد با یاء

ضبع ع کفتار یہ جانور مشہور ہے ہندی مین
اوسکو بجو کہتے ہین۔

صاد با جیم

ضجیع ع ہمخوابہ و ہم بستر دوست رفیق ہم صحبت۔

صاد با را

ضرع ع پستان گائے وگوسپند وغیرہ جانورونکا جو دودہ دیتے ہین

ضرع ع زاری و فروتنی و خاکساری و عجز و نیاز۔

ضریع ایک گھاس کا نام ہے جو دریا کے کنارے پیدا
ہوتی ہے اوسکی بدمزگی اور سمیت سے کوئی جانور منہ
نہین لگاتا اور جو کھاتا ہے مر جاتا ہے۔

صاد با فا

ضفدع ع وہ کیڑا مینڈک جو مشہور آبی جانور ہے

زرع ع اوگنا اوگانا بونا اور کھیتی جو بوئی ہوئی ہو۔

گیارہوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن کی اول حرف سین اور اخیر مین عین ہے

سین با الف

ساجع ع گانیوالا پرند بلبل وغیرہ قافیہ دار بولنی والا۔
سابع ع ساتوان یعنی ساتوان حصہ ایک عدد کا سات مین سے ایک
ساطع ع بلند اوپر چڑھا ہوا امیر غنی مالدار۔
سامع ع سننے والا کسی بات کا کان سے۔

سین با ہاء

سبع ع ہفت یعنے سات عدد ہین۔
سبع ع جانور درندہ مثل گرگ و سگ وغیرہ۔
سبع ع ساتوان حصہ اور ساتوان حصہ قران کا جو
سات منزل مین منقسم ہے اور سات عدد مین سے ایک
سباع ع درندگان یعنے درندی چارپای مثل شیر
گرگ و پلنگ وغیرہ جمع سبع کے لفظ کی۔

سین با حیم

سجع ع آواز طیور خوش آواز جانورونکی جو مطبوع ہو۔

سین با راء

سراع ع شاخین تازہ درخت انگور کی اوپر سے دار
سرع ع شاخ تازہ درخت انگور کی جو سرسبز ہو
سریع ع شتاب کرنے والا اور جلد باز آدمی اور نام
ایک بحر کا عروض سے جسکا وزن یہہ ہے جو لکھا گیا ہے
مفتعلن مفتعلن فاعلان۔

سین با طاء

سطوع ع بلند ہونا اوپر کو چڑھنا عزت دار ہونا۔

سین با میم

سماع ع سرود راگ اور سننا کسی تقریر یا بات کا
سمع ع کان اور سننا۔
سمع ع بچہ گرگ جو کفتار سے ہو یعنے مادہ گرگ ہو اور باپ
کفتار یا برخلاف اسکے۔

سین با واو

سواع ع نام بت جسکو قوم نوح ع کی پوجتی تھی۔
سواطع ع جمع ساطع کی لفظ کی جسکے معنی روشن کے ہین

سین با ہاء

سته نوع ع مواليد ثلاثه یعنے نباتات جمادات حیوانات

سین با یاء

سیاع ع کھگل جو دیوار اور چھت کو کرتے ہین

بارہوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن کے اول حرف شین اور اخیر مین عین ہے

شین با الف

شافع ع شفاعت کرنے والا سفارش کرنیوالا لقب
جناب محمد صلے اللہ علیہ وسلم کا ہے۔
شائع ع فاش ظاہر آشکارا روشن مشہور۔
شاع ع آشکارا و فاش ظاہر و مشہور۔
شارع ع راہ راست و راہ بزرگ و صاحب شرع۔

شین با باء

شبع ع سیر ہونا طعام سے بخلاف گرسنگی یعنے پیٹ بھر کے کھانا

شین با حیم

شجاع ع بہادر دلیر آدمی جنگ آور شخص اور وہ شخص
جو ہر ایک کام مین جیت و چالاک ہو۔

ذ ایع ع آشکارا دفاش و پراگندہ و ظاہر سب کے روبرو

ذال با رائے

ذراع ع ہاتھ یا دو بالشت اور فاصلہ سر انگشت انسان سے آرنج تک اور گز پانچ کا اور ذراع راشتر حو واسطی نشان کے دیا جاتا ہی اور نام ساتوین منزل کا منازل قمر سے۔

ذرائع ع جمع ذریعہ وسیلہ یا یعنی بہت سے ذریعے اور وسیلے

ذرع ع طاقت اور بالشت سے ناپنا کسی کپڑے وغیرہ کو۔

ذرع ع طمع و بچہ گاو وحشی۔

نوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن کی اول حرف رای اور اخیر مین عین ہے

رای با الف

رائع ع چرنے والا بلند ہونیوالا۔

رابع ع چوتھا یعنے کسی چیز کا چوتھا حصہ چار مین سے ایک

راجع ع رجوع کرنیوالا توجہ کرنیوالا متوجہ ہونیوالا۔

راکع ع رکوع کرنے والا جھک جانے والا۔

رائع ع بھولنی والا بڑھنے والا اور وہ مال جو کھیتی سے ملے

رادع ع ہٹانے والا موڑ دینے والا واپس کرنیوالا

رافع ع اوٹھانیوالا بلند کرنیوالا پیش کے حرکت دینے والا فریاد کرنیوالا عدالت جانے والا۔

راقع ع کپڑے کو پیوند لگانیوالا گودڑی سینے والا

رای بای

رب النوع ع ایک فرشتہ کا نام ہی جو ہر ایک مخلوق کی پرورش و حفاظت پر موکل ہے۔

ربع ع چوتھا حصہ اور نام ایک آلہ نجوم کا جو نجومی کہتے ہین

ربع ع وہ تیجہ چوتھی روز عود کرے یعنے چار روز کا

ربیع ع موسم بہار یعنے ماہ چیت و بیساکھ جس مین موسم زمانکلکر بہار کا موسم آجاتا ہے اور باغ سرسبز ہوجاتے ہین پھول پھولنی پر آجاتے ہین اور نام ایک مرد سخی کا جسکو ربیع بن فضل کہتے ہین

رای با ہا

رجیع ع جو چیز رد کی جائی مجازاً سرگین آدمی و ستور و نشخوار دشتر لاغر یعنے دبلا اونٹ۔

رجع ع رجوع کرنا لوٹنا پھر آنا متوجہ ہونا۔

رجوع ع متوجہ ہونا عود کرنا واپس پھر آنا لوٹنا۔

رای با ضاد

رضیع ع طفل شیر خوار اور شیر جن دونون نے عالم شیر خواری مین ایک دایہ یا والدہ کا دودھ پیا ہو یعنے دودھ کا بھائی یا بہن۔

رضاع ع دودھ پینا بچہ کا اور زمانہ شیر خواری یعنے جبتک بچہ دودھ پیتا ہے

رای با فا

رفع ع اوٹھانا بلند کرنا فریاد کرنا دعوی کرنا انصاف مانگنا دور کرنا پیش کی حرکت دینا معزول ہونا کسی عہدہ سے

رفیع ع بلند عزتدار اور چڑھا ہوا امیر دولتمند۔

رای با قاف

رقاع ع ٹکڑے اور رقعہ کا مختصر جمع رقعہ کے لفظ کی۔

رای با یای

ریع ع کھیتی کا بڑہنا اور اوسکے آمدنی یعنی جو روپیہ اوس سے

دسوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن کی اول حرف زای اور اخیر مین عین ہے

زای با رای

پانچوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن کے اول حرف حا اور اخیر مین عین ہے

حا با سین

حسن مطلع ف دوسرا بیت غزل و قصیدہ سی جو پہلے بیت مطلع کی طرح پر ہو۔

چھٹی فصل

اون لغات کے بیان مین جن کی اول حرف خا اور اخیر مین عین ہے

خا با الف

خاضع ف فروتنی و تواضع کرنیوالا خاکسار ظاہر کرنیوالا

خاشع ف عاجزی کرنیوالا منت و خوشامد کرنیوالا۔

خادع ف فریبی مکار دغاباز آدمی۔

خاطر جمع ف دل کی تسلی ضد پریشانی کی۔

خا با دال

خدع و خدع ف فریب دینا دغا سی پیش آنا داؤ دینا۔

خداع ف فریب دینا دغا دینا داؤ مین لانا۔

خدائع ف جمع خدیعت کی مکر و فریب و دغابازی۔

خا با رے

خریع ف بچہ خرگوش جو ایک مشہور جانور ہے۔

خا با سین

خشوع ف عجز و فروتنی و خوف و رعب جو کسی پر غالب ہو۔

خا با ضاد

خضوع ف عاجزی کرنا۔

خا با لام

خلع ف نکلنا اور نکالنا عضو کا بند و پیوند سی اور اوتارنا کپڑے اور موزہ کا اور خلعت دینا۔

خلع ف طلاق لینا عورت کا بعوض تخشنی حق مہر یا بعوض دینی اولاد اور مال نقد و جنس کے۔

خا با میم

خمع ف گرگ درندہ یعنی بھیڑیا جو مشہور درندہ ہے۔

ساتوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن کی اول حرف دال اور اخیر مین عین ہے

دال با رے

درع ف زرہ جو پہلوان جنگ کے وقت پہنتا ہے

دال با عین

دعای قدح ف نام دعا ہی جو عربی زبان مین ہے۔

دع ف صیغہ امر یعنی بگذار اور چھوڑ دفع کر درگذر۔

دع ف مصدر ہے بمعنے دفع کرنا چھوڑنا درگزر کرنا۔

دال با میم

دمع و دمع ف اشک چشم اور نام بیماری چشم جسسی آنکھون سی پانی جاری رہتا ہے۔

دموع ف اشکہای چشم یعنے آنکھون کے آنسو۔

دال با واو

دوافع ف جمع دافع دفع کرنیوالے دور کرنیوالے۔

آٹھوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن کی اول حرف ذال اور اخیر مین عین ہے

ذال با الف

ایک فصول کو بیت کے علیحدہ علیحدہ ٹکڑون پر تقسیم کرینگے تو اوسکا نام تقطیع ہے چنانچہ خدایا فصولن بیان با فصولن دشاہی فصولن تراست فصول۔

تقصیر ع بدکنا ملامت کرنا بیقرار ہونا پہلو پہلو پہرنا۔

تقاطع ع ایک دوسرے سے قطع کرنا علیحدگی کرنا۔

تا با کاف

تلمیع ع وضو کرنا منہ ہاتھ دہونا ماخوذ اکارع سے

تا با لام

تلمع ع روشن ہونا چمکنا جلوہ دینا۔

تا با میم

تمتع ع برخورداری فائدہ مستعمل بلفظ گرفتن و یافتن

تا با نون

تنوع ع قسم قسم ہونا طرح طرح ہونا جنس جنس ہونا۔

تنازع ع خصومت کرنا جھگڑنا لڑنا آپس مین

تا با واو

توقع ع امید و طمع جو کسی سے رکھی جاوے

تواضع ع فروتنی و کسر نفسی اپنی دوسرے کے مقابلہ پر

توزع ع پراگندگی و پریشان خاطری و پشیمانی۔

توقیع ع نشان بادشاہ کا جو نامہ و منشور کی پیشانی پر ہوتا ہے

تودیع ع وداع کرنا سپرد کرنا رخصت کرنا کسی کو۔

توزیع ع پراگندہ کرنا حصہ حصہ کرنا کسی ایک چیز کو۔

توقع ع حرص کرنا طمع کرنا امیدوار ہونا۔

توسع ع فراخی کرنا فراخ ہونا کسی معاملہ مین۔

توقع ع پرہیزگاری کرنا گناہ سے بچنا متقی ہونا۔

توسیع ع فراخ کرنا کشادہ کرنا۔

توجع ع درد پیدا ہونا اور بیماری درد کی۔

تا با ہا ے

تہوع ع بشدت قے کرنا بہت ساقی کرنا۔

چوتھی فصل

اون لغات کے بیان مین جن کا اول حرف جیم اور اخیر مین عین ہے

جیم با الف

جائع ع گرسنہ یعنی بھوکا شکم خالی۔

جامع ع وہ مسجد جسمین جمعہ کی نماز ادا کرین اور جمع کرنیوالا۔

جیم با دال

جذع ع تر درخت یا درخت کی شاخ۔

جذع ع گاؤ و اسپ جو سالہ ہو یعنی تین برس کا بیل

جذوع ع شاخہا و تنہا ی درخت یہ لفظ جذع کی جمع ہے

جیم با زاے

جزع ع بے صبری و بے آرامی و بے چینی و بیقراری۔

جزع ع سنگ سلیمانی جو سفید و سیاہ ہوتا ہے۔

جیم با میم

جمع ع تمام اور گروہ اور یکجا اور مجلس و مہمون کی۔

جماع ع صحبت عورت و مرد کی اختلاط دونو کا۔

جموع ع جمع جمع کے لفظ کی جماعتین اور گروہ۔

جمیع ع تمام اور بالکل اور سرتاپا۔

جیم با واو

جوع ع گرسنگی بھوکہ یعنے طعام کی خواہش۔

جوامع ع جمع جامع تمام و ہمہ و بالکل و سرتاپا۔

جواہر تسع ع نو آسمان یا نو جواہر یعنے لعل مروارید۔ الماس۔ زمرد۔ یاقوت۔ فیروزہ مرجان نیلم عقیق۔ یا لسنسکرت مین ان کو نورتن کہتے ہین۔

تا با الف

تابع ع فرمانبردار خادم نوکر چاکر حکم ماننے والا۔
تابع ع شمار میں نو اور نو ان اور نو حصہ کسی چیز کا۔
تاج مذ ع شملہ شمع کا جو بتی کے اوپر ہوتا ہے۔

تا با باء

تبتیع ع گاؤ یکسالہ یعنی ایک برس کی عمر کی گائے۔
تبع ع پیروی کرنا اور پیروی کرنیوالے اور پیروی کرنیوالا۔
تبرع ع کسی کو اصل مال سے زیادہ دینا اور بخشنا اور وہ کام کرنا جو اسکے ذمہ پر فرض یا واجب نہ تھا مثلاً نماز کے فرض ادا کرکے مزید بران نماز نفل پڑھنا حکم سے زیادہ خدمت مالک کی کرنا اور واضح ہو کہ عبادات چار قسم منقسم ہیں فرض واجب سنت مستحب اور عبادت نوافل مستحب ہے۔

تا با تاء

تتابع ع پے در پے ہونا بار بار ہونا بہت مرتبہ ہونا۔
تتبع ع پیروی کرنا متابعت کرنا اطاعت کرنا۔

تا با جیم

تجرع ع گھونٹ گھونٹ کرکے پینا کسی پینے کی چیز کا۔

تا با حا

تحت الثعاع ع دو یا تین روز اخیر مہینے قمری کے جسمیں چاند نظر نہیں آتا

تا با خاء

تخشع ع فروتنی و عجز و خاکساری ظاہر کرنا۔

تا با راء

ترجیع ع رجوع کرنا کسیکی طرف متوجہ ہونا۔
ترفع ع بلندی چاہنا و عزور و تکبر و فخر ظاہر کرنا۔
ترجع ع پھرنا اولٹنا منقلب ہونا رجوع ہونا اور رجعت کرنا اکثر کو اکبر کا مغرب سے مشرق کو۔
ترع ع سبزہ زار جمع ترعہ بوستانہائے سرسبز۔
ترعرع ع پھولنا اور نشو و نما پکڑنا۔
ترتیع ع درمیان قمر اور ستارے کے چار ربع کا فرق مثلاً قمر حمل میں ہو اور زہرہ سرطان میں اور چار گوشہ کرنا کسی چیز کو۔
ترصیع ع مرصع کرنا جڑاؤ کرنا شعر یا قافیہ و ردیف کہنا یا مقفی عبارت کا لکھنا۔

تا با زاے

ترزع ع جنبش کرنا حرکت میں آنا ہلنا اپنے مقام سے

تا با سین

تسرع ع تیزی کرنا جلدی کرنا سرعت کرنا۔
تسع ع نو عدد ہیں یعنے ۹ نو۔

تا با شین

تشییع ع رخصت کرنا مسافر کو راہ تک پہونچانا۔
تشنیع ع برا کہنا ملامت کرنا کسیکو کسی جرم پر۔
تشیع ع اپنے آپ کو شیعہ کہنا اور شیعہ بنانا۔

تا با صاد

تصنع ع آراستگی و سنگار کرنا خوشامد و چاپلوسی سے پیش آنا۔
تصدیع ع درد سر و تکلیف رنج و بلا و آفت۔

تا با طاء

تطوع ع وہ حکم بجا لانا جو واجب نہو عبادت نافلہ ادا کرنا

تا با فاء

تفجع ع دردمند ہونا دوکھیا ہونا
تفزیع ع ڈرانا دھمکانا خوف دلانا۔

تا با قاف

تقطیع ع ٹکڑے ٹکڑے کرنا پارہ پارہ کرنا اوزان پر لانا کسی مصرع کا چنانچہ خدایا جہان بادشاہی ترا اس کا وزن ہے۔ فعولن فعولن فعولن فعول جسکے

اِمتاع ع نفع پہونچانا فائدہ دینا کسی کو۔
اِمتناع ع منع کرنا باز رکھنا بُرے کام سے

الف با نون

اِنتزاع ع باہر کھینچنا اوکھاڑنا اوکھاڑے جانا۔
اِندفاع ع دور ہونا الگ ہونا علٰحدہ ہونا کسی سے
اِنضداع ع پھٹنا شگافتہ ہونا چرجانا۔
اِنتفاع ع نفع لینا فائدہ حاصل کرنا سود لینا۔
اِنخلاع ع اوکھڑنا علٰحدہ ہونا کسی سے۔
اِنقطاع ع قطع کرنا کاٹنا علٰحدگی کرنا۔
اَنواع ع قسم قسم کی چیز طرح طرح کی چیز۔
اِنطباع ع نقش ہونا چھپ جانا ثبت ہونا۔
اِنقلاع ع اوکھڑنا۔

الف با واو

اَوجاع ع جمع وجع کی درد ہا جسمی جو انسانکو ہوتی ہین
اَوضاع ع جمع وضع کی طور و طریق ڈھنگ چال چلن
اَوتاد طالع ع منجمین طالع کی جو نجومیون کے نزدیک
چار ہین اول خانہ اول برج جو متعلق تن و جان
و عمر و زندگانی ہے دوّم خانہ چہارم جو متعلق معاش
و روزی و ملک و مقام ہے تیسرے ساتوان خانہ جو متعلق
بہ تزویج و مراد و مقصود ہے چوتھے دسوان گھر جو متعلق
بحکومت و شغل و عمل و دولت ہے۔

الف با یا ے

اِیقاع ع واقع کرانا جنگ مین ڈالنا لڑانا۔

دوسری فصل

اون لغات کے بیان مین جنکے اول حرف
با اور اخیر مین عین ہے

با با الف

بائع ع بیع کرنیوالا یعنے بیچنے والا کسی چیز کا۔
باع ع دونو ہاتھ کی لمبائی کا مقدار جسقدر ہو۔

با با دال

بدیع ع نیا پیدا ہوا ہوا اور عجائب چیز و مطبوع
بدع ع نیا پیدا ہونا ظاہر ہونا ظہور مین آنا کسی چیز کا
بِدَع ع نئی پیدا ہوئی ہوئی چیزین جمع بدعت
بدائع ع جمع بدیع مجازاً عجائبات اور تعجب کی چیزین

با با را ے

بُزرُوع ع توابع ایران سے ایک ملک ہے جہان سکندر کے وقت
نوشابہ کی بادشاہت تھی۔

با با قاف

بِقاع ع جمع بقعہ یعنی جائے و مکانہا یعنی بہت سی جگہین اور مقام

با با لام

بَلع ع نگلنے مین اوتار لینا کسی چیز کا نگل جانا لقمہ کا۔
بَلَع ع منازل قمر سے تیئسوین منزل کا نام ہے۔

با با نون

بَنی ع ایک باپ کے بیٹے یا ایک جنس کی پیدائش اور ایک قوم کے لوگ

با با واو

بُونا ع ایک مرکب معجون کا نام ہے جو مقوی دل ہے

با با یا ے

بَیّاع ع خریدنیوالا اور بیچنے والا یہ لفظ دو نو معنی رکھتا ہے
بَیع ع خریدنا اور بیچنا یعنے خرید و فروخت کرنا۔

تیسری فصل

اون لغات کے بیان مین جن کا اول حرف
تا اور اخیر مین عین ہے

الف با رے

اِرْجاع ع متوجہ کرنا کسی کو کسیکی طرف توجہ دلانا۔
اِرْتجاع ع موڑنا پھیرنا دوبارہ متوجہ ہونا۔
اِرْتفاع ع بلندی اور بلند ہونا اور اوٹھانا مجازاً محصول و فائدہ و محصول زراعت اور دفع اور دور کرنا اور علیحدہ کرنا۔
اَرْباع ع جمع رَبع منزلہا و خانہا و جمع ربع

الف با سین

اَسابِع ع جمع اسبوع معنے اسکے ہفتے اٹھوارے
اِستِمتاع ع نفع چاہنا فائدہ مانگنا سود طلب کرنا۔
اِستماع ع سونا گالی دینا سرد و کہنا۔
اَسماع ع جمع سمع یعنے بہت سے کان۔
اِسترجاع ع واپس لینا رجوع کرنا۔
اِستشفاع ع شفاعت چاہنا سپارش مانگنا۔
اِسجاع ع سخن مین قافیہ لانا و آواز کبوتر و فاختہ
اُسبوع ع ہفتہ و ہفت روز یعنے سات دن۔
اِستدفاع ع دفع کرنا کسی چیز کو کسی چیز سے الگ کرنا
اِستطلاع ع آگاہی ڈہونڈنا اطلاع چاہنا خبر پوچھنا
اِستِقاع ع نقوع لینا یعنے ادویہ کو جو خشک ہون پانی مین بگھوکر اوسکا پانی لینا۔

الف با شین

اَشیاع ع گروہہاے دوستان دوستونکی جماعتین
اِشباع ع سیر کرنا اور حرکت زیر زبر پیش کو ایسا پڑہنا کہ حروف علت اوس سے ظاہر ہون چنانچہ فتحہ سے الف کسرہ سے یا ضمہ سے واؤ پیدا ہون۔
اَشنع ع بہت قبیح اور بہت بد اور بہت مکروہ
اَشجع ع بہت دلیر اور بہادر اور نام اکابر قوم کا

الف با صاد

اِصطِناع ع نکوئی کرنا اور بہر جانا۔
اَصلع ع کل یعنے گنجہ وہ شخص جسکے سر کے بال اور ترجائین
اَصابِع ع انگشتان یعنے انگلیان ہاتھ پانو کی
اَصبع ع انگلی انسان کے ہاتھ پانو کی

الف با ضاد

اَضیع ع بہت ضائع کرنیوالا متفکر نیوالا۔
اِضلاع ع جمع ضلع بمعنی پہلو گوشہ و طرف جانب
اِضطِجاع ع پہلو پر سونا ایک طرف سونا۔

الف با طاء

اِطماع ع کسیکو طمع مین ڈالنا امیدین ڈالنا۔
اَطماع ع جمع طمع یعنے بہت سی امیدین۔
اِطلاع ع خبر دینا خبر پہونچانا آگاہ کرنا کسی کو۔

الف با قاف

اَقطاع ع جاگیرین دیرگنی جو کسیکو بادشاہ سے ملین۔
اَقرع ع کل یعنے گنجا جسکے سر پر بال نہون۔
اَقطع ع بریدہ دست یعنے ہاتھہ کٹا ہوا آدمی۔
اِقصاع ع شکستہ کرنا توڑنا ناقص کرنا کسی چیز کو۔
اَقماع ع بہت سے توڑ اور کوہان اونٹ کی
اِقتناع ع قناعت کرنا تھوڑی پر صبر کرنا۔

الف با کاف

اَکارِع ع پایہاے گاؤ گوسپند یعنے گاو و بکری کی ہم

الف با لام

اِلتیاع ع سوزش دل جو عشق سے ہو یعنے محبت کی جلن
اِلتماع ع چمکنا چمکارا دینا روشن ہونا۔

الف با میم

حافظ ع حفاظت کرنیوالا نگہبان کسی چیز کا۔
محفوظ ا ع بہرہ مند و بخت ور و صاحب نصیب و قسمت
محظوظ ا ع بہرہ مند و صاحب نصیب صاحب قسمت

میم با سین

مستیقظ ا بیدار جو شخص سویا ہوا نہو۔

میم با لام

ملحوظ ا لحاظ کیا گیا آنکھ کے کنارہ سے دیکھا گیا۔

میم با واو

مواعظ ع نصیحتین جو کسیکو کی جائین۔

دسوین فصل

اون لغات کے بیان مین جنکی اول حرف نون اور اخیر مین ظا ہے

نون با الف

ناحفاظ ع بے شرم و فاسق و بے احتیاط۔

نون با عین

نعوظ ع استادگی ذکر شہوت کی حالت مین۔

گیارہوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن کی اول حرف واو اور اخیر مین ظا ہے

واو با الف

واعظ ع نصیحت و پند کرنیوالا بدہی باز رکھنے والا۔

واو با عین

وعظ ع پند و نصایح جو کسیکو کیجائین
وعاظ ع جمع ہے واعظ کی یعنی بہت سے نصیحت کرنیوالے

اٹھارہوان باب

مُستَکبِر ع گردن کش و متکبر و مغرور جو کسیکا کہنا نہ مانے
مُستَمِر ع استوار و پیوستہ و دایم و قایم رہنے والا
مُستَظہِر ع یاری مانگنی والا و قوی پشت و مضبوط-
مُسَمَّر ع میخیں اور کوفتہ شدہ چیز یعنے جسکو میخیں لگائی ہوں
مُسکِر ع جو چیز مستے دلوے مثل بھنگ کو کنار و قمیون وغیرہ
مُستَصرِع ع روشن دل ہونیوالا و صاحب بصارت

مُستَتِر ع پوشیدہ چھپا ہوا وہ چیز جو روبرو نہو-
مُستَنصِر ع نام ایک خلیفہ عباسی کا-
مُستَدِیر ع جو چیز مدور ہو یعنے گول اور دائرہ دار ہو-
مُسفِر ع روشن و سفید و خوبصورت-
مُنجَمِر ع پر و مالامال پانے سے بہرا ہوا-
مُستَتِر ع در پردہ ہونیوالا چھپنے والا ستر کرنیوالا-
مُستَشعِر ع جو شخص دل میں ڈرتا ہو پوشیدہ ڈرنیوالا
مُستَخبِر ع خبر دینے والا اطلاع پہونچانے والا-

میم با شین

مُشعِر ع خبر دینے والا اطلاع پہونچانے والا-
مَشعَر ع قربانی اور موتراشی کی جگہ یعنی جای عبادت
مَشاعِر ع جای عبادت حاجیان و جاہای قربانی-
مُشَمشَر ع متحیر ماخوذ مشمشیر سے تراشیدہ فارسی
مُشجَر ع وہ کپڑا جسپر درختوں کے نقش ہوں مجازاً ہر ایک منقش کپڑا
مَشکُور ع پسندیدہ و ستودہ اور وہ شخص جو شکر کرے
مُشار ع اشارت کیا گیا یعنی جس شخص کے طرف اشارت ہو-
مَشاہِیر ع جمع مشہور مجازاً بزرگان و نامور ان-
مُشِیر ع جس شخص سے کچھ مشورت کریں یا جس شخص کی طرف اشارہ کیا جاے
مُشتَہِر ع شہرت دینے والا شہور کرنیوالا-
مُشتَہَر ع شہرت دیا گیا یعنے جسکو مشہور کیا گیا-
مُشتَہِر ع شہرت دیا گیا مشہور کیا گیا-
مُشَہِّر ع دوڑنے کے لئے تحریک کرنے والا-
مَشہُور ع شہرت کیا گیا جس چیز کے شہرت ہو چکے ہو
مُشَمِّر ع اسپ تیز رفتار اور مستعد دوڑنے کے لئے-

میم با صاد

مَصدَر ع صادر ہونیکا مقام بازگشت کا مقام نکلنے کے جگہ اور وہ کلمہ جسے افعال و صفات نکالیں فارسی

مُحَذَّرٌ ع مُسْت کیا گیا اور پردہ مین رکھا گیا تیر مین پیٹھا یا گیا
مُخْبِرٌ ع خبر دینے والا آگاہ کرنیوالا اطلاع پہونچانیوالا
مُخَیَّرٌ ع اختیار دیا گیا لیکے پہونچایا گیا
مُخَیِّرٌ ع اختیار دینے والا نیک مرد صاحب خیر
مُخَمَّرٌ ع بروزن منبر خمیر کیا گیا تیار کیا گیا

میم با دال

مَدَارٌ ف جای دور دور جاگردش و دایرہ دورہ وحلقہ
مَدْوَرٌ ع دور دار خیر یعنے جو چیز گول ہو اور کوئی گوشہ اوس مین پایا نہ جائے
مَدِیرٌ ع دور بنانیوالا گول حرکت دینے والا
مَدَرٌ ع گلوخ و زمین یعنے ڈھیلا مٹی کا اور دیہات
مُدِرٌّ ع وہ دوا جسے پیجانے سے جاری ہو جاے کرنیوالی چیز
مُدَبَّرٌ ع پشت دیا گیا اور برگشتہ بخت بے نصیب آدمی
مُدَبِّرٌ ع صاحب سیر و عقل و صاحب لیاقت
مُدَبَّرٌ ع تدبیر کیا گیا اور وہ غلام جو بعد مرگ مالک کے آزاد ہو
مُدْرَارٌ ع ابر بہت برسنے والا باران اور وہ چیز جسے پانے سے مدد ملے یا مدد کرنے والا حمایت کرنے والا

میم با ذال

مُذَکَّرٌ ع نر و مرد ضد مادہ۔
مَذْکُورٌ ع ذکر کیا گیا اور ذکر مطلق جو کیا جائے

میم با رای

مَرْمَرٌ ف نام ایک پتھر کا ہی جو سفید و قیمتی ہوتا ہے
مُرُورٌ ع گذرنا اور جانا عبور کرنا کسی مقام سے
مُرَّہٌ ع تلخ و بد مزہ و بد قبیلہ قبائل عرب سے اور گوند ایک درخت کا جسکو بَوْل کہتے ہین
مَرَّ ع ریسمان دکلند اور گزرنا اور جانا کسی مقام مین
مَرَدٌ ع بے حد و بے شمار و بے حد و بیشمار و خاص کیے ہیہ

فائدہ معنی پر حصر کرتا ہی کبھی زائد بھی آتا ہے۔
مَرِیرٌ ع مرد توانا و رسن تافتہ یعنے پر زور آدمی اور بٹا ہوا رسی
مَرْغَزٌ ف سبزہ زار اور مرغ ایک گھاس کا نام ہی جسکے سبب سے مرغ مطبوع ہوتی ہے
مرغ الشحار ف کبک بعض کے نزدیک یہ مرغ اور ہے جو اگ کہا جاتا ہے
مرغ سحر ف بلبل یا خروس اور مقام و مرغ جو ضبع کو بولتی ہین
مرغ نامہ بر کبوتر جسے نامہ بری کا کام لیا جاے
مرغ زار خار ف کنایہ محبوبہ یعنے انتداں جس مین آگ رکھتی ہین
مراعات النظیر ع شعر مین الفاظ مناسب کا لانا جنکو آپس مین ضدیت ہو مثل گل و خارہ بلبل و زاغ و تیر و کمان و گلاب و شمشیر و زمین و آسمان وغیرہ۔

میم با زای

مَزَعْفَرٌ ع رنگ زعفرانے اور زرد رنگ اور پلاؤ زردہ جو ایک قسم کھانے کا ہے
مَزَامِیرٌ ع جمع مزمار ساز کے مطربان جنکو گانیکے وقت بجاتے ہین
مَزْبُورٌ ع لکھا ہوا اور وہ چیز جسکا ذکر ہو چکا ہو
مُزَوِّرٌ ع صاحب حیلہ جو اجرت پر کسی کا کام کیا ہو
مَزْوَرٌ ع بروزن منبر ہدف نرم بیماران
مُزَوِّرٌ ع فریب دینے والا و مکار و دروغ گو
مِزْمَارٌ ع نے شہنائی ساز ہی مجازاً ہر ایک ساز
مَزِیرٌ ع سخت و مضبوط۔
مَزَارٌ ع جای زیارت مجازاً قبر جسکی زیارت کرین
تیز مَزْمُوم ساز جسکو عود کہتی ہین اور بجایا جاتا ہے

میم با سین

مُبَشِّر ع خوشخبری دینے والا۔
مُبَذِّر ع اسراف کرنیوالا بے محل و بیدریغ خرچ کرنے والا۔
مُبَرْوَر ع نیکی کیا گیا۔
مُبَارِز ع خود بخود کام کرنے والا اور جاع کرنے والا۔
مُبَادِر ع جلدی کرنیوالا جرات و دلیری کرنے والا۔
مُبَرْدَن ع نیکی کیا گیا بہلایا گیا کیا گیا آواز دی گیا
مُبْصِر ع دیکھنے والا صاحب بصیرت اور پہچاننے والا

میم با تائے

مُتَاخِّر ع پیچھے آنیوالا پیچھے رہا ہوا شخص۔
مُتَمَّم ع مکمل بنایا گیا۔
مُتَحَیِّر ع حیرت ناک۔
مُتَصَوَّر ع خیال کیا گیا۔
مُتَوَاتِر ع پے در پے۔
مُتَوَافِر ع زیادہ ہونے والا۔
مُتَاثِّر ع اثر قبول کرنے والا۔
مُتَکَبِّر ع صاحب تکبر و عزور خود پسند آدمی۔
مُتَکَسِّر ع توڑنے والا اور ٹوٹنے والا۔
مُتَبَحِّر ع بڑا عالم و صاحب فضیلت علم کا دریا۔
مُتَضَرِّر ع ضرر پہونچا نیوالا دکھ دینے والا
مُتَشَاعِر ع اپنی آپ کو بزور شاعر کہلانے والا
مُتَعَسِّر ع دشوار سخت و مشکل و ناممکن۔
مُتَعَذِّر ع صاحب عذر جو عذر رکھتا ہو۔
مُتَنَفِّر ع نفرت کرنے والا بھاگنے والا۔
مُتَعَاذِر ع پیٹھ پکڑنے والا اور جلدی سے دوڑنے والا۔

میم با ثائے

مُتَمَرِّ ع میوہ دار درخت جو میوہ دیتا ہو۔

میم با جیم

مُجَمَّر ع عود سوز و انگیٹھی جسمیں خوشبو جلائی جائے۔
مُجِیر ع دستگیر اور پناہ دینے والا حامی و مددگار۔
مُجَدَّر ع بروزن منبر منقش صاحب آبلہ وہ بیمار جسکو چیچک کے بیماری ہو
مُجَدُور ع وہ عدد جو بعد ضرب حاصل ہو۔
مُجَاوِر ع ہمسایہ پاس رہنے والا مجازاً وہ شخص جو قبر پر بیٹھے یا کسی خانقاہ کا محافظ ہو۔
مُجْبُور ع ناچار کیا گیا بزور کسی کام پر چھوڑا گیا۔

میم ما حاء

مُحْجُور ع منع کیا گیا حرام کیا گیا۔
مُحْصُور ع حصر کیا گیا۔
مُحْتَقَر ع حقیر کیا گیا۔
مُحَوِّر ع خرخ و دولاب کا تیر جسکے گرد وہ پھرتا ہے
مُخَیَّر ع نام پردہ موسیقی جو گایا جاتا ہے
مُحَلِّ نظر ع جائے نظر جو جگہ نظر کے نیچے ہو۔
مُحْتَدِم ع گرم مزاج آدمی صاحب غضب و غصہ
مُخْتَکِر ع وہ شخص جو بنیت گرانی غلہ ذخیرہ کر رکھے
مُحْشُور ع حشر کیا گیا اوٹھایا گیا مستعد کیا گیا۔
مُحْتَضَر ع سجل قاضی حضور اور حاضر ہونا و جائے حاضر ہونے وقت قاضی
مُحَرَّر ع لکھا گیا اور آزاد کیا گیا غلام اور برطرف کیا گیا کر
مُحَرِّر ع لکھنے والا اور آزاد کرنیوالا اور ملک کرنے والا۔
مُحْتَشَر ع جمع ہونیکا مقام روز قیامت جس روز لوگ اٹھائے جائینگے
مُحْدَوْدَر ع مقام خوف اور دہشت ناک جگہ۔
مُحْظُور ع حرام کیا گیا منع کیا گیا باز رکھا گیا۔

میم با خاء

مُخْطُور ع خطرہ کیا گیا نزدیک ہلاک ہونیکا ہوا مرنے کے قریب
مُخَدِّر ع سست کرنے والا پردہ میں بٹھانے والا۔
مُخْتَصَر ع چھوٹا کیا گیا چھوٹا بنایا گیا۔
مُخْمُور ع شراب جسنے شراب پی ہو۔

لام بارای

لُرت ترکی مین یہ لفظ علامت جمع ہی چنانچہ اسپ لرسے اسپان

لام باشین

لشکر فوج بادشاہی اور ہجوم سپاہ کا۔

لام بامیم

لمتر بوزہ دقوی وغلیظ موٹا دبدو ضع۔

لام بانون

لنگر بفتح ایک گنے کا بن ہی جسی حرف کو کمر سیکڑ کر گرانتے ہین
لنگر ایک بھاری چیز کا نام ہی جسے کشتی وجہاز ٹھہراتی ہین اور
طعام جو فقرا و مساکین کو کھلائین

لام باواو

لور کواد مجہول وہ زمین جسکو سیلاب نے خراب کیا ہو وکمان
علاج سے بھی بھلی علاج کی اور اکھاڑ گئے کا

لام باہاء

لہانور نام قدیم شہر لاہور کا کتاب تحفۃ الواصلین
مین لکھا ہے کہ شہر لاہور آباد کیا ہوا لہاور چند
راجہ دیب چند شاہ دہلے کے برادرزادہ کا ہے
جب لہاور چند کو دیب چند نے پنجاب کا ملک جاگیر
مین دیا تو اوسنے یہہ شہر آباد کرکے اپنے نام سے
نام اسکا کہاور پور رکھا اب بسبب کثرت استعمال
کے لاہور مشہور ہو گیا ہے اور جو مشہور ہی کہ لاہور
کو راجہ لو راجہ رامچندر اودنار کے بیٹے نے آباد
کیا ہے اس بات کا ثبوت کسی کتاب سے نہین ہوتا
اہل اسلام کے اکثر پورانے کتابون مین نام اس
شہر کا لہانور درج ہے چنانچہ کتاب فواد الفواد
مین بھی لہانور تحریر ہے

لام بایاء

لیلۃ البدر ع چودھوین رات چاند کی جب چاند پورا ہوتا ہے
لیلۃ القدر ع ستائیسوین رمضان کے رات۔

پچیسوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن کی اول حرف میم اور اخیر مین را ہے

میم باالف

ماہر ع خبردار استاد کار صاحب علم وہنر
ماجور ع اجر دیا گیا بدلا پہونچایا گیا۔
ماشور ع غربال چھلنی جسے آٹا چھانتے ہین۔
ماطر ع برسنے والا بادل۔
ماغز ع بکری جو مشہور جانور ہے۔
مالدار ف دولتمند صاحب مال۔
مالگذار ف محصول دینی والا زمیندار۔
ماہوار صہ ہر مہینے جو مقرر ہو تنخواہ وغیرہ۔
ماوراء النہر ع نام ملک کنارہ رود۔
مادر ف مادر غیر حقیقی یعنے باپ کی عورت
ماحضر ع جو چیز حاضر ہو وشی قلیل وبے تکلف
مآثر ع آثار ونشانہای نیک کارہای پسندیدہ۔
مارمہر ف وہ سہ جو سانپ کے سر سے نکلتا ہے
مارنہ صرف کنایۃ آسمان۔
ماثور ع اوعیہ برتاثیر۔
مالک نیار ع آبکش والے کا نام ہے
مادر ف والدہ۔
مارف سایب۔

میم باہاء

متبر ع دم بریدہ دبلے فرزند وخراب ودشمن

گنجور مخفف گنجور اصل مین یہ لفظ گنج ور تھا کثرت استعمال اور سہولت کے لئے گنجور مشہور ہوا۔

کنگر ف مخفف کنگرہ جو عمارت پر بناتے ہین اور قلعون و محلون کے دیوار اور سپر کے لئے بنائے جاتے ہین

کنار ف کنارہ و گوشہ و طرف و بغل اور انتہا۔

کنار ف بغل و آغوش انسان کے۔

کُنار ف میوہ جسکو بیر کہتی ہین اور درخت کا نام بھی بیر ہے

کُنْد اور ف حکیم و پہلوان و قوی زور و صاحب علم۔

کَنندۂ در خیبر ف علی المرتضے کرم اللہ وجہہ جنکی نام ہے قلعہ خیبر کا دروازہ توڑا۔

کاف با واو

گورم افزولی و پیچ و ستار یعنے زیادتی اور بگڑی کا پیچ

گور ف نواد مجہول یک چشم و نابینا اندھا آدمے۔

کو کنار ف غورہ خشخاش یعنی پوست جسے خشخاش نکلتی ہے اور افیون بھی اسی سے نکلتے ہے۔

گورت ترکے مین بمعنی می بیند یعنے دیکھتا ہے۔

کون خر ف نادان و احمق جسکے بات کا اعتبار نہو۔

کوتہ نظر ف نادان ناعاقبت اندیش بیوقوف بے عقل

کویر ف بروزن دلیر زمین بے آب و ریگستان زمین ہموار اور کھلا جنگل

کوتر ف مخفف کبوتر جو مشہور جانور ہے۔

کوزہ قمار ف جس مین قمار باز مال ڈالتے ہین اور روپیہ اونکا اوس مین جمع رہتا ہے۔

گوار ف خوش مزہ و زود ہضم چنانچہ خوشگوار۔

گور ف نام ملک و نام قوم و نام ملک قبر و دشت ہموار و شراب

گور خر ف خر صحرائی یہ ایک جنگلی جانور ہے۔

گوہر ف ذات و اصل و یاقوت و لعل و مروارید و فرزند و تیر

گویر ف بیابان مجہول زمین ہموار و ریگ و موقع ریگستان

گوشیار ف نام حکیم جسکا نام اصلی ابو الحسن تہا اور حکیم ابو علی سینا نے اوسکے شاگردی کی تہی۔

کوشیار ف نام منجم جو ہیئت فن مین صاحب کمال تہا۔

گوشہ زنجیر ف حلقہ زنجیر کا۔

کولبار ف بار سنگین جسکا اوٹھانا مشکل ہو۔

گوشت خرف کنایۃً چیز بیکار و شے ناچیز۔

کاف با ہاء

گہر ف نام رنگ سیاہ و اشتر جسکو کیت کہتی ہین۔

کہنہ سوار ف پہلوان و سوار کے کام مین اوستاد۔

کنہ گیر ف وہ گھوڑا جو سوار نہ دیوے۔

کاف با یاء

گیرودار ف مقام حکومت و جنگ و فرسلطنت و معرکہ جنگ

گیر ف عضو تناسل مرد کا۔

گیسودار ف غلام زادہ و ستارہ دم دار۔

گیفر ف یادداشت و سزا اعمال جو انسان کو دی جاوے۔

چوبیسوین فصل

اون لغات کے بیان مین جنکے اول حرف لام اور اخیر مین را ہے

لام با الف

لاغر ف کم گوشت و ناتوان اور دبلا آدمے و کمزور

لا تذر ف مگذار یعنے چھوڑ اپنی قبضہ مین رکھ۔

لاجار ف بیچارہ یہ لفظ علاجنا چار صحیح ہے۔

لام با باء

لت انبار و لت انبان ف پرخور و صاحب حرص و ہوا و شکم بندہ۔

لام با جاء

لخت در ف تخفۂ در۔

گرّار ع لقب علی المرتضی اور پہلوان جو بار حملہ کرنیوالا۔
گرّوِرع باز گشتن و واگردیدن یعنے پھر آنا۔
گرِوِرع زمین سخت اور پشتہ زمین کا جو اونچا ہو۔
گرز ف عرض خارستن و نام رود سرحد ملک غزان اور بنانیوالا اور بنا جیسے زرگر و شیشہ گر۔
گران سر ف متکبر و مغرور آدمی جو کسی کا کہا نہ مانے۔
گرفتن خاطر ف رنجیدہ ہونا ناراض ہونا غمگین ہونا۔
گرد بُر ف بریدہ تر کہانوں کا جیسے لکڑی میں چھید کرتے ہیں۔
گرو گرفتہ بروزن کبوتر مراد بخش و نام خدا تعالے جلشانہ۔
گرگرو صانع الصنایع یعنے خداوند تعالے جلشانہ۔
گرفتار ف پکڑا ہوا قید میں پڑا ہوا ماخوذ۔

کاف بازاے

گزیر ف چارہ و علاج و ضرورت و ضروری امر۔
گزار ف نشتر حجام اور نقش باریک جیسی نقاش نقش نقشہ کا کرتے ہیں اور امر و اعطی ادا کرنے اور چھوڑ دینے کے معنے ادا کر اور چھوڑ۔
گزر ف زرد کے معنے مکا جو ایک شیرین ترکاری ہے۔
گزر ف راہ و گذرگاہ جیسے آمد و رفت ہو۔

کاف باسین

گستر و توڑنا اور ٹوٹنا و حرکت زیر حرف پر۔
گسستر ع ٹکڑے جمع کسر جسکے معنے ٹکڑے کے ہیں۔
گسور ع جمع کسر اور زیادہ تر استعمال اس لفظ کا اعداد کے ٹکڑوں میں آتا ہے چنانچہ نصف و ثلث و ربع و خمس
گسار ف کہانیوالا چنانچہ غمگسار وغیرہ اور کبھی معنے توڑنے والا اور کم کرنے والے کے چنانچہ سکسار۔

کاف باشین

کشمر ف ولایت ترشیز میں ایک گانو ہے۔
کشمیر نام خطہ جو مشہور ہے کاشمیر بھی اوسکو کہتے ہیں اور علاقہ نہایت سبز رہتا ہے۔
کشور ف ولایت اور ملک و سرزمین و خطہ زمین کا۔
کشکنجیر ف سامان قلعہ شگاف یعنے توپ۔
گشتر ف خوشتر بہت اچھا یہ محاورہ فارس کا ہے۔

کاف بافاے

گفتار ف نام ایک وحشی درندہ کا ہی یعنی بوزنہ۔
گفر ف ناسپاسی اور چھپانا و کوزہ بزرگ بڑا لوٹا۔
گفور ع ناشاکر ف ناسپاس آدمی اور ناحق شناس۔
گفتار ف گفتگو بات تقریر جو زبان سے ہو۔
گفار ع جمع کافر کے یعنے بہت سے کافر۔
کف گیر ف چمچہ جسکے ساتھ ہنڈیا کی چھاک اوتارین۔

کاف بالام

کلب الجبار ع نام ستارہ جو مثل کلب ہے یعنے کتے کا گل بڑے
گلنار ف ایک قسم درخت انار ہی جو سوائے پھل نہیں رکھتا
گلگیر ف وہ آلہ جیسے شمع کا گل چھاڑتے ہیں۔
گل ابر ف قطعہ ابر جو چھوٹا سا بادل ہو۔
گل شکر و گلقند جو مشہور چیز ہے اور وہ اس میں مستعمل ہے
گلزار ف نام جہاں پھول ہوں اور پھولوں کے درخت
گلعذار ف خوبصورت آدمی معشوق و خوبصورت۔

کاف بامیم

کمر بر کمر ف بلندے بر بلندے و برابر برابر۔
کمر ف کمر و کمر بند و میانہ کوہ۔
کمتر ف غریب آدمے مفلس و نادار اور بہت کم چیز

کاف بانون

گند بیر ف پیرزن عجوز اور وہ شخص جو گند ذہن ہو۔
گنہگار ف جو گنہ کرے خلاف حکم خدا کی کام کرے۔

کاغذ ف۔ مشک و قبالہ و ہندوے اور فی زمانا نوٹ۔
کارزار ف۔ جنگ و حرب کہ لڑائی کا جہانی دشمن کے ساتھہ لڑین
کاستر ع۔ ٹوٹنے والا اور نام ایک بیماری کا جو مہلک ہوتی ہے
کام گر ف۔ مقصود و مراد صاحب مراد کا مگار بھی اوسکو کہتے ہین
کاسہ گر ف۔ کمہار اور نام مطرب نام سرود جو فارس مین گاتے ہین
کاشغر ف۔ توران مین ایک شہر کا نام ہی
کاروار ف۔ اہلکار کام کرنیوالا و تحصیلدار ملک کا۔
کارگزار ف۔ خدمتگار جو سچ بے خدمت ادا کرے
کاغذگیر ف۔ پنجرہ و دریچہ جو گھر کے دیوار مین ہو۔
کاجیر ف۔ نکاح و شادی و نسبت و ناطہ وغیرہ مراد کے کام۔
گاؤ عنبر ف۔ دریا کا گائے جسکا فضلہ عنبر مشہور خوشبو ہے۔
گاؤ زور ف۔ پہلوان اور جسیم آدمی اور پرزور
گاز وار ف۔ داؤ کشتی کا جسکو دھوبے پاٹ کہتے ہین
گاؤسر و گاؤسار ف۔ نام گرز فریدون جو وہ ہتھہ مین رکھتا تھا۔
گارف کرنے والا چابچہ کا مگار و خدمتگار۔
گامگار ف۔ مقصود و مراد صاحب مراد کا مگر ہے اوسکو کہتے ہین

کاف با باء

کبر ع۔ بزرگی و بڑائی تکبر غرور جو کسے مین ہو۔
کبیر ع۔ بڑا صاحب عزت و نام خدا تعالے۔
کبر ع۔ آتش پرست یعنی وہ شخص جو آگ کو پوجے۔
کباب ترع۔ کنایۃ برف جو آسمان سے برستی ہے۔
کباب قندہار ف۔ قسم کباب جو لذیذ ہوتا ہے۔
کبریت احمر ع۔ گوگرد سرخ جسے کیمیا بنتی ہی اور نہایت نایاب ہے
کبر ع۔ سفید و پیری اور بڑی عمر کا ہونا۔
کبر ع۔ ایک میوہ ترش خراسان مین ہوتا ہی اوسکا یہہ نام ہے
کبوتر ف۔ مشہور پرندی جسکو عربی مین حمام کہتے ہین۔
کبار ع۔ جمع کبیر بزرگان جیسے بڑی عمر کے لوگ اور عزت دار لوگ
کبار ع۔ نہایت بزرگ اور بہت بزرگ جمع کبار بڑی عمر کی لوگ۔
کبایر ع۔ جمع کبیرہ گناہ ہائے کبیرہ بڑے گناہ مثل زنا و شراب و چوری و قمار و قتل و ترک نماز و روزہ و زکوۃ وغیرہ جن کے ارتکاب پر حد شرعی اور سزا قرآنی مقرر ہے۔

کاف با تاء

کتہ ع۔ کوہان شتر جو اوسکی پشت پر اونچی ہڈی ہوتی ہے۔

کاف با ثاء

کثیر ع۔ بہت اور وافر اور زیادہ کثرت کے ساتھہ۔

کاف با جاء

کحل الجواہر ع۔ سرمہ جس مین موتی پیسے جاتے ہین ضعف بصر کے لئے نہایت مفید ہے۔

کاف با دال

کدہ ع۔ تیرہ و مکدر اور فارسی مین نام گل کیوڑا اور وہ چیز جو ہو سلے زنگ ہو۔
کدیور ف۔ مزارع و دہقان و باغبان جو کھیتی اور باغ کی حفاظت کرے۔

کاف با ذال

گذر ف۔ گذرنا اور راستہ دریا کا راستہ جس راستی سے اوتریں۔

کاف با رای

کرد ف۔ طرز و روش اور کام اور فعل و عمل جو انسان سے سرزد ہو
کردگار ف۔ نام خدا تعالے۔
کر ف۔ بہرا جسکے کان بند ہون کسیکی بات نہ سن سکے۔
کرہ ع۔ پھرنا اور پھیرنا اور حملہ کرنا کسی پر۔
کرہ نام پیمانہ اور نام دو نہرون کا ایک شروان مین ہے
ملک بردع اور دوسرا کرس مین ہے۔

تخم خرما کے شگاف مین ہوتا ہے مجاز اُس شے قلیل کو بھی
دنام سگ اصحاب کہف -

قاف با عین

قعر ع عمق چاہ و عمق ہر حفیر و عمق آب دریا وغیرہ -

قاف با فا و

قفار ع نان بے نان خورش و زمین بے آب و گیاہ -
قفر ع زمین خالی پانی اور گھاس سے اور گرسنہ رہنا بی طعام رہنا
قفر ع کم ہونا مال کا کم ہونا گوشت کا لاغر ہونا بیمار ہونا -
قفاہیر ع روئی خوش وصورت بعضکو بعض اہل لغت اپنی کتابون
مین اسکو جاہی حطی سے لکھتے ہین -
قفیز ع ایک پیمانہ کا نام ہی جو مقررہ وزن ہے -

قاف با لام

قلمکار ف پارچہ منقش جسپر نقاش نے بہت باریک قلم سے
نقوش لکھے ہون -
قلندر ف ایک گروہ فقرا کا نام ہی جو پابند شرع نہین ہین
قلقطار ع زاکی یعنے ہچکڑے جو دوا مین مستعمل ہے -

قاف با میم

قمار ع ہر ایک بیانہ کی جسپر شرط زر نقد وغیرہ مقرر
ہو کر لین دین ہو -
قمر ع چاند اور چاندنی -
قمطر ع موٹا اونٹ کوتاہ قد آدمی اور صندوق کتاب کہنی کا

قاف با نون

قندمکرر ف جو قند دوبارہ صاف کیا ہو اور کسی طرح کا غبار اوس
مین نہ رہے اور وہ نیک گفتگو جو دوبارہ کی جائے -
قنطار ع پوست کا وہ تھیلا جو پیسہ بھرا ہوا یا قیمتی اسباب رکھا ہو -
قنبر ع نام غلام علی المرتضے کرم اللہ وجہہ کا جو نہایت وفادار تھا
قنار ع وہ لکڑے جسکے ساتھ قصاب گوشت لٹکاتے ہین

قنطیر ع اہل قنطار جسکے معنے پوست گاؤ کے ہین -

قاف با واو

قوس النہار ع دائرہ گردش آفتاب یعنے جسقدر آفتاب پھرتا ہے
قورتہ سلاح و آہن اور وہ لوہا جسسے ہتیار بنائین -

قاف با ہا و

قہر غضب و تندی و غصہ جو کسی مجرم پر حاکم کرے -
قہار ع قہر کرنیوالا غضب غصے کرنیوالا یہ نام خدا تعالے کا ہی -

قاف با یا و

قیر ع روغن سیہ رنگ جو اونٹون کو ملتے ہین اور ایک قسم کا گوند
جو کشتی و جہاز کو لگاتے ہین -
قیصر ع رومی زبان مین بادشاہ

تیئسوین فصل

اون لغات کے بیان مین جنکے اول حرف
کاف اور اخیر مین را ہے

کاف با الف

کار ف کام صنعت و پیشہ و ہنر و زراعت و کشت -
کافر و کافر ع چھپانے والا دین حق کو اور رود بزرگ
و کشاورز و شب تاریک -
کارگر و کاریگر ف کام کرنے والا -
کافور ع ایک خوشبو سفید رنگ کا نام ہی و نام چشمہ بہشت مین
کافور خوار ف سرد و نامرد و کم حوصلہ آدمی و سرد مزاج
کالینجر ہند مین ایک قلعہ ہی جسکو شیر شاہ بادشاہ افغان نے
محاصرہ کیا اور بارود کو آگ لگ کر وہین جل گیا -
کاچار ف اسباب خانہ اور گھر کے جایداد اور گھر کا سامان -
کاسہ فغفور ف پیالہ چینے یعنے وہ پیالہ جو چین کا بنا ہوا ہو -

قارت برف اور عربی مین ایک گوند کا نام ہی جو کسے درخت کا گوند ہے جسکو قیر بھی کہتے ہین اور قار بھی اوسی گوند کا نام ہے۔

قاصر کوتاہی کرنیوالا قصور کرنیوالا کسی کام مین۔

قاجار نام قوم مغل جنکے سلطنت اب ایران مین ہے

قادر صاحب قدرت وصاحب توفیق وزور۔

قاہر قہر کرنے والا بسبب کسے جرم کے یہہ نام خداوند تعالے کا ہے

قاطر استر جسکو عربی مین بغل اور ہندی مین خچر کہتے ہین۔

قامشکر آمیختہ اندیشے ہے ہین۔

قاسر کسی کام پر زور سے کسیکو کہنے والا تسے کرنیوالا۔

قاشور دسوان گھوڑا گھوڑون کے قطار سے۔

قاف با یاء

قبر گور جمع اسکے قبور ہی جسمین مردہ کو دفن کرتے ہین۔

قاف با دال

قدر دیگ ہنڈ یا خواہ ہستی ہو خواہ سگے

قدر عزت وبزرگی واندازہ وقیمت وروئی تولنے کی

قدر وقضا وحکم ونہایت وتقدیر ربانی

قدیر صاحب قدرت وزور وتوفیق یہہ نام خدا تعالے عمشانہ کا ہے۔

قاف با ذال

قذر پلیت ونجاست وچرک اور میلا پن۔

قذر پلید آدمی اور نجس وخراب شخص۔

قاف با راء

قریر خنک چشم یعنے خوش وخورم وصاحب جمعے۔

قرا قرہ بیٹ کے آواز کا بولنا جو بضمی مین بولتا ہے

قرہ سرما یعنے زمستان سردی کا موسم۔

قرص مارد ایک ادویہ مرکب دافع زہر مار ہے اوسکے کہانے سے بیمار کے جسم مین زہر اثر نہین کرتا۔

قرہ وہ چیز جو سرد ہو مثل برف وغیرہ چیزین

قراسنقر نام مرغ شکاری وغیرہ نام بادشاہ ترک۔

قرار ٹہرنا آرام کرنا ممکن ہونا کسے مکان مین۔

قاف با شین

قسر زور سے کسیکو کسی کام پر رکہنا بیگار لینا۔

قاف با سین

قشر پوست دانہ وپوست درخت وپوست حیوان وپوست میوہ۔

قشور ایک مرکب دوا ہے جسکے ملنے سے چہرہ کا رنگ چمک جاتا ہے

قاف با صاد

قصار دھوبی کپڑے دہونے والا۔

قصر کوشک وکوتاہے اور کپڑے دہونے۔

قصیر کوتاہ اور کوتاہی کرنیوالا ونام غلام۔

قصور کوتاہی اور عاجز ہونا وجمع قصر محل بزرگ

قاف با طاء

قطور عود وای رقیق جو ناک اور کان مین ڈالین۔

قطر باران مینہہ جو مشہور چیز ہے۔

قطر مس گداختہ یعنے گلایا ہوا تانبا۔

قطر کنارہ کسے چیز کا اور اوسکا انتہا۔

قطار صف اونٹون وغیرہ کی جو دس سے کم نہون۔

قطمیر پوست باریک جو تخم خرما پر ہوتا ہے یا سفید نقطہ جو خرما کے پشت پر ہوتا ہے یا شگاف تخم خرما یا وہ ریشہ جو

فُجّار ع جمع فاجر بدکار لوگ نافرمان لوگ گنہگار لوگ زناکار شرابی قمار باز وغیرہ۔
فُجُور م مرد بدکار جو برخلاف خدا کے حکم کے کرے۔
فَجّار ع بہت بدکاری کرنیوالا آدمی نہایت نافرمان و گنہگار آدمے۔

فا با خا ء

فَخّار ع ناز کرنا اترانا بڑائی کرنا غرور مین آنا۔
فَخّار ع بہت ناز کرنے والا بڑائی کرنے والا۔
فَخّار ع سفال پختہ وکل خشک سے پکا ہوا برتن اور سوکھی مٹی
فَخُور ع ناز کرنا اترانا بڑائی کرنا غرور مین آنا۔
فَخُور ع بہت ناز کرنیوالا متکبر سرکش و نافرمان۔

فا با را ے

فرس طنبور ف وہ چھوٹی لکڑی جس پر طنبور کی تار ہوتی ہین
فَرّ ع بھاگنے والا علیحدہ ہونے والا کسی چیز سے
فَرّ ف شان و شوکت و نور و پرتو و دولت و حشمت و جاہ۔
فراخور ف لائق و سزاوار و مستوجب کسی بات کے۔
فَرغانہ ف ترکستان مین ایک شہر ہی اور بت خانہ۔
فِرار ع ڈرنا اور بھاگنا ایسی شخص سے جسے اندیشہ ہو۔
فرو تر ف بہت نیچے اور نیچے ہر ایک چیز کے۔
فرّار ع بہت بھاگنے والا اور الگ ہونیوالا علیحدہ ہونیوالا
فرجار ع معرب پرکار جو ایک شہور آلہ دائرہ کھینچنے کا ہے
فرفیر ع بروزن شبگیر گل بنفشہ جو ایک شہور پھول ہے اور معروف دوا ہی جو ہر ایک بیماری مین الصباد بتیے ہین
فرفر ع جلدی جلدی زود زود ملا توقف و تامل
فرغر ع تالاب جسمین تھوڑا پانی رہ سکتا ہو۔

فا یا را ے

فرع اکبر ع روز قیامت بڑا سختی کا دن اور مصیبت کا دن۔

فا با سین

فسار ف مخفف افسار اس آلہ اور تختہ جرم جو گھوڑے کے سر پر ہوتا ہے

فا با شین

فشارف افشردن یعنی نچوڑنا کسی چیز کو اور اوس سے پانی یا عرق نکالنا
فُشار ع بدزبان و بیہودہ دشنام و بدگوئی اور کلام لاحاصل۔
فشر ع بیہودہ و ہذیان اور بیفایدہ گفتگو یعنی بک بک۔

فا با طا ء

فطر ع توڑنا پیدا کرنا روزہ کھولنا کھانا کھانا بعد فاقہ کے۔
فِطر ع روزہ کشائی اور روزہ کھولنے والی مفرد و جمع ہر دو۔
فطیر ع ضد خمیر آردشتہ یعنی گیہون کا آٹا جو ابھی خمیر نہوا ہو۔

فا با خین

فَغفور ع خطاب بہ نام بادشاہ چین جو اوس ملک مین فرمان فرما ہو۔
فَقر ع ترک دنیا و مال و زر اور مصروفیت بعبادت جناب حقتعالے جل شانہ۔
فقیر ع وہ محتاج جسکا پاس چند روزہ قوت نہیا ہو۔

فا با کا ف

فکر ع اندیشہ و غور کرنا تامل کرنا کسی کام مین۔
فگار ف مجروح و زخمی یعنی جو شخص زخم کھا چکا ہو۔

فا با وا د

فور ع ہنگام و دستاد و جوش اور بہت جلد۔
فور ض نام بادشاہ صنوج جو سکندر کے ہم عہد تہا۔

بائیسوین فصل

اون لغات کے بیان مین جنکے اوائل حرف قاف اور اخیر مین رای ہی

قاف با الف

غُرُورٌ ع فریب دینے والا انکار کرنے والا خودی کرنے والا۔
غِرٌّ ع مرد غافل ناآزمودہ کار و متکبر و مغرور۔
غُرَرٌ ع بزرگان و مشاہیر سفید یہاں پیشانی جمع اغر۔
غُرٌّ بدول و زن فاحشہ و قحبہ و بدکار و زانیہ عورت۔
غُرٌّ نام پہاڑ کہ ایک حصہ پر برف ہو جاتا ہے اور ایک حصہ پر چھوٹا رہ جاتا ہے اور کبھی اس پہاڑ سے گلہ موٹا ہو جاتا ہے
غَرَائِرٌ ع جمع غرارہ تہیلہ و جوان خوبی نیک و ضامنان و جوانان آزمودہ کار اس صورت میں جمع غریر۔
غَرِیرَۃٌ ع نقصان و روش و طرز و تیز نے تلوار کے۔

غین با رائے

غَرَارٌ ع گرداگرد دیوار و دون منزل و بسیارئ شیر و آب و میوہ و غیرہ۔

غین با فا

غَفَرَ ع چھپانا اور بخشنا اور رسیدہ ہوئین منزل قمر کے و جماعت و گروہ۔
غَفَّارٌ ع بخشنے والا یہ نام خدا تعالے کا ہے۔
غَفُورٌ ع بخشنے والا یہ نام خدا تعالے کا ہے۔
غَضِیرٌ ع جوم و گروہ آدمیون کا جسے دمین جیب جائے

غین با میم

غَمَرٌ ع بہت پانی ابوہ کرنا کینہ کرنا نشہ ہونا و جاہل مرد و سخی
غَمَرٌ کینہ و تشنگی جو انسان کے لاحق حال ہوتی ہے۔
غُمَرٌ ع نادان احمق ناآزمودہ کار و بیوقوف
غُمَارٌ و غِمَارٌ ع انبوہ و بسیاری و اجتماع۔
غَمگسار و غمخوار فہم درد و غم کہانے والا دوست و یار و مددگار

غین با نون

غَنجَارٌ ع گلگونہ جو خوبصورت لوگ چہرہ پر لیتے ہین۔

غین با واو

غُورٌ ع عمق و قعر زمین پست اور نیچی جانا و غائب ہو نیچانا۔
غُورٌ ع بواو مجہول نام ایک ملک کا جو کوستانے ملک ہے۔
غَیرٌ ع سوائی اور اجنبی نفع پہونچانا زمین کو پانی دینا۔
غَیرٌ مکرر ع شخص اجنبی غیر شخص بیگانہ آدمی۔
غِیَارٌ ع زرد پارچہ جسکو قوم یہود واسطے اظہار علامت کے گردن کے پاس رکھتے ہین۔
غَیُورٌ ع غیرت کرنیوالا اور رشک لیجانیوالا صاحب حمیت آدمی

اکیسوین فصل

اون لغات کے بیان مین جنکے اول حرف فا اور اخیر مین را ہے ہے

فا با الف

فَاقِدُ الْبَصَرِ ع نابینا اندھا جسکو آنکھون سے نظر نہ آتا ہو۔
فَاتِرٌ ع مست و زبون و آب نیمگرم جو نہ گرم ہو اور نہ سرد۔
فَاجِرٌ ع بدکردار و ریا کار اور وہ شخص جو مرتکب منہیات ہو۔
فَاکِرٌ ع فکر کرنے والا اندیشہ کرنے والا آدمی۔
فَأْرٌ ع جمع فارہ چوہی اور چوہا جو مشہور جانور ہے۔
فَاخِرٌ ع فخر کرنیوالا بڑائی کرنیوالا متکبر و مغرور۔
فَاطِرٌ ع پیدا کرنیوالا ظاہر کرنیوالا یہ نام خدا تعالے کا ہے

فا با تا

فُتُورٌ ع سستی و خرابی و زیان و نقصان جو واقع ہو۔
فُتْرٌ ع فرق میان سبابہ و ابہام یعنے جو فاصلہ درمیان انگشت سبابہ و ابہام کے واقع ہے۔

فا با جیم

فُجُورٌ ع برانگیختہ ہونا گناہ پر مستعد ہونا فرمانے پر۔

عُمر ع مدت حیات ہر ذیجان کے اور میعاد زندگی کے۔
عَمر ع نام ایک شخص کا اور نام فرض کیا ہوا اہل عرب کا۔
عُمَر ع نام خلیفہ ثانی آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم جو حضرت کے خسر بھی تھے۔
عُمُور ع گوشت جو دانتوں کے درمیان اور بیچ مین ہے

عین با نون

عُنصُر ع اصل و بنیاد ہر چیز یعنے آب آتش باد خاک۔
عَنبَر ع ایک جنس بو کا نام ہے اور وہ دریائے گائی کا سرگین ہوتا ہے
عَنبَرو جوہر دو غلامون کا نام ہے
عَنَاصِر ع جمع عنصر کے بہت سے اصل اور بنیادین۔

عین با واو

عَوَر ع بہ بنتن بد وہ شخص جسکی بدن پر کپڑا نہو۔
عَوَر و عَوَر ع کور چشم یک چشم ہونا کسے کا۔
عَوِر ع بد باطن اور نام بیماری کا جو ناخن کے بیخ مین ہوتی ہے

عین با ہا

عَہَر و عَہَر ع زنا کرنا غیر نامحرم عورت کے ساتھہ جماع کرنا۔

عین با یا

عَیر ع گورخر اور شہر کے گدھا و جولان اسپ۔
عَیر ع قافلہ اور وہ مرکب جسپر غلہ لادین۔
عَیار ع چاشنی زر و سیم اور کھوٹا سونا تولنے کا۔
عَیّار ع مرد بہت چلنے پھرنیوالا تیز رو و تیز زبان۔
عَیْنُ القِطر ع قسم روغن بدبو جو اونٹون کو ملتے ہین۔
عَیْنُ الہَر ع نام جوہر جسکو لاسینا کہتے ہین۔
عَیْنُ الثَّور ع ایک ستارہ کا نام ہے اور برج ثور کے وہ تارہ ہے

بیسوین فصل

اون لغات کے بیان مین جنکے اول حرف عین اور اخیر مین الف ہے

عین با الف

غَار ع گڈھا جو زمین یا پہاڑ مین واقع ہو۔
غَاتفَر ف ترکستان مین ایک شہر اور سمرقند مین محلہ ہے
غَافِر ع پوشندہ و بخشندہ گناہ یعنی خدا تعالے۔
غَابِر ع بازمندہ و ہلاک شوندہ و زمانہ استقبال۔
غَادِر ع بیوفا و غابار اور غدر کرنیوالا

غین با باہی

غُبَار ع گرد اور خاک جو ہوا کے ساتھہ اوڑتے ہو۔

غین با دال

غَدر ع بیوفائی و وہ غابازی جو نوکر آقا اور دوست دوست کے ساتھہ کرے۔
غَدِیر ع تالاب و جہیل جس مین پانی ٹھہرا رہے۔
غَدَّار ع بہت بیوفا نہایت دغاباز آدمی جو اپنے محسن کے ساتھہ بیوفائی کرے۔

غین با رای

غَرَر ع روشنائے و خطر و گرد اور وہ شرط جو بیع مین کریں اور بیع اوس چیز کے جو اپنے اختیار مین نہو جیسا پنچھی مچھلی وغیرہ۔
غُرَر ع سفیدیہا و ابتداہای ہر چیز و سفید یہای پیشانی مرد و اسپ و قوم جمع غرّہ و در غرر مروارید ہای روشن۔
غَرغَرہ وہ چیز جسپر سوت لپیٹتے ہین۔
غَرَارَہ کمی و نقصان و نادانی و تیزی تلوار کے و طریقہ طور و کشادہ بازار
غُرُور ع مصدر ہے بمعنے فریب و مجازاً تکبر و غرور ہے۔

عین با ذال

عذار ع زیر بناگوش و مقام خط ریش و رخسار جہ کے گال و چہرہ

عذر ع بہانہ حیلہ اور معذور رکھنا۔

عین با رے

عرعر ع قسم سرو یعنی سرو کوہی اور چیڑ جو درخت کلان سا ہوتے ہی

عرق بہار ع عرق نارنج و ترنج کنایۃ شراب۔

عرض عمر ع لذت عمر جو انسان کو زندگی مین حاصل ہوتے ہی

عین با سین

عسر و عسر ع دشوار و تنگی و مفلسی و نادار ی و بے دولتی

عسیر ع مشکل و دشوار و سخت و تنگ۔

عسیر ع دشوار و مشکل و سخت و تنگ۔

عسکر ع لشکر و ہجوم و تاریکی شب و نام محلہ نیشاپور مین اور نام ایک موضع کا جسکو سامرہ بھی کہتے ہین۔

عساکر ع جمع عسکر لشکر ہا یعنی بہت سے فوجین و لشکر۔

عسار ع دردیشی و تنگدستی و سختی و دشواری۔

عین با شین

عشیر ع خویش و ہمسایہ اور دسوان حصہ کسی چیز مین سے یعنی دس سے ایک۔

عشائر ع جمع عشیر ہ خویشان و قبائل و رشتہ داران و قرابت داران۔

عشیر عشیر ہ دسوان حصہ چنانچہ سو کا دسوان حصہ دس اور دس کا دسوان حصہ ایک اور پچاس کا دسوان حصہ پانچ

عشر ع دس عدد مین یعنی ۱۰۔

عشر دسوان حصہ کسی چیز کا چنانچہ چالیس مین سے چار

عشر ہ سبزہ جمین سے دو دو نکلے چنانچہ درخت آک کا۔

عشر کسی چیز سے دسوان حصہ لینا چنانچہ ساٹھ مین سے چھ

عین با صاد

عصفر ع گل کاجر یعنی کسومبھ کے پھول جسے کپڑے رنگتی ہین

عصار ع روغن گر یعنی تیلی جو تیل تل و سرسون سے نکالتا ہے

عصفور ع گنجشک یعنی چڑیا جو مشہور پرند ہے۔

عصافیر ع جمع عصفور چڑیان جو مشہور پرند ہین۔

عصر ع زمانہ اور اخیر وقت دن کا اور نچوڑنا کسی چیز کو تیل نکالنا

عصیر ع شیرۂ انگور وغیرہ مجازاً شراب انگور کے۔

عین با طاء

عطر ع خوشبو جسکے سونگھنے سے فرحت ملتی ہے۔

عطر ع خوشبو ہونا اور خوشبو کرنا کسی چیز کو۔

عطار ع خوشبو فروش و عطر ساز جو عطر بنا کر فروخت کرتا ہے

عین با قاف

عقاقیر ع جمع عقار وہ دوائین جو بیخ کی قسم سے ہون۔

عقر ع نازائیدہ ہونا بانجھ ہونا بے اولاد ہونا عورت کا عقم ہونا اور باز رکھنا چارپایہ کو چلنے سے۔

عقور ع سگ گزندہ کتا کاٹنے والا۔

عقیر ع نازائیدہ و نا امید و عقیم و بے اولاد عورت۔

عقار ع آب و زمین زراعت و ملک و قریہ اور درخت خرما و متاع و اسباب و سامان خانہ داری وغیرہ۔

عقار ع شراب جسکے پینے سے مستی حاصل ہو۔

عقار ع وہ دوا جو کسی درخت کے بیخ ہو مثل بیخ بادیان و بیخ کاسنی وغیرہ کارآمد بیخین۔

عین با لام

علم نظر ع مناظرہ کا علم اور لڑائی و جھگڑے کا علم جسمین ایک دوسرے کو جواب کافی دیا جائے۔

علاقہ دستار فطرہ دستار کا جو پگڑی کے اوپر ہوتا ہے اور شملہ دستار کا جو گردن پر لٹکاتے ہین۔

عین با میم

عین با صاد

ظفر ناخن انگلیون کے۔

ظا با واو

ظواہر ع جمع ہی ظاہر کے جسکے معنے بیان ہو چکے ہین۔

ظا با ہاء

ظہار ع ہم پشت ہونا ہم جد ہونا ہم کفو ہونا۔
ظہر ہنگام زوال و یعنی وقت ایک دو بجے کا بعد دوپہر کے
ظہر پشت یعنے پیٹھ کے دمے کے اور پیچھا آوے کا۔
ظہر درد پشت یعنے وہ بیمار جسے پیٹھ مین درد ہو۔
ظہور ع ظاہر ہونا پیدا ہونا دیکھا جانا و جلوہ و دوشنے
پانا کسے چیز کا۔
ظہیر ع ہم پشت دیاری دینے والا مددگار اور پشتے
کرنیوالا حامی اور وہ شخص جسکے پشت درد کرے اور نام شاعر
فاریابی جسکا دیوان مشہور ہے۔

اونیسوین فصل

اون لغات کے بیان مین جنکے اول حرف عین اور اخیر مین رای ہے

عین با الف

عالم صغیر ع چھوٹا عالم یعنے جسم انسان۔
عالم کبیر ع عالم ارواح و ملایک
عالم امر ع عالم ارواح و ملایک۔
عابر ع عبور کرنیوالا اتر نیوالا آر پار گذرنیوالا راستے۔
عار و شرم عیب ننگ و ناموس
عاشر دسواں حصہ ہر ایک چیز کا دس مین سے ایک
عاطر ع خوشبودار وہ چیز جسے خوشبو ملے۔
عامر ع آباد کرنیوالا عمارت کرنیوالا۔

عین با باء

عنبر ع قسم خوشبو کے خشک جو صندل و گلاب و مشک سے بنتا ہے مین
عنبر ع زرگس جو درمیان سے زرد ہوتا ہے اور سیاہ کا نام شہلا ہے
عبور ع پانسے اوترنا اور مطلق گذرنا راستے سے
عبور ع ستارہ جو مشہور چیز ہے۔
عبر ع تعبیر خواب کہنا درد خانہ اور کنارہ نہر کا۔
عبر ع بہنے بسیار و گرمے چشم۔
عبر ع محصول ہر بجرے کا جو وقت عبور دیا کے دیا جاوے
عبر ع عبرت پکڑنا اور آنسو برسانا کسے غم مین۔
عبد القادر ع نام حضرت محی الدین غوث الاعظم گیلانی
کا یہہ بزرگ صحیح الطرفین ماباپ دونو طرف سے سید
تھے باپ کے طرف سے پشت ان کے امام حسن رضہ کے تھے
اور ماں کی طرف سے امام حسین رضہ کے ساتھہ ملتی ہے
علوم فقہ و حدیث و تفسیر و منطق و معانی و فروع و اصول
و معقول و منقول و صرف و نحو مین انکا کوئی ثانی
نہین گذرا عبادت و زہد و ریاضت و خوارق و کرامت
مین یہہ بزرگ شہرہ آفاق تھے محبوب سبحانی قطب ربانی
شیخ سید سلطان ان کا خطاب تھا لاکھون آدمی
ان کے مرید تھے اب تک سلسلہ انکا جاری ہی جو قادریہ
سلسلہ کہلاتا ہے مشایخ صوفیہ عالیہ مین اس سلسلہ کے
لوگ سب سے بزرگ شمار ہوتے ہین یہہ بزرگ چار سو کوچ
سنہ ہجری مین پیدا ہوا اور پانسو باسٹھہ ہجری مقدس
مین فوت ہوا کیانوین برس کے عمر پائے عاشق ان کے
تاریخ ولادت ہے اور معشوق لہے تاریخ وفات ہے

عین با ہاء

عثیر ع گرنا کسے مقام و منزلت سے۔
عثار ع سر پر گرنا کسے پر گرنا بے اختیار گرنا۔

طا اور اخیر مین حرف رہے ہے

طا با الف

طائرؔ پرندہ اوڑنیوالا جانور جو ہوا پر اوڑتا ہے
طاہرؔ پاک آلایش سے خالی عیب سے

طا با ہاے

طباشیرؔ معرب تباشیر جسکو بنلوچن کہتی ہین اور دوا مین مستعمل ہے۔

طا با رے

طرفدارؔ بادشاہ ایک خطے اور ملک کا مالک و حاکم۔
طرّارؔ شیرزبان اور چور و کیسہ بُر زبان دراز
طرزؔ تیز کرنا اور کاٹنا اور چھیلنا درست کرنا کسی چیز کو
طرزیؔ خوبصورت و خوش لقا تیز کیا ہوا چھلا ہوا
طرّاریؔ خوبصورت لوگ اور چیزین جو تیز و دوان اور چھیلے ہوئے ہون۔
طرّہؔ ہمہ و جمیع و تمام و یکجا اکٹھے چیز۔
طرّرؔ جمع طرہ موئی پیشانیہا و کنارہ ہای ہر چیز اور اور کے سر دیوار کے و نقوش جامہ و کنارہ ہای بام اور وہ کرنے جو پگڑے پر رکھتے ہین۔

طا با شین

طشت گرؔ و کاسہ گرؔ برتن بنانے والا کاریگر برتن بنانے کار

طا با لام

طلائی دستکار خالص سونا اور صفا کیا ہوا سونا جسکو خود درست کیا ہو۔

طا با نون

طنجیرؔ لوزن دیگیر پاتلہ جو ایک برتن مشہور ہے۔
طنبورؔ ایک ساز کا نام ہے جو بجایا جاتا ہے۔

طا با واؤ

طورؔ نام کوہ جسپر موسیٰ نے تجلی ہوا تہا اور موسے علیہ السلام بیٹھکر خدا سے ہمکلام ہوا
طومارؔ رزنامہ و صحیفہ و مکتوب جو دراز ہو اور کے قامت و عبارت کے
طویلہؔ درخ سلک مروارید موتیون کے لمبا موتیون کے لڑے
طورؔ طریق وضع ڈھنگ چال چلن انسان کا۔
طومارؔ جمع طومار بہت سے مکتوب لکھی ہوئے۔

طا با ہا ے

طہرؔ پاک ہونا حیض سے اور وہ ایام جس مین حیض نہو اور ایام درمیان دو حیض کے۔
طہورؔ پاک اور پاک کرنے والا صاف کرنے والا۔
طہیرؔ پاک کرنیوالا اور صاف کرنیوالا کسی چیز کو۔

طا با یے

طیارؔ طائر لینے اوڑنے والا جانور اور پرندہ جو ہوا مین اوڑے اور ہر چیز جو ہر طرح سے لائق و درست ہو چکے ہو۔
طیرؔ جانور پرند اوڑنے والا۔
طیورؔ اوڑنیوالے جانور یہہ لفظ جمع طیر کے ہے۔

اٹھارہوین فصل

اون لغات کے بیان مین جنکے اول حرف ظا اور اخیر مین رہے ہے

ظا با الف

ظاہرؔ میدان عقب شہر و حوالے شہر و قصبہ اور وہ چیز جو سب کو نظر آئے۔

ظا با فاء

ظفرؔ فیروزمندی و فتح و غلبہ و زور جو دشمن پر حاصل ہو۔

صَغِیر ع خورد و کوچک یعنی چھوٹا و کم قدر و کم عزت و کم عمر۔
صَغِیر ع چھوٹا پن اور کوچکے و کم عمرے و کم قدری و کم عزتے۔
صَغَار ع خواری و بیعزتی و کوچکے و کم قدری و کم عمری۔
صِغَار ع جمع صغیر و جمع صغر یعنے چھوٹے لڑکے اور چھوٹے لڑکیان

صاد با فا

صَفْدَر ع صفین توڑنیوالا بہادر پہلوان اور خطاب علی المرتضی کرم اللہ وجہہ اور نام شاعر لاہوری جسکی تواریخ میں ہے انشاء صفدر مشہور ہے
صَفَّار ع وہ شخص جو مٹے کا برتن بنائے۔
صِفْر ع خالی اور خالی ہونا درمیان سے مجازاً فقط
صُفْر ع زردی اور روئین یعنی کانسے جسکے برتن بناتے ہین
صَفَر ع دوسرے مہینے قمری کا نام ہے

صاد با قاف

صَقَر ع جرہ جو مرغ شکاری مشہور ہے۔

صاد با نون

صَنَوبَر ع درخت چلغوزہ جسکو چیڑ کہتے ہین۔

صاد با واو

صُوَر ع گرنائی یا شاخ حیوان جو بجاتے ہین اور روز مکرر اسرافیل
روز قیامت بجائیگا اور زمین و آسمان فنا ہو جائیگا۔
صُوَر ع جمع صورت بہت سے صورتین اور شکلین۔
صوبہ دار ع حاکم صوبہ کا ایک خطہ کا فرمان فرما۔

صاد با ہا ی

صِہر ع یعنی شوہر و پدر زن و شوہر دختر و شوہر خواہر۔

سولہوین فصل

اون لغات کے بیان مین جنکے اول حرف
ضاد اور اخیر مین رے ہے

ضاد با الف

ضَارّ ع ضرر پہونچانے والا رنج دینے والا
دوکھہ دینے والا۔

ضاد با جیم

ضَجُور ع تنگ دل و مضطرب و غمگین و پریشان۔
ضَجِر ع تنگ دل و غمگین و پریشان حال و نیمان خاطر۔

ضاد با رای

ضَرب کسور ع ایک قسم ضرب کا ہے جو کسور سے متعلق ہے۔
ضَرِیر ع نابینا و بیمار و لاغر و ناتوان و کمزور۔
ضِرار ع ضرر پہونچانا رنج دینا تکلیف و نقصان عینا کسی کو
ضُرّ و ضَرَر ع گزند و سختی و وبال و لاغری و ناتوانی و نقصان
ضِرس ع بچلے عورت پر دوسرے عورت سے نکاح کرنا۔
ضَرَر ع نقصان و گزند پہونچانا و دوکھہ دینا رنج دینا۔

ضاد با فا

ضَفِیر ع سر کے بال جو گوندی ہوئی ہون یا لفین گوندی ہوئی
ضَفَائِر ع جمع ضفیر گوندے ہوئے بال اور لفین۔

ضاد با میم

ضَمُور ع ضعف و لاغری و کمزوری و ناتوانی۔
ضَمُور ع لاغر و ضعیف آدمی اور کمزور شخص
ضَمِیر ع وہ دل یا مادہ خاطر و اندیشہ و خطرہ جو خاطر مین گذرے
ضَمِیر ع نام غلام آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کا۔
ضَمَائِر ع جمع ضمیر ارادے و اندیشے و خطرے جو دل مین انسان
کے پیدا ہون اور خیالات ہوے۔

ضاد با یاے

ضَیر ع گزند و نقصان و رنج و تکلیف و بیمارے

سترہوین فصل

اون لغات کے بیان مین جنکے اول حرف

شناور ف شناور دشوم دنامبارک وخرابی دننگ وعار دشمن
شناور ف تیرنے والا تیراک جو دریا مین تیرتا ہو۔

شین باواو

شور ف فتنہ وغلغلہ دشہرت دآواز بلند وعشق وجنون وتکلیف
اور عبرے مین بمعنے مشورہ دگفتگو بش۔
شورمور ف ایک قسم کے چیونٹی جو نہایت چھوٹے ہوتے ہی
شوستر ف خوزستان مین ایک شہر ہے۔

شین باہای

شہریور ف نام ماہ شمسی مطابق ماہ کنوار جسکو اسوج بھی کہتے ہین
شہر ع عربے مین بمعنے فارسی مین بستی جہان لوگ آباد ہون
شہریار ف بادشاہ وحاکم ومالک شہر کا۔
شہوار ع ہر چیز عمدہ جو بادشاہ کے لایق ہو۔
شہور ع جمع شہر یعنے بہت سے مہینے۔
شہیر ف مشہور جسکو ہر کوئی جانتا ہو۔
شہادت مستور دل مین اقرار کرنا کسے بات کا یعنے تصدیق کرنا اور کسی ہاتھی کے طور سے

شین باہاء

شیر ف مشہور درندہ جانور ہی بیلے مجہول عربے مین اسکو اسد کہتے ہین
شیرگیر ف بہلوان جو امرد جوشیر کے ساتھ لڑے
شیربچہ ف دودہ آدمی کا بالکا پہنس وبکرے وغیرہ کا۔
شیپور نام ساز جسکو نفیر سونا رے کہتے ہین۔
شیروشکر ف غایت درجہ کی محبت اور ایک کا حامی اور ایک

پندرہوین فصل

اون لغات کے بیان مین جنکے اول حرف
صاد اور خیر مین رائے ہے

صاد باالف

صادر ع نکلنے والا چلنے والا آنے والا ظاہر ہونے
والا نازل ہونے والا۔
صابر وصبر کرنے والا اور لقب ایوب پیغمبر کا۔
صائم الدہر ع جو شخص ہمیشہ روزہ رکھے دن کو
کبھی کھانا نہ کھائے۔

صاد باباء

صبر ع تلخ دوا کا نام ہے جسکو ایلوا کہتے ہین اور
مصبر بھی مشہور ہے۔
صبر ع ٹھہرے رہنا قائم رہنا تنگی کے وقت اضطراب نکرنا
کسے بیمار وغیرہ بدحالات مین۔
صبار ع بہت صبر کرنے والا ٹھہرنے والا کسے تنگی وبیمار
وغیرہ حالتون مین۔
صباح الخیر ع یہہ ایک کلمہ صبح کو بولتے ہین یعنے اچھی صبح
صبور ع صبر کرنے والا ٹھہرنے والا حالات اضطرار مین

صاد باجاء

صحیح نگار ف اخبار نویس جو درست درست حال
درج اخبار کرے۔

صاد بادال

صدر ع بلند سینہ ودل بمعنی امیر ومعزز منصب
صدور ع جمع صدر یعنی بہت سے بلندیان اور سینے
اور دل اور امرا صاحب منصب۔

صاد بارے

صریر ع آواز قلم وبانگ مرغ وآواز نعلین وآواز دروازے کے جو
کھولنے اور بند کرنے کے وقت نکلتی ہے۔
صرصر ع باد سخت یعنے اندہیرے اور اکثر اوقات
تابستان مین آتی ہے

صاد باغین

شراب کھجور ۔ شراب بنتے جو ایک متصور ہے ۔
شربت و نیارز شربت تخم کشوث جو مسہل و دافع قبض ہے
شرر یکپارہ آتش تہوے آگ یا چنگار آگ کا ۔
شرار جمع شریر کے یعنے بہت صاحب شرارت لوگ
شر مدے برائے فتنہ و فساد و خرابے جو کسی کام مین واقع ہو ۔
شرار پارہ ای آتش جو آگ سے نکلین یعنے آگ کی چنگاری
شریر مرد آدمی جو شرارت کرتا ہو اور ہندی مین جسم ۔
شرور مد بدیہا شرارتہا یعنے برائیان و خرابیان و فتنے و فساد
شراب گلنار شراب انگورے جو عمدہ قسم کے شرابون سے ہے

شین با سین

شست میٹر تیر انداز جسکا تیر نشانے سے خطا نہ جاے
شست گیر نشانہ باز جسکا تیر نشانے پر جا کر پڑے ۔

شین با شین

شش پر مذ گرز آہنی شش پہلو جو ایک قسم کا گرز ہوتا ہے
شش در مقید سخت و عاجز و حیران و متحیر و پریشان
و آشفتہ حال اور حیلہ خانہ بازی زد کے جسمین مہرہ بند ہو کر
نکل نہین سکتا اور صرف مات ہو جاتا ہے ۔
شش و انگ عیار مذ کامل عیار یعنی بہت چالاک و مکار شیر آدمی

شین با طا

شطر مجانطیف مذ تیرہ و یارہ و حصہ ہر چیز کا اور ایک مہرہ کل کا

شین با عین

شعر موے آدمی وغیرہ و قسم جامہ باریک ابریشمی جو نہایت نفیس و پاکیزہ ہوتا ہے ۔
شعر دانا اور جاننا اور سخن موزون با قافیہ و ردیف اور
منظوم کلام اور پہچاننا باریک چیزون کا اور واضح
رہے کہ پہلے پہل عربی مین لعرب بن قحطان
اور فارسی مین بہرام گور نے شعر کہا ۔
شعار مذ وہ کپڑا جو بدن کے ساتھ متصل ہو مثل قبا و کلاہ وغیرہ
شعور مذ جاننا اور پانا ہر ایک چیز کا اور علم حاصل کرنا ۔
شعائر مذ عبادتین اور قربانیین جمع شعیرہ کے لفظ کے
شعیر مذ غلہ جو مشہور غلہ ہے ۔

شین با قاف

شقیر مذ لالہ کوہی جو ایک قسم کا گل سرخ رنگ ہے ۔
شقدار مذ حاکم دیہات و عامل پرگنات و تحصیلدار

شین با کاف

شکر مذ احسان ماننا منعم کا بعد حصول نعمت کے شکریہ ادا کرنا
شکرف مذ جزو نمودت کا اندام نہانی و شرمگاہ ۔
شکر و شکرف مذ شیرینی و کنایۃ گل معشوق و بوسہ و نام زن
جمیل جسکے ساتھ خسرو نے شیرین کے غم مین نکاح کیا تہا ۔
شکرف مذ شکستہ اور شکار کرنیوالا جسکو شکار کھیلنے کا شوق ہو
شکر مذ زرد بنور سیاہ جسکو بہوزا کہتے ہین ۔
شکار مذ جانور کے مارنے کا ارادہ کرنا اور مارا ہوا جانور

شین با لام

شلوار مذ ازار و پاجامہ یعنی شل بعضے ران اور سوار کلمہ بست

شین با میم

شمشیر مذ تلوار یعنی شم بعضے ناخن و دم و شیر بعضے شیر مرکب
معنے اسکے ناخن شیر یا دم شیر کے ۔
شمر مذ حوض کو چکر تالاب اور بالائی دودھ کے یعنے ملائی
شمر مذ خرامیدن لٹک کر چلنا ناز سے چلنا انداز سے چلنا ۔
شمر نام قاتل امام حسین علیہ السلام جسنے حضرت کو
اپنے ہاتھ سے شہید کیا ۔
شمشیر گیر مذ مرد جنگ آزمودہ جوانمرد پہلوان بہادر

شین با نون

شنقار مذ نام طایر شکاری جو پرزور ہوتا ہے

شاد خوار ف آسودہ حال جسکو بیفکر روزی حاصل ہو۔
شاخدار ف خودبین مغرور و متکبر و سربلند۔
شاطر ف دلاور و چالاک و پیک و شطرنج باز و دل آزار و روزدوگرہ بُرد و بدخلق۔
شاعر ع جاننے والا یا بنیوالا شعر کہنے والا نظم لکھنے والا۔
شاہ پور ف نام بادشاہ و نام پہلوان و نام مصور جو اپنے کام مین اوستاد تہا۔
شاہ مُرغ کنایۃً ہدہد جو مشہور پرندہ ہے۔
شاخسار ف جہان بہتسے درخت آپسمین جمع ہوکر ملے ڈالی ہوئی ہون مجازاً باغ۔
شار ف شہر و دینہ و عمارت بلند و ریختن آب اور چاندنی کا سیل و جمار باریک رنگین جسکو ہند مین ساڑے کہتے ہین اور نام طایر جس کو مینا بولتے ہین و راہ گشادہ و بادشاہ عرجستان۔
شار مار ف ایک قسم کا سانپ ہے جو نہایت زہریلا ہوتا ہے
شاخ بدیوار ف گردنکش و مغرور و متکبر و نافرمان آدمی۔
شادیہر ف خوشحال و نیک نصیب و صاحب قسمت آدمی
شالامار ف خطاب باغ بنیہ شاہجہان بادشاہ جو لاہور مین ہے اور نیز ایک باغ کشمیر مین۔
شاستر ہ نام علم فقہ ہنود جسمین دینی مسایل ظاہر ہوتے ہین اور احرای مسایل مذہب ہنود اسی پر ہے۔

شین بای عربی

شبور تغیرے و نای معرب شپور جسکے ترکے مین بانسری کے معنے ہین۔
شبرو بدست و بالشت یعنے مسافت خصر تا زانگشت و نام شمر ذوالجوشن قاتل امام حسین علیہ السلام۔
شبیر ع نام امام حسن رضی اللہ عنہ جو محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے نواسے پیارے ہوتے تھے
شبّیر ع نام امام حسین رضہ جو چھوٹے بہائے امام حسن رضی اللہ کے تھے۔
شبیر و شبر و مشبر ع نام ہرسہ فرزندان ہارون علیہ السلام اور اسی پر حضرت پیغمبر نے اپنے نواسون کے نام حسن و حسین و محسن رکہے تہے۔
شب دیجور ف اندہیری رات جس مین تمام رات کا اندہیرا ہو۔
شب پرہ ف پرندچمگادڑ جو دنکو بسبب تابش آفتاب کے اوڑہ نہین سکتا اور رات کو اوڑتا ہے۔
شب گیر ف رات کو چلنا اور رات کو چلنے والا مجازاً چوریا چوکیدار۔
شبیارہ ایک تلخ دوا ہے جسکو ایلوا کہتے ہین۔
شب قدر ع شب بست و ہفتم رمضان المبارک جسکا وجود قرآن سے ثابت ہے مگر تاریخ مقرر نہین۔

شین تای

شتر ف اونٹ مشہور بارکش چارپایہ ہے۔
شتر ف کنارہ و گوشہ و نام قلعہ جو ایران مین ہے اور عرب مین کانٹا جسکو خار کہتے ہین
شتر ع کانٹا جانا اور برگشتگی یک کے زیر و بالا سے

شین جیم

شجر ع درخت ہر ایک قسم کا اور سبز درخت۔

شین خای

شخار ع سیخی جو مشہور چیز ہے اور کپڑے اوسے دہوئے جاتے ہین

شین دال

شدبار ع وہ زمین جو زراعت کے لئے درست کرین۔

شین رای

شراب بیشت ذ آرد ہ شراب جسمین ادویات مفید ملے ہوں

موش کے شکل پر جب آگ سے باہر آتا ہی مر جاتا ہے۔
سمر ف افسانہ ہا و حکایات جلے اور مصنوعی کہانیان۔
سم الفار ف سنگ زہر جو سفید و سیاہ و زرد و سرخ ہوتا ہے
یعنے سنکھیا منے اسکے فارسی مین زہر موش ہین۔
سمسار ف دلال جسکی معرفت تجارت ہو اور وہ شخص جو دو
سوداگرون کے درمیان آکر سودا کرائے۔

سین با نون

سنجار نام شہر ہے جو موصل کے پاس ہی اور سلطان سنجر ہے
سنجر نام بادشاہ جو خاندان سلجوق سے عظیم الشان بادشاہ تھا
سنگسار ف ایک قسم تعذیب کا ہے جو مجرم کو پتھر مار کر
مار ڈالتے ہین۔
سنقر ف ایک شکاری جانور کا نام ہے و نام بادشاہ شکار دوست کا
سنگر ف نیزہ کو چک یعنے برچھی چھوٹی سی جو مشہور سپاہی کے
سنگ در ف گستوے جسکے اوپر سونا لگتے ہین۔
سنور ف گربہ یعنی بلے جو مشہور جانور ہے۔

سین با واو

سومان گیر ف نرم و ملائم لوا جو ریتی سی ریتا جائی جاوے و ہر
جو ہر ایک شخص کا حکم مان لے۔
سوسمار ف نام جانور کا جسکو گوہ کہتے ہین۔
سوار ف راکب جو کسی مرکب پر چڑھا ہوا ہو یعنے سوار ہو۔
سوار ع نام زیور جسکو کنگن کہتی ہین اور عورتین
پہنتے ہین اکثر سونا و چاندی سے بنایا جاتا ہے۔
سور ع جشن و شادی و عروسی و رنگ سرخ و نام گل و رنگ
خاکستری مائل بسیاہی اسپ وغیرہ کا و دیوار قلعہ و شہر پناہ
و طعام پس خوردہ یعنی جوٹھا کھانا۔
سور و سورہ ہای قرآن شریف جو ایکسو چودہ ہین۔
سوفار ف تیر کا پہل جو لوہے کا ہوتا ہے۔
سوگوار ف مصیبت زدہ اور ماتمی جو کسی کی مرگ کے غم مین گرفتار ہو
سورۂ نور ع نام سورہ قرآن شریف کا۔
سوختن ز ر ف تلف ہونا زر کا اور ضائع کرنا۔

سین با ہا

سہر ع بیداری و بی خوابی اور نام بیماری کا۔
سہر ع ایک بیماری کا نام ہے جسے بیمار کو نیند نہین آتی

سین با یا

سیہ بہار ف سبزی و شادابی موسم شگفتگی بہار کے۔
سیقور ع نام جامۂ لطیف ابریشمی جو بہت قیمتی ہوتا ہے
سیہ کار ف بدکار و فاسق و فاجر و گنہگار آدمی۔
سیسنبر ع معرب سپسنبل نام سبزہ خوشبودار جسکے
پتون مین خوشبو ہوتی ہے۔
سیار ع سیر کرنیوالا جا بجا پھرنے والا چلنے والا۔
سیخ پر ف چھوٹے پرجانور کے جو شاہیر کے نیچے ہوتے ہین۔
سیبخور ف قسم سیب جسکے پوست کے جلانے سے خوشبو حاصل ہوتی ہے
سیاہ پیر ف غلام پیر یوں غلام حبشی۔
سیر ع جمع سیرت عادتہا و خصلتہا و علم تواریخ۔
سیر ف بیای مجہول پرشکم و بیزار و رنجیدہ۔
سیر ف بیای معروف بمعنے لبسن یہہ ایک مشہور
جنس ہے جسے پیاز کہتے ہین۔
سیمبر ف کنایہ معشوق خوبصورت۔

چودہوین فصل

اون لغات کے بیان مین ہین سب جنکے اول حرف
شین و اخیر مین یای ہے

شین با الف

سر بسبز ف تمام بالکل بے نقصان پوری چیز۔
سراسر ف تمام بالکل بے نقصان پوری چیز۔
سربار ف سر کا بوجھ جو سر پر اوٹھایا جاوے۔
سردار ف امیر فرمان فرما حاکم ذی دولتمند۔
سردسیر ف وہ زمین جو سرد اور برف زمین جہان برف پڑتے ہو
سردفتر ف دفتر کا منشی خانہ کا افسر بڑا منشی۔
سرکار ف صاحب ملک و صاحب حکومت اور صاحبکار۔
سرور ف خوشی و مسرت و عیش اور تھوڑا نشہ شراب کا۔
سرگزشت مجمع سرنوشت راز اور بھید جو دل مین ہون۔
سروکار ف خواہش کار و تعلق جو کسیکے ساتھ ہو۔
سرطبلدار ف جلد کتاب کی جو بینے دار ہو۔
سرشتہ دار ف مخترع و مبتدع کسے کام کا۔
سرخر ف مخل اور برہم کرنے والا کام کا۔

سین بارے

سزاوار ف لایق مناسب اور لایق کسے کام کی جو دیکھا جاتا ہو

سین باطاء

سطر لکھنا اوصف حروف کے اور حرفون کے قطار۔
سطبر معرب سبرک گندہ و غلیظ اور موٹے چیز و ناہموار و بدصورت۔

سین باجیم

سعر نرخ ہر چیز کا جو وہ فروخت ہو اور اصلے بہاؤ اوسکا
سقر نام گیاہ جسکو آدیس کہتے ہین۔
سعد اکبر ستارہ شمارے جو ستارون مین سعد مشہور ہے۔
سعیر آتش افروختہ و نام طبقہ دوزخ جس مین آگ کا عذاب ہے۔

سین بافا

سفر کتاب و نامہ
سفرہ لکھنا۔
سفر وہ مشہور لفظ ہی یعنے چلنا کسے قدر مسافت تک ایک جگہہ سے دوسرے جگہہ جانا۔
سفیدار نام درخت ہے جسکے لکڑی سفید ہوتی ہے یعنے سفیدا جو مشہور درخت ہے۔
سفیر رسول و پیک و قاصد و سفیا سپرد ایلچی اور سفر کرنے والا۔

سین باقاف

سقمونیا ایک جانور سوسمار کی طرح ہوتا ہے۔
سقوطرا نام جزیرہ جہان صبر اچھا پیدا ہوتا ہی اور صبر کو صبر ہے کہتے ہین۔
سقر چرغ جو شکاری جانور ہی اکثر جانورو کو شکار کرتا ہی
سقر دوزخ جس مین گنہگارون کو عذاب ہوگا۔

سین باکاف

سکر معرب شکر مسند جو شہد شیرنی ہے
سکر مستی و نشہ جو شراب و بنگ و افیون کے پینے سے حاصل ہو
سکندر نام بادشاہ جسکا ذوالقرنین خطاب تہا۔
سگسار ف بد و پلید مانند سگ کتے کے مانند۔

سین بالام

سلحشور و سلام مند یعنی سپاہی جنگی ہتیار باندہی ہوئی

سین بامیم

سمور ف ایک جانور بشکل روباہ ہی جسکے چمڑی کی پوستین بنتی ہین
سمار یا سمنار نام معمار جسنے بحکم نعمان بن منذر بہرام گور کا محل بنایا بعد اختتام عمارت نعمان نے اوسکو قتل کر دیا اسلئے کہ اور جگہہ ایسا محل نہ بنائی۔
سمندر ف نام کرم آتشین جو آگ مین پیدا ہوتا ہے

سائر ع سیر کرنے والا اور تمام و مشہور و باقی۔
ساطور ع کارد بزرگ بڑے پھرے جسے کوئی چیز کاٹین
سابقہ سالار ع سردار اور سرگروہ قوم کا جو قدیم سے ہو۔
ساغر ع پیالہ شراب کا جسمیں شراب پیتے ہین۔
ساتر ع پردہ پوش آدمی عیب چھپانے والا آدمے۔
ساحر ع جادوگر جو جادو کا علم جانتا ہو۔
ساحر ع تابع کرنیوالا مسخر کرنیوالا تسخیر کرنیوالا۔
سازگار ف موافق طبیعت کے یار دوست ہم درد۔
سافر ع سفر کرنیوالا سیاحی چلنے والا۔
سالار ف مالک سردار افسر فرمان فرما حاکم سرگروہ۔
سادہ پرکار ف معشوق شوخ و طناز و مطبوع طبع۔

سین با یاء

سبزوار ف ایران مین ایک شہر کا نام ہی جو مشہور ہے۔
سباغر ف نام پہلوان جو بڑا زور آور و قوی بازو تھا۔
سپہر ف آسمان و فلک یہ مشہور لفظ ہے۔
سبک سار ف فارغ البالی و بے تعلق و بے قید۔
سبک سر ف بزدل و احمق بیوقوف و جاہل و نادان
سبزکار ف نیکوکار نیک خلق نیک طینت آدمے
سپید کار ف صالح و متقی و نیکوکار عابد زاہد آدمے
سپیدار ف ایک درخت خوش قامت بے برگ نام ہے۔

سین با تاء

ستارہ سحر ف ستارہ زہرہ و آفتاب جو صبح کو نکلتا ہے
ستور ف ہر ایک چارپایہ وحشی جو چار پاؤن پر چلے۔
ستبر ف گندہ و غلیظ اور موٹا بے وضع بدصورت
ستخر ع تالاب جسمین پانی بہرا رہتا ہے۔
ستبر ع عربی مین بمعنی ستور اور فارسی مین مخفف ستبر
ستبر ع نام وزن بقدر پندرہ مثقال کے۔
ستر ع پردہ اور ستر اسکا مصدر ہے یعنے پردہ کرنا۔
ستمگار ف ظالم ظلم و جور و تعدی کرنے والا۔
ستر ع مخفف ستبر یعنے خچر جو ایک مشہور چارپایہ ہے
ستار ع پردہ پوش و نام خدا تعالے کا جو سب کا پردہ پوش ہے

سین جا جاء

سحور ع ماہ رمضان مین اخیر رات کا کھانا سحر گہی کا طعام
سحر ع جادو اور وہ عمل جو شیطانی عمل ہے۔
سحر ع پچھلی رات صبح کے قریب وقت آبدار صبح۔

سین دال

سدیر ع نام قصر جو نعمان بن منذر نے بہرام گور کے لئے بنایا تھا
سدر ع حیران دیدہ باز و تیر کے چشم بسبب دورہ سر و دوسرے
سدر ع بیری کا درخت جسکے میوے کو بیر کہتے ہین

سین رے

سر ف فکر و خیال و زور و قوت و سردار و مقدم قوم کا
و میل و خواہش و ذوق و زبدہ و خلاصہ و انتخاب ہر چیز کا
سرور ف سردار و رئیس و عزت دار و صاحب سرور
تخلص مؤلف کتاب ہذا کا جسکا اصلے نام مفتی غلام
سرور بن مفتی غلام محمد بن مفتی رحیم اللہ بن مفتے
رحمت اللہ ہے اور کتاب گلدستہ کرامت و خزینۃ
الاصفیا و گنج تاریخ و مخزن حکمت و اخلاق سروری
و گلزار شاہی و دیوان سروری و لغت سروری
و مخزن پنجاب و گلشن سروری وغیرہ اوس کے
تالیف و تصانیف مین سے مشہور ہین۔
سرار ع راز پوشیدہ و حال مخفف جو دلمین رکھا جاے
سرشار ف لبریز و لبالب و پُر اور سرمست نشہ شراب
سریر ف تخت و اورنگ و نام قلعہ کیخسرو بادشاہ۔
سرد مہر ف بے رحم و بے محبت و کم اُلفت آدمے۔

زمہریر سرمای سخت و نام طبقہ دوزخ جسمین سرد ہوا ہے
ہے اور نام کرہ جو وسط کرہ ہوا مین ہے اور کرہ ہوا کا کرہ مار کے
نیچے ہے اور کرہ زمین کے اوپر اور بخارات دریا
کے جب صعود کرکے طبقہ زمہریر تک جاتے ہین
برودت سے منجمد ہو کر ابر بن جاتے ہے اور اونسے
ہوا کے مدد سے پانی برستا ہے زم بمعنے سرما سخت
اور برپر کرنے والا۔
زمیندار زمین کا مالک اور زمین مین کھیتی کرنیوالا

زای مانون

زنجیر سلسلہ لوہے کا جو قیدیون کو پہناتے ہین
زنار جنیو جو ہندو گلے مین ڈالتے ہین
زنبور مشہور جانور ہے اور ایک قسم کا تیر
اور چھوٹے توپ یعنے زنبورک۔
زنجبار سعرب بنگالہ جو ایک مشہور چیز ہے
زنہار پناہ امان مہلت وعدہ پیمان و ہرگز و امانت
وخوف وشکوہ و پرہیز و حسرت و افسوس و شتاب جلد ہوش
آگاہی اس لفظ کے معانے بہت ہین۔
زنہار خوار عہد شکن جو شخص عہد کرکے توڑ دے۔
زندان سکندر شہر یزد مین ایک عمارت ہے کہتے ہین کہ
اوس مین سکندر کا تابوت رکھا ہے۔

زای باواو

زوا ظہر جمع زاہرہ روشن چیزین اور بلند چیزین و شگوفہ
زواجر جر عبازرکھنے والی زجر کرنیوالے منع کرنیوالے
زور دروغ و فریب و مکر و غابازی و ظاہر داری
زود سیر ناپائیدار چیز جسکو فنا لاحق حال ہو۔
زوار جمع زائر زیارت کرنیوالے لوگ اور دیکھنے والے
زوار صیغہ مبالغہ بہت زیارت کرنیوالا اور دیکھنے والا

زور قوت و توانای جو انسان کے جسم مین ہو۔

زای بامے

زمار فرج زن و ذکر مرد اور وہ سوراخ جو پتہر مین ہو اور
اوس سے پانی نکلے۔
زمگیر وہ انگشتر جو شاخ حیوان سے بنی ہو۔
زمہریر جمع زہر بمعنے شگوفہ ہا و سبزی ہائے باغ
و شگفتگی بہار۔
زمہیر و شگوفہ دار و درخت پر شگوفہ و سبز و تازہ۔
زہر سم قاتل جسکے کھانے سے انسان مرجائے

زای بای

زیور وہ گہنا جو عورتین پہنتے ہین اصل مین یہہ
لفظ زیب ور تھا۔
زیر بار جو شخص قرضہ و عیالداری وغیرہ بوجھ کے نیچے دبا ہوا ہو
زیر و زبر ضد اوپر نیچے تہ و بالا اولٹ پلٹ۔
زیر بای مجہول نیچے اور تلے کے چیز کے۔
زیادہ سر سرکش فرمان دلیر و جوانمرد آدمی۔
زینہار بمعنے امان و ترک و مہلت و عہد و پیمان و صلح و قرار
زیر بای معروف آواز باریک مقابل بم نام پردہ سوم سیتے
زیر و زار آواز خیز بن و آہستہ اور درد ناک آواز۔

تیرہوین فصل

اون لغات کے بیان مین جنکی اول حرف سین اور اخیر مین ای ہے

سین با الف

ساخور کتی کا پٹہ جو کتی کے گلے مین پہناتے ہین۔
ساقی کوثر جناب رسول صلے اللہ علیہ وسلم کا لقب ہے۔

زہگذر ۔ شاہراہ ۔ سبب ۔ باعث ۔ موجب کسی بات کا ۔
زہبر ۔ وہ راستہ دکھلانے والا ۔ پیر ۔ مرشد ۔
رہوار ۔ تیز رو ۔ تیز چلنے والا گھوڑا وغیرہ ۔

رای با یای

ریختہ ۔ گرنسا پچہ ۔ مین برتن بنانیوالا ۔ سانچی مین ڈھالنے والا
ریاکار ۔ منافق جو بظاہر صلح اور باطن مین جنگ رکھے
ریچارف ۔ اچار ۔ جو مشہور چیز اور نا نخوش ہے ۔

بارہوین فصل

اون لغات کے بیان مین جنکی اول حرف زای اور اخیر مین رای ہے

زای با الف

زائر ۔ ع ۔ زیارت کرنیوالا کسیکو دیکھنے والا ملاقات کرنیوالا
زاجر ۔ ع ۔ منع کرنیوالا دھمکانیوالا باز رکھنے والا ۔
زاہر ۔ ع ۔ روش و تازہ و بلند و خوبصورت ۔
زار ۔ و ۔ مکان بوسیدہ اور بہی و کبسیار و ضعیف و خوار و نالان
فریاد و آزار و عجز و اندوہ اور عربی مین بمعنی آواز ۔
زئیر ۔ ع ۔ بوزن فقیر شیر کے آواز اور اوسکا غرانا ۔
زاغر ۔ ف ۔ حوصلہ مرغان اور اشیاء پرندون کا ۔

زای با بای

زبان گیر ۔ ف ۔ جاسوس جو پوشیدہ کسی جگہ اور ملک کے خبر رکھتا ہو ۔
زبور ۔ ع ۔ لکھا ہوا اور نام کتاب جو داؤد ع کو اوتری تہی
زبر ۔ ع ۔ بروزن ابر لکھنا و عقل و توانا و محکم اور آواز دینا
زبرج ۔ ع ۔ نام ایک کتاب کا ہے
زبرجد ۔ ع ۔ کتابتین اور لوہے کے ٹکڑے اور لوح محفوظ ۔

زبر ۔ ف ۔ حفظ پڑہنا لکہے ہوئی کاغذ کو پڑہنا ۔

زای با حای

زحیر ۔ ع ۔ نام مرض یعنی پیچش و ناخوش و آزردہ و ماندہ و بیمار

زای با خای

زخار ۔ ع ۔ بہت بہرا ہوا اور مالا مال پانی سی اور فارسی مین نعرہ مارنے والا اور شور کرنے والا ۔
زخر ۔ ع ۔ پر ہونا دریا کا پانی سی لبالب ہو کر چلنا دریا کا ۔
زخم دار ۔ ع ۔ زخم پر گوشت اور ورم کیا ہوا زخم جسکے چارون طرف ورم ہو ۔

زای با رای

زرگر ۔ ف ۔ سنار جو سونی چاندی کے برتن و زیور بناتا ہے
زرنگار ۔ و ۔ خوبصورت سونے سے لکہا ہوا کوئی خط یا نقش
زریر ۔ ع ۔ ایک دوا کا نام ہے جسکو اکلیل الملک و اسپرک کہتے ہین
زره ۔ ع ۔ طلا و نقره و نقد و پیر مرد و پیرزال یعنے بوڑہا مرد اور بوڑہے عورت ۔
زر مصرف ۔ ف ۔ زر خالص جو مصر کے کان سی نکلتے ہے ۔
زرد ست افشارد ۔ نہایت عمدہ سونا جو ہاتہہ مین نرم معلوم ہو ۔

زای با عین

زغر ۔ و ۔ نام میوہ جو سیر کے قسم سے ہوتا ہے اور کہانے مین بہت لذیذ ہوتا ہے

زای با غین

زغیر ۔ ع ۔ بروزن فقیر کتان جسکو ہندی مین سن کہتے ہین

زای با میم

زمر ۔ ع ۔ بجانا بانسری بجانا سرود کرنا ۔
زمز ۔ ع ۔ مروت اور کم سو ہونا ۔
زمر ۔ ع ۔ گروہ ہائے متفرق و نام سورۂ قرآن المجید جو قرآن مین شامل ہے ۔
زمخشر ۔ خوارزم مین ایک قصبہ کا نام ہے ۔

ذخائر ع جمع ذخیرہ کی بہت سے جمع کے ہوئی چیزین۔
ذخیرہ ع وہ چیز جو نگاہ رکھی جائی اور جمع کے جائے۔

ذال بارائے

ذرور ع وہ خشک جو آنکھہ مین ڈالین یا زخم پر لگائین۔
ذرائر ع جمع ذرہ کی یعنی بہت سے خاک کے ذرّے۔
ذرہ ع صیغہ امر بمعنے بگذار یعنی چھوڑ فلان چیز کو۔

ذال بالکاف

ذکر ع یاد کرنا زبان سے کسیکو یاد کرنا یا بار بار نام لینا کسیکا
ذکر ع آلت مرد و نر ضد مادہ و عضو تناسل مرد۔
ذکور ع مردان جمع ذکر یعنے بہت سے مرد۔

ذال باواو

ذوالخمار ع نام ایکدو شعبدہ باز کا جو طرح طرح کے شعبدے دکھلاتا تھا
ذوالفقار ع نام شمشیر علی المرتضے جو علی کرم اللہ وجہہ
نے پیغمبر صاحب سے پائی تھی اور اونکو بعد قتل عاص بن منبہ
کے جو ایک کافر تھا جنگ مین حاصل ہوئی تھی ذو
قنفذ ع خار پشت جو ایک جانور مشہور ہے ہندی مین سیہی نام ہے

آٹھوین فصل

اون لغات کے بیان مین جنکے اول حرف کاف اور اخیر مین ذال ہے
کاف با الف
کاغذ مشہور چیز ہے جسپر کوئی کتاب یا خط لکہین۔

نوین فصل

اون لغات کے بیان مین جنکے اول حرف لام اور اخیر مین ذال ہے
لام با ذال
لذائذ ع جمع لذت یعنے لذتین جو کسے طعام وغیرہ سے حاصل ہون
لذیذ ع لذت دار چیز مزے دار طعام و ذائقہ دار حلوا وغیرہ۔
لام با یاء
لیاذ ع پناہ مانگنا کسے سے امان چاہنا حمایت مین آنا۔ استحکام چاہنا

اٹھائیسوین فصل

اون لغات کے بیان مین جنکے اول حرف یاء اور اخیر مین دال ہے

یا با الف

یاد ف۔ یاد کرنا اور دل و خاطر اور خیال کسے چیز کا جو دل مین ہو

یادبود ف۔ یادگار اور نشان جسسے انسان یاد کیا جاوے

یا با دال

یَدء ما تہ و نعمت و دولت و ملک و سلطنت و قدرت

یا با زاے

یَزدجرد ف۔ نام بادشاہ پسرزادہ نوشیروان عادل

یا با واو

یَومُ التَّنادء روز مذاکرہ یعنی روز قیامت جسمین کو بلایا جاویگا

نوان باب

اون لغات کے بیان مین جنکے اخیر مین حرف دال ہی اور پہلے حروف برعایت حروف تہجی کی اپنی اپنی موقع پر بدلتی جلتے ہین اس مین گیارہ فصل ہین

پہلے فصل

اون لغات کے بیان مین جنکے اول حرف الف اور اخیر مین ذال ہے

الف با ذال

اِستِخَاذء پکڑنا ہاتھ مین لانا قبضہ کرنا کسے چیز پر۔

الف با جیم

اِجلَوّاذء دوڑنا تیز رفتاری کرنا چلنا جلد سے

الف با خاء

اَخذء پکڑنا لینا کسے چیز کا کسے سے۔

اِخَاذء پکڑنا اور تالاب جو زمین مین ہو اور زمین جو بادشاہ کے قبضہ مین ہو

اَخَّاذء سخت پکڑنے والا اور بہت پکڑنے والا۔

آخِذء گیرندہ یعنے پکڑنے والا قبضہ کرنے والا۔

الف با سین

اِستِلذاذء لذت لینا مزہ پانا ذوق پانا۔

اِسفَندَارمذ فہار ہوین ماہ سے کا نام ہے۔

الف با عین

اَعُوذء پناہ مانگتا ہون امان چاہتا ہون۔

الف با فاء

اِفخاذء رانہا یعنے رانین یعنی بہت سے گوشت کے رانین

الف با لام

اِلتِذاذء لذت پانا مزہ پانا شیرینی حاصل کرنا ذوق پانا

اَلَذّ نہایت لذیذ چیز اور نہایت مزیدار کہانا۔

الف با نون

اِنفَاذء جاری کرنا روان کرنا بھیجنا ظاہر کرنا ظاہر ہونا۔

دوسری فصل

اون لغات کے بیان مین جنکے اول حرف تا اور اخیر مین ذال ہے

تا با عین

تَعوِیذء پناہ دینا اور پناہ مین لانا مجاز اوہ کاغذ جسپر کچھ لکھکر تعویذ

تا با لام

تِلمِیذء شاگرد جسنے علم پڑہا یا کوئی ہنر سیکہا ہو۔

تَلَامِیذء شاگردان یہ لفظ جمع تلمیذ کے ہے۔

وِرد ع وظیفہ روزمرہ کا اور طعام پانی پینے اور اوٹھانے کا۔
وُرُود آنا اور اوترنا کسے منزل یا مقام پر سے
وَرِید ع رگ گردن کے جسکو شاہ رگ کہتے ہین۔

واو با سین

وَسَائِد ع جمع وِسادہ بالشہا یعنے بہت سے بالشین اور تکیے جسپر پشت لگاکر بیٹھین۔

واو با عین

وَعِید ع وعدہ بد یعنے عذاب کا وعدہ جو کفار کو قیامت پر دیا گیا ہے۔
وُعُود ع جمع وعدہ یعنی بہت سے وعدے واقرار

واو با غین

وَغد ع کمینہ وفرومایہ وناکس آدمے زبانکار آدمی

واو با فا

وَفد ع جمع وافد رسول ہونا ایلچے ہونا پیغامبر ہونا کسی کا
وُفُود ع جمع وفدہ وفدہ اسم جمع وافد وافد بمعنی ایلچی ہونا پیغامبر ہونا

واو با قاف

وَقّاد ع روشن ہونیوالا بہڑکنی والا مشتعل ہونیوالا آگ سے
وَقُود ع ہیزم وغیرہ جسسے آگ روشن کرین ایندہن آگ کا۔
وُقُود ع آگ جلانا مصدر ہے آگ روشن کرنا بہڑکانا۔
وَقِید ع سامان آگ جلانیکا یعنے ہیمہ خشک وغیرہ۔

واو با لام

وَلِیعَہد ع حاکم وقت اور جسکو بادشاہ بحین حیات مالک کردیوے
وَلُود ع وہ عورت جسکے اولاد بہت ہو صاحب اولاد عورت
وَلِید ع کودک اور نام چند شخصونکا اور نام خلیفہ کا جو ہشام کا بیٹا تھا
وَلَد ع بیٹا جو اپنے تخم سے ہو۔

واو با ہا

وَہَاد و وَہْد ع پست زمین اور نشیب زمین۔

ستائیسوین فصل

اون لغات کے بیان مین جنکے اول حرف ہا اور اخیر مین دال ہے

ہا با جیم

ہُجُود ع بیدار رہنا رات کو اور نماز کرنا رات کو۔

ہا با دال

ہُدہُد ع پرندہ ہوپو جسکے چونچ بہت لمبی ہوتی ہے

ہا با زای

ہَزَد ع جانور آہو جسکو اود کہتے ہین۔

ہا با فا

ہفتاد دستر عدد مین جسکو سبعین کہتے ہین۔
ہفتصد سات سو عدد حساب مین۔

ہا با میم

ہِمّ اور رو حریف جنگ یعنے وہ شخص جو جنگ مین حریف ہو

ہا ر با نون

ہند نام ولایت وقوم زوجہ ابوسفیان ومادر معاویہ رضی اللہ عنہ عم رسول صلے اللہ وسلم کو مثلہ کیا اور جگر نکالکر دانتون مین چبایا تہا یہ عورت بڑی ظالمہ تہی۔
ہنود وہندو لوگ ہند کی ولایت کے رہنے والے لوگ۔

ہا ر با واو

ہُود ع نام پیغمبر جنکی بددعا سے قوم عاد کی ہوا کے طوفان سے ہلاک ہوئی ونام سورۂ قرآن کی سورتون سے اور توبہ کرنا۔
ہُورمزد ستارہ مشتری۔

ہا ر با یا

ہِیر بد ع خادم آتشکدہ کیونکہ ہیر کے معنے آگ اور بد بمعنے صاحب یہہ خطاب آتش پرستون نے آتشخانہ کے مالک کو دیا ہوا ہی۔

نمرود ع نام بادشاہ کافر جسنے ابراہیم نبی کو آگ مین ڈالا تہا۔
نمود ع علامت و نشان و رونق و خوبی ظاہر ے
نمدف ندہ ایک قسم کا فرش جو اون سے بناتے ہین۔

نون ماوا و

نوند ف اسپ تیز رفتار یعنی وہ گہوڑا جو تیز چلتا ہو۔
نود ف نوی عدد ۹۰ - بعض عربی بین تسعین کہتے ہین
نومید ف ناامید وہ شخص جسکو کچہہ امید و طمع نہو۔
نوشاد نام ایک شہر کا ہے۔
نوید ف خبر خوش اور بشارت خوشی کی جو کسیکو پہونچے
نورد ف پیچ و تاب بساط و فرش و برابر و خاک و غضب و لڑائی و
گوشہ و سوراخ روباہ اور لکڑی جو لاہون کے جسپر لپیٹتے ہین

نون باہا ء

نہود ع ابہرنا انتہا عورت کے چاتیون کا۔
نہاد ف بنیاد و خلقت و صہلیت و مزاج و طبیعت
نہاوند ف نام شہر جو عراق مین ہی و نام پردہ موسیقی

چہبیسوین فصل

اون لغات کے بیان مین جنکے اول حرف واو اور اخیر مین دال ہے

واو با الف

واسطۃ العقد ع گوہر کلان جو وسط مین سلک مروارید کے ہو
اور دونو طرف اوسکے چہوٹی موتی ہون۔
وافد ع ایلچی بہیجنے والا اور وہ شخص جو بخیب گہوڑی پر سوار ہون
واجب الوجود ع بارتعالے جسکے ذات مقتضے اوسکے وجود کے ہے
وامانده باقی رہنا پیچہے رہنا کسے ہی کسی کام مین۔
واحد ع وجود دینے والا یہہ نام خدا تعالے کا ہے۔
واحد ع ایک تنہا یگانہ اور نام خدا تعالے کا

واو با دال

واعد ع وعدہ کرنیوالا اقرار کرنیوالا۔
والد ع باپ جسکی لفظ سے کوئی ہو فارسی مین پدر کہتے ہین
اور عربی مین اب کہتے ہین۔

واو با ہاء

وتد ع میخ چوبین یعنی لکڑی کی کیلے اور لکڑی کی میخ۔

واو با جیم

وجد و حالت و رقص جو صوفیون کو سماع مین پیدا ہوتے ہے اور
اندوہگین ہونا شیفتہ ہونا ایک حال سے دوسرے
حال مین آنا۔
وجد ع توانا و تونگر ہونا اور پانا اور حاصل کرنا۔
وجود ع جسم و بدن اور موجود ہونا عالم ایجاد مین۔

واو با حاء

وحید ع یگانہ و یکتا اور ایسا شخص جسکا ثانی نہو۔
وحدت الوجود ع تمام موجودات کو ایک وجود خدا کا جاننا
فقرای صوفیہ مین یہہ ایک مقام ہے جب سالک اس مقام پر پہونچتا ہے
زمانہ کا وجود اوسکو خدا کا وجود نظر آتا ہے بلکہ
اپنے آپ کو بہی خدا کا وجود تصور کرتا ہے
چنانچہ حسین بن منصور حلاج اسے مقام پر
پہونچ کر کلمہ انا الحق زبان پر لایا تہا اور اسی
علت مین دار پر کہینچا گیا

واو با دال

ودود ع دوست مہربان اور نام خداوند تعالے جلشانہ کا
ودّ ع دوستی و دانا و محبت و پیار دیکہتے۔
ودادع دوستے۔
ودّ ع نام بت جسکو قوم نوح علیہ السلام کی پوجتی تہے

واو با راء

ورد ع گل سرخ جسکے عرق کو گلاب کہتے ہین اور وہبی گلاب کہلاتا ہے

پچیسوین فصل

اون لغات کے بیان مین جنسکے اول حرف نون اور اخیر مین دال ہے

نون باالف

ناورد ف جنگ وجدل لڑائی ومعرکہ جو آپس مین ہو۔
نامحدود ف جس چیز کی حد نہو یعنے بے انتہا بے حد
نامزد ف مشہور ومعروف اور جس نام سے موسوم ہو۔
ناگزیر ف ضروری ناگزیر بات جسکا کرنا ضرور ہو۔
ناقد ع سرہ کرینوالا درہم ودینار کا پرکھنے والا
نامراد ف بے مراد صحیح ہی مگر رانج ہے۔
ناپدید ف پوشیدہ اور چھپا ہوا نظر سے جو ظاہر نہو۔
نابود ف گم جو پیدا نہو جسکی ہستی وقوع مین نہ آئی ہو۔
ناشاد ف غمناک دلگیر جو خوش نہو
نامرد ف جو مرد نہو یعنے مردون کے کام نہ کرسکتا ہو۔
نااُمید ف جو امید نرکھتا ہو بے طمع وبے آس
نامہ سعید ف نیکوکار آدمی جو اچھے کام کرتا ہو۔
نار ع چیچڑ جو جانور سے چھوٹے اور گائی وبیل وغیرہ کو چمٹ جاتے ہین
نابد ع نوجوان عورت جسکے پستان چھوٹے چھوٹے ہون یا کنواری عورت
ناہید ف ستارہ زہرہ جو تیسرے آسمان پر ہے مطربہ فلک

نون باباء

نبرد ف جنگ وجدل لڑائی ومعرکہ جو آپس مین ہو۔

نون باتیم

نجاد ع دودھ تلوا جو گردن مین حمائل ہو۔
نجد ع بانگر زمین نام ملک جو عرب مین ہے۔

نون باثاء

نخلہ بنی محمود ع مکہ اور طائف کے درمیان ایک مقام مشہور ہے
نخود ف غلہ بنا جو ایک غلہ مشہور ہے۔
نخلبند ف باغبان جو باغ کی پرورش کرے اور درخت لگائے

نون بادال

ندید ف ہمتا ونظیر ومثال وشبیہہ۔

نون بارای

نرد ف نام بازی وتن درخت۔

نون بازاے

نزد ف مخفف نزدیک یعنے پاس اور قریب
نژاد ف اصل ونسب انسان کی وذات وقوم وغیرہ۔
نژند ف سرنگون وپست وخوار واندوہگین وغمناک۔

نون باسین

نسق بند ف عامل ملک مثل کاردار وتحصیلدار وغیرہ۔

نون باشین

نشید ع شعر پڑہنا آواز بلند کرنا بلند آوازی سے پڑہنا۔

نون باعین

نعلبند ف گھوڑون کے نعل باندہنے والا لوہار۔

نون بافا

نفاذ سونپا جانا سپرد ہونا حوالہ ہونا۔

نون باقاف

نقاد ع درہم ودینار کو پرکھنی والا جسکو صراف کہتے ہین
نقد ع آمادہ کرنا دینا پرکھنا درہم ودینار کا وزر سیم سکہ کا روپیہ وپیسہ وغیرہ۔
نقش زیاد نام دوسرے بازی کا ہفت بازی نرد سے
نقود ع جمع نقد کہ جسکے تشریح تحریر ہو چکی ہے

نون باکاف

مُمَهَّدٌ ع بچھایا گیا نیک کیا گیا تمہید اوٹھایا گیا -
مُمَهِّدٌ ع بچھانیوالا نیک و درست کرنیوالا -
مُمَرَّدٌ م بوزن منور بنای سادہ ہموار جسمین نشیب و فراز نہو -
مُمِدٌّ ع مدد کرنیوالا حمایت کرنیوالا و ستگیری کرنیوالا -
مُمَدَّدٌ ع ایک درد کا نام ہے جسسے اعصاب بدن کے کھینچے جاتے ہین
مَمْدُودٌ ع دراز کیا گیا لمبا کیا گیا کھینچا گیا -
مُمْکِنُ الوجود ع مخلوقات اور پیدایش عالم موجودات کے

میم با نون

مُنْقَادٌ ع مطیع و فرمانبردار جسکو حکم سے عدول نہو
مُنْعَقِدٌ ع گرہ پایا ہوا باندھا ہوا منسوب و متعلق
مُنْسَدٌّ ع بند ہونے والا -
مَنْ یَمِیدُ ع نوع بیع کہ جو کوئی یا قیمت سے و جنس حاضر ہی مجلس بیع میں
مُنْشِدٌ م شعر پڑھنے والا جو شایق شعر خوانی کا ہو -
مُنْتَضًی ع چنا ہوا انتخاب کیا ہوا بہت عمدہ -
مُنْجَمِدٌ ع پانی یا روغن جو سردی سے جم جانے اور وہ چیز جو جم گئی ہو
مُنْتَقِدٌ ع نقد لینے والا جو شخص اودھار نہ کرے -
مُنْتَقَدٌ ع سرد کیا گیا اور پاک کیا گیا نقد کیا گیا -
مُنْفَرِدٌ ع تنہا اکیلا جسکے ساتھ کوئی دوسرا نہو -
مُنَدِّدٌ و مُبَدِّدٌ بہار ع نیوالا راز افشا کرنیوالا -

میم با واو

مَوْلِدٌ ع جای ولادت و وطن زمان ولادت جہان کوئی پیدا ہوا ہو
مُوَلِّدٌ ع جننے والا پیدا کرنیوالا جسسے بچہ پیدا ہو -
مُوَلَّدٌ م شخص عجمی جسنے عرب مین پرورش پائی ہو -
مَوْرُودٌ ع وارد کیا گیا وظیفہ کیا گیا ہر روز بلاناغہ کیا گیا -
مَوْلُودٌ پسر یا دختر اور پیدا ہونے کا وقت بچہ جو جنا گیا ہو -
مَوَالِیدُ ع جمع مولود فرزندان و موالید ثلاثہ یعنی نباتات
و جمادات و حیوانات -
مَوْعِدٌ ع وعدہ کا وقت و ستھام وعدہ جسوقت کا اقرار ہو -
مَوَاعِیدُ ع جمع میعاد وعدہ کرنا جاے وعدہ زمان وعدہ
مَوْعُودٌ ع وعدہ کیا گیا اقرار کیا گیا کسیکے ساتھ -
مَوْدُودٌ ع دوست رکھا گیا رفیق بنایا گیا یار بنایا گیا
مَوَاجِیدُ ع حالت ہا و رقص ہا جو مستے فقرا کو ہوتے ہے
مُوجِدٌ ع پیدا کرنیوالا ایجاد کرنیوالا خداوند تعالے -
مُوبَذٌ ع حکیم و دانشمند و فقیہ مذہب آتش پرستان جسکے کابیشوا ہو
مُوبَذٌ ع پیر فروش کیونکہ موبد کی معنی انگور اور بدمعنے صاحب
مَوَادٌّ ع جمع مادہ بمعنے اصل ہر چیز کا اور مادہ ہر چیز کا -
مَوَائِدُ ع جمع مائدہ بمعنے خوانچہ طعام -
مُؤَکِّدٌ ع تاکید کرنیوالا مضبوط کرنیوالا کسی بات پر -
مَوْرِدٌ ع اترنے کی جگہ آدمیون اور جانورونکی پانی پینے کی جگہ
مُوَرَّدٌ ع گلگون و سرخ رنگ شبیہ بگل یعنے جو چیز
گلاب کے پھول کی طرح ہو -
مَوْجُودٌ ع ایجاد کیا گیا بنایا گیا ظاہر کیا گیا واضح ہو کہ
اطلاق اس لفظ کا ہر ایک چیز پر ہے جو عالم
ایجاد مین خالق حقیقی خداوند تعالے کے حکم
سے پیدا ہوئے ہے -
مُوَرَّدٌ ف نام درخت جسکو عربی مین آس کہتے ہین

میم با ہا ء

مُهَنَّدٌ ع جو تلوار خاص کے ہو یعنے ہند کی تلوار -
مُهَدٌ ع گہوارہ اور جھولنا اور بچھانا اور فرش و بستر
مُهَادٌ ع بستر و بساط و فرش جو بچھائے جائین -
مُهَرَّهٌ سفید ف ناقوس یعنے سنکھ جو ہندو بجاتے ہین

میم با یا ء

مِیلَادٌ ع زمان ولادت و نام شہر و نام پہلوان جو بڑا زور آور ہو
مِیعَادٌ ع وعدہ کرنا و جاے وعدہ و مدت وعدہ جو مقرر ہو -
مَیْمَنَدٌ ع نام قصبہ نواح غزنین مین جو مشہور قصبہ ہے

مُعتَصِدٌ یاری پکڑنے والا و نام خلیفہ عباسی جو فرمان فتح ماتھا۔
مُعاقِدٌ گرہ باندھنے عہد کرنے ضامنی کرنے مقام و مقام قرار
مَعبَدٌ جای عبادت بنگے کا گھر مسجد وغیرہ۔
مُعَبَّدٌ عبادت کیا گیا یعنے وہ شخص جسکے عبادت کی گئی ہو
مُعَدَّدٌ گن گیا ساز و سامان دیا گیا شمار کیا گیا۔
مُعَربِدٌ جنگجو بد و خوار آدمی بدخو و بدمزاج۔
مَعادٌ جای بازگشت و عالم آخرت و روز قیامت۔
مُعتَمِدٌ اعتماد کرنے والا صاحب اعتبار۔
مُعاضِدٌ مددگار حمایتی یار دینے والا۔
مُعاقِدٌ عقد کرنیوالا گرہ باندھنے والا۔
مُعاوِدٌ عود کرنیوالا پھر آنے والا۔
مُعاہِدٌ عہد کرنیوالا اقرار کرنے والا۔
مَعبُودٌ عبادت کیا گیا یعنے جسکے عبادت کی جائے
خداوند تعالے کا یہہ نام ہے۔
مُعتَقِدٌ صاحب اعتقاد یعنے وہ شخص جو خلاص
رکھتا ہو اور دل سے کسی کی نسبت صاف ہو۔
مُعتَقَدٌ جگہ باندھنے کے یعنے جسجگہ گرہ باندھین
مُعقُودٌ باندھا گیا یعنے جسکو گرہ مین باندھ لیا ہو۔
مُعتَمَدٌ اعتبار کیا گیا یعنے جسپر اعتماد کیا گیا ہو۔
مُعانِدٌ دشمن عناد کرنیوالا خصومت و عداوت کرنیوالا
مَعہُودٌ قدیم و کہنہ و عہد کیا گیا قول و اقرار کیا گیا۔
مُعتادٌ عادت پکڑا گیا اور عادت پکڑنیوالا انسان
مُعتَدٌ حد سے بڑہنے والا و ستمگار و اندازہ سے نکلنے والا۔

میم با عین

مُتَمَعدِدٌ پوشیدہ اور تلوار غلاف مین کی گئی اور پوشیدہ را

میم با فا

مُفسِدٌ فساد کرنیوالا فتنہ و شور برپا کرنے والا۔
مُفصِدٌ خون نکالنے کی جگہہ فصاد فصد لینے والا۔
مُفیدٌ فایدہ مند چیز یعنے ایسی چیز جسسے فایدہ ملے
مُفقُودٌ گم کیا گیا نیست و نابود کیا گیا دور کیا گیا
مُفتَقَدٌ گم کیا گیا بازپرس کیا گیا نابود کیا گیا۔
مُفرَدٌ فرد کیا گیا اور بندہ فرمانبردار و مطیع و تابع حکم
مَفاسِدٌ جمع فساد کی بہت سے خرابیان۔

میم با قاف

مَقصِدٌ جای قصد و بفتح صاد درست نہین ہے یعنی جای ارادہ
مَقاصِدٌ نام کتاب علم کلام مین جو معتبر کتاب ہے
مَقامِ محمودٌ بڑا درجہ و نام مقام جو مختص مقامات محمدی ہے
مُقَلِّدٌ بغیر دلیل کے عمل کرنیوالا و قتال و پیروی کرنیوالا
مَقعَدٌ بیٹھنے کی جگہہ مجازاً دُبر جسپر انسان بیٹھتا ہے
مَقصُودٌ ارادہ کیا گیا عزم کیا گیا خواہش کیا گیا
مُقَیَّدٌ قید کیا گیا بند مین دیا گیا اور وہ قیدی جو
قید خانہ مین ہو۔
مَقاعِدٌ جمع مقعد یعنے بہت سے بیٹھنے کے مقام
مِقوَدٌ ریسمان و پالنگ چارپایہ پر باندھتے ہین
مَقالِیدٌ جمع مقلید معرب کلید یعنے قفل کے تالی اور تالیان

میم با کاف

مَکایِدٌ جمع مکیدہ یعنے بدمعاشی و بداندیشے و مکر و دغا و فریب
مُکیدٌ مکید کنندہ یعنے مکار و دغاباز و فریب باز

میم با لام

مُلحِدٌ فاسق و بیدین اسکی جمع ملاحدہ یعنی بہت سے بدکار
مُلتَفٌ لفیف یعنے لاف زن کیونکہ لفت بمعنے لاف کے ہین۔
مُلتَجَدٌ جای پناہ و امان کی جگہہ جہان پناہ پائین۔

میم با نون

مُمتَدٌ کھینچا گیا دراز ہوا لمبا ہوا مدد دیا گیا

میم با سین

مُتَمَنْدِف ع مگین وجامہ بند اور رُستم کی بمعنی کہتا ہے
مُتَشَبِّث ع دور ودستوار یعنی جو بات ناممکن الوجود ہو۔
مَسَد ع ریشہ درخت وریسمان پشم شتر۔
مُتَمَتِّع ع سعادت دو ہونڈ نیوالا یا ری مانگنے والا۔
مُتَزَاد ع زیادہ کیا گیا بڑہایا گیا ترقی کیا گیا۔
مُتَرَدّ ع واپس یا گیا پہیر دیا گیا موڑا گیا۔
مُسَاعِد ع یاری دہندہ مدد دیہ والا حمایتے۔
مُسَهَّد ع بیدار کیا گیا جگایا گیا نیند سے۔
مَسْنَد ع تکیہ گاہ اور جائے قیام وجائے پناہ۔
مُسْنَد ع روزگار روزمانہ وپسر خواندہ وحر امزادہ وجائے تکیہ
مُسْتَبِد ع تنہا کسی کام پر کھڑا ہونیوالا کیلے کام کرنیوالا۔
مُسْتَجَدّ ع ماخوذ جدید سے نیا بنایا گیا تازہ کیا گیا۔
مُسْتَنَد ع جس چیز پر پشت کے جاے تکیہ وپشت پناہ
مُسْتَنِد ع پشت پناہی دالا حمایت کرنیوالا۔
مُسْتَعِد ع ساختگی وآمادگی رکھنیوالا کام پر مضبوط۔
مُسْتَعَاد ع نفع لیا گیا اسم مفعول استعادہ سے اور ماخوذ عایدہ سے
مُسْتَفَاد ع فایدہ لیا گیا نفع لیا گیا کسے سے۔
مُسْتَرْشَد ع رہنمائی طلب کرنیوالا ارشاد مانگنیوالا۔
مَسْجِد ع جاے سجدہ جمع اسکی مساجد ہے سجدی کا مقام
مُسْتَفِيد ع فایدہ پانیوالا نفع پانیوالا کسے سے۔
مُسْتَوْقِد ع آگ بھڑکانیوالا آگ روشن کرنیوالا۔
مَسْدُود ع بند کیا گیا دیوار بنایا گیا کسے مقام پر
مَسْعُود ع صاحب سعادت نیک بخت نیکو کار آدمی۔
مِسْعَر ع آلہ ہے جسے چمڑے میں سوراخ کرتے ہیں سندھیں آرنام سے

میم با شین

مُشَاهِد ع دیکھنے والا نظر کرنیوالا۔
مُشَدَّد ع تشدید دیا گیا سخت کیا گیا۔
مَشْهُود ع حاضر کیا گیا گواہی دیا گیا دیکھا گیا۔
مَشْهَد ع حاضری کا مقام اور قبرستان شہید ونکا لعذ نام شہر ایران میں جسکو پہلے طوس کہتے تھے چونکہ روضہ علی بن موسے رضا امام کا وہاں ہی اسلئے مشہد اونکا نام ہے۔
مَشِيد ع گچ کیا گیا مضبوط کیا گیا قایم کیا گیا۔
مُشَيَّد ع گچ اور چونہ سے بنایا گیا۔
مُشَيِّد ع گچ اور چونہ سے بنانیوالا اور شید بمعنے گچ وچونہ
مشک بید فارسی ایک قسم کا بید ہے جسکے پھول خوشبو ہوتے ہیں
مشک را کافور کرد سیاہ کو سفید کیا بد کو اچھا کیا جاہل کو عالم بنایا کافر کو مسلمان کیا۔

میم با صاد

مَصَاعِد ع جاہی بلند اونچی مقام بہت سے بلند محل
مَصْعَد ع اوپر جانیکی جگہ اونچا مقام بلند محل۔
مُصْعِد ع بلندی پر چڑہنے والا اوپر جانے والا۔
مَصَايِد ع جمع صید شکار اندازیان خلاف قیاس
مصرع تندرہ اجاہ مصرع جو بے تلاش حاصل ہو۔

میم با طاء

مَطْرُود ع مردود ہوا ہوا رانده رد کیا گیا نامنظور کیا گیا
مُطَرِّد ع ایک تیرہ پر ہونیوالا ایک طریق پر چلنے والا
مِطْرَد ع چھوٹا نیزہ اور کپڑا جو اور کپڑوں کے نیچے پہنین

میم با عین

مَعَابِد ع جمع معبد عبادت خانی جسجگہ خدا کے بندے کرین
مُعِيد ع بار بار کام کرنیوالا ایک کام پر اعادہ کرنا۔
مُعِدّ ع تیار کرنیوالا درست کرنیوالا مضبوط کرنیوالا۔
مُعَدّ ع تیار کیا گیا درست کیا گیا قایم کیا گیا۔
مَعْدُود ع شمار کیا گیا اور تھوڑے چیزے تعداد جو کم ہو

مَجْهُوْدٌ کوشش کیا گیا جہد کیا گیا سعی کیا گیا۔
مُجَعَّدٌ گھنگھریالے بال ہیچیدار زلفین۔
مُجَدِّدٌ نئی سے پیدا کرنیوالا تازہ کرنے والا۔
مُجَدَّدٌ نئی سرے سے پیدا کیا گیا دوبارہ پیدا کیا گیا۔
مُجَدَّدٌ صاحب بخت وروزے ونام حکیم سنائی جو مشہور حکیم ہے
مُجَاہِدٌ کافروں کے ساتھ لڑنے والا جہاد کرنیوالا۔
مُجَدَّعٌ بزرگے دبزرگواری دنیکے وخوبے۔
مُجَدِّدٌ کوشش کرنیوالے لوگ سعی کرنیوالے۔
مُجَرَّدٌ تنہا ومردے زن بے تعلق وملایک وارواح وغیرہ

میم باجاء

مَحْسُوْدٌ حسد کیا گیا جسکو دیکھکر حاسد حسد کرے۔
مَحْصُوْدٌ کھیتے کٹے ہوئی غلہ کاٹا ہوا۔
مَحَامِدٌ جمع محمدت تعریفین نیک خصلتین خوبیان۔
مَحْمُوْدٌ تعریف کیا گیا اور نام بادشاہ غزنین کا۔
مُحَمَّدٌ بہت صفت کیا گیا اور نام پیغمبر صلعم کا۔
مَحْدُوْدٌ حد کیا گیا کنارہ بتایا گیا فاصلہ ڈالا گیا۔

میم باخاء

مَخْضُوْدٌ درخت پاک کیا گیا یعنے اوسکے کانٹے اوتارے گئے
مُخَلَّدٌ ہمیشہ رہنے والا نہ مرنے والا۔

میم بادال

مَدَدٌ کمک حمایت کرنا بوقت کسے مشکل کے۔
مِدَادٌ لکھنے کے سیاہی جسسے کتاب لکھین۔
مَدِیْدٌ دراز اور نام ایک بحر کا بحور نظم سے۔
مَدٌّ کشش وڈانے کا اور کشش جو الف پر لکھتے ہین۔
مُدٌّ نام پیمانہ مقدار دو رطل یعنے دو رطل کا مقدار

میم بارای

مَرْدَادٌ نام ماہ شمسی تقریباً ماہ بہادہون جو مشہور مہینہ ہے

مُرْتَدٌّ اسلام سے پھرا ہوا آدمی جسنے اسلام چھوڑ دیا ہو۔
مُرْتَدٌّ جسکے آنکھین کچھ ہون رمد کے بیمار ہو اور سرخ ہونا آنکھ کا
مُرَدَّدٌ پھیرا گیا رد کیا گیا بیکار کیا گیا مرتد کیا گیا۔
مَرِیْدٌ متمرد وسرکش ونافرمان ومردود وکافر۔
مُرِیْدٌ ارادہ کرنیوالا صاحب ارادت فرمانبردار تابع۔
مُرْتَقَدٌ خوابگاہ یعنی جسجگہ پر انسان سوئے۔
مَرْقَدٌ خوابگاہ صیغہ اسم ظرف رقود سے مجازاً گور یعنی قبر
مَرِیْدٌ اونٹکے بٹھلانیکے جگہ یعنے جسجگہ اونٹ بیٹھے
مَرْقَدٌ کاسہ بزرگ پیالہ پانی وشراب پینے کا۔
مَرْدُوْدٌ رد کیا گیا دور پھینکا گیا منکر خدا ورسول کا۔
مُرَادٌ ارادہ کیا گیا مطلب مقصد اور دل کی خواہش۔
مَرْوَارِیْدٌ موتے جو مشہور جواہر ہے۔
مَرْدٌ بے ریش ہونا مرد سے گذرنا اپنی مقام سے بڑھنا۔
مُرْدٌ جمع امرد اور فارسی مین مرا اور رفت ہوا۔
مَرْدٌ ماہتہ سے ملنا اور یانی مین ترکرنا دمیوہ درخت اڑک
مَرْصَادٌ راہ فراخ جسمین کسی طرح کے بندش نہو۔
مَرْصَدٌ جائی امید وجا طمع اور جگہ حصول نفع کے
مَرَاصَدٌ جمع مرصد یعنے بہت سے مقام امید کے۔
مُرْشِدٌ راہ راست دکھلانیوالا ارشاد دینے والا پیر وگورو
مَرْصُوْدٌ امید رکھا گیا طمع رکھا گیا۔
مریزاد نعرش مین ہو خدا کرے نہ گرے۔
مرگ نومبارکباد فتنہ تازہ برپا ہونیکے وقت کہتے ہین

میم بازاے

مَزِیْدٌ زیادتی وافزونی اور بڑھنا اور ترقی کسی چیز کے
مُزَرَّدٌ زرہ پوش یعنے جس شخص نے زرہ پہنے ہو۔
مَزَادٌ توشہ دان جسمین راہ کا خرچ رکھین۔
مُزَادٌ زیادہ کیا گیا افزون کیا گیا ترقی دیا گیا۔
مزدف مزدورے۔

لام اور اخیر مین دال ہے

لام با الف

لَآبَدْ ع ضروری ہر کب لا اور بد سے لا یعنے نفی اور بد یعنے چارہ

لَآدْ ع رہ دیوار اور ایک قسم دیا کا اور ایک قسم کا عطر و قلعہ

لَاتُعَدْ ع بے شمار و بہت بے اندازہ بے تعداد۔

لام با باء

لَبَادْ ع وہ لکڑی جو بیل کے گردن پر رکھکر فلسبہ رانگرتے ہین یعنے جوہ

لَبَادْ ع جامہ بارانی جو نمد سی بناتی ہین اور بارش مین پہنتے ہین

لُبَدْ ع بہت مال جمع رکھا ہوا اور خزانہ جمع رکھا ہوا۔

لَبِیدْ ع جوان خورد اور نام شاعر کا جو عرب مین رہتا تھا۔

لام با حاء

لَحَدْ م قبر جسمین مردہ دفناتی ہین اور وہ جگہ جہان مردہ کو غسل دیتے ہین۔

لام با دال

لُدْ ع جمع الد بمعنی گمراہ تر اور ستیزہ تر اور جنگ آور آدمی

لام با واو

لَوْرَ گُنْدْ ف بواو مجہول وہ مغاک جو سیلاب سے زمین مین پڑ جاتی ہے

لَوِیدْ ف بواو مجہول دیگ یا تبلہ یا سر کشادہ جو قسم دیگ کا ہے۔

پچیسوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن کی اول حرف میم اور اخیر مین دال ہے

میم با الف

مَانِنْدْ ف حرف شبیہ اور مثال کا ہے۔

مَارَاسْفَنْدْ ف نام روز بست و نہم ہر ایک مہینے شمسی سے۔

مَاسْت بَنْدْ ف نیسار جو پنیر بنا کر بیچتے ہین۔

مَاہُوَا تُوَرْدْ ع عرق گلاب جو پھولون سے نکالتے ہین۔

مَاجَدْ ع مرد بزرگوار اور بڑا باپ دادا اور اوستاد وغیرہ

میم با باء

مَبَادْ ف نہو یعنے خدا کرے یہہ بات نہو۔

مِبَرْدْ ع سوہان آہنی اوزار لوہار و نکا۔

مُبَرِّدْ ع سرد کرنیوالا جو کسی چیز کو سرد کرے۔

مُبَرِّدْ ع نام ایک نحوی کا ہے جو علم نحو مین فاضل تھا۔

میم با تاء

مُتَعَوِّدْ ع خوگیر اور عادت کرنے والا۔

مُتَضَادْ ع مخالف کرنیوالا ضد کرنیوالا دشمنی کرنیوالا

مُتَرَدِّدْ ع فکرمند اور چلنی والا زراعت کرنیوالا۔

مُتَعَنِّدْ ع دشمن و بدخواہ اور عناد کرنیوالا۔

مُتَعَبِّدْ ع بہت عبادت کرنیوالا بندگی کرنیوالا۔

مُتَصَاعِدْ ع اوپر چڑھنے والا بلند جانیوالا۔

مُتَمَرِّدْ ع سرکش و نافرمان و مغرور و متکبر۔

مُتَبَلِّدْ ع کند ذہن و احمق و کم فہم۔

مُتَرَصِّدْ ع امیدوار طمع رکھنے والا۔

مُتَحَدْ ع اتحاد کیا گیا ایک کیا گیا یگانہ کیا گیا۔

مُتَزَایِدْ ع زیادہ ہونیوالا بڑھ جانیوالا ترقی کرنیوالا۔

مُتَعَدَّدْ ع شمار کیا گیا گنا گیا حساب کیا گیا۔

مُتَعَہَّدْ ع ذمہ دار آدمی یعنے جسکا ذمہ کیا گیا ہو۔

مُتَقَاعِدْ ع پست ہونیوالا سستی کرنیوالا۔

مُتَوَلِّدْ ع پیدا ہونیوالا موجود ہونیوالا۔

میم با جیم

مُجْتَہِدْ ع جہد و اجتہاد کرنیوالا ماہ صوم پورا ہونے والا

مُجَیِّدْ ع بزرگوار و گرامی اور پاک نیک کردار آدمی

مُجَلَّدْ ع جلد کیا ہوا یعنے کوئی کتاب جسکے جلد ہو چکے ہو

مُجَمَّدْ ع چیز رقیق جو سرد ہی جم جائے جسطرح پانی جم جاتا ہے

گرد ف شہر اور ایک قسم کا ابریشم و آفتاب و غم و نقص و غبار
گرہ بید ف قسم درخت بید۔
گرگ بند ف گرفتار کرکان و زبون و اسیر و قیدی آدمی
گرد باد ف ہوا کا بگولہ جو پھرتا ہوا جاتا ہے۔

کاف بارے

گزید ف باج و خراج و جزیہ جو مسلمان بادشاہ کافر رعیت سے لیتے ہیں
گزند ف آفت و آسیب و رنج و درد کہ جو کسیکو پہونچے۔

کاف باسین

کساد ف بے رواجی و عدم خریدار کی و ارزانی کسی چیز کی۔

کاف باشین

کشاد ف خوشی و فتح و فراخ اور چوڑا تیر کمان سے اور کھولا ہوا اور کھلا ہوا

کاف بالام

کلند ف زمین کھودنیکا آلہ جسکو کسّے کہتے ہیں اور بہاڑ کاٹنیکا
کلید ف جسے قفل کھولا جاتا ہے میں اوسکو تالے کنجی میں
کلہ قند ف کوزۂ قند جو مشہور چیز ہے۔
گلقند ف معروف چیز ہے اور کنایۃً لب معشوق
گلبند ف نام جامۂ رنگین جسکو باندھو کہتے ہیں۔

کاف بامیم

گمند ف اصل میں خمند تھا کہ خم و پیچ اوس میں ہوتے ہیں
گمرہ ف جسے گمراہ میں اور غلام و چاکر جورو و حاضر رہے
گماد ف کوئی چیز جو آگ سے گرم ہو کسی عضو کو گرم کرنا

کاف بانون

گنج ف تل جنسے تیل نکالتے ہیں نام ایک غلے کا ہے
گنبد ف گانو و جراحت و ریش اور بہا گنا و قند و شکر۔
گنود ف ناسپاس آدمی و زمین شور جس میں کچھ پیدا نہو۔
گنود ف ناسپاسی کرنا ناشکری کرنا کافر نعمت ہونا۔
گنج باد آور د ف خسرو پرویز کے خزانے سے ایک خزانہ کا نام ہے جو

تسمیہ اسکا یہ تھا کہ بادشاہ روم نے اپنا خزانہ جہاز زمین لاد کر روانہ کیا ہوا اسے مخالف ہوئی کہ جہاز خزانے کا لادا ہوا ایران کے علاقہ میں آگیا اور کارپردازان ایران نے وہ خزانہ لیکر بادشاہ کی پاس بھیجدیا چونکہ وہ خزانہ ہوا کے ذریعہ سے آیا تھا بادشاہ نے اوسکا نام گنج باد آور رکھا۔
گبند ف عمارت مدور اور جادو قدیم سے کودنا ہرن اور گھوڑے کا
گند ف بیکار تلوار وغیرہ جسکے تیزی جاتی رہی ہو۔
گنبد چار بند ف بنا خ اربع عناصر و چار طرف کی دنیا یا آسمان
گند بوئی بد بو یا بوئی مطلق چاہے خوش ہو چاہے بد۔

کاف باواو

گود ف خرمن غلہ جو جمع ہو بعد کاٹنے کے کہتے ہیں۔
گون و فساد ف ہونا نہونا عالم دنیا ہست و نیست۔
گوہ زر و ف کنایۃً شئی محال جو کسیکو مل سکے۔
گوچہ بند ف محفوظ و مامون چیز جسکو کوئی لے نسکے
گوگرد ف گندک جو مشہور معدنی چیز ہے۔
گوسپند ف بکری بھیڑ جو مشہور جانور ہیں۔

کاف باہا

گہبد ف زاہد گوشہ نشین و خلوت نشین عبادت کرنیوالا
گہبد ف صراف و خزانہ دار خزانچی جسکے پاس روپیہ رہے۔

کاف بایا

گی قباد ف شاہ عادل نام بادشاہ۔
گید ف مکر و فریب و دغا کرنا دنیا کسیکو۔
گیدھ نام راجہ ہند جو ہم عصر سکندر تھا و نام ستارہ جسکو کیتو کہتے ہیں
گیاہ و بیکار و حیلہ گر جس شخص کو بہت فریب یاد ہوں۔

چوبیسویں فصل

اون لغات کے ذکر میں جن کے اول حرف

قِرْدَہ ع بوزنہ یعنے بندر جو ایک چار پایہ مشہور ہے۔
قِرَاد ع چیچر ملبو کتون اور گھاس وغیرہ کی جسم پر اکثر ہوتے ہین

قاف بازای

قَرَاگُنْد ف بیلہ یک جا بہ کجاوہ ابریشم نخانبا کر جنگ مین پہنچتے ہین اور تلوار اوسپر کار گر نہین ہوتے۔

قاف باصاد

قَصْد ع ارادہ و اعتمال و جلنا راہ سیدہ پر اور مستعد ہونا کسی کام کے

قاف باطاء

قَطْرَہ وَ زُرْدَہ کنایۃ ابر و آفتاب یعنے سورج و بادل

قاف باعین

قُعُود ع بیٹھنا اور بیٹھنا بعد سونے کے اور جہان اونٹ

قاف بافار

قَفَل ایجد ف ایک قسم کا قفل ہوتا ہی جو بندوستی عرف ایجد کہلاتا ہے

قاف بالام

قِلَادَہ ع جمع علاوہ گلوبند اور پٹہ کتی کا جو گتی کے گلے مین ڈالی ہی

قلم بند ف قلم بنانیوالا اور جو مضمون تحریر ہوا ہو۔
قلعۂ بغداد ف لوطیون کے اصطلاح مین تشکم کو کہتے ہین۔

قاف بانون

قَنْدَہ معرب کند ماخوذ کہنڈسی یعنی کہانڈ و مصری۔
قَنَاد ع قند ساز و حلوائی جو شیرینے بناتا ہے۔

قاف باواو

قَوَّاد ع دلال بےغیرت و قلتبان و قرمساق جسکو اپنی عورت کے غیرت نہو ہنسے مین اوسکو بہڑوا کہتے ہین۔
قَوَد ع قصاص لینا بدلہ لینا کسے سی کسے بات کا۔
قَوَاعِد ع جمع قاعدہ نام کتاب جو قوام کے علم مین ہے

قاف بایاء

قَیْد ع شہر لفظ سی یعنی کسیکو بند کرنا بے بس کرنا۔
قید بند ف قلعہ حصار اور وہ مکان جسمین قیدیونکو رکہا جاے

تیئسوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن کی اول حرف کاف اور اخیر مین دال ہے

کاف باالف

کَاسِد ع بے رواج اور وہ چیز جسکے طرف کوئی رغبت نکرے
کَارِبَنْد ف عمل کرنیوالا اطاعت کرنیوالا فرمانبردار و مطیع۔
کَارَد ع چھری لوہی کی جسے کوئی چیز چیرین۔
کَالَبُد ف قالب ہر چیز تن و بدن انسان یا حیوان کا۔
کَاغَذ باد ف پتنگ جو ہوا مین اوڑاتے ہین اسکو بچہ بھی کہتے ہین
کَاوِد ع حرص و ہوا و شہوت و خواہش نفس کے۔
کَایِد و مکار یعنی مکر کرنیوالا فریب دینے والا فریبی آدمی
کَارَمَنْد ف خدمتگار کام کرنیوالا کام کا آدمی۔
کَاوَد صیغہ ماضی گاودن سے جسکے معنے گائیدن و جماع کردن ہے

کاف بابا

کَبِد ع جگر جو عضو رئیس بہلوئی راست مین ہے کہباد اسکی جمع ہے
کُبَاد درد جگر یعنے وہ درد جو جگر کے مقام پر ہو۔
کَبُود ع رنگ نیلگون یعنی آسمانے رنگ۔

کاف بادال

کَدُو ف کہوا چاجسکو عربی مین بیر کہتے ہین۔

کاف بارا

کَرْد ف کار و عمل او رکیا یعنے فلان فلان کار کرد صیغہ ماضی کردن سے
کُرْد ف نام قوم صحرائے اردبیل مین جسکی کنارے بلند و پیچ مین رہتے ہین
وبنے آبگیر و شبان جو مویشی چراتا ہے۔
کُرَّہ ناکشاد ف بچہ جسپر سوار نہوئی ہو اور نہ زین پڑا ہو
گُرْد ف پہلوان دلاور و جانمرد و بہادر و جنگ آور آدمی

قَدقَدہ صحرا و زمین ہموار اور لق و دق جنگل سخت سفید و صاف زمین

فا با را ی

فَرُّودہ زیر و نخت نیچے اور آگے اور پائین -

فَرکَندہ زمین جس مین گڈھے ہون زیر و بالا زمین ناہموار اور جس زمین مین پانے بہرا ہوا ہو -

فریادہ دہائی دینا ظلم کے داد مانگنا -

فرہاد نام عاشق شیرین جسنے شیرین کے ساتھ اپنی جان دیدی

فرجدہ پدر و جد باپ دادا نانا بزرگ لوگ -

فرح آباد ایک شہر ایران مین ہے -

فرخ آباد ایک شہر ہند مین ہے -

فرغندہ اکاس بیل جو خاردار درخت پر پیدا ہوتی ہے

فرصاد مرقوت جو میوہ و درخت مشہور ہے

فرقدہ گوسالہ اور دو ستارے جو قطب کے پاس ہین

فرند معرب پرند شمشیر و جوہر شمشیر اور نام پارچہ

فرستند بہبہین فرسند غلط ہے -

فرزین بند ایک چال شطرنج کے ہے -

فرزوم ایک گھاس کا نام ہی جو نہایت سرد ہے -

فرزند پسر و دختر و نوکو کہتے ہین یعنے اولاد

فرید یگانہ اور نام ایک کامل ولی کا جسکا مزار پاک پتن پنجاب مین ہے خاندان چشتیہ کا یہہ بزرگ تھا -

فرد یگانہ اکیلا لاثانی اور یکتا شخص -

فرائد جمع فرید جسکے معنے مفرد اور تنہا کے ہین -

فا با صاد

فصد رگ سے خون نکلوانا خون لینا -

فصاد خون نکالنے والا جو شخص اپنی نشتر سے خون نکالے

فا با قاف

فقد گم کرنا اور گم ہونا جیسے جانا آنکھون سے نابود ہونا

فا با نون

فند دروغ و خطا و سستی راہی و مکر و حیلہ و فریب -

فا با واو

فواد بوزن مراد دل و روح دل اور دل کا ارادہ -

فولاد معرب پولاد جو ایک قسم کے لوہا مشہور ہے -

فا با یا

فید مکہ کے راہ مین ایک قلعہ کا نام ہے -

فیل بند بازی شطرنج کے ایک چال ہے -

بائیسوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن کی اول حرف قاف اور اخیر مین دال ہے

قاف با الف

قاعد بیٹھا ہوا اور بیٹھنے والا اور جو عورت حیض اور منی کے قابل نہ ہو

قائد اندہی کی لکڑے پکڑنیوالا اور سردار لشکر کش -

قاصد ارادہ کرنیوالا راستی چلنیوالا مستعد و صاحب ارادہ

قاف با باء

قباد معرب کواذ نام پدر نوشیروان و بہرام بادشاہ عظیم الشان

قاف با تاء

قثد خوردن خیار یعنی کھیرا کھانا جو ایک سبزہ ہی -

قثد شتر بزرگ بڑا اونٹ جو بار کش اونٹ ہو -

قثد بادرنگ جو خیار سبز چھوٹا ہوتا ہی سبد مین اوسکو کھیرا کہتے ہین

قاف با دال

قدح بیخ سے نکالنا جیسا کہ تاڑ کا بیخ سے نکالنا قد و قامت و تقطیع اعتدال و بیست بزغالہ جسے برتن بنائین -

قدید وہ گوشت جو دھوپ مین سکا کر رکھین خشک گوشت

قاف با را ے

عَقدہ گرہ گلے کی زبان سخن میں اور لکنت کو زبان میں۔
عقدہ سلک مروارید و گلوبند یعنی ہار جو گلے میں پہنتے ہیں۔
عُقدہ جمع عقدہ یعنی بہت سے عقدے اور مشکلیں جو پڑ جائیں۔
عقائد جمع عقیدہ کسی بات کو دل میں سمجھ بوجھ کر پختہ ٹھہرانا

عین باکاف

عکس وطرز صنعت شعری کا نام ہے کہ نصف مصرع کو اگر الٹا کر
پڑہیں تو وزن و قافیہ و ردیف درست نکلتا ہے۔

عین باہیم

عمید پیشوائے قوم سرگروہ و قافلہ سالار و حاکم و فرمانروا
عمود ستون جمع اعمدہ و عُمُد شاہین نر ازدہ و مہتر قوم سرگروہ
عماد بہت سے ستون اور بنائیں بلند اور اونچے دیوار یں
عمد جان بوجھ کر کام کرنا اور دشمنی مرتکب جرم کے ہونا۔
عُمُد و عَمَد جمع عمود بہت سے ستون جمع مکان میں ہون

عین بانون

عند نزدیک قریب پاس پاس۔
عُنود و عتیدہ کرنا حق کے برخلاف کرنا ناحق کے مرتکب ہونا۔
عَنود عتیدہ کرنیوالا گمراہ و ناحق شناس۔
عَنید کرنیوالا سرکش و عداوتی و جنگ آور۔
عناد عتیدہ و سرکشی و عداوت ناحقہ و لڑائی
عُنقود خوشہ انگور جو ایک مشہور میوہ ہے۔
عناقید جمع عنقود یعنے بہت سے خوشے انگور کے

عین باواو

عوائد پھر آنیوالے سود و منافع وصلہ ہا و ہر ایسا۔
عَوُد پھر آنا اور مکرر یعنے زاونٹ۔
عُوُد مشلق لکڑے اور ایک قسم کے سیاہ لکڑے
جو آگ میں جلانے سے خوشبو دیتی ہے اگر ہے اور سکہ کہتے ہیں

عین ہاہے

عہد زمانہ قول اقرار عہود اسکی جمع ہے یعنی بہت سے زمانے

عین بایاء

عِید ہر چیز بار بار آنیوالی اور نام وہ تہوار مسلمانوں کا
جو سال میں دو مرتبہ آتا ہے ایک عید فطر بعد گذرنے
ماہ رمضان کے پہلے شوال کو اور دوسرے
عید اضحے بعد حج کعبہ کے دسویں تاریخ ذی الحجہ کو
جس روز مسلمان قربانی بکرے وغیرہ کی کرتے ہیں

بیسویں فصل

اون لغات کے بیان میں جن کی اول حرف
غین اور اخیر میں دال ہے

غین بادال

غدد جمع غدہ جو غدہ گوشت و پیے سے نکلتا ہے۔
غَدہ صبح آئندہ یعنے جو روز کل آئیگا۔

غین بامیم

غمد تلوار اور چھری کا میان جو مشہور چیز ہے

غین بانون

غُند پیچیدہ جمع ہوا ہوا اکٹھا ہوا ہوا فراہم ہوا ہوا۔

اکیسویں فصل

اون لغات کے بیان میں جن کی اول حرف
فا اور اخیر میں دال ہے

فا بادال

فاسد بگڑا ہوا اور بگاڑنیوالا فساد ڈالنے والا
فارد یگانہ زمان و جدا اور فرد آدمی اکیلا۔
فاقد گم کرنیوالا مفقود کرنیوالا نابود کرنیوالا۔

فا بادال

صواب بدید ملاح و تجویز جو کسیکے حق مین نیک ہو

صاد با یاہی

صَیدؔ ع شکار و شکار کرنا و شکار کھیلنا۔

صَیّادؔ ع شکاری یعنے وہ شخص جو شکار کھیلے۔

سترہوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن کی اول حرف ضاد اور اخیر مین دال ہے

ضاد با دال

ضِدّؔ ع خلاف یکدیگر جیسے دن اور رات و عدم و وجود و نیک و بد

ضاد با میم

ضِمادؔ ع وہ رفیق جو کسی زخم پر لگائین یعنی پیپ کرین

اٹھارہوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن کی اول حرف طا اور آخر مین دال ہے

طا با را ی

طَرَدؔ و طَرْدؔ ع جلانا کھیون و سوش و بشہ وغیرہ کو۔

طا با واو

طَوْدؔ ع بڑا پہاڑ اور بلند گہنے پہاڑ کی وقلہ کوہ۔

اونیسوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن کی اول حرف عین اور آخر مین دال ہے

عین با الف

عادؔ ع ہود پیغمبر کے قوم جو بسبب نافرمانی ہوا کلوفا ہلاک ہوے

عاقِدؔ ع عہد کرنیوالا گرہ دینے والا باندھنے والا کسی چیز کو۔

عائِدؔ ع عود کرنیوالا واپس آنیوالا جہان سے گیا تہا۔

عابِدؔ ع عبادت کرنیوالا بندگی کرنیوالا آدمی۔

عانِدؔ ع دشمن عداوت کرنیوالا دشمنی رکھنے والا۔

عین با یاء

عبدُاللہ بن زیادؔ ع یہہ ایک امیر لشکر یزید لعین سے تہا جسکے حکم سے امام حسین شہید ہوئی تہی۔

عَبدؔ ع بندہ و غلام تابعدار خدا شگزار خدا کا بندہ۔

عَبیدؔ ع بہت بندے اور غلام یہہ بہی جمع ہی بہت سے بندے کرنیوالے

عُبَیدؔ ع تصغیر عبد یعنی کمتر بندہ غریب آدمی عاجز بندہ۔

عِبادؔ ع جمع عبد بہت بندے بہت سے بندے کرنیوالے

عُبّادؔ ع جمع عابد بہت سے عبادت کرنیوالے بندگی کرنیوالے۔

عین با تاء

عِتادؔ ع تیاری اسباب سفر کی اور باندہنا اور لذا ما سباب کا۔

عَتیدؔ ع حاضر و مہیا و موجود و تیار و آمادہ۔

عین با دال

عَدَدؔ ع شمار گنتی کرنا کسے چیز کا۔

عَدَدؔ ع شمار گنتی کسے چیز کے جو کے جائے۔

عین با سین

عَسجَدؔ ع زر و طلا و جواہر اور ہر چیز قیمتی و گران بہا۔

عین با ضاد

عَضُدؔ ع بازو زور و قوت دینا۔

عَضُدؔ ع یاری دینا مدد دینا اور نام بادشاہ شیراز کا

عین با طاء

عُطارِدؔ ع نام ستارہ جو دوسرے آسمان پر دبیر فلک ہے

ذام دوا جسکو سنبل رومی کہتے ہین اور رحبت کا بہی نام ہے

عین با قاف

عَقدؔ ع گرہ دینا عہد پیمان و نکاح و بیع و شرا جو اکیسین ہو۔

شین با دال

شَدد ہوا گیا گذرا۔
شَدائد ع تکلیفیں اور غم واندوہ اور سختیاں و رنج۔
شَدید ع سخت و محکم و مضبوط جس چیز مین نرمی نہو۔
شَدد ع نام اعراب اور تہوار کرنا سخت کرنا۔
شَدو مَد ع مال و دولت و شان و شوکت نام و نشان عزت و آبرو

شین با غین

شغاوذ نام برادر بد نہم جسنے رستم کو بفریب ہلاک کیا تہا

شین با کاف

شکر خند ف خوشی کا ہنسنا جو انسان دیکھے خوشی سے ہنسے

شین با میم

شمشید ع نام ترہ جسکو مقیہے کہتے ہین مقیہے کا ساگ
شمشاد ف نام درخت جو بلند ہوتا ہے اور شعرا قد کی تشبیہ دیتے ہین

شین با واو

شوارد ع رمندگان و بہٹنے ہوا و جمع شارد ہ شیر ادہ رمندہ
شواہد ع جمع شاہد بہت سے گواہ اور بہت سے معشوق

شین با ہا

شہر بند ف حصار و محبوس مقید آدمی جو کہین جانے
شہید ع گواہ اور جو شخص راہ خدا مارا جائے نام شاعر کا۔
شہود ع حاضر ہونا اور حاضر ہونیوالا اور گواہان اور حالت
جو مرات کثرات و موہومات سے گذر کر مقام توحید میں پہونچ جائے
اور تمام خلق مین صورت خالق نظر آئے۔
شہرود عراق مین ایک رود ہے و نام شہر جسکو شہرزور کہتے ہین۔

شین با یا

شیدہ مکر و فریب و دغا جو کسی سے کیا جائے
شیوہ عربی مجہول روشنی و یا معروف ایک وجہ زد و کچ
شیاد ع مکار و فریبیے و دغا باز آدمی۔

سولہوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن کی اول حرف صاد اور آخیر مین ذال ہے

صاد با الف

صاعد ع اوپر چڑہنے والا بلند جانیوالا صعود کرنیوالا

صاد با دال

صدد ع تردید کی و مقابلہ و برابر ی دار ادہ دیکھنا کسی شخص کا
صدر خ بند ف امیر بالانشین و بلند چبوترہ جسپر امیر بیٹہین۔
صدید ع زرد آب جو دل و زخم سے نکلتا ہے یعنے ریم۔
صدف ایک سیکڑون دہائیان جو مشہور صدف ہے۔

صاد با رای

صرد ع جانور کاک جسکو لٹورا کہتے ہین۔
صرح ممرد ع قصر و درخشان و سادہ و ہموار اور برابر۔

صاد با عین

صعید ع خاک و روے زمین اور ایک شہر مصر کی ملک مین ہے
صعود ع اوپر چڑہنا اوپر کو جانا بلند ہونا عروج کرنا
صعود ف اوپر چڑہنے والا بلند جانیوالا عروج کرنیوالا۔

صاد با لام

صلد ع سخت و صاف یعنے وہ چیز جو سخت و صاف ہو۔

صاد با میم

صمد ع بہتر بے نیاز جو کبہی گرسنہ و تشنہ نہو کسی سے حاجت رکھے
صماد ع جاہای بلند و زمینین سخت کوہستانے زمین۔
صمد ع جو چیز اندر سے پولی نہو سخت ہو۔

صاد با نون

صناديد ع مہتران و بزرگان و گذشتگان زمانہ سلف
صنديد ع مہتر و بزرگ سرگروہ و میر سالار قوم۔

صاد با واو

سر بلند ف اونچا سردار امیر دولت مند غنی آدمی
سرود ع کلام منظوم وافسانہ وقصہ وکہانی
سر وبند ف عہد عصر وزمانہ اور وقت وغیرہ -
سر کمند ف جای پناہ جس جگہ کوئی پناہ لے
سرخ اسود ف نام ایک بزرگ کا -

سین با عین

سَعد ع نیک ونیک بختی اور بائیسوین منزل منازل قمر کی
سُعد ع ناگر موتھا جو ایک بوٹے کے جڑ ہے -
سَعد السعود ع ستارہ مشتری اور چوبیسوین منزل قمر
سُعود ع ستاری بعد مثل زہرہ ومشتری وقمر -
سَعید ع نیک آدمی بہت اچھا آدمی سعادت مند
سَعود ع نام چوبیسوین منزل قمر کا -
سُعاد ع نام زن محبوبہ جو نہایت خوبصورت عرب میں تھی

سین با غین

سُغد ع زمین نشیب جس میں بارش کا پانی جمع رہے نام قصبہ

سین با فا

سِفاد ع جفت ہونا حیوان نر کا مادہ سے جماع کرنا اونکا -
سُفید ع ابیض روشن چٹا رنگ جو مشہور رنگ ہے -
سَفود ع سیخ جسکو بازن کہتے ہیں کباب بھونے کی سیخ

سین با قاف

سمرقند نام شہر ملک ماوراء النہر میں جو دار السلطنت اوس ملک کا ہے

سین با نون

سَنخ ع نام میوہ جو عناب کے طرح سرخ رنگ ہوتا ہے -
سَند ع تکیہ گاہ اور وہ چیز جسپر ٹیک رہو مثلاً تسک وقبالہ وغیرہ
سِند ع حرامزادہ بدشیر اور نام رود ونام خطہ زمین ونام نسب کے
سُند ع سرگین آدمی جو سخت وبسطر وگندہ ہو -
سَنَد باد ف نام کتاب جو حکیم ارزقے نے نصایح میں لکھا تھا نام کسپر بادشاہ

سِناد ع عیوب قوافی میں سے ایک کا نام ہے -

سین با واو

سَواد ع سیاہی دیہات شہر نواحی وملک وذہن ومسودہ جو لکھا ہو
سُؤدد ع سرداری وامارت وپیشوائی وعزت ومحرمت
سُوَد ع جمع اسود سیاہ رنگ فارسی میں نفع وفائدہ جو تجارت وغیرہ سے ملے

سین با ہا

سَہاد ع بے خوابی یعنے بیدار رہنا وہ بیمار کا -
سِہرند ع نام شہر سندھ میں جو بادشاہ چچنامے میں صوبہ کا مقام تھا
سہ بعد ف طول عرض عمق تینوں مدارج کا نام ہے -

سین یا یا

سَید ع گرگ درندہ یعنے بھیڑیا جو شہور درندہ ہے -
سَیِّد ع سردار ومہتر اور وہ شخص جسکے صلبے نسبت پیغمبر صاحب سے ہو
سیاہ سفید فارسی رات دن کے وبدے شرق وغرب -

پندرہوین فصل

اون لغات کے بیان میں جن کی اول حرف شین اور آخر دال ہے

شین با الف

شاہد ع گواہ حاضر ومعشوق ومحبوب ومرغوب -
شاد ف خوش اصل میں شادی مند ہے -
شاگرد ف خادم ونوکر تلمیذ اصل میں شاگرد تھا -
شاد ف خوش وخرم جسکو کوئی غم کسیطرح کا نہو -
شاکرد ع چلنے والا پریشان وپیشیان وپراگندہ دل
شاد باد ف خوش وآسودہ ہو یہہ کلمہ دعائیہ ہے -
شاید ف ہو یا نہو ہی یا نہیں یہہ کلمہ شبہ وشک کا ہے

شین با با

شب گرد ف چور اور کوتوال وچوکیدار جو رات کو پہرتا ہے

زمرد ف شہور جوہر ہے جسکو پنا کہتے ہین سبزہ بھی اوسکا نام ہے
زمستان ف سائیسوان دن ہر ماہ شمسی کا۔

زای بابون

زند ف نام کتاب مجوس بزرگ و بہ بری استخوان ساعد یعنی بیچ کی ہڈی
زندہ رود ف نام رود جو اصفہان مین ہے۔
زندہ پیل خطاب شیخ احمد جام جسکی دعا سے ماتہی زندہ ہوا تھا
زنگانہ رود نام ساز جو زنگی بجاتے ہین ف نام نہر۔

زای باواو

زود ف جلد و شتاب او وہ حکم جو بلا توقف کیا جاوے
زورمند ف صاحب قوت پہلوان و صاحب طاقت۔

زای باہاء

زہرخند ف وہ ہنسی جو غضب و غصہ کی ہو یعنی جو دل سے ہنسنا
زہد ع کوشش سعی عبادت مین کیجائے اور محنت شاقہ۔
زہاد و جمع زاہد ع کہنوالے عبادت مین محنت کرنیوالے۔
زہ وزاد ف بچہ و فرزند اہل و عیال اور گہر کے لوگ

زای بایاء

زیادہ ع زیادہ ہونا او نام کافر جسنے محمد صلی اللہ علیہ وسلم
پر دروغ گواہی زنا کی دی تہی ف نام بازی۔
زیرخورد ف نام پردہ سوتی جو اطل ہیجڑے گاتے ہین

چودہوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن کی اول حرف سین اور اخیر مین ذال ہے

سین بالف

ساکورد ف پیر ضعیف اور بڑی عمر کا آدمی بزرگ۔
سازمند ف ساختہ و آراستہ و تیار و بے عیب چیز۔
ساعد ع دست و آرنج تا بازو یعنی ہاتہ کوہنی اور بازو

سین باباء

سبع شداد سات آسمان اور سات طبقے افلاک کے۔
سبدہ لکڑی کاٹکر اسمین سبزی ڈالکر بیچتے ہین۔
سپید ف ابیض سفید رنگ و نام قلعہ و نام دیہ و نام رود
سپیدرود ف نام رود جو شروان اور گیلان مین جاری ہے
سپند ف نام کوہ و ہرمل جو ایک سیاہ تخم ہے اور جلانے
کے کام آتا ہے۔
سپہبد ف سپہ سالار بادشاہ کا کہمان افسر فوج کا۔

سین باتای

ستد ف گرفتہ یعنے پکڑا اور لیا کوئی اسباب یا سامان

سین باجیم

سجدہ ع سجدہ کرنیوالا نماز پڑہنے والا جہک جانے والا۔

سین بادال

سداد ع راستی و درستی کردار و گفتار مین صدق بتانے
سدا د ع ایک بیماری کا نام ہے جسسے ناک بند
ہوجاتے ہے اور سینہ بہاری معلوم ہوتا ہے۔
سدہ ع جو چیز دخل کے مانع ہو مجازاً دیوار یا کوئی اور چیز
جسسے راہ بند ہو۔
سکبد ع درست و محکم ستوار و مضبوط دیوار وغیرہ۔

سین باراے

سرمد ع ہمیشہ و دایم اور نام ایک محمد مذہب شخص کا جسکو عالمگیر
اورنگ زیب نے شرع کے فتوی سے قتل کیا تہا۔
سرود ف نغمہ و سماع جو گاتے ہین۔
سرآمد ف سردار و افسر و تمام شدا و خاتمہ ہر چیز کا۔
سرشند ف کوچہ بند و اخبار و آگاہی و خبردار۔
سروآزاد ف درخت سرو جسکو خزان سے نقصان نہین پہنچتا
سرخ بید ف ایک قسم کے بید کا درخت ہے۔

رگ بند فارسی جو زخم پر باندھتے ہین۔

رای با میم

رَمادہ خاکستر جسکو ہندی مین راکھ کہتے ہین

رَمَدہ سرخ ہونا آنکھو نکا آشوب آنکھون کا

رای با نون

رِندہ وہ سنکر جو احکام شرعی عمداً انکار کری اور آدمی بے قید

رَندہ لیجانا چورانا وخوشبو وگرد وخاک اور تراشہ لکڑی کا

رَنودہ بتصرف فارسیان عربی دان جمع رند بہت سے بے قید لوگ

رای با واو

رُوح مجردہ روح مطلق وجبرئیل وعیسیٰ وفرشتگان مقرب

روسپید منعزز ومحترم مالدار غنی آدمی اور شریف

رودہ نہر جاری ونام ساز وہ گویندہ مرد وزن

روئی بند برقع پوش یعنی عورت جسنے برقع پہنا ہو

رویداد ماجرا واحوال ماہیت وکیفیت ہر چیز کے

رای با ہای

رہ آوردہ تحفہ وسوغات جو کوئی سفر سے لاوے اور دوستونکو

اور رفیقون کو دے۔

رای با یای

ریش خندہ استہزا ومسخرہ ہنسے جو کسے سے کیجاوے

ریش پر بادہ غرور وتکبر اور ہوا وہوس۔

ریوندہ نام ایک دوا کا جسکو راوند بھی کہتے ہین

تیرہوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن کی اول حرف زا اور اخیر مین دال ہے

زای با الف

زَادہ عربی مین توشہ اور فارسی مین فرزند وزن ومرد

زَاہدہ زہد کرنیوالا عبادت کرنیوالا محنت کرنیوالا۔

زَامیادہ ستائیسوین روز ماہ شمسی کا نام ہے۔

زاید عربی بڑھا ہوا زیادہ ہوا اپنے پہلے اندازہ سے

زای با بای

زبان بند خاموش وتعویذ زبان بندی جو عامل لکھتے ہین

زَبادہ گربہ حبشی یعنے مشک بلاے کے خصیو کا عرق

جو نہایت خوشبودار ہوتا ہے۔

زَبَدہ پانی اور دودھ اور چاندی سونے کے جھاگ۔

زَبَرجَدہ زمرد سبزہ جسکو پنا بھی کہتے ہین اور قیمتی پتھر ہوتا ہے

کانے تیر ہے

زای با رای

زَرتَادہ زرہ گر اور نام ایک فاضل کا جو جہل فاضل تھا۔

زرسفیدہ چاندی ونقرہ جسکا رنگ سفید ہے۔

زراوند یہ دو قسم کے ایک طویل دوسرے مدحرج ہوتے ہے

زُرنباد زرد چوبہ ایک دوا کا نام ہے۔

زَرَدہ گلے مین لقمہ اوتارنا اور زرہ بنانا جو جنگ مین پہنتے ہین

اسواسطے کہ جسم کو اوسسے گزند نہ پہونچے۔

زُرُدہ زرہ اور سست کہانا وپیٹ بھر کے کہانا۔

زُرَّہ قسم غلہ جسکو جوار کہتے ہین نرت بھی صحیح ہے

زُرُدہ بہت کہانا پیٹ بھر کے کہانا۔

زُرُودہ مکہ کے راہ مین ایک مقام بے آب کا نام ہے

زای با غین

زَغَندہ جست کود یہاند جو کشتی مین کرتے ہین۔

زای با لام

زَلّہ بند جو شخص باسی کہانا کہاے ایک وقت کا کہانا

دوسرے وقت کہاوے۔

زای با میم

دندان بلند ف ضعیف و پیر جسکے دانت ہلتے ہون -

دال باواو

دُود ع جمع دودہ بہت گرم اور فارسی مین دی ہوا جو آگ سے نکلے

دوچند ف دوگنا پہلے حصہ سوا ایک حصہ زیادہ یعنے پہلے دو پھر چار

دال باہا ہ

دہان بلند ف زبان بندی کا تعویذ جسکے عمل سے زبان اوس شخص کی بند ہوجاتی ہے جسپر وہ کیا جاے -

دال بایای

دیو زاد ف اسپ قوی ہیکل جو فربہ اور اونچا اور لمبا ہو

دیو زد ف آسیب زدہ جسکو جن یا دیو کا سایہ ہو -

دیوار بلند ف کنایۃ دولتمند و صاحب جاہ و مالدار آدمے

دیو سپید ف وہ دیو جسکو رستم نے قتل کیا تھا -

گیارہوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن کی اول حرف ذال اور اخیر مین دال ہے

ذال باالف

ذات العماد ع مکان ستون دار مضبوط و مستحکم اور اونچا محل

بارہوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن کے اول حرف رای اور اخیر مین دال ہے

رای باالف

راد ع سخی و بہادر و جوانمرد و مرد میدان -

راآوع رد کرنیوالا و دور کرنے والا -

راوند ف ایک نبات زرد رنگ جسکو ریوند کہتے ہین -

راصد ع منجم یعنے نجومی ستارہ شناس فال ہین -

راعی العباد ع پاسبان بندون کا یعنے بادشاہ وقت -

راکد ع بند پانی جو جاری نہو یعنے کہڑا ہوا پانے

رای بایای

ربع شداد م باغ ارم جو شداد نے بنایا تہا خدا تعالے نے اوسکو لوگون کے آنکہون سے پوشیدہ کر دیا -

رای بادال

رد ع موڑنا اور مڑنا اور موڑ لانا اور وہ دیوار کا جو لگاتے ہین

رد ع یا رد دوست رفیق آشنا میت پیارا -

ردو بدو ع کج مج باتین جو بوقت بحث و مناظرہ کہتے ہین

رای باشین

رشد و رشد ع راہ راست پر آنا مرشد کے ارشاد پر عمل کرنا

رشید ع راہ راست دکہلانیوالا و تدبیر راست و نام پسر خاقان

رشاد ع راہ پر ہونا و خرد و تخم ترہ تیز کرنے یا لون

رای باصاد

رصد ع بلند چبوترہ اور رصید کہنا امیدوار ہونا کسی کے

رای باعین

رعد ع آواز ابر و نام فرشتہ موکل ابر جو گرجتا ہے

رای باغین

رغد ع عیش خوش و نعمت و مال و جاہ و آرام و دنیا کا -

رای بافاء

رفد ع کاسہ بزرگ بڑا پیالہ لکڑے کا یا کسی اور چیز کا -

رای باقاف

رقود ع خواب کرنا اور خواب کرنے والے جمع راقد جسکے معنے خراب کرنیوالا ہین -

رای باکاف

رکنا باد ف نام تفرج گاہ بمقام شیراز اور سبزہ زار شیراز

خُرد و مُرد ف ریزہ ریزہ پارہ پارہ ٹکڑے ٹکڑے۔
خُرد ف چھوٹا صد بزرگ کے ورزیدہ ہر چیز کا۔
خُرشید ف سورج روشن یعنے خُرسورج اور شید روشن۔

خا با شین

خُشنود ز خوش و خاطر جمع ف رضامند و خوش دل۔

خا با لام

خُلد ع بقا ہمیشگی و نام بہشت اور ایک قسم سوسن کو وکا
خُلود ہمیشگی اور بقا یعنے ہمیشہ رہنا ہمیشہ جینا۔

خا با میم

خُمود ع آگ کا بجھنا بیہوش ہونا آرام پکڑنا سو جانا۔

خا با واو

خورداد ف نام ایک ماہ شمسے کا منجملہ بارہ مہینوں کے۔
خویشاوند ف رشتہ دار قریبی یک جدی لوگ۔
خورد ف طعام و چھوٹا و لایق اور کہایا اور متصل ہونا۔
خوشید ف خشک ہوا آبے را آب ہوا۔
خود ف لوہے کے ٹوپے جو جنگ مین سر پر رکھتے ہین
خودبخود ف آپ ہی آپ بلا دخل کسے دوسرے کے۔
خواب صیاد ف غفلت و مکر و فریب اور دغا۔
خوشنود ف خوش و خرم و خوشدل بخلاف غمگین کے
خورشید ف سورج روشن یعنی خور سورج اور شید روشن
خوید و خیذ سبز جارہ اور سبز گھاس مویشے کے چرنے کا

خا با یاے

خیرباد ف کلمہ رخصت بوقت رخصت کرنے کسے دوستے کو بلا جانے

دسوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن کی اول حرف
دال اور اخیر مین بے دال ہے

دال با الف

داد ف عدل و انصاف و عطا و بخشش و مہر بانی۔
داؤد م ایک پیغمبر کا نام ہی جو سلیمان پیغمبر کا باپ تہا۔
دارالجہاد م وہ شہر جہان جہاد کرنا جائز ہو کفار کا شہر
داماد م مرد نوکر خدا و بجاورہ ہند شوہر دختر یعنے جوائے
دارالاسد م مرض جزام کوڑہ کے بیماری جو مہلک ہے

دال با دال

دد ف ہر چار پایہ جو درندہ ہو مثل سگ و گرگ و شیر وغیرہ۔

دال با رے

دربند ف نام شہر و نام قلعہ و گذرگاہ دریا و فاصلہ درمیان دو جا
درد مند ف صاحب تکلیف و بیمار و مریض۔
دربند ف نام شہر و بند در و قفل دروازہ۔
دُرد ف شراب و پانی کا میل جو نیچے بیٹہہ جاے۔
درخور ف لایق و سزاوار۔
دُرود ف رحمت و استغفار و دعا و تسبیح اور کانٹا لکڑے کا
درد ف تکلیف و رنج و دکھ و آزار و بیماری ہر ایک قسم کے

دال با زاے

دزد ف چور جو کسیکے کوئی چیز چوپا کر لیجاے۔

دال با سین

دست برد ف غلبہ و فیروزی و فتح یابی جو دشمن پر حاصل ہو
دست بند ف پہونچی جو ایک قسم کا زیور ہے۔
دست مزد ف اجرت و مزدوری جو مزدور کو ملے۔

دال با لام

دلبند ف معشوق فرزند پیارا اور دوست۔
دلپسند ف مطبوع چیز جسکو دل پسند کرے۔

دال با نون

دندان سفید ف ہنستا ہوا کہلتا ہوا خوش آدمی۔

[illegible]

حا با دال

[illegible]

[illegible]

حا با سین

حسدؔ ع کسی کے نعمت کا زوال چاہنا دیکھ کر جلنا
حسنؔ مقید ع حسن مخلوقات کا اور حسن عالم ایجاد کا۔
حسودؔ ع بدخواہ اور بہت حسد کرنے والا۔
حسودؔ ع جمع حاسد یعنے بہت سے حسد کرنیوالے لوگ۔

حا با صاد

حصدؔ ع کاٹنا زراعت اور خشک گھاس کا اور محکم کرنا
حصادؔ م زراعت کاٹنا خشک گھاس کا کاٹنا۔

حا با فا

حفدؔ ع خدمت کرنا شتاب کرنا جلدی کرنا۔
حفیدؔ ع خدمت کیا گیا شتاب کیا گیا جلدی کیا گیا

حا با قاف

حقدؔ م کینہ وعناد و بغض جو دل مین ہووے۔

حا با لام

حل و عقدؔ ع کھولنا باندھنا انتظام کرنا بندوبست کرنا
حلوای سپیدودؔ ف میوہ ہائی شیرین اور لذیذ مجازاً رطب

حا با میم

حمیدؔ ع تعریف کیا گیا سراہا گیا صفت کیا گیا۔
حمدؔ ع ستایش کرنا جناب باری کا تعریف کرنا خدا کی
حمایدؔ ع نیک خصلتین اور نیک خاصیتین نیک عادتین

نوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن کی اول حرف خا اور اخیر مین دال ہے

خا با الف

خاوندؔ مخفف خداوند صاحب و مالک و شوہر عورت کا۔
خاربندؔ کھیتے کے باڑ جو چار طرف بنائے جائے۔
خالدؔ ع ہمیشہ رہنے والا اور نام اصحاب محمد صلعم کا۔
خانہ خورشیدؔ ف برج اسد جو سورج کا گھر ہے۔
خاکزادؔ ف آدمی انسان جو خاک سے پیدا ہوا۔
خانہ زادؔ ف گھر مین اپنے غلام کا فرزند۔

خا با با

خبث الحدیدؔ ع لوہے کا میل جو مشہور چیز ہے۔

خا با جیم

خجستہ بنیادؔ ف لقب شہر اورنگ آباد کا جو دکن مین ہے
خجندؔ ف ماوراالنہر مین ایک شہر ہے جسکا یہ نام ہے

خا با دال

خداوندؔ ف صاحب و مالک و آقا و ولی نعمت
خدمؔ ع رخسارہ انسان کے گال۔

خا با رے

خردمندؔ ف دانا ہوشیار عقلمند لائق
خردؔ ف عقل ہوش دانائی انسان کے۔
خردادؔ ف اسارہ کا مہینہ اور چھٹا روز ہر ماہ کا
خرسندؔ ف خوش و رضامند صاحب فرحت و آرام
خرادؔ ع لکڑے کو چرخ پر چڑھا کر درست کرنا۔
خرائدؔ ع زنان بکر و شرمگین اور موتے ناسفتہ

جنود ع بہت سے لشکر اور بہت سے فوجین۔
جنید ع نام ایک بڑے بغداد کے کا جو نہایت کامل بزرگ تھے

جیم باواو

جود ع نیک چیزین اچھی اشیاء مطبوع طبع۔
جود ع بخشش و سخاوت جو سخی کرتے ہین۔
جوانمرد ف بہادر سخی پہلوان نیکو کار آدمی۔
جوہر قرد ع جزو لا یتجزے جو قابل قسمت نہو۔
جواد ع بہت بخشش کرنیوالا اور نام خدا تعالی جل شانہ

جیم با ہاے

جہد ع طاقت و کوشش و جستجو و تلاش مانند۔
جہد ع رنج و مشقت و تکلیف جو کسی کام مین ہو۔
جہد جہید ع بہت کوشش نہایت کمال جستجو۔
جہاد ع کفار کی ساتھہ لڑنا دین کے ترقی کے لئے اسلام۔

جیم با یاے

جید ع خوب نیک اور بہت اچھا دلپسند و مضبوط۔
جید ع گردن و عنق انسان کے
جیاد ع جمع جید خوب نیک اور اگر جمع جود تصور کیا جاے
تو اسمین تیز رفتار و جمع جید گردنین

ساتوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن کے اول
جیم فارسی اور اخیر مین دال ہے

جیم باالف

چار بند ف قید خانہ محبس مجازاً دنیا باعتبار چار طرف کے

جیم بارائے

چرند ف جو پایہ حیوان جو پانو سے چلتا ہو بخلاف پرند کے

جیم باشین

چشم زدن ف طرفۃ العین آنکھہ کا اشارہ ایک لمحہ اور ڈرانا
چشم بندی ف وہ منتر جس سے بیننے والے کو دیتے ہین اور جسپر وہ منتر
کیا جاتا ہی اوسکو بیند نہین آتے۔
چشم بد ف کسیکے بد نظر جو دوسرے کو اتر کر جاتے ہے۔

جیم با غین

چغد ف بوم یعنی الو گویا ایک جانور منحوس جو الو سے چھوٹا ہوتا ہے

جیم با قاف

چقندر ف ایک ترکاری کا نام جسکو بیکار کر کہاتے ہین

جیم باکاف

چکاد ف پیشانی آدمے کا ماتھا۔

جیم باللام

چلقدت چلتہ انسان کے پہننے کا جو جنگ مین پہنتے ہین

جیم بانون

چند ف یہ لفظ کبھی استفہام کی لیئے آتا ہی اور کبھی واسطے خبر دینے کے

جیم بایاء

چیرہ بند ف وہ شخص جو دستار رنگین باندہی اور وہ کپڑا جو بکر ہو

آٹھوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن کی اول
حرف حا اور اخیر مین دال ہے

حا باالف

حاد ع تیز و تند جاہے کچھہ چیز ہو۔
حاسد ع حسد کرنیوالا دوسرے شخص کا زوال نعمت چاہنے والا
حامد ع تعریف کرنیوالا خدا کے حمد پڑھنے والا شخص
حافد ع یار و دست خادم رفیق نیکخواہ مددگار

جَمَدٌ ع آب کا تھوڑا پانی جو کسی تالاب یا حوض میں ہو

ثَمُودٌ ع صالح پیغمبر کی قوم کا نام ہے جو خدا کے قہر سے ہلاک ہوئی صالح اون کے کہنے سے دعا کے اور ایک اونٹنی معہ بچے کے پہاڑ سے بحکم اعجاز نکل آئی تھی وہ منکر رہے اور اونٹنی کو مار ڈالا آخر اون پر عذاب نازل ہوا اور وہ سب اوس عذاب سے مارے گئے۔

چھٹی فصل

اون لغات کے بیان میں جن کے اول حرف جیم اور اخیر میں دال ہے

جیم با الف

جَادَ د اسباب مکان وغیرہ سامان خانہ داری۔

جَائِدٌ ع جما ہوا اور وہ لفظ جو مصدر نہ ہو اسم جامد کہلاتا ہے

جَاوِیدٌ ف ہمیشہ علی الدوام جو بات ہوتی رہے

جَاحِدٌ ع وہ شخص جو جان بوجھ کر منکر ہو۔

جیم با حاء

جَحَدَ ع عمداً انکار کرنا جان بوجھ کر منکر ہونا۔

جُحُودٌ ع دیدہ و دانستہ انکار کرنا سچ بات سے منکر ہونا۔

جیم با دال

جَدِیدٌ ع نئی چیز نئی بات جو نئے سرے ہو۔

جَدَدٌ ع زمین ہموار اور صاف میدان کھلا صحن

جُدَدٌ ع جمع جدہ یعنی بہت سے رستے بہت سے طریق۔

جَدٌّ ع بخت و نصیب و زر و گے و تونگری و پدر پدر و پدر مادر یعنی دادا نانا

جِدٌّ کوشش و پرداخت اور محنت جس سے کار برآئے ہو

جیم با رے

جَرَادٌ ع ملخ یعنی ٹڈی جو ایک مشہور پرند ہے۔

جَرِیدٌ ع قاصد و جاسوس و پیک راستہ چلنے والا۔

جَرَائِدٌ ع بہت سے دفتر اور بہت سے کاغذات۔

جَرْوٌ مذ ع قبض و بسط کھلا اور بند۔

جیم با سین

جَسَدٌ ع تن و جسم خاص آدمی کا انسان کا وجود۔

جیم با عین

جَعْدٌ ع موی مرغول مجازاً زلفین انسان کے

جیم با کاف

جگر بند ف مجموعہ جگر و شش و دل وغیرہ مجازاً فرزند بیٹے بیٹا۔

جیم با لام

جَلِیدٌ ع برف جو آسمان سے گرتے ہے برفستان میں

جَلَدٌ ع تازیانہ لگانا چست چالاک تیز و شتاب۔

جِلْدٌ ع پوست حیوان یا انسان کے بدن کے کھال

جُلُودٌ ع حیوانوں کے چمڑے بدن کے کھالیں جمع جلد ہے

جَامِدٌ ع سخت پتھر جو اور پتھروں سے سخت ہے۔

جَلَّادٌ ع دُرّہ مارنے والا پوست کھینچنے والا قتل کرنیوالا جو حکم بادشاہ کے

جُلْمُودٌ ع سخت پتھر جو نہایت سخت ہو۔

جیم با میم

جَمَادٌ ع جو چیز ذی جان نہو اور زمین بلند جیسے پہاڑ ٹہرے

جُمُودٌ ع جم جانا پانے کا اور افسردہ ہونا۔

جَمُودٌ ع جما ہوا اور بندھا ہوا پانے یا کوئی اور چیز۔

جَمَدٌ ع یخ و برف جو پہاڑ پر گرتے ہے۔

جَمْشِیدٌ ف نام ایک بادشاہ عظیم الشان کا ہے۔

جیم با نون

جُنْدٌ ع لشکر و سپاہ اور نام دوا جو خایہ سگ کا ہوتا ہے

تصعید ع اونچی مکان پر چڑہنا بلند ہونا صعود کرنا۔
تصاعد ع اونچا جانا بلند مکان پر چڑہنا دولتمند ہونا
تصید ع شکار کرنا شکار کھیلنا۔

تا باعین

تعداد ع شمار کرنا گننا حساب کرنا کسے چیز کا۔
تعقید ع پوشیدہ سخن کہنا آہستہ بولنا کانا پھوسی کرنا
تعدید ع شمار کرنا گننا حساب کرنا۔
تعنت ع عناد و دشمنی کرنا عداوت رکھنا کسے سے
تعہد ع ذمہ دار ہونا ضامن ہونا عہد کرنا کسے سے
تعبد ع بندگی کرنا عبادت کرنا تابعداری کرنا۔
تعود ع عادت پکڑنا خوگیر ہونا کسے بات پر

تا باء

تفقد ع دلجوئی کرنا گم شدہ چیز کو ڈہونڈہنا خبر لینا کرنا
تفرد ع یگانہ ہونا الگ ہونا اکیلا ہونا فرد ہونا۔
تفرید ع یگانہ کرنا اکیلا کرنا فرد کرنا کسے کو۔
تضعیف ع نسبت دینا کسیکو کمتر ضعیف رائے اور رد ع کے

تا باقاف

تقید ع قید کرنا بند میں رکھنا محسوس کہنا کسے کو۔
تقیید ع پابند کرنا قایم و استوار کرنا کسے کو کسے بات پر
تقلد ع پیروی کرنا متابعت کرنا حلقہ گلے میں ڈالنا
تقاعد ع باز رہنا کسی کام سے ہٹ جانا۔
تقلید ع پیروی کرنا گلوبند گلے میں ڈالنا متابعت کرنا۔

تا با میم

تمجید ع بزرگ جاننا بزرگی کے ساتھ نسبت دینا کسے کو۔
تمہید ع بچھانا ہموار کرنا درست کرنا آراستہ کرنا۔
تمرد ع سرکشی کرنا سر پھیرنا نافرمانی کرنا۔
تمدد ع دراز ہونا وکشیدگی جو کسی چیز میں ہو۔

تا با نون

تند ف تیز اور سخت بوا اور ہوا وغیرہ۔
تنومند ف قوی ہیکل فربہ جسم زور آور پہلوان آدمی
تناد ع ندا کرنا اور یوم التناد روز قیامت کا نام ہے کہ اول و آخر ہر ایک شخص حساب و کتاب کے لئے بولایا جائیگا۔

تا باواو

توکید ع محکم و استوار و مضبوط و استحکام و پائیداری
تولد ع پیدا ہونا اولاد یعنے پسر و دختر کا۔
توئید ع جننا کسے لڑکی یا لڑکا کا۔
توالد ع اولاد پیدا کرنا لڑکے لڑکی کا جننا۔
توحد ع اکیلا ہونا تنہا ہونا فرد ہونا یگانہ ہونا۔
توحید ع اکیلا ہونا تنہا ہونا خدا کو ایک جاننا۔
توقد ع روشن ہونا آگ کا لبیٹ نے اور ہن کے۔
تودد ع دوستی پیدا کرنا باہم دوست ہونا پیار کرنا۔
توارد ع رد و بخصوص ایک جگہ پر اوترنا اور نکلنا ایک مصرع دو شاعروں کے طبیعت سے سرزد ہونا۔

تا با ہا

تہجد ع رات کو بیدار ہونا نماز پڑہنا رات کا۔
تہدید ع ڈرانا خوف دلانا دہشت دلانا۔

پانچوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن کی اول حرف ثا اور اخیر مین ذال ہے

ثا بارے

ثرید ع ٹکڑے روٹی کے شوربا مین بھیگے ہوئے

ثا با میم

اون لغات کے بیان مین جن کی اول حرف تا اور اخیر مین دال ہے

تا با الف

عروب ع زن جو شمزاج اور محبوبہ شوہر کی یعنی جسکو خاوند چاہے
عروس عرب ع کعبہ معظمہ و خانہ بیت اللہ جہاں حج ہوتا ہے

عین با زای

عزب ع مرد مجرد جو عورت نہ رکھتا ہو یعنی مرد بے زن۔

عین با شین

عشب ع سبز گھاس تازہ گھاس چارپایوں کے چرنیکی۔

عین با صاد

عصب ع جمع عصبہ رگ و پے انسان کے جسم۔
عصیب ع ہم جدی رشتہ دار جنکا میراث میں ایک ہی حصہ ہو۔

عین با ضاد

عضب ع تیر اور تلوار وغیرہ ہتھیار آہنی۔
عضوب ع جمع عضب تلواریں اور نیزہ وغیرہ سلاح آہنی

عین با طاء

عطب ع ہلاک یعنے ہلاک ہونا مارا جانا کسی صدمہ سے

عین با فاف

عقب ع پاشنہ و فرزند و فرزندزادہ وغیرہ اولاد و نسل
عقب و عقب ع پایان کار خیر کام کا انجام کام کا۔
عقب عوہ پٹہ جس سے چلہ کمان کا بناتی ہیں اور اس سے تیر چلاتی ہیں
عقب ع پیچھے آنا اور ایڑی پیر کی اور پیچھا آدمی کا۔
عقاب ع عتاب کرنا شکنجہ کرنا عذاب کرنا تکلیف دینا۔
عقاب بلند اور بڑا تیر اور چوٹا تاگا جو کانین کے دانہ میں ڈالتے ہیں اور نام ع مشہور
عقرب ع گزدم اور برج آٹھواں آسمانے اور مجازاً منحوس و خراب
عقارب ع جمع عقرب یعنی بہت سے بچھو و گزدم۔
عقیب ع تابعدار پیرو پیچھے چلنے والا پیروی کرنیوالا۔

عین با لام

علت آفتاب ع کنایہ بیماری یرقانی جس سے بدن زرد ہو جاتا ہے

عین با نون

عنقای مغرب ع ایک فرضی جانور کا نام ہے و آفتاب سے سورج

سترہوین فصل

اون لغات کی بیان مین جن کی اول حرف ضاد اور اخیر مین حرف با ہے

ضاد با الف

ضَارِب ع مارنیوالا ضرب لگانیوالا چوٹ لگانیوالا۔
ضَاب ع ایک درخت ہے جسکے پتے نہایت تلخ ہین۔

ضاد بای

ضَبّ ع سوسمار یعنے گوہ جو مشہور جانور ہے۔

ضاد برای

ضَرْب ع مارنا اور کودنا نر کا مادہ پر اور سکوک کرنا مادہ کا

اٹھارہوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن کی اول حرف طا اور اخیر مین بای ہے

طا با الف

طَالِب ع طلب کرنیوالا ڈھونڈھنیوالا کسی مطلب و مراد کو
طَاب ع خوش ہوا و بوی خوش کسی قسم کے۔

طا با بای

طَبْطَاب ع چوگان جسکا سر کفچہ کیطرح ہوا اور اوس سے گیند کھیلتے ہین
طِب ع علم علاج ابدان کا جسکے موجب بیماروں کا علاج ہوتا ہے
طَبِیب ع علاج کرنیوالا اور وہ شخص جو طب کا علم پڑھا ہو

طا با حای

طُحْلُب ع وہ سبزی جو پانی پر جم جاتی ہے اور پانی سبز نظر آتا ہے

طا با رای

طَرُوب ع خوش و خرم و صاحب طرب اور خوشیان کرنیوالا۔
طَرُوب ع خوشیان آرام عیش و عشرت۔
طَرَب ع خوشی جو انسانکو کسی بات سے حاصل ہو

طا با فای

طفل تب کنایۃً چاند جو رات کو روشن ہوا کرتا ہے۔

طا با لام

طَلَب ع خواہش کرنا مانگنا مائل ہونا ڈھونڈھنا۔
طَلُوب ع طالب طلب کرنیوالا ڈھونڈھنیوالا۔
طُلَّاب ع جمع طالب کی یعنے بہت سے ڈھونڈھنیوالے
طَلْب ع معرب تلب یعنے آدمیونکا گروہ جماعت آدمیون کی اور انبوہ ہم جنس مخلوق کا

طا با نون

طِنَاب ع ریسمان خیمہ اور ہر ایک رسی و رشتہ وغیرہ
طَنَب ع صفحہ مشق جسپر طالب علم مشق کرتے ہین

طا با ہای

طَهْمَاسَب ف نام شاہ ایران جدبشاہ عباس صفوی جو شیعہ مذہب تھا

طا با یای

طَیِّب ع خوشبو و فرحت و خوش طبعی اور پاک ہونا بدی سے
طَیِّبَت ع حلال و لذیذ پاکیزہ دلپسند و خوب و بہتر۔
طَیِّبَہ و مُطَیِّب ع نام دو پسران آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم

اونیسوین فصل

اون لغات کی بیان مین جن کی اول مین عین اور اخیر مین با ہے

شَعَب ع پہاڑ کا رستہ اور وہ راہ جو پہاڑ مین سے گذرے
شُعَب ع جمع شعبہ کی یعنے شاخین درخت کی۔
شِعَاب ع پہاڑ کے راستے جو پیچ در پیچ ہون۔
شُعَیب ع نام پیغمبر خسر موسی پیغمبر علیہ السلام جو مرسلون مین ہے اور اوسکی قوم عذاب سے ہلاک ہوئی تھی

شین باعین

شغب و شغب ع شور و غوغا و فساد و انبوہ و ہجوم۔

شین باکاف

شکر خواب و خواب خوش و خواب سحر اور بہت آرام کی نیند
شکر لب خ شیرین کلام شیرین زبان معشوق۔
شکیب ف صبر و آرام و توقف و تحمل و سکون۔
شکر آب ف شربت اور تھوڑی سی رنجش اور گالی جو پیار سے دیجاوے معشوق تو کی گالی۔

شین باواو

شوائب ع آمیزش ہا د آلودگی ہا جو کسیکو کسی معاملے مین لاحق ہو۔

شین باہای

شہاب سرخ رنگ پانی اصل مین یہہ لفظ شاہ آب ہے
شہاب ستارہ روشن و شعلہ آتش جو آسمان پر نمودار ہوتا ہے
شہاب ثاقب وہ ستارا جو آسمان سے ٹوٹتا ہوا نظر آتا ہے

شین بایای

شیب ع پیری و ضعیفی و سفید ہونا بالون کا و طول عمری
شیب عر وادی بلریگ جو کنارہ زمانہ کی دنبالہ پر وصل کرتے ہین
شیب و تیب ع گرفتہ و مدہوش و پریشان حال و بے اختیار
شیر قلاب کمربند کا بکسوا جو کمربند کے ساتھہ چسپان ہوتا ہے

سولھوین فصل

اون لغات کی بیان مین جن کی اول حرف صاد اور اخیر مین با ہے۔

صاد باالف

صاحب ع وزیر دیار رود دست و مالک و خاوند و لایق صحبت
صائب ع پہونچنے والا اور تخلص محمد علی شاعر ایران کا جو بڑا شاعر تھا

صاد باباء

صبّ ع گرانا اور گرایا جانا پانی کا اور گرونکا کہیل اور عاشقی
صبیب ع زین نشیب ادبے عاشق ہونا مبتلا ہونا گرفتار مین آنا

صاد باحاء

صحاب ع جمع صاحب بہت سے یار رود دست و مالک و ہم صحبت۔
صحب ع جمع صاحب اور اصحاب جمع الجمع اسکی ہے۔

صاد باخاء

صخب واویلا جو زجر و توبیخ کی وقت یعنی فریاد و زاری

صاد باعین

صعب ع دشوار و سخت و سرکش و سنگین و مشکل۔
صِعاب صعب کی جمع ہی بہت سختیان اور دشواریان۔

صاد باللام

صلب ع سخت و دشوار و مشکل۔
صُلب ع پیٹھہ کی ہڈیان گردن سے مقعد تک۔
صلیب ع سولی جسپر گنہگار خونی کو چڑھاتے ہین

صاد باواو

صوب ع طرف جانب اور سمت جو کسیطرف کو جاتے ہین۔
صواب ع درست و درست و نیک و پسند و خوب و بہتر۔

صاد بایای

صہیب محمد علیہ السلام کے ایک اصحاب کا نام ہی جو نہایت با اخلاص تہا۔

سُرب ع سیسے کی گولی بنتی ہی سکہ بھی اوسکو کہتی ہین
سَرحِساب آگاہ و خبردار و ہوشیار و حساب دان۔
سَراب ریگستان چمکتا ہوا جو دور سے پانی نظر آوے
سَرداب وہ گہر جو زمین کے اندر بنایا جاوی مجازاً تہہ خانہ
سَرندیب بحر ہند مین ایک جزیرہ ہی سیلان سنگلدیپ بھی کہتے ہین

سین باعین

سَعب ع گرسنگی یعنی بہوکہ خواہش کہانا کہانے کی

سین با فا

سُفید آب سرب سوختہ یعنے سفیدہ کا شکاری جو مشہور چیز ہے

سین باقاف

سُقلاب قریب روم کی ایک خطے و سرزمین و علاقہ کا نام ہے

سین بالام

سَلب ع لیجانا اور نابود کرنا و ور کرنا منسوخ کرنا۔
سَلب ع لیجانا اور لیگیا ہوا اور سخت لباس مثل زرہ
و جوشن و خفتان و پوست حیوان وغیرہ۔
سَلیب ع لوٹا ہوا اسباب غارت کیا ہوا مال۔
سِلاب ع ماتم کا لباس جو سیاہ رنگ نشان ماتم کا ہوتا ہے

سین بانون

سُنجاب ایک جانور کا نام ہی جسکے چمڑی پوستین بنتی ہے۔

سین بای

سُہراب نام پسر رستم جو رستم کے ہاتہہ سے مارا گیا۔

سین بایای

سَیلاب طغیانی دریا کی اور چڑہاؤ پانی بارش وغیرہ کا
سَیر آب جو پانی پی چکا ہو اور جو تشنہ نہو۔
سِیہ تاب لوہا سیاہ کرنیکا رنگ جو قسم روغن ہوتا ہے
سِیب مشہور میوہ ہی اور بخشش عطا و سخاوت۔
سِیماب پارہ جو مشہور دھات ہوتی ہے۔

پندرہوین فصل

اون الفاظ کی ذکر مین جن کی اول شین اور اخیر مین حرف با ہے

شین باالف

شَاداب سیراب و تر آب تازہ و سبز جو خشک نہو
شاہ مغرب ماہ نو یعنے نیا چاند پہلی رات کا ہلال۔
شَاب ع مرد جوان جو بالغ ہو چکا ہو بخلاف کودک کے
شَاہِ عَرَب نبی محمد صلے اللہ علیہ وسلم کا خطاب ہے۔
شَارِب ع پینے والا شراب یا پانی وغیرہ پینے والی چیز کا

شین بابای

شَبَاب جمع شاب جوانان و جوانان یعنی جو لوگ بالغ ہو چکے ہون
شَبَاب ع گہوڑیکا کودنا اور تیزی سے چلنا اور جست مارنا
شَبَاب ع جوانان صاحب قوت و زور و جوانمردان۔
شَبَب ع بہڑکے اور جوش و اشتعال آتش و خاک و لنبی و اونچائی
شَب دلیل رات یعنے غروب سے صبح تک کا وقت۔

شین بای

شَتَاب جلدی اور بہت جلد و بلا توقف و تامل۔

شین بارای

شَرب ع ایک حصہ پانیکا و نصیب و بہرہ اوسقدر چوپی سکین
شُرب ع نوشیدن یعنے پینا پانے یا شراب وغیرہ کا۔
شَرب ع قسم پارچہ باریک جسکو کتان کہتے ہین اور ریشمی ہوتا ہے
شَراب ع پینے کی چیز پانی ہو یا شربت و شراب وغیرہ۔

سین باعین

شِعب ع شگاف و غار جو پہاڑ مین واقع ہو۔

زَکیب ع رکاب یہہ لفظ امالہ رکاب کا ہے -
زَکُوب ع سوار مونا اور اچھا سوار جو سواری بخوبی کرے

رای بایای

زَیب ع شک و شبہ و وہم و گمان و خیال باطل -

تیرہوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن کی اول حرف زای اور اخیر مین باہے

زای بابای

زَبیب ع مویز اور خشک انگور جسکو منقے مویز کہتے ہین
زَبت ع ارایگان و آسان و کریچگان یعنی لڑکونکا عضو تناسل -

زای بارای

زَرنب ع نام ایک دوا کا جو ایک درخت کے پتے ہوتے ہین -
زَرآب ع زرد شراب اور سونا حل کیا ہوا اور نام ایک پیلے رنگ کا -
زَرداب پیپ کچ لوہو جو زخم سے نکلتا ہے -
زَرد چوب ہلدی جو مشہور چیز ہے اور کڑی اوس نے رنگتی ہین
زَرناب ع ایک خوشبودار گیاہ کا نام ہے جسکو جوشن دیکر پیتے ہین
زَرغنب چرم گینیت جو ایک مشہور چمڑا ہے

زای باکاف

زَکاک ع سیاہی کتاب کہنے کی جسکو عام روشنائی کہتے ہین

زای باہای

زَہاب ع ٹپکنا پانیکا چشمہ و زود خانہ وغیرہ سے -

زای بایای

زیب ع زینت و خوبصورتی و حسن و جمال و تازگی و رونق
زَینب ع نام دختر حضرت محمد صلے اللہ علیہ وسلم کا بھی نام

دختر آنحضرت کا نام دختر بی بی فاطمہ رضی اللہ عنہا کا -

چودہوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن کے اول حرف سین اور اخیر مین باہے

سین باالف

سَاکِب ع ڈالنے والا یا نے یا خون کا پھینکنے والا -
سَالِب ع لیجانیوالا سلب کرنیوالا دور کرنیوالا اوڑھانیوالا

سین بابای

سَب ع دشنام و بدگوئی و غیبت و بدزبانی -
سِب ع دستار کپڑا سر پر باندھنے کا -
سَبسَب ع دشت و بیابان صحرا و ویرانہ جہان آبادی نہو -
سَباسَب ع ریگستان ریگ والی مین -
سَبَب ع رسن و پیوند اور وہ چیز جو پیوند کا باعث ہو

سین باجای

سَحاب ع بادل یعنے ابر جس سے بارش ہوتی ہے -

سین باوال

سُداب ع ایک قسم کی گھاس ہے جو اسقاط حمل کے لئے کام آتی ہے

سین بارای

سُرخاب ف نام ایک جانور کا جسکو ہر مہینے حیض آتا ہے و کنایۃً گلگونہ و غازہ و شراب و نام کتاب بعلم رمل جو نہایت معتبر ہے
سَرکُوب ف افسر و بلند تر و دمدمہ جو قلعہ کی حفاظت کے لئے بناتے ہین -
سَرشیب ف سرنگون اور خم کہائی ہوئی گردن لٹکائے ہوئے
سُرمہ چوب میل سُرمہ جس سے آنکھون مین سُرمہ کرتے ہین

ذال بانون

ذَنب ع گناہ و تقصیر جو کسی سے سرزد ہو۔
ذَنَب ع دُم چارپایہ کی اور نام ستارہ کا جو دُم کی شکل پر ہے
ذُنُوب ع بہت گناہ جمع ذنب کی بہت سی تقصیرین۔
ذَنُوب ع دلو پر آب و اسپ راز دُم جسکی پونچھ لمبی ہو۔

ذال باواو

ذَوب ع گلنا اور سخت ہونا گرمی آفتاب کا سخت دھوپ پڑنا
ذُو لُباب ع خداوند عقل و دانش و ہوش و صاحب خرد۔
ذُو ناب ع بڑی دانت والا کنایہ سگ و گرگ وغیرہ
ذَوائب ع زلفین اور پیشانی کی بال جو دراز اور لمبی ہون۔

ذال باہای

ذَہب ع زر سرخ و طلا جسکو ہندی مین سونا کہتے ہین۔
ذَہاب م جانا اور چھوڑنا اور ترک کرنا پہونچنا۔

ذال بایای

ذِئب ع گرگ درندہ بہیڑیا جنگلی جو مشہور درندہ ہے

بارہوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن کی اول حرف رای اور اخیر مین باء ہے

رای باالف

رَاکِب ع سوار گھوڑے پر ہو یا کشتی وغیرہ سوار یونہی۔
رَاسِب م تہ نشین نیچے بیٹھ جانیوالا۔
رَاہِب ع عابد مذہب ترسایان خال دیکھنی والا عبادت کرنیوالا
رَاتِب ف ہر روزہ خوراک روز کا کہانا۔
رَاغِب ع رغبت کرنیوالا چاہنے والا۔

رای باقاف

رَقَاب ع غلامان و کنیزان جمع رقبہ جسکے معنے گردنکے ہین
رَقِیب ع نگہبان و رکھوالا شخص جو اپنے معشوق پر عاشق ہون۔

رای باکاف

رَکَاب ع اشتران سواری و گھوڑے کی رکاب جو مشہور ہے
رِکَاب پیادہ و درازی بہشت کھلونا کشتی جو مشہور ہے

رای بای موحدہ

رَبِیب ع پالا ہوا لڑکا جو عورت کے پہلے خاوند سے ہو۔
رَبّ ع خداوند پروردگار پالنی والا پرورش کرنیوالا۔
رُبّ ع آب انگور و انار وغیرہ جو پختہ و غلیظ ہو رقیق نہو۔
رَبَاب ع نام ساز طنبور سپید و نام معشوقہ جسکا عاشق زعلہا اور نام موضع متصل مکہ معظمہ اور نام ایک پہاڑ کا۔

رای باتای

رَتَب ع فرقہ و تفاوت جو درمیان دو سطح و سیاہ انگلیونکی ہے۔

رای باجیم

رَجَب ع نام ماہ و بزرگی اخذ ترجیب سے جو بزرگی کے معنی مین ہے

رای باسین

رَسُوب ع وہ میل جو پانی و بول و شراب کے نیچے بیٹھ جائے۔

رای باطاء

رَطِب ع خرمای تازہ و تر و تازہ کھجورین۔

رای باعین

رُعب ع خوف و دہشت و ہیبت اور ڈر دشمن کا۔
رَعِیب ع خائف خوف کرنیوالا ڈرنیوالا کسی سے۔

رای باغین

رَغِیب ع رغبت کرنیوالا میل رکھنی والا چاہنے والا۔
رَغَائِب ع مرغوب چیزین جسکا واحد رغبہ ہے بمعنے مرغوب۔

رای باقاف

رِقَاب ع غلامان و کنیزان جمع رقبہ جسکے معنے گردنکے ہین
رَقِیب ع نگہبان و رکھوالا شخص جو اپنے معشوق پر عاشق ہون۔

رای باکاف

رُکَاب ع اشتران سواری و گھوڑے کی رکاب جو مشہور ہے
رِکَاب پیادہ و درازی بہشت کھلونا کشتی جو مشہور ہے

رای باواو

رَوَاب ع آب انگور و انار وغیرہ جو پختہ و غلیظ ہو رقیق نہو۔
رَوَابِی ع ٹیلے و پہاڑیان جمع ربوہ و ربوۃ

رای باہای

رَہَب ع ترس و خوف و بیم و ہراس
رَہَب ع ترسا و عابد و راہب
رَہِیب ع ترسنا و ترسانیوالا
رَہَاب ع کوہ و پہاڑ و ریگستان و بیابان
رَہَابِین ع جمع رہبان ترسایان عابدان
رَہَابِین ع جمع رہبان ترسایان عابدان

رای بایای

رَیب ع شک و شبہ و تہمت و بدگمانی
رَیب ع حوادث روزگار و گردش زمانہ
رَیب ع شک و شبہ و تہمت و بدگمانی
رَیب ع حوادث روزگار و گردش زمانہ

خیاب بے نصیب قسمت کم بخت محروم -

دسوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن کی اول مین حرف دال اور اخیر مین بے ہے

دال با الف

دار الضرب ع ٹکسال جہان سکہ لگائی اور روپیہ بنائے جاتے ہین
دار الحرب ع ملک کفار جو مطیع اسلام نہو اور جہان کی حکام اجنبی ہون
دائر الثعلب ع بال خورہ و بالچر جو بیماری ہی اور بیمار کے بال اوکھڑ جاتے ہین -
داراب نام بادشاہ پسر ہمن جو ایران کی بادشاہ ہوئے تھا
دامن شب ع آخر شب پچھلی رات کا حصہ -
داب خوی و خصلت و طریق و عادت و چلن

دال بای

دب ع خرس یعنے ریچھ جو مشہور درندہ ہے -
دب ع لولہات و غلام و نقش جو کچھ و نیز ہون اور پوشیدہ -
دب ع رم چلنا آہستہ چلنا مشک کر چلنا -
دباب ع لولہات و غلام خلاف وضع فطری -
دبیب نرم کوفتہ و آہستہ چلنا زمین پر اور نازو ادا سے چلنے والا -

دال با خای

دختر آفتاب شراب باعتبار اوسکی روشنی و رنگت کے

دال بارای

درب ع دروازہ جسکو باب بھی کہتے ہین -
درب ع عقل و عادت و خوی و طریق و دانائی -

دال با سین

دست چیز ب امداد کرنا اعانت کرنا مشکلکشائی کرنا

دال بالام

دل شب آدھی رات یعنے بارہ بجے دا یک بجے کا وقت -

دال بانون

دنب ع پیچھے پونچھ کسی چارپایہ کی

دال باواو

دواب چارپایہ دابہ شتر وغیرہ ماخوذ از دبیب -
دولاب چرخ چوب چاہ جس سے پانی نکالتے ہین -
دوال قصاب حلقہ گریبان جسمین انسا نکا گلا ہوتا ہے -
دوشاب شیرہ انگور و خرما جو ترشی ہو یعنی شیرین نہو -

گیارہوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن کی اول ذال اور اخیر مین حرف با ہے

ذال با الف

ذائب ع پگھلنے والا گلنے والا -
ذاب ع عیب اور تشنہ لب ایسا کہ پیاس سے اوسکی لب خشک ہوتے ہون
ذات الجنب بیماری مہلک یعنے ورم پردہ جو درمیان قلب اور معدے کے ہے -

ذال بای

ذباب ع مگس یعنے مکھی جو مشہور جانور ہے -
ذرب ع دور کرنا باندر کہنا لاغر ہونا و گاو وحشی یعنے جنگلی گائے

ذال بارای

ذرب ع بیماری بد ہضمی معدہ کا مثل سوء ہضم کے ہے -

حا با فا

حِفظ الغیب ع کسیکو غیبت مین نیک یاد کرنا۔

حا با قاف

حُقب و حَقب ع اندازہ اسی برس کا و تنگ یا لاکھ برس کا

حُقب ع روزگار و زمانہ و اندازہ اسی برس کا۔

حا با لام

حَلَب ع شیر تازہ و خام تازہ دوہا ہوا دودہ۔

حَلَب ع دودہ دوہنا اور نام ایک شہر کا شام مین

حا با واو

حَوالِب ع جمع حالب کی ابر و بہوین اور بہت سے دودہ دینے والے

نوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن کی اول حرف خا اور اخیر مین حرف با ہے

خا با الف

خاتون عَرَب ع کعبہ معظمہ خانہ کعبہ جسکا حج کرتے ہین۔

خائب عَرَبی نا امید و مایوس جسکو اپنی خواہش کی امید نہو۔

خاطِب ع وہ مرد جو کسی عورت سے نکاح کی درخواست کرے۔

خارعقرب برج عقرب جو خانہ مریخ ستارہ کا ہے۔

خاک بر لب قسم کھانا کسی چیز کی انکار مین۔

خا ی با با ء

خَب ع موج مار نا دریا کا اور نکار و حیلہ گر و فریبی آدمی

خَب ع فریب نا کرمین لانا کسیکو داؤ مین لانا۔

خَبخَب ع آواز بوسہ جو بوسہ لینے کے وقت نکلتی ہے

خا ی با رای

خَراب ا ویران کرنا مست و بیخود و بیہوش و بے رونق

خَرخُوب ف وہ چھوٹی لکڑی جو سہارنگی کی تار دینے کیلیے ہوتی ہے

خَروب ع ایک گیاہ ہے جس مین مین ہوتی ہے وہ اجڑ جاتی ہے

خَرب ع ویران مقام و بیابان یعنی وہ جنگل جہین آبادی نہو۔

خا با شین

خَشَب ع چوب ہیزم اور وہ لکڑیان جو جلانیکے لائق ہوتی ہین

خا با صاد

خَصَب ع عیش و آسودگی و بسیار گیاہ و شہر آباد و مقام بارونق

خا با ضاد

خِضاب ع رنگ وہ سمہ و حنا و گلگونہ اور باندہنا اور کپڑا جو دولہا کو پہنایا جاتا ہے

خَضِیب ع رنگ کیا گیا یعنے وہ چیز جو رنگی جائے۔

خُضَیب ع نام غلام حبشی جو نہایت وفادار اور اچھا تھا۔

خَضت ع رنگ کرنا تبدیل کرنا ایک رنگ سے دوسرا رنگ

خَضَب ع وہ آلہ جسسے رنگ کیا جاوے رنگ کرنیکا اوزار

خا با طاء

خُطُوب ع جمع خطب کا بزرگ بڑا کام بڑی مہم۔

خِطاب ع کسیکے ساتھ ہمکلام ہونا اور لقب کیساتھ مقرر ہونا

خِطَب ع وہ کلام جو خاطب بوقت نکاح کہے یعنے ایجاب و قبول۔

خُطَب ع جمع خطبہ دیباچہ کتاب جو سب سے اول ہو۔

خَطِیب ع خطبہ پڑہنے والا یعنے وہ شخص جو خطبہ پڑہے۔

خا با لام

خَلّاب آب گل یعنے کیچڑ جو بعد بارش کے ہو جاتا ہے۔

خا با واو

خُوشاب نام ایک خطہ کا ہی پنجاب مین جو مشہور ہے

خواب نیند سونا جسکو عربی مین نوم کہتے ہین۔

خُوب ف اچھا بہتر بہت عمدہ بہت مناسب۔

خا با یاے

حلب پتلا بادل بے آب و فاحشہ عورت و شور و غوغا
حلاب کھینچنے والا کشمش کرنیوالا کسی چیز کا۔
حلاب ع وہ شربت جو قند و گلاب سے بنائین۔

جیم با نون

حناب ع درگاہ و آستانہ ماخوذ جنب سے۔
حنباب ع درد پہلو اور فارسی مین دوکان۔
حنباب ع رسی جو چارپایہ کے گلے مین ڈالتے ہین۔
جنوب طرف روبروی شمال یعنے دکن۔
جنائب ع کوتل گھوڑا جمع جنیب بے زین گھوڑا۔
جنب ع مرد بے غسل جسکو نہانا فرض ہے
جنب ع پہلو و کنارہ ایکطرف جسم کا۔

جیم با واو

جورب ع موزہ پانو کا جو پہنتے ہین۔
جوخ لکڑی جلانیکی ہو یا عمارت کی
جواب ع پاسخ جو کسیکے بات کا جواب دیا جاوے۔
جوائش آش جو جو پکا کر نکالتے ہین۔
جوع الکلب ع کتی کی بہوکھ ایک بیمار یکا نام ہے

جیم با یای

جیب ع گریبان پیراہن سینہ مجازاً کیسہ جو قبا مین ہو

ساتوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن کی اول حرف حا اور اخیر مین الف ہی

حا با الف

حاجب ع دربان دیوبدار و صاحب حجاب و نام عہدہ
حائف ع گنہگار تقصیر وار ملزم قصوروند۔
حالب ع وہ دودہ دہنی والا اونٹ ایک رگ کا جو رہین ہے

حا با بای

حُب ع دوستی محبت یارانہ دوستانہ پیار۔
حبت ع دانہ دگونا جو صورت مین گول ہو
حُبوب ع جمع حب دانے اور گولیان گول صورت۔
حَباب و حُباب پانی کا بلبلہ جو پانی پر پیدا ہوتا ہے۔
حبابا ع دوست کرنا پیار کرنا کسی سے الفت رکھنا۔

حا با جیم

حجاب ع جمع حاجب دربانون و پاسبانون و محافظان و پردہ دارون
حِجاب ع پردہ جو مانع نظر اور باعث پوشیدگی کا ہو۔
حُجب ع جمع حجاب پردہا بہت سے پردے۔

حا با دال

حدب ع کوزپشتے اور بلند ہونا زمین کا درمیان سے
حدب ع مہربانی کرنا لطف کرنا عنایت کرنا۔

حا ی یا ہ رای

حرب ع جنگ و کارزار و معرکہ و لڑائی۔
حرب ع غضبناک بے بہرہ ہونا محروم ہونا۔
حراب ع جمع حرب جنگہا لڑائیان معرکے۔
حروب ع بہت سا جنگ اور لڑائیان معرکے۔

حا با زای

حزب ع گروہ و جماعت مردم اور مجمع آدمیونکا۔

حا با سین

حسن المآب ع نیک بازگشت خاتمہ بالخیر۔
حسن طلب ع اچھا مانگنا اور نیکی مانگنے والا۔
حسب ع اندازہ و شمار و شرف و بزرگی مال و جاہ دین و دنیا
حسب ع شمار و موافق و مثل و مقدار اور بس کرنیوالا
حسیب ع امالہ حساب بزرگوار و کافی اور حساب کرنیوالا۔

حا با صاد

حصب ع ہیمہ اور وہ چیز جسسے آگ روشن کرین ایندھن آگ کا

حا با طا

حطب ع ہیمہ وہ چوب جسسے آگ روشن کرین۔

پانچوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن کی ابتدا مین حرف ثای اور اخیر مین بای ہے

ثای با الف

ثاقب ع چمکنا ہوا اور نام ایک ستارے کا ۔

ثای با رای

ثرب ع چادر چربی کی جو حیوان کی معدہ پر محیط ہے

ثای با عین

ثعلب ع روباہ یعنی لومڑی جو مشہور جانور ہے

ثعالب ع جمع ثعلب روبہا لومڑیان

ثای با قاف

ثقب ع جمع ثقبہ سوراخ چھید

ثای با لام

ثلب ع شتر پیر ٹوٹا اونٹ ۔

ثای با واو

ثواب نیکے وجزاے خیر آخرت مین عذابکے روبرو ۔

ثوب ع جامہ لباس و پوشاک اور کپڑے پہننے کے

ثواقب ع روشنیان اور بہت سے جلوی نور کے ۔

چھٹی فصل

اون لغات کے ذکر مین جن کے اول جیم اور اخیر مین حرف یا ہے

جیم با الف

جالب ع اپنی طرف کھینچنے والا جذب بادرکشش کرنیوالا

جار ضرب یہہ بھی کیطرح کا ذکر نفے اثبات کا ہے ۔

جار مذہب چار مذہب حنفی شافعی مالکی حنبلی کا نام ہے

جارقف یہہ ایک قسم کا لباس ترکونکا ہے ۔

جارا سباب چار علتین ہادی فاعلی صوری غائی

جار کتاب توریت انجیل زبور فرقان

جارم اضطرار اب قران شریف محمد صاحب کا

جانب ع طرف اور کنارہ زمین کا ۔

جاذب ع کھینچنے والا کشش کرنیوالا ۔

جاروب جھاڑو جسے زمین صاف کرتے ہین ۔

جیم با باء

چپ طرف جب بایان طرف خلاف راست کے ۔

جیم با خاء

جخذب ع ایک قسم کا ملخ جو سرخ و دراز ہوتا ہے

جیم با ذال

جذب ع کھینچنا کشش کرنا اپنی طرف کیسکو ۔

جیم با رای

جرب ع خارش کھجلی کی بیماریکا نام ۔

جراب ع پوست کا وہ مجازا موزہ جو یاونمن پہنتے ہین

جریب ع زمین کی پیمایش کی رسی جنکی درازی مقرر ہے

جرث چکنا اور غالب اور خوبصورت ۔

جرخاب گرداب دریا جسکو بھنور کہتے ہین ۔

جیم با لام

جلباب چادر اور کپڑا اوپر اوڑھنے کا یعنے اوڑھنی

جل آب سبزی جو پانی پر آجاتی ہے ۔

جلب سود اسود نفع جو کسی تجارت سے ملے ۔

جلب کھینچنا کسیکو اپنی طرف بذریعہ کشش کے

ترحیب ع تعظیم کرنا ادب سے پیش آنا کسی کے روبرو۔
ترفع ع امید و چشمداشت کسی امیر و دولتمند سے۔
ترہیب ع ڈرانا خوف دلانا پر خوف کرنا۔
ترف ف سولی جو ایک مشہور ترکاری ہے۔
ترکیب ع ملانا ایک چیز میں دوسری کو۔
ترغیب ع رغبت دلانا خواہش دلانا کسیکو۔

تای باسین

تسخب ع نذر مشوقان اور آگ جلانا مشتعل کرنا۔
تشبیب ع جوانی کی عمر کو پہنچنا وصف معشوق۔
تشعب شاخ شاخ وگروہ گروہ ہونا درختونکا۔
تشرب پانی و شراب وغیرہ پینا۔

تای باصاد

تصلیب ع سولی دینا صلیب پر چڑھانا کسی کو۔
تصویب ع راست و درست کہنا بچار کہنا۔

تای باطا

تطیب ع خوشبودار کرنا اور پاک صاف کرنا۔
تطییب ع خوشبودار اور پاک کرنا کسی چیز کو۔

تای باعین

تعصب ع حمایت و طرفداری پشتی و خویشی وہم دردی
تعب ع رنج و تکلیف و آفت و بلا اور دکھ۔
تعجب ع اچھا انو کہنا یا کسی عمدہ چیز کا۔
تعذیب ع عذاب دینا دکھ میں ڈالنا۔
تعاقب ع پیچھا کرنا کسیکے پیچھے پیچھے چلنا۔
تعصب ع تیز زبانی و تیز گفتاری بحالا کی کی تقریر میں

تا باعین

تغلب ع غلبہ کرنا انصاف کے حد سے بڑھنا۔

تا باقاف

تقلیب ع پہیرنا اور اولٹنا ایک پہلو سے دوسرے پہلو کو۔
تقالیب ع گردشین اور پلٹنا زبانون کا
تقلب ع بہت پہیرنا اور گردش کرنا دورہ کا۔
تقریب ع نزدیکی اور موقع وقت و موقع زمانہ۔
تقارب ع پاس پاس ہونا نزدیک ہونا پہلو نشین ہونا۔
تقالیب ع زمانہ کی گردشین اور پلٹی وقتکے۔
تمقرب ع نزدیکی کرنا رشتہ دار بننا پاس پاس ہونا۔
تکذیب ع جھٹلانا کسیکو کسی بات پر جھوٹا سمجھنا۔

تای بالام

تلب ع گروہ جماعت مجمع آدمیون کا ایک جگہ پر
تلہب ع شعلہ زن ہونا آگ کا روشن ہونا۔
تلقیب ع لقب دینا خطاب مقرر کرنا کسی کا۔

تای بانون

تنکتاب ع کم طاقت و کمزور نا توان لاغر۔
تناسب ع مناسبت رکھنا نسبت دینا تشبیہ دینا۔

تای باواو

توئلب ع خرچہ یعنے گدھے کا بچہ جو کم عمر ہو۔
توآب ع توبہ قبول کرنیوالا نام خدا تعالے کا۔
توزیب ع کج کرنا اور کجی اور ٹیڑھا کرنا کسی چیز کو۔
توب ف فوج لشکر مجمع سپاہیونکا۔
توب توب ف فوج فوج بہت بڑا مجمع فوج کا۔

تای بای

تہذیب ع پاک کرنا اصلاح دینا شیرین کرنا اچھا بنانا۔

تای بایای

تیناب ع خواب رویا سپنا جو بحالت خواب دیکھے
تیزاب مشہور چیز ہے جو دوا میں مستعمل ہے
تیزیر ف ایک قسم تیر کا اور تیر ہوائی

اون لغات کے بیان مین جن کے اول بار فارسی اور اخیر مین بای عربی ہے

با با الف

پای کوب ف ناچنے والا رقص کرنے والا۔
پاشنہ کوب ف متعاقب پیچھے چلنے والا شخص۔
پابرکاب ف مستعد چلنے کا روانگی پر تیار۔
پای شکیب ف نام مکان براہ مکہ معظمہ۔
پایاب ف تھوڑا پانی دریا کا جہین آدمی بے کشتی اتر جاوے

بای با رای

پرتاب ف ڈالنا اور ایک قسم کا تیر اور انداز مسافت

چوتھی فصل

اون لغات کے ذکر مین جن کی اول حرف تا اور اخیر مین حرف با ہے

تا با الف

تاب ف طاقت توانائی رونق پیچیدگی روشنی گرمی اور ہر پیچیدن
تائب ع توبہ کرنیوالا توجہ لانیوالا انکی کیطرف پشیمان ہونے والا گناہ سے قصور معاف کرنے والا۔
تالاب پانی کی جھیل یا حوض جہان پانی جمع رہتا ہو۔
تادیب ع ادب سکھلانا طریقہ نیک چلنا طریق پر لانا۔
تاؤب ع ادب اختیار کرنا نیک خصلت سیکھنا۔
تاہب ع ساختہ اور آمادہ ہونا تیار ہونا۔

تای با بای

تبان ف طاقت قدرت یا کاری نقصان کامل

تب ف بخار جو مشہور بیماری ہے۔

تای با تای

تثریب ع سرزنش و ملامت و طعنہ و چشم نمائی
تثاؤب ع غازہ جمائی اوباسی جو مشہور حرکت ہے

تای با جیم

تجارب ع تجربہ کرنا آزمانا امتحان لینا۔
تجارب ع جمع تجربہ کی بہت سی آزمایشین
تجنب ع دور ہونا کیطرف ہونا صاحب پرہیز ہونا۔

تای با حای

تحارب ع جنگ کرنا محاربہ کرنا دشمنی سے۔
تحاب ع محبت کرنا الفت کرنا دوستی کرنا۔

تای با خای

تختہ حساب ف تختہ منجمان جسپر ریل پیلتے ہین
تخریب ع خرابی و بربادی مین ڈالنا کسیکو

تای با ذال

تذنیب ع دنبالہ پیدا کرنا دم دراز ہونا۔
تذبذب ع دودلا اور متردد ہونا اور معلق ہوا ہونا۔
تذہیب سونے سے ملمع کرنا روشن کرنا کسی چیز کو سونے کے ساتھہ۔

تای با رای

ترطیب ترکرنا مزاج مین رطوبت پیدا کرنا۔
ترتیب ع راست و درست کرنا درجہ پر رکھنا۔
ترتیب ع راست و درست ہونا بے عیب ہونا۔
ترکی ضرب ایک قسم کا ساز اور اوسکی سُر ہے۔
ترائب ع ہم عمر و ہم زاد و ہم وطن و ہم جنس
ترائب خاکی جنمین پانی ملا ہو۔
ترائب جمع ترببہ سینہ کے مدیان اور سینہ
ترحب امرحبا کہنا کسیکے آنے پر خوش ہونا۔

اِنتِھاب ع غارت کرنا لوٹ لینا کسی کو۔
اُنبُوب ع وہ نے جو اندر سے خالی ہو یعنے پولی
اَنقاب ع جمع نقب سوراخہا و جمع نقاب پردہا۔
اِنصباب ع گرنا پانی وغیرہ مرقبق چیزون کا۔
اَنیاب ع بڑے دانت درندون کے جنکو نشتر کہتے ہین۔
اَنابیب ع جمع انبوب یعنے پورنیا جو بانس سے بنکر مین ہوتا ہے
اِنکباب ع کسی والی کا بخار لینا اور منہ کے بل گرنا۔
اِنتِصاب ع برپا ہونا قایم ہونا کھڑے ہونا نصب ہونا۔

الف باواو

اُوتوبت ترکی مین بمعنی گذشتہ زمانہ گذرا ہوا وقت
اُوجب ع بہت واجب بہت درست و بہتر و ضروری
اَوّلِ شب شام سے آدہی رات تک کا وقت۔

الف باہا

اِہاب ع جیوانکا چمڑہ جسکو دباغت نہوئی ہو چرم خام۔

الف بایای

اِیاب ع بازگشت رجوع و توجہ و رغبت و میل۔
اِیدوبت ترکی مین درست و تیار و بے عیب
اَیوب ع نام پیغمبر جسکا صابر خطاب تہا۔
اِیجاب ع لازم کر لینا ثابت اور مقرر کرنا کسی چیز کا۔

دوسری فصل

اون لغات کے بیان مین جن کی اول حرف با اور اخیر مین بھی با ہے

با با الف

بَاب ع دروازہ نام کتاب و مبحث شائستہ و بارہ و حق
پای زیب ایک قسم کا زیور زنانہ ہے۔
بار یاف دخل یا نیوالا رسائی پانے والا۔
بائیت ع گوشہ زمین یا بین مغرب و شمال کے سمت کو۔
بابُ الابواب ع ایک دروازہ کا نام ہی جو دیوار پختہ سرحد ایران و توران مین رکہا ہوا ہی اور یہہ ایک دیوار خزر کے ملک مین انقطاع جبال ازکیان سے دریاے خزر تک پختہ بنی ہوئی ہی اوس مین یہہ دروازہ آہنی بنا ہوا ہی اور بند خزر بھی کہتے ہین۔
بابُ قصّاب یہہ ایک کشتی کے داؤ کا نام ہے جس سے حریف کو پہلوان بآسانی گرا سکتا ہے۔

با با سین

بَشقاب ترکی مین رکابی کو کہتے ہین۔

با با نون

بِنتُ العِنَب دختر انگور یعنے شراب انگوری

با با واو

بَوّاب ع پاسبان دربان جسکے متعلق حفاظت ہو۔
بُولَہَب نام عم رسول صلے اللہ علیہ وسلم بخلاف اصل نام عبد العزے تہا۔
بُوالعَجَب ع صاحب عجائب پیدا کرنے والا۔
بُوتُراب ع لقب مرتضے علی علیہ السلام یعنی صاحب خاک کا۔
بُوطالب ع نام پدر علی المرتضے و عم محمد صلے اللہ علیہ وسلم۔

با با یای

بَیوَرد اسپ خطاب خانخانان بادشاہ اودے پور کو کہتے ہین

تیسری فصل

اَصلاب ع جمع صلب آنچہ از پشت و آباد اجداد
اَصحاب ع یاران و خداوندان صحبت و ہمنشینی
اَصوب ع بہت صواب و بصواب نزدیکتر و قریب
اُضطرلاب ع آلہ نجومیان جس سے اسطلاب لحکام ظاہر ہوتے ہین

الف با ضاد

اِضراب ع منہ پھیرنا سر نیچے کرنا ز کوہ پرہ الناسر کرنا ظاہر کرنا کسی چھپی بات کا افشا کرنا۔
اَضراب ع مانند و انواع و اشکال و امثال۔
اِضطراب ع خلل یا نا پریشان حال ہونا کا ینیتا پنا

الف با طا

اُطناب ع درازی سخن اور طول دس کا۔
اَطناب ع رسنہائے خیمہ وغیرہ جمع طناب۔
اَطیب بہت خوشبو بہت پاکیزہ و خوشنما۔

الف با عین

اِعراب ع واضح کرنا روشن کرنا اور بیان حرکات حروف کا بموجب اسکے نشان کے۔
اَعراب ع صحرا نشین جنگلی لوگ بیابانی خلقت
اِعجاب ع تکبر و غرور اور تعجب کرنا اور عجیب جاننا۔
اَعشاب ع سبزیہاں جسکو چارپای چرتے ہین۔
اَعاجیب جمع عجیب اچنبے کی چیزین
اَعقاب ع پسران و اولاد و پس ماندگان جمع عقب

الف با غین

اِغتراب ع غریب و مسافر ہونا بے وطن ہونا۔

الف با فاء

اِفراس آب وہ جھاگ جو بارش کے وقت پانی پر ظاہر ہوتے ہین
اَفتاب سورج اور وہ چھوٹے نوخیز و سبز مستعمل ہے
اَفراسیاب نام بادشاہ تورآن جو پہلوان تہا

الف با قاف

اَقرب ع بہت قریب بہت نزدیک اور پاس۔
اَقارب ع نزدیکان و خویشان و رشتہ داران
اِقتضاب ع کاٹنا جدا کرنا علحدہ کرنا۔
اِقتراب ع نزدیک آنا پاس پاس ہونا۔

الف با کاف

اِکتتاب ع لکھنا خط وغیرہ کتابون کا۔
اُکتساب ع حاصل کرنا کسب کرنا کسی چیز کا۔

الف با لام

اَلباب ع دانشہا و عقلہا یعنے بہت دانشمند عقلمند
اِلتہاب ع مشتعل ہونا آگ کا بھڑکنا شعلہ آتش کا۔
اَلوف ع ترکی مین بمعنے سندہ یعنے ہوا۔
اُولی الالباب ع صاحبان عقل و ہوش و دانش و خرد
اَلقاب ع خطابات نشان جو انسانکو بادشاہ دیوے

الف با میم

اِمشب ف آج رات جو گذر رہی ہے۔
اُمّ الکتاب ع قرآن مجید و لوح محفوظ و سورہ فاتحہ

الف با نون

اِنتخاب ع باہر نکالنا اور چننا الگ الگ نیک و بد کو کرنا
اِنخذاب ع کوزپشتی کی حالت مین ہونا۔
اِنتساب ع نسبت رکھنا پیوند رکھنا جوڑنا۔
اَنسب ع بہت مناسب بہت بہتر و خوب اور اچھا۔
اِنجذاب ع کھینچے جانا کسی شخص یا چیز کیطرف۔
اِنسکاب ع پانی گرانا اور رونا کسی مصیبت مین۔
اِنفکاک ع الگ ہونا اور رجعت ستارون کی
اَنساب ع نسلہا و نژادہا اور پشتین بزرگونکی
اِنسلاب ع کم ہونا نیست و نابود ہونا۔

اِتہاب ع ہبہ قبول کرنا کسیکی بخشش کو لینا۔
اَترَاب ع جمع ترب دختران دوشیزہ وزنان نوعمر۔

الف با ثاء

اَثواب ع جمع ثوب جامہ ہای پوشیدنی و لباس و پوشاک

الف با جیم

اَجانب ع جمع اجنبی بیگانگان جو خویش نہون۔
اِجتناب ع دور ہونا یکسو ہونا پرہیز کرنا بچنا۔
اِجرَب ع صاحب جرب یعنے مرض خارش کا بیمار۔
اَجوَب ف کشادہ فراخ وصاحب وسعت۔

الف با حاء

اِحتجاب ع پردہ مین جانا چھپنا پوشیدہ ہونا۔
اِحتساب ع ممنوع چیزون کے ارتکاب سے منع کرنا حساب کرنا
اَحزاب ع جماعتین اور گروہ آدمیون کا۔
اَحباب ع جمع حبیب وصیب بہت سے محبت والے

الف با خاء

اَخرب ع ویران خراب ہوا ہوا مکان یا ملک وغیرہ

الف با دال

اَدات ع اندازہ وحد وعقل ودانش وعلم واخلاق۔
اَدیب ع ادب سیکھے ہوئے فاضل اور استاد سکھلانے والا

الف با ذال

اِذہاب ع لیجانا دور کرنا سونگھا ملنا کرنا۔
اِذناب ع گناہ کرنا خلاف حکم خدا کے کرنا۔
اَذناب ع جمع ذنب گناہان ونافرمانیان۔

الف با راء

اَرنب ع خرگوش جو مشہور جانور ہے۔
اِرتیاب ع شک وشبہ مین پڑنا۔
اِرب ع حاجت خواہش طلبگاری

اَریب ع عقلمند وفاضل صاحب علم وفضل۔
اُریب ع کجی اور ٹیڑھا چلنا ٹیڑھاپن
اَرباب ع جمع رب پروردگار کرنیوالے آقا صاحبان خداوندان
اِرتکاب ع آغاز کرنا شروع کام کا کرنا متوجہ ہونا سوار ہونا
اَرائب ع جمع ارجبتین خواہشین طلبگارین۔

الف با سین

اَسنِف صدمہ تکلیف سایہ جن کا۔
اَسب ف گھوڑا جو مشہور چارپایہ ہے۔
اِستعجاب ع متعجب کرنا اچنبھے مین پڑنا۔
اِستغراب ع متعجب دلانا متعجب کرنا۔
اَسباب ع جمع سبب ہستی باعث وموجب۔
اِستجلاب ع اپنی طرف کھینچنا اور حاصل کرنا کسی چیز کو۔
اِستیعاب ع تمام پکڑنا ماخوذ وعجب کا لفظ سی۔
اُسلوب ع وضع طریق روش عادت خو۔
اَسالیب ع جمع اسلوب طریق وطور وطرز وروش۔
اِسآب ع بہت بولنا جنگل مین چلنا آگے نکلجانا گھوڑیکا
اَشرب ع عیسا گولیان نبانی کا جو بندوقمن چلاتی ہین
اُسطرلاب ع اہل نجوم ایک آلہ بناتے ہین جس سے
آسمانی حال ظاہر ہوتا ہے۔
اِشتکتاب ع حاصل کرنا کسب کرنا پانا معاش کو
اِشتکتاب ع لکھنا حروف باکتابہ وغیرہ کا۔
اِستصواب ع صلاح مشورہ لینا طلب کرنا پوچھنا مانگنا

الف با شین

اَشہب اسپ سیاہ وسفید وغیرہ سے ابر خشخاشی
اَشوب ف فتنہ فساد شورش ہنگامہ وغیرہ۔

الف با صاد

اِصطہب ع ہر چیز سرخ رنگ مایل بسپیدی

تیسوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن کی اول حرف یا اور اخیر مین الف ہے

یا با الف

یا ٕ حرف ندا اور فارسی مین حرف عطف۔
یاسا ٕ ماتم و قتل و غارت و قصاص و انتقام۔
یارا ٕ قوت و توانائی اور جسم کی طاقت و زور
یاآ شفے ٕ وای افسوس کلمہ تاسف کا ہے۔

یا با دال

یدبیضا ٕ روشن کیا ہوا معجزہ موسی علیہ السلام کا۔
یدطولےٰ ٕ لمبا ہاتھ یعنی مہارت تامہ و کمال جو کسی ہنر مین ہو

یا با رے

یرغا ٕ رہوار و تیز رو و سبکپا و چالاک۔

یا با عین

یغما ٕ غارت و تاراج اور نام ایک شہر کا ترکستان مین

یا با لام

یلدا ٕ وہ شب تاریک و سیاہ مجازاً شب غم و اندوہ۔

یا با نون

ینگا ٕ بہائی یا چچا کی زوجہ یعنی بہاوج یا چچی۔

یا با واو

یوم الجزا ٕ قیامت کا دن اور دن ملنے جزا کا۔

یا با ہای

یہود نام بڑے بیٹے کا یوسف ٕ کا جسکی اولاد یہودی ہین

دوسرا باب

اون لغات کے بیان مین جن کی اخیر مین حرف باہی اور اول کی حروف برعایت حروف تہجی کی اپنی اپنی موقع پر بدلتے ہین اس مین اونتیس ۳۹ فصلین ہین

پہلے فصل

اون لغات کے بیان مین جن کے اول حرف الف اور اخیر مین با ہے

الف با با ی

اِبن العنب ٕ کنایۃً منزاب بیٹے اولاد انگور کی۔
آب ٕ پانی رونق جوہر چمک تیزی اور زبان فرس مین نام ایک مہینے کا اور کلمہ نسبت کا جیسے شاداب سیراب وغیرہ۔
آب طرب ٕ شراب جسکے پینے سے خوشی حاصل ہو۔
آبتاب ٕ رونق تازگی چمک خوبی حسن جلوہ
اَبو اَب ٕ دروازی جمع باب کی
اُب ٕ پدر یعنی باپ جسکا کنیہ بتایا ہے

الف با تا ی

اِثعاب ٕ رنج مین ڈالنا دکھ دینا
اَثعاب ٕ بہت سے رنج و درد و دکھ و مصیبت۔

واو با عین

وغا ف جنگ و شور و غوغا و لڑائی کا معرکہ

واو با فا

وفا ف وعدہ پورا کرنا اپنے اقرار پر قائم رہنا۔

واو با کاف

وکلا ف جمع وکیل لوگ مختار کار لوگ۔

واو با لام

ولا ف دوستی و محبت و پیار و بچے کے والد۔

ولد الزنا ف حرام کا بچہ جو باپ کے تخم سے نہو۔

اونتیسوین فصل

اون لغات کے ذکر مین جنکے اول حرف ہاے اور اخیر مین الف ہے

ہا با الف

ہنہنا ف ہنہنانا اس جگہہ اس مقام پر اسی دم۔

ہا با یای

ہبا ف گرد و غبار و ہوا اندھیری و تاریکی۔

ہا با سین

ہجا ف ہجو گو ئی در حروف تہجی عرب کے ساتھہ یعنی زبر و زیر و پیش کرنا

ہا ر با دال

ہدا ف راہنمائی و راستہ بتانا حسین کچھی نہو سیدھا راستہ۔

ہدیا ف جمع ہدیہ تحفے و پیشکش و سوغات

ہا با رای

ہزار ف زیور و حمائل جیسے گلوبند کی زر و نقرہ مشابہ بہلیلہ

ہژار ف شور و فریاد و ترس و بیم اور چمکنا کسی روشن چیز کا۔

ہرا نخفف ہرات یعنے شہر ہرات جو مشہور شہر ہے

ہا با زای

ہزار آواز ف بلبل و ہزار داستان جو طرح طرح کی بولیان بولتی ہین

ہا ر با فا

ہفت دریا ف ساتون سمندر یعنے دریاے اخضر و دریاے عمان و قلزم و بربر و دقیانوس قسطنطنیہ و اسود۔

ہا با کاف

ہکذا ف ہمچنین اسی طرح اسی طریق اور طرز سے

ہا ر با لام

ہلاک ف خبردار ہو کلمہ تنبیہہ ہی واسطے خبرداری کے

ہا با سین

ہما ف مشہور جانور ہی اوسکا سایہ جسپر پڑ جاتا ہے وہ غنی ہو جاتا ہے اور نام دختر بہمن کا کہ زرشت کی شریعت کے بموجب اپنے باپ کے نکاح مین آئی اور اوسکے بطن سے داراب پیدا ہوا جو مشہور بادشاہ تہا

ہمپا ف ساتھی ہمراہ۔ برابر قدر و رتبہ مین۔

ہمانا ف یہ لفظ طرف غالب کے مقام پر آتا ہے شاید ایسا ہو

ہمتا ف برابر و مثل و مانند صورت یا سیرت مین

ہا ر با نون

ہمندا ف تخم کا بستی جو دوا مین مستعمل ہوتا ہے

ہا ر با واو

ہوا ف ہوج جو آسمان اور زمین کے درمیان مین ہے

ہوشا ف سست کم ہمت کم لیاقت کم عقل

ہوا ف حرص و آرزو و خواہش اور باد ملتی ہوئی۔

ہا با یاے

ہیجا ف جنگ و کارزار و کشت و خون و معرکہ

ہیولا ف مادہ و ماہیت ہر چیز کی اور اصل اوسکا

ہیمیا ف علم طلسم و عجائبات کا جو جادو سے متعلق ہے

نشو و نما ف پیدا ہونا بڑہنا تازگی پانا سبز ہونا

نون با عین

نعما ع اسم جنس صنیعہ جمع بمعنے نعمتہا کے بیشمار۔
نعل بہا ف وہ محصول جو محکوم بادشاہ بڑی بادشاہ کو دے

نون با فار

نفز با ف وہ کلام جسکا تلفظ سہل ہو اور سہل طرح سے بولیں

نون با قاف

نقا ع پاکیزگی نیک چلنی بزرگی خوبی نیک اطواری۔
نقبا ع جمع نقیب جو امراؤ کی سوار کے آگے چلتے ہیں
نقرہ یا ف ایک جانور ہے جسکے پانو سفید ہیں۔
نقد ا ف بالفتح فی العقود اسی وقت۔

نون با کاف

نکبا ف وہ ہوا جو تین طرفی چلتی ہے اور جہاز کو ڈبوتی ہے
نکیسا ف مطرب کا نام ہے جو مغرب خسرو پرویز کا تھا

نون با میم

نما ف بڑہنا پھولنا دکھلانا اور دکھلانیوالا۔

نون با واو

نوا ف آواز اور نام ایک مقام کا بارہ مقام موسیقی کے
نوش گیا ف نام گیاہ جو دافع زہر مار وغیرہ ہے

نون با یای

نیا ف دادا اور باپ اور نانا اور مامون و بزرگان

اٹھائیسویں فصل

اون لغات کے بیان میں جن کی اول حرف واو اور اخیر میں الف ہے

واو با الف

وآویلا ع افسوس جو سبب ماتم یا نقصان کے ہو۔
واژنارسیدہ وکشادہ اور کھلا ہوا۔
والا ایک قسم کا بارکی ریشمی قیمتی کپڑا ہوتا ہے
واہی الفرا ع سند دست آویز ممسک و محبت نامہ
واعجبا ع ای تعجب ہے یہ لفظ تعجب کے مقام پر بولا جاتا ہے
واجب الادا ع جسکا ادا کرنا واجب ہو یعنی قرض وغیرہ

واو با میم

وجا ع خصی کرنا اور مارنا کارد کا چھرے مارنا۔
وجا ع حبس و اندوہ اور کمہ مارنا ضرب لگانا۔

واو با رای

وراء ع پس و عقب و سوائے و فرزند و اولاد وغیرہ جو چھوڑ جائیں
وراء ع مخلوقات از قسم جن و انس لایق نامور
ورد مریمی گل قند جو مشہور چیز ہے
ورقا ع فاختہ و کبوتر طیور اور ٹرنیوالے
وزرا ع جمع وزیر بمعنے بادشاہ کے وزیر جو بہت ہوں

واو با سین

وسطے ع تا نیث اوسط انگشت میانگی و میانی انگلی

واو با شین

وشتان نام کتاب سنسکرت زند کتاب عقاید مذہب مجوس

واو با صاد

وصایا ع جمع وصیت وصیتیں جو مرنیوالے دل کریں

واو با طا

وطا ع بستر و نہالین و لباس و زین پوش وغیرہ کپڑے

واو با عین

وعا ع آوند و ظرف بمعنے برتن ہر قسم کا۔

موسے ع استرہ اور نام پیغمبر مرسل کا جو مشہور ہے
موٹے ع یاری دہندہ مالک خداوند اور غلام۔
موصے ع وصیت کیا گیا وصی بنایا گیا۔
موّدے ع ادا کیا گیا خواہ قرض ہو یا فرض
موميا ع نام ایک چکنائی کا جو دواؤن مین مستعمل ہے
موقا ع وفا کیا گیا وعدہ پورا کیا گیا۔
موٹے ع بیجان اور مرے ہوے لوگون کی دہ آدمی۔
موش خرما ف گلہرے جو ایک مشہور جانور ہے۔

میم با نا ر

مہر گیا ف یہہ ایک گھاس ہے جسکو لکھنے کہتے ہین اسکی جڑ بہت شکل چہرہ انسان کا ہے جو اپنے پاس رکہتا ہی تمام زمانہ اوسپر مہربان ہوتا ہے اسکو مو ہنی بھی کہتے ہین۔
مہنا ع گوارا و خوشمزہ و ہاضم و ذائقہ دار۔
مہرا ع وہ چیز جو پانی مین آگ کے گرمی سے پختہ و ملایم ہو
مہ لقا ع خوبصورت چاند کی سی صورت والا۔
مہر شفا ف تعویذ گنڈا جو لڑکون کے گلے مین ڈالتے ہین
مہیا ع موجود و تیار و درست کیا ہوا اسباب۔

میم با یا ی

میرزا ف سردار زادہ بادشاہ زادہ و لیاقتمند کا لقب
مینا و شراب کا شیشہ اور وہ شیشہ کا رنگ جو نے پر پڑتا ہے

ستائیسوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن کی اول نون اور اخیر مین الف ہے

نون با الف

ناع حرف نفے جیسے نابالغ نامراد ناامید ناکارہ

نارواف ناجائز خلاف طریق و خلاف دین و مذہب۔
ناپیداف پوشیدہ آنکہو نسے چہپا ہوا پردے مین۔
ناشدنی ف نالائق خراب نکما آدمی بیکار۔
نابینا ف اندہا جسکو آنکہو نسے نظر نہ آتا ہو۔
ناکدخدا ف جسکی شادی نہوئی ہو چاہے عورت ہو یا مرد
نان حلوا ف نام مثنوی جسکو بہاؤالدین باجن نے لکہا تہا
ناشتا ف بہوکا ہونا اور نہار رہنا لے طعام رہنا۔
نام خدا ف خدا کی قسم اور ایک کلمہ تعجب کا ہے۔
ناخدا ف ملاح کشتیان کشتی چلانیوالا۔
نازا ف عورت جو بچہ نہ دیوے بانجہ عورت۔
نان پز ف نان پز روٹی پکانیوالا باورچی تنوردالا

نون با بای

بنا ع خبر و آگاہی و اطلاع و واقفی۔

نون با تای

نتا ع خبر و اطلاع و آگاہی و واقفیت۔

نون با جیم

نجبا ع بزرگواران و برگزیدگان و نیکمردان۔
نجوے ع راز پہپد پوشیدہ بات دل کی بات

نون با دال

ندا ع آواز و صدا ندا تری و نم و آبداری۔
ندما ع جمع ندیم کی مصاحبان ہمنشینان و ہمصحبتان

نون با رای

نرگس ف ہلا ف وہ نرگس جس مین سیاہی نہو
نسا ع عورتین جمع امراۃ مگر خلاف قیاس۔
نسیا منسیا ع بہولا چوکا ہوا از روی سہو۔

نون با شین

نشا ع عالم ایجاد یعنے دنیا اور تمام مخلوقات خدا کے

مُستَوفا ع تمام پکڑا گیا اخیر پر پہونچایا گیا۔
مُسنَد آرا ف جانشین کسی بادشاہ یا امیر حاکم کا وصاحب مسند
مُسَمّٰی ع نام رکھا گیا موسوم کیا گیا۔
مُسَبِّحَان مَلَاءِ الْاَعلٰی ع فرشتگان کے سامنے۔
مَسجِدُ الْاَقصٰی ع بیت المقدس قدیم قبلہ پیغمبران۔

میم با شین

مُشتَہا ع خواہش کیا گیا مرغوب خاطر دلپسند۔

میم با صاد

مُصَلّا ع جاے نماز و نام عید گاہ شیراز
مُصطَفٰے ع برگزیدہ و لقب محمد مصطفے صلے اللہ علیہ وسلم

میم با ضاد

مَضٰی یَمضِی ع گذرا جو گذرا گذشت آیندہ گذشت
مَضَاء ع گزرنا پورا ہونا تمام ہونا زمانہ کا۔

میم با طا

مُطلَا ع ملا گیا گیا روشن جڑاؤ کیا گیا۔
مَطَایَا ع وہ چارپایہ جس پر سوار ہوں سواے بارکش کے
مُطَرّا ع تازہ اور تازگی دیا گیا نیا یا گیا۔
مَطَا ع پشت پیچھے بیٹھہ انسان یا حیوان کی۔

میم با عین

مُعَمّٰی ع چھپا ہوا کور و نابینا اور بات پوشیدہ۔
مُعَلّٰی ع بلند کیا گیا اونچا کیا گیا چڑھایا گیا۔
مُعتَمِدًا ع باوجود اسکے بہت اسباب کے۔
مُعَزّا ع صاحب تعزیت ماتم زدہ سوگوار ماتی۔
مُعَادَاۃ ع عداوت کرنا بے دردی کرنا۔
مُعَرّا ع برہنہ و سادہ و بے پردہ ظاہر نمایاں۔
مَعًا ع اکٹھے وقت فی الفور بلا توقف بغیر دیر کے
مَعَے ع روزہ اور آنتین جو پیٹ میں ہیں۔

میم با غین

مُغَرّا ع تعجب کیا گیا اور سرپیش کے ساتھہ پکا ہوا۔

میم با فا

مُفَاجَاۃ ع ناگاہ اچانک بہت جلد اور شتاب

میم با قاف

مُقتَدا ع پیشوا و امام آگے چلنے والا راہبر۔
مُقَلیا سماں تخم ترہ ماؤں کے بیج۔
مُقتَضَا ع خواہش کیا گیا محبوب و دلپسند۔

میم با لام

مَلجَا ع جاے پناہ جاے سکونت و آرام اور امین۔
مَلَا ع ظاہر اور محفل و گروہ شہر فاو بیابان و میدان
مُلَاّ ع صیغہ مبالغہ بمعنے بہت بہرا ہوا۔
مُلتَجَا ع جاے پناہ اور پناہ لینا امان پانا۔
مُلتَقٰے ع جاے ہجر سیدن و چیز
مُلّا ع استاد و فقیہہ و مجتہد قوم نصاراکا۔
مَلَاءِ اَعلٰے ع فرشتگان عالم علوی یعنی آسمانوں کے۔

میم با نون

مِنا ع جاے قربانی بازار مکہ معظمہ جہاں قربانی کرتے ہیں۔
مُنَا ع جمع مُنیا سیدن و آرزوئیں و مرادیں۔
مَنَا ع مقدار و اندازہ وزن و منازل مسافت
مُنَادِی ع آواز دیا گیا بلایا گیا مشہور کیا گیا۔
مِنسَا ع عصا یعنے لاٹھی ہاتھہ میں رکھنے کی۔
مَنشَا ع پیدا ہونے اور کھڑے کی جگہہ و سبب و ارادہ۔
مُنقّٰے ع صاف کیا گیا اور نام میوہ جسکو مویز کہتے ہیں
مُنتَلَا ع اگلی فوج یعنے ہراول فوج پیشدست۔
مُنتَہٰے ع جاے انتہا و اخیر ہر چیز کا اور انجام

میم با واو

مُوَاسَاۃ ع یاری کرنا مدد کرنا امداد دینا۔

مَتے ع کب اور کسطرح اور کیونکر۔
مُتَمَنّے ع آرزو کیا گیا خواہش کیا گیا۔
مُتَبَنّے ع بیٹا بنایا گیا کسی اور کے بیٹے کو۔
مُتَوَفّے ع وفات پایا ہوا مرچکا ہوا۔
مُتَجَلّے ع روشن و آشکار و ظاہر اور سب کے روبرو

میم با تای

مُثَنّے ع دوسرے مرتبہ کیا گیا دوبارہ کیا گیا۔
مَثْوے ع جاے آرام و قرار دل۔ لگی کا مقام
مُثَنّے ع دوبارہ دوسری مرتبہ۔

میم با حیم

مُحَکّمَہ ف اقرارنامہ شرطیہ جو تحریر کیا جاے
مُجَرّا ع روان کرنا روان کیا گیا جاری کیا گیا۔
مُجْرا ع جاری ہونیکی جگہ روان ہونیکی جگہ۔
مُنْتَخَب ع برگزیدہ چنا ہوا بہت خوب بہت اچھا۔
مُنَجّا ع صاف و روشن و ظاہر و ہویدا
مُجَازات ع ایک دوسرے کو جزا دینا بدلہ دینا عوض دینا
مُجَزّا ع جزو جزو کیا گیا پارہ پارہ کیا گیا۔

میم با حاء

مُحَابا ع مروت و فروگذاشت و اعانت و صلح و مدد و لحاظ
مُحاکا ع آپسمیں باتیں کرنی حکایت کرنا۔
مُحَنّے ع رانیکی لہ جمع دوران ہو چونکا اوزار
مُحَلّے ع آراستہ کیا ہوا زیور پہنایا ہوا خوبصورت
مُحَیّا ع چہرۂ انسان وغیرہ ذیجان کا۔
محمد پیر بچے ع امام محمد غزالی کا خطاب ہے۔

میم با خاء

مُخلّے ع خالی کیا گیا پولا کیا گیا الگ کیا گیا۔

میم با دال

مُداوات ع علاج کرنا دوا کرنا کسی بیمار کا۔
مُداوی ع علاج کیا گیا دوا کیا گیا۔
مُدارات ع صلح کرنا رعایت رکھنا کسی کا۔
مُدے ع غایت و نہایت درجہ ہر ایک چیز کا۔

میم با ذال

مُذَکّے ع گلا کاٹا ہوا بسمل مکلوبدہ نیم جان۔

میم با رای

مُرَجّی و مُرتَجا ع امید رکھا گیا یعنے جس سے امید ہو
مِرا ع جنگ و ستیزہ و خودنمائی و دلاوری۔
مَرْعے ع چراگاہ و گیاہ سبز ہو یشی کے چرنے کا
مُرَبّے ع پرورش پایا ہوا درست کیا ہوا پالا ہوا۔
مُرتَضے ع پسندیدہ اور لقب علی رضی اللہ عنہ چوتھے خلیفہ رسول کا
مَرضے ع جمع مریض بہت سے بیمار لوگ۔
مَرحَبا ع عربی تعظیمی لفظ ہے یعنے خوش آیا
مَرایا ع آئینہ ہا جمع مرآت خلاف قیاس جمع ہے۔
مُرغِ علیے ف شب پرو خفاش و شب گرد جانور
مردم گیا ایک گیاس ہے جنگلی بیخ آدمکی شکل پر ہوتا ہے
مُژدہ ع فال نیک اچھی بات جس سے آیندہ خوبی ملے
مِرزا و میرزا ع امیرزادہ امیر کا بچہ امیر کی اولاد
مرغ قبلہ نما ف مشہور قبلہ نما ہی تشبیہ مرغ سے دی گئی ہے

میم با زای

مَزَکّے ع زکات دیا گیا پاک کیا گیا درست کیا گیا۔
مَزایا ع جمع مزیت افزونیہا و ترقیہا فی دولت وغیرہ۔

میم با سین

مَسا ع وقت تمام بعد غروب آفتاب ابتداے شب۔
مُستَثنے ع الگ کیا گیا باہر نکالا گیا۔
مَسیحا ع مبارک لقب عیسے علیہ السلام کا۔

لام با حاء

لُحَاء جمع لحیہ یعنے ریش مردان مرد و نکی و ہڑے ـ

لام با قاف

لِقَاء دیدار یعنی ایسی شخص کو جسکی خواہش ہو دیکھنا

لَقَاء جماع و صحبت آپسکی کمال آویزش سے ـ

لام با میم

لَمَاء ہرگاہ جسوقت جس موقع پر ـ

لام با واو

لِوَاء فوج کا علم اور لشکر کا نشان جو کھڑا کیا جاتا ہے

لُوقَا یونانی حکیم کا نام ہی جو بڑا حکیم تھا و نام مصنف ہے

لُوشَا نام ایک حکیم کا جو بڑا فاضل تھا

لام با ہاے

لِہٰذَاء اسی واسطے اسی مطلب اور بات کے لئے ـ

لام با یاے

لَیْلَۃُ الْاَسْرٰے ء شب معراج آنحضرت صلعم

لَیْلَا و لَیْلٰے نام معشوقہ جسکے عاشق کا نام قیس یعنے مجنوں تھا

چھبیسوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن کی اول حرف میم اور اخیر مین الف ہے

میم با الف

مَا حرف نفے یعنے نیست و کلمہ استفہام یعنے چہ چیز و اسم موصول یعنے آنچہ اور فارسی مین جمع متکلم یعنے ہم کے معنے رکھتا ہے ـ

مَاء آب یعنے پانی جسکو فارسی مین آب کہتے ہین ـ

مَانَا فکر و مانند ہونا لاد و شاید و تحقیق ـ

مُوَدّٰی ء ادا کیا گیا پہونچایا گیا ـ

مَاوٰی ء پہر آنیکی جگہ یعنے اپنا گہر اور سکونت گاہ

مَانِیَا ء بیماری جنون جس سے بیمار کاٹنے کو دوڑتا ہے

مَاشَرَے ء خونی ورم جو سرخ پیشانی و چہرہ پر ہوتا ہے ـ

مَالِیخُولِیَاء نام مرض خلل دماغی و خیال خام ـ

مَاخُولِیَاء مخفف مالیخولیا بیماری کا نام ہے ـ

مَائِیشَاء سریانی زبان مین ایک گہاس کا نام ہے

مَارَافسَاف افسونگران جو لوگ سانپ پکڑتے ہین ـ

مَاسِوَاء ذات باری کے بغیر یعنے سوائے اسکے ـ

مَضَے ء گذرا جو گذرا گذشت آنچہ گذشت ـ

مَاہِیَّاء حقیقت واردات ماہیت کیفیت ـ

مَانَاء مشابہ مانند شاید تحقیق ـ

مَاکْتُوبْ ایسا لکھا ہوا جو پڑھا جاوے ـ

مَاءِ مَنِ رَضَاء اشارہ بمشہد مقدس امام علی رضا ـ

مَابَقِیَ ء باقیماندہ دیس خوردہ جو کچھ باقی ہو ـ

مَادَرْ بخطاء یہہ ایک مشہور گالی ہے ـ

میم با باء

مُبَرَّاء پاک ہوا ہوا صاف ہوا ہوا ـ

مُتَبَغَّاء مانگا گیا آرزو کیا گیا اور طلب کی ہوئی چیز

مُبَالَاء پاک رکھنا صفا رکھنا درست رکھنا ـ

مُبْتَدِاء ابتدا آغاز ہر چیز کا

مُبْتَلَاء گرفتار بلا و کہیا آزاری ـ

مُبَارَاء بیزاری عورت و خاوند کی آپسمین ـ

مَبْدَاء آغاز کرنا اور ظاہر ہونے کا مقام ـ

مُبْدِاء پیدا کرنے والا آغاز کرنے والا ـ

میم با تاے

مُتَّکَاء جاے تکیہ و پشت پناہ بہروسے کی جگہہ ـ

گرو یاء ایک قسم کا زیرہ مقوی معدہ ہے۔
کربلاء نام دشت مشہد امام حسین علیہ السلام۔
گرگی ء مرغ نر و آواز خواب جسکو خراٹا کہتے ہین۔
گرا ف حجام و غلام و خدمتگار نوکر۔
گرا ء امر ہے رغبت کر متوجہ ہو۔
گریز پا ف بھاگنے والا انسان یا حیوان
گران پا ف سست چلنے والا جو تیز نہ جلتا ہو۔

کاف بازای

گز یا ف ایک جانور کا نام ہی جسکے پانو کمبے ہوتے ہین

کاف باسین

کسا ء گلیم یعنے گودڑے فقیرون کے پہننے کی۔
کسرے ف لقب ہے نوشیروان بادشاہ کا۔
کسنے ء جنگلے کا سبزہ جو تلخ ہوتی ہی اور دوا مین مستعمل ہی

کاف بالام

کلا ء ایسا نہین ہرگز یہہ بات نہین ہے۔
کلا ہ سبز گہاس چارپایون کے چرنے کی۔
کلیسا ء پرستشگاہ نصاریٰ انگریز و ترسا گرجا۔
کلب عوا ء کتا بھونکنے والا سگ بلند آواز
گل رعنا ف پھول کا نام ہی جو اندر سے سرخ ہوتا ہے
کمشے ء میوہ ہرو دجو مشہور میوہ ہے۔

کاف بانون

کندہ پا ف زنجیر جو بی جسکو کاٹھ کہتے ہین اور قیدیونکو پہنایا جاتا ہے سابق عملداریون مین اسکا رواج بہت تھا
کندنا ف ایک قسم ترہ یعنے سبزی کا ہے۔

کاف باواو

گوارا ف خوشمزہ و خوش لذت و ہاضم چیز۔
گویا آ ف جو بے سمارون کے کام سیدھا کرنے کا۔
گویا ف یہہ لفظ تشبیہہ مین مستعمل ہے بزبان فارسی

کاف باہاے

گہڑیا ف کپور جو گہاس کو اوٹھا لیتا ہے ایک قسم کا گوبر

کاف بایاے

کیا ف صاحب خداوند بزرگ پاکیزہ صاحب توقیر۔
کینیات ایک قسم کا ترکستانی گھانا ہوتا ہے
کیمیا ف اکسیر یعنے مس یا پارے سے چاندی سونا بنا لینا ادنے چیز کو اعلے کر دینا۔
گیا ہ ہندکے ملک مین پرستشگاہ ہنود کا نام ہے۔
گیرا ف پکڑنے والا مضبوط گرہ دینے والا۔

پچیسوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن کی اول حرف لام اور اخیر مین الف ہے

لام باالف

لالا ء بندہ غلام خدمتگار درویش و درخشان اور بشمول لولولو لالا بھی کہا جاتا ہی یعنی موتی روشن
لا ء عربے مین بمعنی اسکے نہین اور فارسی مین تو تہمت و مقراض
لادعوے ء بے دعوی جسکو کچھہ غرض نہو۔
لادوا ء جسکا علاج نہو یعنے بیماری کی دوا نہو۔
لابرلا ف تہ بتہ تو بتو یعنے ایک تہ پر دوسرا۔

لام باباے

لبا ء گابھن کے پہلے دن کا دودھ جسکو پیوسی کہیں و بھولی کہتے ہین اور غلہ کے معنے بھی ہین۔
لب چیرا ف چبینہ نخود و میوہ وغیرہ غلون کا۔

قذی ع خاک باریک وغبار اور اوڑانیوالی خاک

قاف بارای

قرنا گرنا ع ایک باجہ کا نام اصل مین یہہ لفظ خرنا تہا

قربے ع نزدیکی وخویشی ورشتہ داری بہائی بندی

قرمہانے یعنے مہمانکی خاطرداری کرنا۔

قرا ع قریہ بہت سے گانو وآبادیان وبستیان

قرا ع جمع ہی خوش آواز سے پڑہنے والے

قرام ع آرام دست دوست وخوشخوان وخوش آواز

قرات یہ رنگ ہے کالا رنگ بہوسلا رنگ

قربا ع جمع ہی قریب کی بہت سے قریبی لوگ۔

قرء طہر جو عورت کو حیض کے بعد ہووے یعنے مطلق حیض

قاف باسین

قسطا ع نام کتاب احکام دین آتش پرستان نیز لوقا حکیم

قاف باصاد

قصوی ع انتہا اور بہت دور صیغہ مونث ہے۔

قاف باضاد

قضا ع حکم کرنا ادا کرنا پیدا کرنا بیان کرنا۔

قضارا ع بحکم قضا خدا کے حکم سے۔ تقدیراً

قضایا جمع قضیہ یعنے مقدمات ومعاملات۔

قاف باطا

قطا ع سنگ خوارہ جو ایک جانور ہے اور کنکر کہاتا ہے

قطعاً ع ہرگز یہہ لفظ انکار کلی کی علامت ہے

قاف بافار

قفا ع پیچھے اور کسر کے پیچھے یعنے پیٹھ پیچھے۔

قاف بالام

قلما ع اندک یعنے تہوڑا اور تہوڑا مقدار۔

قلو لاع قاز جو ایک مرغ مشہور ہے۔

قلا ع دشمنی وعداوت اور بغض رکہنا کسی سے۔

قلا ع بادامی رنگ کا گہوڑا اور بال سے دم تک سیاہ پشت ہو

قاف بامیم

قما ع کینہ کا دوا نام ایک معجون مقوی باہ کا۔

قاف باواو

قوا ع جمع قوت قوتین جو انسان کے جسم مین ہون۔

قوبا ع ایک جلدی بیماری ہے جسکو ادکہتے ہین

چوبیسوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن کی اول حرف کاف اور اخیر مین الف ہے

کاف باالف

کالا ع انبات درخت ومتاع سوے ذیجان بال مویشی وغیرہ کے

کیا ت صاحب کا بادشاہ امیر عامل وغیرہ۔

کاغذ صف ایک قسم کا چکنا کاغذ ہے جو ایران مین بنتا ہے

کاکا ف بڑا بہائی غلام قدیم اور باپ کا بھائی یعنے چچا

کاف بایای

کبر یا ع بزرگی عزت بڑائی شان مرتبہ۔

کبرا ع جمع کبیر بزرگان وعزت داران وصاحبان رتبہ

کبیر ع ہر چیز مونث جو بزرگ ہو اور عزت دار

کاف بامیم

کجا ف کہان کس جگہ کس مقام یا مکان مین

کاف بادال

کدخدا وکتخدا صاحب خانہ ولایق سزاوار اور جسکی شادی ہوئی ہو

گدا ف فقیر جو دربدر مانگتا پہرتا ہو یعنے سائل

کاف بارای

کرا ع کرایہ دینا اور کرایہ جو کسی چیز یا مکان کا ہو۔

فا با تا

فتیا و فتی ع مرد جوان و شجاع و سخی و دلیر و بہادر۔
فتوی ع شرع کا فیصلہ جو قاضی یا مفتی کرے۔

فا با ثا

فجاء ع مفاجات یعنے اچانک پکڑا جانا کسی بلا یا آفت میں

فا با جا

فحوا و فحوی ع مضمون و معانی و مغز کلام و حاصل کلام

فا با دال

فدا ع سر بہا دینا سر خریدا اور قربان کرنا کسی چیز کا

فا با را ی

فرا ف فارسی میں یہ ایک کلمہ زاید ہے چنانچہ فراگرفت اور پھر لیا
فرا ع پوستین دوز اور لقب ایک نحو کا جو استاد تھا۔
فرادی ع فرد فرد تنہا تنہا الگ الگ جدا جدا۔
فردا ف کل کا روز جو آئیگا بخلاف دیروز کے۔

فا با زا ی

فزاد بڑا ہیولا الفزالیش اور تونگری

فا با ضاد

فضا ع زمین فراخ و فراخی زمین و کشادگی صحن و میدان۔
فضلا ع جمع فاضل یعنے بہت صاحب فضیلت لوگ

فا با قاف

فقہا ع جمع فقیہ یعنے علم دین کے عالم و فاضل۔
فقرا ع جمع فقیر یعنے بہت محتاج لوگ۔

فا با کاف عربی

فک اعلی ع اوپر کا جبڑا منہ کا اوپر کے دانت

فا با لام

فلا ع بیابان یعنے جنگل جہان آبادی نہو۔
فلونیا ع ایک مکر معجونکا نام ہے جو نشہ دیتی ہے

فا با نون

فنا ع حوالی و نواحی زمین گرداگرد پاس پاس
فنا ع سونپا جانا میت و نابود ہونا مر جانا۔

فا با یا ی

فیضا ع ہموار زمین و میدان جہان نشیب و فراز نہو
فیحا ع جوش جہنم و دوزخ کا جوش اور حد سے بڑھنا

تئیسویں فصل

اون لغات کے ذکر میں جنکے اول قاف اور اخیر میں الف ہے

قاف الف

قاقم انگشتانہ وہ پوستین جسکے دراز بال ہوں یا وہ دستانہ جسکے ساتھ جانور کی پوچھیں جنکا وہ چرم بدستور لگی ہوں۔
قاضی بیضاوی صاحب تفسیر بیضاوی اور بیضا نام شہر ہے

قاف با یا ی

قبا ع وہ کپڑا کہ گلے میں پہننے کا جو مشہور ہے۔
قبعثری ع منشار کش اور نام جانور بحری و نام شاعر کا
قبا چاک قبائے خورد و لمبی ہو۔

قاف با تا ی

قتلی ع جمع قتیل قتل ہوئے ہوئے لوگ مارے ہوئے

قاف با یا ی

قثاء ع خیار دراز یعنے ککڑی جو مشہور ہے

قاف با دال

قدما ع جمع قدیم کی اور وہ چیزیں اور لوگ جو قدیمی ہوں

قاف با ذال

قذی ع تنکا آنکھ میں پڑجانا اور محض خاشاک۔

عَمَاء گمراہی و نابینائی دل غلیظ و تاریکی -
عَمیاء زن نابینا و چیز پوشیدہ از چشم -
عَمداً ء قصداً یعنے جان بوجھ کر کام کرنا -
عَمی ء اندا پن نابینا ہونا اندھیرا ہونا -

عین با نون

عَنَاء رنج و آفت و تکلیف جو کسی سے حاصل ہو -
عَنقاء ایک طیر کا نام ہے جسکو کسینے دیکھا نہین -

عین با واو

عُوَاء کتا بھونکنے والا اور نام تیر ہین منزل قمر کا
عُوَاء سگ و گرگ و شغال و روباہ وغیرہ وحوش -
عُوجاء کمان جس سے تیر چلاتے ہین -

عین با یا

عِیسیٰ ء عورت کا رحم یعنی بچہ دان جسمین بچہ پیدا ہوتا ہے
عِیسیٰ ء نام ایک نبی کا جسکے پیرو عیسائی کہلاتے ہین

اکیسوین فصل

اون لغات کے بیان مین جنکے اول حرف عین اور اخیر مین الف ہے

عین با الف

غَانِماً ء اس حالت مین جو غنیمت رکھتا ہو اور فائدہ پایا ہو

عین با یا

عَبْرَاء مونث غیر زمین یعنے دہرتی
عَبِیْرَاء شراب کا وہ رس و رسیدہ جسکو سنجد کہتے ہین

عین با دال

غَدَاء کل کا دن جو آئیگا بخلاف دیروز کے -

عین با ذال

عِذَاء خوراک کہانا جو بہوکہ کے مقدار پر ہو

عین با رای

عَرَاء چپکنے والی چیز اور مچھلی کی سریش -
عُرَّاء ہر چیز مونث جو سفید و روشن ہو -
عُرَبَاء بہت سے مسافر اور عجیب چیزین -

عین با زای

عَزَاء دشمن دین کے ساتھہ لڑنا جہاد کرنا -

عین با شین

عِشَاء پوشش پردہ اور پتلا چمڑا یعنے جھلی

عین با طا

عِطَاء پردہ و پوشش و لباس پہننے کا -

عین با لام

عِلْبَاء وہ جگہہ جہان بہت سے درخت ملے ہوئے ہون
عَلَاء قحط و گرانی غلہ و خشک سالی تنگ روزی

عین با میم

عَمْرُ الرِّدَاء بدن چادر سی چپلا اور پردہ پوش ہر چیز کا

غین با نون

غِنَاء نوٹکری بے بازی و دولتمندی و امیری
غِنَاء نغمہ و سرود یعنے گانا بجالت خوشی
غَنَاء سود و نفع و فایدہ جو تجارت یا غزو سے ہے
غَنَاء جای انبوہ مردم یا درختان وغیرہ -

بائیسوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن کی اول حرف فا اور اخیر مین الف ہے

اون لغات کے ذکر مین جن کے اول حرف عین اور اخیر مین الف ہے

عین با الف

عَاقِر قرحا ع ایک شہر دوا کا نام ہی جو دنبو پیر ملتی ہین

عَاشُورَا ع دہم محرم روز شہادت امام حسین رض

عین با یا

عِبَا ع گلیم جسے گودڑی فقیرون کے پہننے کی -

عین با دال

عِدَا ع جمع عدو یعنی دشمن جو عداوت رکھتے ہون

عَدْوَا ع حد سے تجاوز کرنا کسی چیز کو -

عِدَآ ع دو شکارون کو ایک دوسرے پر مارنا -

عین با ذال

عَذرا ع ظاہر وزن دوشیزہ و نام معشوقہ جسپر وامق عاشق تہا اور نام برج سنبلہ کا -

عین با رای

عِرق النسا ع یہہ ایک رگ سُرین سے نکلکر ٹانگ تک جاتی ہے اور نام ایک بیماری کا -

عَرْوَہ اُلوثقے ع مضبوط دست آویز و محبت شرعی

عَرَا ع درگاہ و قصر و محل بلند -

عَرَآ ع گشادگی و بیحجاب و صحرای بید رخت

عُرَفَا ع جمع عارف پہچاننے والی لوگ خداشناس

عین با زای

عَزا ع ماتم و صبر مصیبت و آفت و رنج و بلا -

عُزّیٰ ع ایک درخت تہا جسکو کفار پوجتے تہے خالد بن ولید نے محمد صاحب کے حکم سے اوسکو اوکہاڑ ڈالا -

عین با سین

عَسَے ع قریب ہے اور شاید ایسا ہو -

عین با شین

عِشَا ع تاریکی رات کی رات کے نماز کا وقت -

عَشَاء مرض شب کوری رات کو اندہا ہونا -

عین با صاد

عَصَا ع چوب دستی اور صیغہ ماضی عصیان سے -

عَصَے ع نافرمانی کی اور گناہ کیا -

عین با طا

عَطَا ع مہربانی بخشش اور کچہہ انعام دینا -

عَطَای کُبریٰ ع عمر طبعی یعنے ایکسو بیس برس کی عمر

عین با ظا

